اب نکلو میرے گھر سے اس سے پہلے کے میں یہ بات پولیس کو بتا کر تمہیں بھی اس کیس میں انولو کر دوں کیونکہ میری نظر تم پر ہے اگر اس معاملے میں تم ہوئے تو خود اپنی گن سے تمہیں شوٹ کروں گا

وہ درشتی سے انگلی اٹھاتے آپے سے باہر ہوتے سرخ پڑ چکے تھے

اچھا تقریر بہت اچھی کرتے ہیں

لیکن ابھی بھی وہ میری منگیتر ہے سنا چچا جان۔۔۔"

میں جب چاہوں اس سے۔۔۔"

اپنے بیٹے کو لے کر یہاں سے دفع ہو جائیں تو بہتر ہے میرا آپ لوگوں سے رشتہ اسی دن ختم تھا جب میرے بھائی کی موت کی خبر مجھے ملی تھی

اور یقیناً یہ کام بھی تم لوگوں نے ہی انجام دیا تھا

جبکہ وہ عورت پہلو بدل کے رہ گئی جو ان کی یہاں عزت افزائی کرنے آئی تھیں لیکن وہ شائد یہ بھول گئی تھی کہ وہ انسان لمبا عرصہ کورٹ کیچیریوں میں گزار چکا ہے

باتوں میں تو کم از کم وہ اسے نہی ہرا سکتیں تھی

Posted on Kitab Nagri

اٹھو یہاں سے مجھے تو وہ بے حیا لڑکی ہرگز قبول نہی ہے نا ہی تھی

وہ اپنے بیٹے سے بولیں تھی

جبکہ اس عورت کے الفاظ ان کا سینہ بری طرح زخمی کر چکے تھے

یہ ساری باتیں ان کو مجبور کر رہی تھیں کے وہ کہیں روح پوش ہو جائیں

یہ میڈیسن کس نے منگوائی

کیا ڈاکٹر کی پرسکریپشن ہے یہاں۔۔۔ "

وہ سخت گیر لہجے میں میڈیکل والوں سے استفار کر رہا تھا

سوری سر ہم نے نوٹس نہی لیا۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

اس لمحے وہ ڈرگ انسپیکٹر کے ساتھ شہر میں موجود فارمل بلیو جینز پر سیاہ شرٹ میں ملبوس ساری فارمیسی کے راونڈ پر تھا

اس بندے کی پر سنیلٹی واقعی ہی اسے دوسروں سے جدا کرتی تھی

جبکہ سامنے موجود بندے کو دیکھتے ہی وہ پہچان گیا تھا وہ کون ہے۔۔۔ "

آئیندہ ایسا ہوا تو یہ فارمیسی سیل ہونے میں دیر نہی لگے گی۔۔ "

ڈاکٹر کی پر سکرپشن کے بغیر کوئی میڈیسن دینا الاوڈ نہی ہے کیا تم اس چیز سے واقف نہی ہو "

اس کے ساتھ موجود ڈرگ انسپیکٹر غصے سے بولا تھا

تم کہاں بات کرنی ہے مجھے تم سے "

وہ سیاہ شیشوں والی گلاسس ناک پر کرتے اس گڑبڑائے بندے کو باہر جاتے دیکھ فوری بولا تھا

پیپر ورک کرتے ڈرگ ایتھورٹی کی ٹیم کو سی اوف کرتے وہ اس کی جانب آیا تھا

گاڑی میں بیٹھو۔۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

فرنٹ سیٹ پر بیٹھتے وہ غصے سے بولا تھا

سر۔۔۔"وہ منمنایا

میں نے کہا گاڑی میں بیٹھو سمجھ نہی آتی "

وہ فوری گاڑی میں بیٹھا تھا

کب سے لے کے جارہے ہو یہ میڈیسن۔۔ "

وہ ونڈ سکرین پر نظریں مرکوز کرتے ہی سارے شیشے آٹومیٹکلی لوک کرچکا تھا

سر کون۔۔؟

گاڑی کے سارے شیشے بند ہوتے دیکھ وہ انجان بنا تھا جبکہ ہاتھ اپنی سائیڈ کے دروازے پر تھا

Posted on Kitab Nagri

جو اسے باور کرا چکا تھا کے دروازہ لوکڈ ہے

اچھا تمہیں نہی پتا کس کی بات کر رہا ہوں میں ٹھیک ہے "

تمہیں پتہ ہے سیڈ کیٹو میڈیسنز دینے کے جرم کی سزا کیا ہے "

گن اس کی کنپٹی سے ہوتی دل کے مقام پر رکھی تھی

ابھی بھی نہی پتہ " نظریں اس کے خوف سے لے کر مزید زبان ہلانے پر تھیں

پانچ دن پہلے منگوائی تھیں

مجھے نہی پتہ کس چیز کی ہیں میں نے تو بس لا کر دے دیں میں کونسا پڑھا لکھا ہوں جو جانتا یہ کس لیے ہیں "

وہ فوری سے پہلے سچ بولا تھا

غازیان لب بھینچ کے رہ گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

احان بھائی ٹریٹ تو اب بنتی ہے"

اس ٹائم سارے کزنز اکھٹے تھے اور باقاعدہ ریکارڈ لگا رہے تھے

جبکہ سامنے سب سے بے نیاز بیٹھی چپس کھاتی ری کے گلے کو برا پھندا لگا تھا

مطلب آگ جنگل میں پھیل چکی تھی

کس چیز کی۔۔"

وہ جانتے بوجھتے بھی انجان بنا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

افکورس آپ کے اور ری آپی کے نکاح کی یار"

عروج احان کی خالہ کی بیٹی نے بولتے اسے سامنے بیٹھی بری طرح کھانستی ری کی جانب توجہ مبزول کرائی تھی

Posted on Kitab Nagri

مجھ سے پوچھو یہ شادی نہی خانہ بربادی ہے"

اس کی بات سنتے توہین محسوس کرتے بھوری آنکھیں مسلسل کھانسنے سے اب نم ہوتے سرخ ہو چکیں تھیں

عروج اسے پانی دو پہلے"

احان نے اس کی آنکھوں کو دیکھتے فکر مندی سے بات بدلی تھی

ری پانی یار دھیان سے"

اس سے پہلے ازہان پانی سے بھرا گلاس قریب لے آیا تھا

اس کے ہونٹوں کو گلاس لگاتے دیکھ احان کو آج جانے کیوں شدید برا لگا تھا وہ

وہ مزید اس کے ہاتھ سے گھونٹ بھرتی جب وہ بری طرح بڑ ھکتے بولا تھا

وہ خود پی لے گی گلاس دو اسے"

Posted on Kitab Nagri

ری نے چونکتے اس کا تیز لہجہ سنا تھا ازہان نے فوری گلاس اسے تھمایا تھا

جس کی آنکھیں اب غصے کا واضع پیغام دے رہی تھیں

وہ اٹھ کر وہاں سے چلئ ہی گئ تھی

ٹریٹ دیں ہمیں"

وہ مسلسل ان سب سے بیزار تھا اوپر سے وہ بھی اب وہاں سے جا چکی تھی

ٹھیک ہے اریحہ ڈیسائیڈ کرے گی کے کہاں جانا ہے اگر وہ یہاں آتی ہے تو ٹھیک ہے نہی تو بھول جاو ٹریٹ"

وہ جانتا تھا وہ کبھی بھی نہی آئے گی"

عروج فوری سے باہر بڑھی تھی

وہ جو گارڈن میں عروج کی بھابھی کے بیٹے کے دو سال کے بیٹے کے ساتھ کھیلنے میں مصروف تھی عروج کی آواز سے چونکی

Posted on Kitab Nagri

ری آپی کم یار ٹریٹ لے کر دیں ہمیں احان بھائی سے "وہ اس کے ساتھ گھاس پر بیٹھتے بولی تھی

کیوں یہ میرا مسلہ نہی ہے تم جانو اور تمہارا وہ احان بھائی وہ تلخ ہوتے بولی

اور پھر سے بے بی کے ساتھ مصروف ہو گئ تھی

ایسے کیسے یار وہ ہمیں نہی دے رہے آپ سفارش کریں اٹھیں جلدی "وہ اس کی بازو کھینچتے اندر کی جانب زبردستی لے گئ تھی

ساری جگہ گھیرے وہ سب اپنی دھن میں لگے تھے جبکہ وہ بیزار سا فون پر مصروف تھا

سارے کاوچ پر سب کزن بیٹھے تھے احان کے ساتھ ڈبل سیٹر صوفے پر جگہ دیکھتے وہ شیش و پنج میں تھی اب

ری آپی آ گئ ہیں احان بھائی"

احان کی دوسری کزن نے پھر سے توجہ اس جانب مبزول کروائی فون سے نظر اٹھائے اس کو گود میں بچے کو اٹھائے دیکھا تھا

Posted on Kitab Nagri

تو احان بھائی چاہتے ہیں جگہ آپ ڈیسائیڈ کریں"

میں کیوں کروں ٹریٹ تمہارے احان بھائی دے رہے ہیں تو مجھے بیچ میں نہی گھسیٹو"

وہ کنارے پر ٹکتے ناگواری سے بولی تھی جبکہ سینٹر میں بے بی کو بیٹھاتے باقاعدہ فاصلہ قائم کرچکی تھی

جگہ تو تم ہی ڈیسائیڈ کروگی کیونکہ ٹریٹ تو تم بھی دے رہی ہو آخر کو میرے اکیلے کا نکاح تھوڑی ہے"

دل جلانے والی مسکراہٹ اچھالتے بولا

اللہ میں بھی کہوں یہ شخص مجھے کیوں یاد کررہا ہے

میں تو نہی دے رہی میں جوب لیس ہوں سمجھے آپ"

وہ دوبدو بولی

جی احان بھائی ٹھیک کہہ رہے ری آپی آپ بھی ففٹی پرسنٹ پیسے شامل کریں گی

پھر سب بولتے اس کے سر سوار تھے

Posted on Kitab Nagri

ٹریٹ احان ہی دے گا کوئی بھی ریحہ کو تنگ نا کرے"

سانیہ نے اسکی بات میں حامی بھری تھی وہ مسکراتے اسے منہ چڑاتے خوش ہوئی تھی

اتنے پیسے لے کر آپ نے کہاں جانا ہے"

دانت پر دانت جمائے وہ اب تپتے بولی تھی

افکورس شادی کرنی ہے فالتو میں تھوڑی ضائع کروں گا اب "

گہری نظریں جمائے اس کا دوپٹے کے حالے میں لپٹا چہرہ اسے ایک لمحے کے لیے بے تحاشہ پیارا لگا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو کریں نا جا کر پھر"

سینت کر قبر تک نالے جایئے گا شودے انسان"

آخری لفظ وہ قدرے آہستہ بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

میں تو کر لوں کیا تم تیار ہو "

اب وہ قدرے قریب ہوتے اسے سمٹنے پر مجبور کر چکا تھا اس شخص کی نظریں اس کے بس سے باہر ہوتی جا رہیں تھیں"

ایک آخری نظر ڈالتے وہ وہاں سے اٹھ گئ تھی جبکہ احان نے مسکراہٹ ضبط کرنے کے لیے اب چہرہ جھکا یا تھا

وہ اس ٹائم ماتھا مسلتے آج کے دن کا معاملہ سوچ رہا تھا

اس وقت دروازہ نوک ہوا تھا

وہ زندگی برباد کر رہی ہے سمیٹ لو

تم نے تو اسے کبھی اپنے ساتھ پانے کی چاہ کی تھی

میں اسے کھو نہی سکتا

Posted on Kitab Nagri

سماب آئی ایم سوری۔۔۔"

یہ کیا ہو گیا ہے

کیوں ہوا یہ سب وہ تھکی سانس خارج کرتے بال مٹھی میں جھکڑتے بولا تھا

خیالات سے نکلنے میں مزید تیز دستک کی آواز نے مدد کی تھی

ڈیڈ آپ۔۔۔"وہ چونکا تھا

کیوں تمہیں میرا آنا پسند نہی آیا سوچا تھا تم میں اور ایک کپ کوفی"

وہ قدم اس کے گھر میں رکھتے بولے داد دیتی نظروں سے جائزہ لے رہے تھے گھر کافی ویل ڈیکوریٹ اور صاف ستھرا تھا یہ کم از کم ایک مرد کا گھر نہی لگا تھا انہیں شائد اس کا موازنہ وہ اپنے آپ سے کر رہے تھے

شیور مجھے کیوں برا لگے گا "

غازیان نفی میں سر ہلاتے مسکرایا تھا

Posted on Kitab Nagri

تم گھریلو عورت لگ رہی ہو"

وہ اسے بلیو ٹراوزر پر سفید ٹی شرٹ پر ایپرن باندھے دیکھ کیچن کی ونڈو سے جھانکتے مسکرائے تھے

وہ ہینڈسم تھا چہرے پر موجود ہلکی سیاہ داڑھی تھی جبکہ فٹ کسرتی وجود اس کی مردانہ شخصیت کو ابھار رہی تھی

کم اون ڈیڈ میں بچپن سے اپنے کام کرنے کا عادی ہوں"

شائد آپ نے سنا ہو گا بورڈنگ سکول میں رہنے والے بچے بڑے ٹیلنٹڈ ہوتے ہیں

وہ بغیر غصہ کیے بولا تھا جبکہ انہیں اس کی بات چبھی سی تھی جیسے وہ گلہ کر رہا ہو

شوگر۔۔۔"وہ کپ وہاں پڑے شیشے کی میز پر رکھتے بولا

جتنی تمہاری ماں لیتی ہے"

غازیان کا ہاتھ تھما تھا وہ نوٹ کر چکے تھے

Posted on Kitab Nagri

پوچھوگے نہی ہماری علیحدگی کا سبب"

وہ چمچ کپ سے پرے ہٹاتے اس سے بولے تھے

نہی۔۔۔"

وہ کپ ہونٹوں سے لگاتے بولا لیکن احساس ہوا کوفی زیادہ گرم تھی اور نچلا لب بری طرح جھلسا چکی تھی

کیوں۔۔۔؟

مجھے لوگوں کے پرسنل میں انٹرفیر کرنے کی عادت نہی پھر وہ میرے ماں باپ کیوں نا ہوں بس دکھ اس بات کا ہے

دونوں میں سے کسی ایک نے میرے بارے میں نہی سوچا

یو نو محرومیاں محبت کی۔۔۔"

وہ کیچن میں چلا گیا تھا وہ اس کی پشت دیکھتے رہے تھے

کچھ لمحوں بعد وہ واپس آیا ہاتھ گیلے تھے مطلب وہ برتن واش کر آیا تھا

Posted on Kitab Nagri

اگر کسی سے وقتی اٹریکشن ہو تو کیا کرنا چاہیے"

وہ چند لمحوں بعد خاموشی توڑتے بولا

تھوڑا ٹائم دینا چاہیے یہ جاننے کے لیے یہ اٹریکشن آپ کی زات پر کیسے اثرات چھوڑ رہی ہے مستقل یا عارضی"

اور اگر دل اور دماغ جنگ میں ہوں کے وہ وقتی اٹریکشن نہی ہے"

دل کی نہی سننی چاہیے ہمیشہ جھوٹ بولتا ہے"ہاں دماغ کو پریفر کرنا چاہیے اور فوری بات مان لینی چاہیے کیونکہ دماغ سے کیے گئے فیصلے پچھتانے پر مجبور نہی کرتے"

وہ کچھ سوچ کے بولے تھے

مجھے شادی کرنی ہے"

ساتھ دیں گے میرا۔۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ فیصلہ کرتے بولا تھا

آریو سیریس۔۔"

کون ہے بہو ماں جانتی ہے تمہاری۔۔۔"

وہ خوشی سے بولے لیکن زکر اس کی ماں کا بھی کر چکے تھے

آپ کے دوست جسٹس زبیر کی بیٹی"

رشتہ لے کر جائیں میرا اور کہیں غازیان نیازی اسے اپنانا چاہتا ہے"

وہ بے تاثر لہجے میں بولا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہارا دماغ درست ہے وہ فوری ہتھے سے اکھڑے تھے

انہیں امید نہی تھی

Posted on Kitab Nagri

آپ لے کر جا رہے ہیں یا میں خود لے جاوں پر آپ کا دوست تھوڑا اکھڑ مزاج ہے"

وہ تھوڑا پر سوچ ہوا تھا

غازیان یہ آسان نہی ہے"

وہ سمجھاتے بولے تھے

مجھے کرنی ہے۔۔"

وہ اس ملاقات کے بعد سے چند دنوں اضطرابی کیفیت میں مبتلا ہوتے آج فیصلہ کرتے حتمی لہجے میں بولا تھا

وجہ تم اس کا بیان لینے گئے تھے یا اپنا دل دینے گئے تھے"

وہ بری طرح بڑھکے تھے

وہ تو کب کا کسی کا ہو چکا تھا "

Posted on Kitab Nagri

وہ خود سے بڑبڑایا تھا

وہ آفس میں بیٹھا تھا

جبکہ لب مسکرا رہے تھا

خیریت۔۔؟

اندر آنے والے بندے نے اس کو خیالات سے نکالتے چونکایا

ہمم۔۔۔"وہ آنکھیں کھولتے سیدھا ہوا تھا

وکیل کی مسکراہٹ زرا مشکوک سی ہے"

بدلے بدلے سے ہیں میرے سرکار"

Posted on Kitab Nagri

احان اپنے کولیگ کی بات پر کھل کر مسکرایا تھا

اچھامیں نکلتاہوں پھر۔۔۔ "

آنٹی کی تبعیت کیسی ہے" احان نے اس کی والدہ کا پوچھا جو بیمار تھیں

ٹھیک ہیں بس ریگولر چیک اپ"

شادی کرلو پھر سہارامل جائے گا انہیں" احان نے مشورہ دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

او بھائی ابھی دور رکھ پہلے تو کر۔۔"وہ بدکا

میں کررہاہوں۔۔"وہ پرسوچ بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

واٹ تم اور شادی کون تمہاری معیار کی لسٹ پر اتری "

وہ پلٹتے واپس اس کے سامنے پڑی چیئر پر بیٹھا

احان نے گھورا تھا

اریحہ۔۔ "

وہ تمہاری کزن جس سے تم سب سے زیادہ چڑتے تھے عشق کب ہوا المینرڈ بھا بھی سے "

وہ اب واپس بیٹھ چکا تھا ہمیشہ اس کے لیٹ ہونے یا کوئی چیز خراب ہونے کے پیچھے ری کا ہاتھ ہوتا وہ اکثر اس کے سامنے بول جاتا تھا

اسے سدھار کر اپنے رنگ میں ڈھال لوں گا میں"

وہ اب بھی مسکرایا تھا اس کا سراپہ اسے چند دن سے پریشان کر رہا تھا وہ شائد اس کے بارے میں اس حوالے سے سوچنے ہی اب لگا تھا

تم شائد جا رہے تھے وہ اسے بیٹھا دیکھ مزید فضول ہانکنے سے پہلے بولا

Posted on Kitab Nagri

جارہاہوں بھئی تم رہو بھابھی کے خیالوں میں "

وہ جاتے جاتے بولا تھا

تم مجھے اپنے قابو میں نہی کر سکتی ہو" وہ سر جھٹکتے فائل کی جانب متوجہ ہوتے بولا تھا

تب تک اس کے کیبن میں تین لوگ آئے تھے

جسے دیکھتے اسکے ماتھے پر بل پڑے

میں کہہ چکا ہوں میں یہ کیس نہی لے رہا"

وہ تیکھے چتونوں سے بولا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھو تمہیں منہ بولے پیسے مل رہے چپ چاپ میرے بھائی سے قتل کا مقدمہ ہٹواو اور ہمیں وہ زمین بھی دلواو

تم اپنے راستے ہم اپنے راستے ورنہ۔۔ "

ایک شخص دھمکی دیتے بولا

Posted on Kitab Nagri

نہی لیتا میں جاو جو کرنا ہے کرو" وہ اڑ چکا تھا ورنہ کیس تو لے لیتا پر احان کی نا کو کون ہاں میں بدلے وہ ایک ضدی شخص تھا مقابل اس کی ضد کو ہاں میں نہی بدل سکتا تھا

احان نے اب کڑھتے اپنے پی اے کو فون کیا تھا

آئندہ یہ شخص میرے کیبن میں نظر نا آئیں

دیکھ لوں گا تمہیں۔۔۔"

وہ تنبیہ کرتے بولا تھا

وہ حمدان کے آفس آیا تھا

کیا کہا جسٹس نے "

بغیر لگی لپٹے مطلب پر آیا تھا

Posted on Kitab Nagri

تمہارے دماغ سے ابھی بھی فتور نہی نکلا وہ بچی ہے ابھی "

حمدان نے نفی کی تھی حالانکہ زبیر واضع انکار کر چکا تھا وہ اسے بتانا نہی چاہتے تھے

انکار کیا فادر ان لانے "

گہری مسکراہٹ آئی تھی

یہ کیا حرکت ہے"

زبیر اس کی گردان سے غصہ ہوئے تھے جو بھی تھا وہ بھی نہی چاہتے تھے اس کی شادی ہالہ سے ہو "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں جا رہا ہوں" وہ ہاں کریں گے وجہ جو دوں گا

انہوں نے کہا تھا ہے مجھ میں ظرف جسٹس کو ثابت کروں گا کے میں اس سے شادی کر کے رہوں گا "

انکار کی کوئی گنجائش ہی نہی غازیان انکار نہی سنتا "

Posted on Kitab Nagri

وہ حتمی لہجے میں بولا تھا

حمدان نیازی کا بیٹا یوزایبل چیز بھی نہی استعمال کر سکتا "

اسکا چہرہ ان کے تنز پر سرخ پڑا تھا

آئیندہ اس کے بارے میں یہ نہی کہیے گا بھول جاوں گا باپ ہیں میرے "

حمدان بھی شرمندہ ہوئے تھے وہ کیوں بول بیٹھے

کیبن کا دروازہ ٹھاہ کی آواز سے بند ہوا تھا وہ شدید غصے میں جو نکلا تھا

نور کے روم میں داخل ہوئے وہ سوئی تھی

وہ حیران ہوئے پھر یک دم پریشان وہ سارا دن بس سوتی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ خوفزدہ سے بیڈ کی جانب گئے

غیر ارادی طور پر اسکی نبض ٹٹولی جو مدہم چل رہی تھی سکون کا سانس کینچھتے زبیر نے اسکے ماتھے پر لب رکھے تھے

حمدان کا بیٹا آنکھوں کے سامنے آیا بلاشبہ وہ پرفیکٹ مرد تھا پر وہ نور سے شادی کیوں کر رہا تھا یہ چیز اضطراب میں ڈالے تھی

نور کو دیکھا جو سوئی ہوئی معصوم سی بچی لگی جس کی معصومیت وہ درندے نوچتے اس کی مسکراہٹ چھین چکے تھے

غارت ہو جاو تم سب

میرا اللہ دنیا اور آخرت دونوں میں عبرت کا نشانہ بنائے "

ہوک زدہ دل آنسوؤں سے لبریز آنکھیں وہ بے تحاشہ تکلیف میں تھے اگر کوئی بولتا جسٹس زندگی میں بے بس کب ہوا تو وہ بول دیتے اپنی بیٹی کی بربادی پر وہ نور کے سامنے مضبوط تھے پر ٹوٹ پھوٹ تو وجود میں زہر کی طرح پھیلی تھی

Posted on Kitab Nagri

احان نے ٹریٹ دینی تھی

عروج صبح کا اس کا دماغ یہاں آکر کھا رہی تھی

شام کے سات بج گئے تھے خود وہ جناب غائب تھے

خودکشی کا کوئی حلال طریقہ بتاوازہان"

وہ دانت پیستے سامنے بے نیاز موبائل پر بزی ازہان سے بولی تھی

کیوں بھائی سے شادی کا صدما اتنا لے لیا تم نے"

وہ فون پر ٹیکس کرتے بولا تھا ری کو افسوس ہوا آج یونی سے جلدی کیوں آئی وہ اور عروج مسلسل اس کا دماغ کھا رہی تھی آج اسے یقین ہو گیا تھا دنیا میں کوئی اس سے زیادہ بھی بولتا ہے

میں بتاوں" عروج چہکی تھی

جائے نماز پر بیٹھ کر تسبعی سے گلا گھونٹ لیں

Posted on Kitab Nagri

حلال کا تڑکا حرام کی موت۔۔۔ "

فٹے منہ "ابھی تو میری شادی بھی نہی ہوئ پر جلد ہی دو لہے کو سوچتے دل جل بھن گیا وہ دل میں بولی تھی وہ مارنے پر بھی تل گئ تھی

ری تیار ہو بھائ نے ریسٹورینٹ میں ہمیں جوائن کرنا ہے "

ازہان نے احان کا ٹیکس دیکھتے کہا

وہ سیاہ شلوار قمیض پر سرخ حجاب کیے کونے والی ٹیبل پر بیٹھی مسکرا رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مسکراہٹ کو یک دم بریک لگی جب وہ اس کے عین سامنے براجمان ہوا تھا

اس کی نظریں اسے جیسے جیسے نکاح کے دن قریب تھے اب پزل کرتیں تھیں

ایسے نہی دیکھیں آپ کی ہیں "

Posted on Kitab Nagri

احان کے کزن نے ٹوکا تھا

وہ احان کی مسلسل خود پر مرکوز نظروں سے اب واشروم کا بہانا کرتے اٹھی تھی

ریسٹورینٹ کے باہر قدرے پر سکون ماحول تھا

ابھی وہ ایک قدم مزید اٹھاتی کے بری طرح ٹکراو ہوا تھا

ری کو دن میں بھی تارے نظر آ گئے تھے

احان جو اس کے پیچھے آیا تھا ماتھے پر تیوری چڑھی تھی

اندھے ہی ہیں اس دنیا میں سارے مجھے تو لگتا ہے "

وہ ماتھا مسلتے بولی

سوری مس "

ویسے دھیان آپ کا نہی تھا

غازیان نے جھکتے اپنی فائل اٹھاتے نارمل لہجے میں کہا وہ میٹنگ کے سلسلے میں آیا تھا

Posted on Kitab Nagri

کیا کر رہی تھی تم یہاں "

اس سے پہلے وہ اس کے سر پر سوار تھا

ری نے دیکھا اس کو اب بات بات پر غصہ آتا تھا یہاں تک کے وہ ازہان سے بات کرنے پر بھی غصہ ہوتا یہ چیز وہ بری طرح نوٹ کر رہی تھی

مسٹر ان کا ٹکراو ہو گیا تھا مجھ سے سمپل "

غازیان نے صفائی دی تھی

آپ پلیز جائیں ورنہ یہ مقدمہ کر دیں گے "

ری نے اس کی آنکھوں میں شرارے پھوٹتے دیکھے تھے نارمل لہجہ رکھتے کہا

ویل ہوپ سو نیکسٹ ملاقات اچھی ہو ابھی میں لیٹ ہوں ورنا مقدمے کی جوابی کاروائی ضرور کرتا "

اسے جلدی تھی یہاں سے فری ہو کر اسے جسٹس سے بھی تو ملنا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ ریحہ کا بازو کینچھتے لے گیا تھا

کیا پرابلم ہے آپ کے ساتھ سمپل ٹکر ہوئ تھی میری بس "

وہ جانے کیوں صفائ دے بیٹھی تھی

میں نے پوچھا۔۔"

وہ نظریں چراتے بالوں میں ہاتھ پھیرتے خود کے رویے سے کافی الجھا تھا وہ کیوں کر رہا ہے "

گاڑی میں بیٹھو ہم واپس جا رہے ہیں"

فرنٹ ڈور کھولا تھا

میں ازہان کے ساتھ جاوں گی۔۔"وہ چباتے بولی

Posted on Kitab Nagri

" کیوں چاہتی ہو میں زبردستی کروں وہ باقیوں کو ڈراپ کرے گا تم میرے ساتھ ہی جاو گی "

اس کی بھوری آنکھوں کا کاجل دل چاہ رہا تھا انگلی سے مٹا ڈالے "

استغفار کیسے واہیات خیالات ہیں وہ بے بس ہوا

وہ ازہان کے انتظار میں کھڑی رہی تھی

جب ہارن اس کے قریب بجایا

بیٹھو ورنہ اب خود بٹھاوں گا "

وہ نظریں سامنے مرکوز کیے بولا تھا

وہ پیچھے بیٹھتی جب اس کی سخت آواز نے پل میں اسے سرخ کیا تھا

سمجھ نہی آتی ایک چیز اب عادت ڈال لو مسز ٹو بی فرنٹ میرے ساتھ شیئر کرنے کی"

Posted on Kitab Nagri

کیا تھا یہ سب ری کے بس سے کم از کم یہ شخص اب باہر ہوتا جا رہا تھا

وہ تزبزب میں بیٹھی تھی

مجھ سے شرما رہی ہو تم "

اس کی گھمبیر آواز تنہائی اور اس کا پرفیوم انتہائی کنفیوزنگ تھا یہ اس کی موجودگی میں پہلی دفعہ وہ اکیلی تھی گاڑی سنسان روڈ پر رواں تھی

نہی تو م۔۔ میں کیوں شرماوں گی "

وہ ہاتھ مسلتے بولی تھی

ری نے تنہائی میں اب میوزک پلیر سے خود کا دھیان بٹانا چاہا تھا

u the light u the night

Posted on Kitab Nagri

u the colour of my blood

u the pain u the cure

u the only thing i wana touch

never knew that it could mean so much

so luv me like u do

touch me like u do....

اس نے لب کاٹتے شرم سے بے حال ہوتے بند کرنا چاہا تھا جب احان نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھتے منع کیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

م۔۔میرے سر میں پین ہے "

وہ فوری ہاتھ ہٹاتے بند کرنے کا جواز دے رہی تھی اب اس نے فوری بند کر دیا تھا وہ اپنے رویے سے الجھاتے اسے حیران کر رہا تھا

کیا زیادہ درد ہے

Posted on Kitab Nagri

کوفی پیئیں۔۔۔ "

وہ اسکی کی آنکھوں میں چند پل دیکھتے زاویہ ونڈ سکرین کی جانب موڑ چکا تھا

ن۔۔۔ نہی نیند لوں گی ٹھیک ہو جائے گا" وہ نظریں چراتے بولی

شیور۔۔"

وہ پھر سے اسے کنفیوز کر رہا تھا

جی۔۔۔ "

مجھے نیند آرہی ہے جلدی چلائیں"

سلو ڈرائیونگ پر اکتاتے کہا

سو جاو"

Posted on Kitab Nagri

وہ مشورے سے نوازتے ڈرائیونگ کی جانب متوجہ ہوا تھا

وہ ونڈو کے بلکل ساتھ لگتے آنکھیں موند گئی تھی

ابھی چند پل ہوئے تھے احان کو لگا تھا کوئی گاڑی اس کا پیچھا کر رہی ہے

یقین تو تب ہوا جب روٹ بدلنے پر بھی وہ پیچھے تھی

یک دم سپیڈ اتنی تیز کی کے اس کا سر ڈیش بورڈ سے لگا تھا فائر کی آواز سے وہ سوئی جاگی کیفیت میں جاگی تھی

اس کی جانب دیکھا جو شورٹ گن ہاتھ میں پکڑے شیشے کے پار فائر کر رہا تھا

وہ خوفزدہ ہوئی

اریحہ اپنی سیٹ سے نیچے جھکو "

وہ یک دم اس کے خوفزدہ چہرے کو دیکھ بولا

سنا نہی تمہیں"

مسلسل فائر کی آوازیں اور گاڑی کی سپیڈ سے وہ خوفو ہراس میں نا سمجھی کے عالم میں جھکی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ گاڑی ان کے مقابل تھی سٹیرنگ پر قابو مشکل تھا

اس کی گاڑی کی فرنٹ ہیڈ لائٹ ٹوٹ گئ تھی وہ سمجھ گیا تھ یہ محض ڈارنے کو ہیں

اب اس نے مقابل گاڑی کے ٹائر میں فائر کرتے سپیڈ اتنی تیز کی تھی کے ری کو لگا تھا کسی بھی وقت ان کا ایکسیڈینٹ ہو جائے گا

جب وہ کافی آگے نکل آئے تھے اس نے ری کو دیکھا جو ابھی جھکی تھی

اریحہ

ریحہ۔۔۔" دو بار پکار پر بھی بے سود

احان نے اس کا کندھا ہلایا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ یک دم اٹھی تھی روتے بے حال تھی اس کی سرخ آنکھیں پھیلا کاجل احان کے بس سے باہر تھا وہ اس کا حلیہ دیکھ قہقہ لگانا چاہ رہا تھا

we r fine dont cry riha"

Posted on Kitab Nagri

وہ محض یہ کہہ پایا تھا جب وہ اس کے کندھے سے لگتے اسے ششدر کر چکی تھی کم از کم وہ ایسی توقع نہی کر رہا تھا

کیپ ڈسٹنس اریحہ "

آئی سیڈ کیپ ڈسٹنس۔۔۔" اب وہ سختی سے بولا سٹیر نگ اس کی موجودگی میں سنبھالنا اب مشکل تھا

آئی ایم سوری میں ڈر گئی تھی" وہ روتے شرمندگی سے بولی تھی

پاگل اب آنکھوں سے جان لے گی میری"

وہ نظریں چراتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ ان کے گھر داخل ہوا تھا

وہ بک پڑھ رہے تھے جب نظر سامنے پڑی تھی

تم۔۔۔"

غصے کا گراف بڑھا تھا

کیسے ہیں فادر ان لا۔۔"

وہ مسکراتے بلیو جینز جھاڑتے سامنے پڑی کرسی پر بیٹھا تھا

یہ کیا حرکت ہے ان کا گھر سیو نہی تھا وہ ونڈو سے آیا تھا

سمپلی نکاح کی ڈیٹ لینے آیا ہوں۔۔"

نائس بکس کلیکشن۔۔"

بک ریک سے بک نکالتے ٹائیٹل دیکھتے وہ بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

ہمت کیسے ہوئی یہ بکواس کرنے کی" وہ آگ بگولا ہوئے تھے

جن کی جوان بیٹی ہو میرے خیال سے ان سے رشتہ مانگا جاتا ہے نکاح کے زریعے "

پھر بکواس کیسی "

زبیر اس کی بے حیائی پر سرخ ہوئے تھے

تمہارے باپ کو جواب دے دیا تھا میں نے "

دانت پیستے بک اس کے ہاتھ سے کھینچی تھی

آپ کی بیٹی پچھلے ہفتے سے سیڈ کیٹو میڈیسن یوز کرتی ہے کیا یہ بات جانتے ہیں آپ "

آپ کے گھر کا گارڈ اسے یہ میڈیسن لا کر دیتا ہے کیا یہ بات جانتے ہیں آپ"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

آپ کا بھتیجا اس کے پیچھے پڑا ہے اس گنوار سے تو میں کافی ہینڈسم ہوں

کیا یہ بات نظر نہی آتی آپ کو"

اسے کوی نہی اپنائے گا یہ بات جانتے ہیں آپ"

پھر نخرے کس چیز کے زبیر صاحب "

ایک باپ جوان بیٹی کا خیال نہی رکھ سکتا وہ برباد کر رہی ہے خود کو اور میں یہ نہی دیکھ سکتا "

زبیر نے اس کی آنکھوں کو پڑھنا چاہا تھا کیوں وہ اس کی بیٹی کے پیچھے پڑ گیا تھا

مجھے وہ چاہیے ہالہ نور چاہیے ہے مجھے میری زندگی میں شرافت کا مظاہرہ کریں ورنہ میں لے جاوں گا اسے "

وہ لاپرواہی سے ان کے دل میں آگ بڑھکا رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ میڈیسن لیتی ہے۔۔"

وہ بستر پر ڈھے گئے تھے

میرا مقصد آپکو آگاہ کرنا تھا

دو دن تک جواب دیں مجھے

اور ہاں یہ پینٹنگز مجھے جہیز میں چاہیے زرا ساری اتروا کے میرے گھر بجھوا دیجیے گا "

وہ ان کے روم میں لگی پینٹنگز پر ستائشی نظریں جمائے بولا تھا

جوان بیٹی کا خیال نہی رکھ سکتے

وہ میڈیسن لیتی ہے

وہ خود کو برباد کر رہی ہے "

مسلسل دماغ پریشان تھا

Posted on Kitab Nagri

گھڑی سوا دو کا ہندسہ عبور کر چکی تھی

دماغ سے ساری سوچیں جھٹکتے فیصلہ کرتے صبح پر بات چھوڑی تھی

فجر کی نماز ادا کرتے ہی وہ نور کے روم میں گئے تھے

وہ روم میں نہی تھی واشروم سے پانی کی آوازیں آ رہی تھیں

کچھ سوچتے وہ سارے دراز چیک کیے تھے

جب میڈیسن کے دو پتے ان کے ہاتھ لگے

اسی لمحے کلک کی آواز سے وہ باہر آئی تھی اور فق چہرے سے زبیر کو روم میں دیکھا تھا

بابا۔۔۔ "

لب پھڑ پھڑائے سے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

کیا ہے یہ؟

میری محبت کا یہ نتیجہ ہے "

وہ دھاڑے تھے کے وہ سہم سی گئ تھی

بابا میری بات" وہ فوری ان کا جھکا سر دیکھتے روتے قریب گئ تھی

مجھے سکون نہی ملتا نیند ہی نہی آتی

کیا کروں۔۔۔ "

ایم سوری نور بری ہے نہ ایم سوری مر جانا چاہیے نا مجھے"

وہ ان کے گھٹنوں پر سر رکھے سسکتے بولی

تمہارا لیے رشتہ دیکھا ہے لڑکا ویل سیٹل ہے

میں تمہارا نکاح کرنا چاہتا ہوں"

Posted on Kitab Nagri

وہ اسی پوزیشن میں بولے تھے

بابا۔۔۔"وہ خوفزدہ سی بے یقینی سے پیچھے ہٹی تھی

یہی بہتر ہے میری محبتوں کا صلہ دیکھ لیا میں نے ڈاکٹر ہالہ نور تم اپنی زندگی اس طرح برباد کرو گی "

تو بہتر ہے تم گھرداری جیسی ذمہ داریاں نبھاو"

وہ ششدر چھوڑے چلے گئے تھے

وہ دروازہ تک رہی تھی آیا وہ کیا کہہ رہے ہیں

تم لائبریری سے کہاں گئے تھے "

Posted on Kitab Nagri

تم کیا ہر وقت میری جاسوس بنی رہتی ہو"

وہ فون پر میسج دیکھتے بولا تھا

میرا بینڈ کھو گیا ہے "

تمہارے فضول بھائی کے چکر میں"

وہ سونی کلائی دیکھتے دکھ سے بولی تھی جہاں نہی تھا

تم نے گم کر دیا ہم دونوں کا سیم تھاری"

ازہان غصہ ہوا

تم اپنا دے دونا مجھے "

وہ جانتی تھی ازہان نے اسے کتنی چاہ سے دیا تھا

اچھا لے لینا چلو میں فری ہوں تمہارے لیکچر ہیں کوئی "

Posted on Kitab Nagri

وہ سامنے خالی گراونڈ کو دیکھتے بولا

نہی فری ہوں چلو "

وہ اس کے ہمقدم ہوی تھی

تم نے سوچ بھی کیسے لیا کہ میں اب ایسا دوبارہ کروں گا "

راستہ تو یہی ہے تمہارے پاس "

سامنے بیٹھا شخص اس کا خوفزدہ چہرہ دیکھتے بولا تھا

ہرگز نہی کروں گا میں یہ "

Posted on Kitab Nagri

سوچ لے مجھے میر سبطین کے بیٹے کو انکار کر رہا ہے تو "

وہ ٹانگ پر ٹانگ جمائے بولا تھا

ہر گز نہی"

اس لڑکی کی ویڈیو وائرل کر دیکھتا ہوں کیسے مجھ سے ملنے سے انکار کرتی ہے "

یہ سائبر کرائم ہے"

لہجہ لڑکھڑایا تھا میں نہی کروں گا میں نے ڈیلیٹ "

تیری کتنی بہنیں ہیں کیا خیال ہے "

وہ اس کا چہرہ دیکھتے بولا جو خوفزدہ تھا

خوف کے سائے اس کا چہرہ سامنے آتے لہرائے تھے وہ بری طرح اس کام میں پھس چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

جہاں آگے کنواں اور پیچھے گہری کھائی تھی

" بی جان آپ میری شادی احان سے کیوں کرانا چاہتی ہیں

وہ ان کے گھٹنے پر سر رکھے تھی جب دل میں آیا سوال پوچھا

" ریحہ اتنا اچھا نیک بچہ ہے اور پھر تم میری آنکھوں سے دور پرائے گھر بھی نہی جاو گی

وہ اس کے گھنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے بولیں تھیں

" پر وہ مجھ سے شادی نہی کرنا چاہتا اسے سنجیدہ مزاج کی لڑکی چاہیے میں تو اس کی نظر میں بے وقوف ہوں

وہ پر سوچ تھی

Posted on Kitab Nagri

ریحہ تمہیں کیسے پتہ "

وہ حیران ہوئیں یہ بات تو صرف احان نے ان سے کی تھی

وہ وہ بی جان میں نے سن لی تھی نا" وہ شرمندہ ہوئ

ریحہ۔۔۔ "تم نے کان لگائے تھے وہ غصہ ہوئیں

سوری بی جان میرا نام آیا تو میں نے سن لی تھی ساری بات "

وہ مان گیا ہے نا "

وہ اس کے چہرے کو دیکھتے محبت سے بولیں

زبردستی بی جان آپ نہی جانتی نا" وہ دل میں مخاطب تھی

Posted on Kitab Nagri

پرسوں کیا ہوا تھا جب لیٹ تھے تم لوگ ازہان تو جلدی آگیا تھا"

بی جان نے صبح نماز کے بعد گارڈن میں بیٹھے تسبی کر رہیں تھیں جب وہ صبح ہی گاڑی لے کر نکلا تھا اس کی گاڑی کی ٹوٹی ہیڈ لائٹس دیکھیں تھیں وہ خاموش رہی تا کہ خود اس سے بات کر سکیں

بی جان وہ احان کی گاڑی پر کسی نے۔۔۔"وہ لب دبا گئ اس نے منع کیا تھا

کیا ہوا تھا۔۔؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پتھر لگ گیا تھا بی جان اور کچھ نہی "

اس کی آواز سے وہ فوری سیدھی ہوتے قریب پڑا دوپٹہ فوری سے لے چکی تھی

لاکھ اختلافات سہی پر اس لڑکی کی اس عادت پر وہ فدا تھا

جبکہ ریحہ گھور کر رہ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

بی جان کو کیوں بتانے لگی تھی تم دماغ درست ہے تمہارا "

وہ ان کے روم میں بامشکل انہیں سمجھاتے بجھاتے باہر غضب ناک تیور لیے آیا تھا

مجھے نہی پتا تھا نہی بتانا" وہ جانے کے پر تول رہی تھی

تمہیں سب پتہ ہوتا ہے جب میں نے منع کیا تھا پھر بھی اندازہ ہے نا ان کی تبعیت کا وہ پریشان ہو جاتیں ہیں "

وہ سختی سے بولا تھا

آپ کو کہہ دیا نا مجھے نہی پتہ چلا" وہ زور دیتے بولی

کتنی برائیاں کیں میری "

Posted on Kitab Nagri

میں نے نہی کی" وہ ششدر تھی اس کے اگلے الزام پر"

جھوٹ بولو گی مجھ سے جیسے میں تو جانتا نہی نہ "

وہ نہی چاہتا تھا وہ اس کی برائ کرے کسی سے بھی

اسی لیے زہر لگتے ہیں مجھے کاش آپ کی جگہ ازہان کا اوپشن۔۔۔"

ازہان چاہیے تمہیں"

اس کو دیوار سے لگاتے وہ پھنکارا تھا ری تو اس کے تیور دیکھ ہی خوفزدہ ہوئ تھی

میرا مطلب۔۔"وہ بری طرح اس کی گرفت میں بھوکھلائ تھی

تمہارا مطلب ازہان یا کوئ اور نہی صرف میں ہوں اب ہر چیز میں سمجھی تم "

Posted on Kitab Nagri

اس کی آنکھوں میں جھانکتے وہ اسے خوفزدہ کر رہا تھا

آپ ابھی مجھ پر حق نہی رکھتے کوئی بھی "

وہ اس کی نظروں سے الجھتے بولی

میں تمہیں بغیر حق کے چھو بھی نہی رہا سمجھی اپنی سوچیں آئیندہ مجھ تک محدود رکھنا"

اس کو کیا ہو گیا ہے پاگل ہو گیا ہے یہ شائد وہ خوفزدہ سی اس کی پشت تکتے بولی تھی جو جا چکا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حمدان سے رشتہ طے کرتے وہ اس ٹائم لاونج میں تھے

زبیر نے جس دل سے ہامی بھری تھی بس وہ جانتے تھے وہ خاموش تھے اور اس بات کی بھنک ابھی اپنے بھتیجے کو بھی لگنے نہی دینا چاہتے تھے ورنہ وہ شخص نور کی بدنامی کا ٹیگ سارے جہاں میں لگا دیتا

Posted on Kitab Nagri

وہ چائے خود بنا کے لائے تھے ساتھ چند لوازمات بھی تھے

حالانکہ حمدان نے اتنا منع کیا پھر بھی وہ لے آئے تھے

نکاح سادگی سے ہو حمدان اور ساتھ ہی رخصتی چاہتا ہوں

دل سے بتاو تم اس فیصلے سے خوش ہو" وہ ان کی ماتھے پر پڑی شکنیں دیکھ بولے تھے

وہ کیا کہتے جب غازیان کو آگ لگی تھی تو وہ کیا کر سکتے تھے

وہ جواب دیتے جب لاونج میں وہ بکھری حالت میں آئی تھی

سرخ آنکھیں سوجھا چہرہ یقیناوہ صبح سے رو رہی تھی

سفید دوپٹہ آدھا زمین پر جھول رہا تھا بکھرے الجھے بال حمدان کو دیکھتے ہی اب اس کم عمر سی لڑکی پر ترس آیا تھا

اور اپنی سوچ پر افسوس

کتنے پیسوں میں اپنا داماد خرید اہے "

Posted on Kitab Nagri

وہ چیختے بغیر لحاظ کے بولی تھی

نور روم میں جاو۔۔ "

زبیر نے نظروں سے تنبیہ کی تھی

میں پوچھ رہی ہوں اس کا جواب دیں اپنی بیٹی کو کتنے پیسوں میں دے رہے ہیں اس شخص کو "

وہ دماغی طور پر پوری طرح ڈسٹرب تھی

بوجھ ہوں نہ آپ کے لیے

بدنامی ہوں آپ کے لیے مار دیں مجھے بلکہ آپ کیوں میں مارتی ہوں خود کو۔۔۔ "

زبیر کا دل دھک سے رہ گیا تھا وہ تیز دھار والی چھری جو وہ ہاتھ میں جانے پہلے سے ہی پکڑے تھی اپنی نبض پر رکھے آنکھیں بند کر چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

نور بیٹے دیکھو ایسے نہی کرتے یہ لگ جائے گی آپ کے"

حمدان نے دھیمے سے قدم اس جانب بڑھائے تھے

دور رہیں مجھ سے "وہ لگاتار بہتے آنسوؤں سے زبیر کا دل بری طرح زخمی کر رہی تھی

میں دور ہوں میری جان میری بات تو سن لو اسے رکھ دو پلیز ہالہ "

زبیر دل پر ہاتھ رکھتے خوفزدہ سے تھے نارمل موسم میں بھی پسینہ ان کی خوف زدہ جلد پر نمودار ہوا تھا

اس سے پہلے وہ خود پر وار کرتی پیچھے سے اس کی دونوں کلائیاں کسی نے مظبوطی سے تھامی تھیں چھری کا زور اس کے ہاتھ سے اس کی کلائی پر بری طرح پڑ رہا تھا

مرنا ہے"

اس کا سانس اپنی کلائی پر ان چاہا لمس پاتے بری طرح اٹکا تھا

Posted on Kitab Nagri

شوق سے مر جانا پر مجھ سے نکاح کے بعد"

کلائیاں چھڑاتے اپنی پشت پر کھڑے انجانے شخص کی کان کے قریب ترین سرگوشی سنی تھی

زبیر اور حمدان نے سکون کا سانس لیا تھا

وہ اس کے روبرو ہوا بھیگی سرخ انگارہ خوفزدہ آنکھیں جو اسے بے چین کیے تھیں آج اس کا چہرہ روبرو دیکھا تھا

جو ہو نا سکی بات

وہ چہروں سے عیاں تھی

حالات کا ماتم تھا

ملاقات کہاں تھی

وہ مجھے متوجہ کرنے کا ہنر رکھے"

وہ اب نظر جھکا گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

نور کو یہ سامنے کھڑا شخص انتہائی زہر لگا تھا

فادر ان لا یہ نکاح کل شام ہی ہو گا"

وہ اس سے نظر نا ملاتے اب زبیر سے مخاطب ہوتے بولا تھا حمد ان کو چھوڑنے وہ آیا تھا اور اب لینے بھی پر ہارن دینے پر وہ باہر نہی آئے اور اندر آتے جو تماشہ لگا تھا وہ کسی ڈرامے سے کم نہی تھا

مجھے منظور ہے"

وہ ہق دق کھڑی تھی کیا اس کی کوئی ویلیو نہی کون تھا یہ شخص اور اس کا باپ وہ جانتا نہی تھا وہ کیا کر رہا ہے اس کے ساتھ دل چاہ رہا تھا سب کچھ تہس نہس کر دے وہ

گاڑی ڈرائیو کرتے اس کا دل بری طرح دھڑک رہا تھا

غازیان یہ بہت بڑی زمیداری ہے"

تم سوچ لو کیا ماں جانتی ہے تمہاری

Posted on Kitab Nagri

حمدان نے دل میں آئے سوال کیے تھے

 مما کو کل انفارم کروں گا"

وہ بے تاثر بولا تھا

اس سے نکاح کی وجہ کیا ہے میرے بیٹے کو کمی تو نہی پھر۔۔"

اس میں کیا کمی ہے"

وہ ان کی جانب دیکھتے بولا

تم جانتے ہو پھر بھی میں منع نہی کر رہا غاز لیکن ہمیں دنیا کے ساتھ چلنا ہے ہمدردی اکثر نقصان دیتی ہے "

وہ سمجھاتے بولے کہ محض یہ اس کا جزباتی فیصلہ ہے

Posted on Kitab Nagri

جانتے ہیں ڈیڈ وہ اس چیز کے لیے مجھے جواب دہ نہی ہے یہ نکاح سے پہلے کا معاملہ ہے اگر وہ میرے نکاح میں ہوتی تب اگر یہ سب کچھ ہوتا تو میرے لیے میٹر کرتا "

وہ بے قابو ہوتی دھڑکنوں سے بولا تھا کیوں یہ لوگ اس کا فیصلہ ڈگمگا رہے تھے

محبت کرتے ہو اس سے "

وہ پھر سے بولے تھے غازیان کوفت زدہ ہوا کہ راستہ کیوں نہی ختم ہو رہا "

کل میرے نکاح میں آنے کے بعد وہ غازیان نیازی کے لیے واجب المحبت ہو جائے گی "

وہ ششدر چھوڑے گاڑی روک چکا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گھر آگیا آپ کا" وہ ان کو حیران دیکھتے اندھیری سڑک پر نظر مرکوز کر چکا تھا

گھر داخل ہوتے وہ روم ان لوک کیا تھا

وہ اندر بڑھا تھا

Posted on Kitab Nagri

سکیچ بک ہاتھ میں لی اور وہ لیٹر "

ڈیئر سٹرینجر

آئی نو تمہاری پرشین کیٹ مجھ سے کھائی میں گر گی ہے"

آئی اپولو جائز پر تم نے سکیچ بنوا کر میرا اسارٹو ور برباد کر دیا ہے اس کے لیے تمہیں بھی معافی نہی ملے گی

غازیان کے لب مسکرائے تھے

اور وہ تین سال پہلے کا لمحہ یاد آیا جب وہ مری گیا تھا اور وہاں اس کی ملاقات اس لڑکی سے ہوئی تھی

وہ کاوچ سے ٹیک لگائے زمین پر بیٹھا تھا

ایک سیلفی پلیز۔۔ "

وہ سفید فر والی بلی سیاہ کار کے بونٹ پر پڑی سرخ باسکٹ سے لیتے دھڑا دھڑ پکچرز لے رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

رکھ دے یار اس کا مالک گھور رہا ہے "

ساتھ والی لڑکی نے اسے متوجہ کرنا چاہا جو گاڑی سے ٹیک لگائے اس کے کارنامے دیکھ رہا تھا پر وہ تو اپنی دھن میں تھی

وہ اس سب میں اس کے ہاتھ سے نکلتے کھائی کی جانب چلی گئی

اس سے پہلے کے وہ اس کو پکڑتی وہ کھائی کی نظر ہو گئی

اومائے گوڈ اس کا سانس حلق میں اٹک چکا تھا

اب کیا ہو گا وہ پریشان تھی

وہ ساری کاروائی دیکھ چکا تھا

وہ اس طرف آ رہا ہے "

وہ خوفزدہ ہوئی تھی سیاہ آنکھیں خوف سے اس میں مبتلا تھیں سیاہ گلاسس کی وجہ سے وہ اندازہ نہی لگا سکی کہ وہ کتنے غصے میں ہے "

Posted on Kitab Nagri

آپ کی بلی میں نے جان بوجھ کر نہی وہ بس پتہ نہی کیسے و۔۔وہاں

وہ مزید بولتی جب اس کے قدم پیچھے لڑکھڑائے تھے

آہ۔۔۔"فلک شگاف چیخ وہ آدھی کھائی میں لڑکھی تھی جبکہ ایک بازو اس کے ہاتھ میں تھا

آج آخری دن تھا

پھینک دوں" سرد لہجہ تھا

نو۔۔پلیز مجھ سے بدلہ نہی لو "

وہ خوفزدہ سی گہرائی دیکھتے کانپ رہی تھی

غازیان نے اس کے ناخن اپنی ہاتھ کی سطح پر چھبتے محسوس کیے

ایک جھٹکے سے نیچے کیا تھا

وہ چیختے لوگوں کو متوجہ کر چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

i don't want to die plz....."

وہ خوفزدہ سی مرنے کے قریب تھی

اب لوگوں کی آوازوں سے اسے اوپر اپنی جانب کینچھا تھا وہ اس کے سینے سے لگی بری طرح روتے شرٹ مٹھی میں جھکڑے تھی

یو آر فائن لیکن تمہارا رونا مجھ پر اثر نہی کرے گا

تمہیں پے کرنا پڑے گا "

وہ اس کو سیدھا کرتے خشک لہجے میں بولا تھا

ہاو کین میری غلطی نہی تھی میں بس سیلفی لے رہی تھی وہ ہاتھ سے نکلتے کیسے چلی گئ "

وہ روتے بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

ہنڈرڈ سکیچ بناو گی اس کے" وہ اگنور کرتے بولا

میرا ٹوور برباد ہو گا اتنے کیسے بناوں گی" وہ خوفزدہ ہوئ تھی

پے کرو مجھے ابھی تیس ہزار پھر" وہ بے نیازی سے جیکٹ کی بازو فولڈ کرتے بولا تھا

میں گھر جا کر ٹی سی ایس کر دوں گی

ایڈریس۔۔ "

وہ فون پر نوٹ پیڈ کھولتے بولی تھی

اس لمحے غور کیا تھا وہ اتنی معصوم بھی نہی تھی

not accepted.."

ازلی بے نیازی سے بولا

Posted on Kitab Nagri

پی سی کے روم نمبر 103 میں ہوں میں اور تم میرے سے چار روم چھوڑ کر ہو "

چالاکی کی ضرورت نہی "

اس کے فون سے اپنے فون پر نمبر ڈائل کرتے اسے تھمایا

وہ اس کا منہ کھلواتے جا چکا تھا

تمہاری سیلفی کے چکر میں کرو سکیچنگ "

وہ شام میں نکلی تھی مال روڈ سے ہوتے وہ سٹیشنری کی شاپس ڈھونڈھ رہی تھی

وہ اس کا پیچھا کر رہا تھا اس لڑکی کو یوں دیکھتے مزا آرہا تھا

سیاہ جینز پر سکن لونگ کوٹ پر ہائی پونی ٹیل کیے وہ اس شاندار شام کا حصہ لگی تھی

بحر حال سکیچ بک اور پنسلز خریدتے وہ ہوٹل کی جانب بڑھی جہاں کالج کے باقی بچے ٹھہرے تھے

Posted on Kitab Nagri

کس نے کہا تھا اس کھڑوس کی بلی سے پنگا لو '

یہ تیسرا اسکیچ تھا

وہ تھک چکی تھی

وہ تیار ہو رہی تھی آوٹنگ کے لیے وہ منہ بسورے سکیچنگ کر رہی تھی

سکیچ چیک کرواو اگر ٹھیک نا بنا تو قبول نہی کروں گا "

وہ بیڈ پر لیٹے اپنی بے وقوفانہ حرکت پر حیران تھا

ہاتھ تھما تھا

وہ روم سے نکلی تھی گہرا سانس بھرتے اس کا ڈور نوک کیا

اندر نہی آوں گی" وہ سیاہ شرٹ ٹراوزر میں تھا اسے خود کے قریب دیکھتے بدکی تھی

آہ بلیو اس کا فیورٹ تھا یا آج ہوا تھا وہ بلیو لونگ شرٹ میں تھی

Posted on Kitab Nagri

اس کی ناک ایسی نہی تھی" وہ دیکھتے بولا اس کی آرٹ بہت کمال تھی وہ ہو بہو ویسی بنا کر لائ تھی وہ تو بس یوں ہی بول بیٹھا تھا

او پلیز میرے سامنے نہی ہے وہ "

وہ دانت پیستے بال چہرے سے ہٹاتے بولی تھی

غازیان کی نظر اس کے ہاتھ پر لگی پنسل کے نشانوں پر گئ تھی

وہ مسکراہٹ دبا کر رہ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آج ٹوور کا لاسٹ ڈے تھا

بامشکل اس نے پندرہ سکیچ بنائے تھے

وہ اس کے روم میں گئ تھی

وہ آہٹ محسوس کر چکا تھا پر بالکنی میں کھڑا سگریٹ پیتا رہا وہ سمیل محسوس کر رہی تھی کھانسی بھی تھی پر لگا وہ نہی ہے

Posted on Kitab Nagri

بے شرم بد تمیز سٹر ینجر تمہاری وجہ سے ٹور برباد ہوا میرا

بامشکل میرے باپ نے اجازت دی تھی

بابا کہتے ہیں شوہر کے گھر جا کر ڈارک لپسٹک لگانا

یہاں لگانا چاہتی تھی لیکن تم اور تمہاری بلی کے چکر میں سب برباد "

وہ سکیچ رکھتے جیسے ہی پلٹتی اس کی کلائی تھامی تھی

میں نے برباد کیا ٹوور "

بے بی نے لپسٹک لگانی ہے "وہ اس کے ہونٹوں کو فوکس کرتے بولا

ن۔۔ نہی میرا مطلب تھا کے آپ تو اچھے ہیں میں ہی بری ہوں

نہی لگانی لپسٹک پلیز جانے دو باہر بس ویٹ کر رہی ہے میرا "

Posted on Kitab Nagri

وہ بے بس ہوئی تھی

یہ تین دن صرف اس کو اپنے روم کی بالکنی سے سکیچنگ کرتے دیکھ گزارے تھے

اس کی آنکھ کے کنارے ایک بال تھا وہ اس کا ہاتھ اپنی کلائی کے بعد چہرے پر محسوس کرتے تنہائی میں خوفزدہ سی تھی

make a wish"

یہ احمقانہ حرکت تھی

میرا ہاتھ چھوڑ دو بس" وہ بند آنکھوں سے بولی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہاں رہتی ہو" وہ اس کے چہرے کے نقوش حفظ کر رہا تھا

بس مس ہو جائے گی پلیز جانے دو" آنسو پلکوں کی حدیں طے کرتے گال پر تھا

Posted on Kitab Nagri

اور وہ اس لمحے کی قید میں تھا وہ سامنے تھی پر بے حال حالت میں

سکیچ بک کھولی تھی جہاں اس نے سکیچ بنائے تھے ہر سکیچ کے نیچے ایک نام لکھا تھا

سماب آرٹز" کے لفظوں پر لب رکھے تھے

ہاں مجھے محبت ہے اس لمحے سے نور جس لمحے ہم ملے تھے

پرسوں لاسٹ ہیرنگ ہے امید ہے ہم ہی کامیاب ٹھہریں گے"

وہ ہاتھ ملاتے اپنے کیبن کی جانب چلا گیا تھا

لیکن سامنے بیٹھے لوگ اس کا پارہ اپنی حرکت اور آج موجودگی سے ہائی کر چکے تھے

تم لوگ نہایت ڈھیٹ پائے گئے ہو "

Posted on Kitab Nagri

مجھ پر حملہ کرواکر ڈرادھمکا کر لگتا ہے کہ میں ڈر جاوں گا تو سوری غلطی پر ہو تم "

وہ تیش زدہ سا بولا تھا

پرسوں فیصلہ ہمارے حق میں ہو وکیل

یہ فیک انکاونٹر ثابت کرنے میں کوئ وقت نہی لگتا ہم نے محض ڈارنے کو گولی چلائ تھی مارنے کا کوئ ارادہ نا تھا لہحذا چپ چاپ بات مان لو تمہیں اور تمہاری دوسری پارٹی کو بھی خوش کر دیں گے "

وہ بندہ اٹھتے تحمل سے سمجھاتے بولا تھا

تمہارے بھائ نے معمولی سی زمین کے لیے اسے پر فائر کیے

پولیس وہاں تماشہ دیکھتی رہی تم اسے فیک انکاونٹر ثابت نہی کر سکتے ڈرانے کے لیے کوئ سینے پر نہی ٹانگ پر گولی مارتا ہے

اور ہاں موقع پر بنی ویڈیو میرے پاس ہے لہحذا فضول میں دماغ کھانے نہی آیا کرو چلتے بنو"

بڑے آئے مجھے اور میری پارٹی کو خوش کرنے والے

Posted on Kitab Nagri

شوق سے جو کرنا ہے کرو تمہارا بھائی لمبا اندر"

وہ تنزیہ ہاتھ کا جہاز بناتے بولا تھا جبکہ سامنے والے کا دل چاہا تھا اس کے سینے میں بھی گولی مار کہ اڑا ڈالے

بس ایوڈینس زیادہ تھے کیس جیتنے کے چانسس زیادہ تھے اسی لیے وہ منتوں پر مجبور تھے اور وہ ویڈیو جانے اس کے ہاتھ کیسے لگی جبکہ وہ نہی جانتے تھے وہ ہوائی تیر چھوڑے ہے

"سوچ لے بھاری نا پڑ جائے تیری فیملی پر"

وہ وارننگ دیتے چلا گیا

جبکہ احان سر جھٹکتے اپنے جگہ پر براجمان ہوا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیسی ہو۔۔۔"

Posted on Kitab Nagri

تم نے کیسے یاد کیا مجھے "

وہ کرب سے آنکھیں میچ گیا

دیکھو میں تمہیں جہاں بلا رہا ہوں مجھ سے ملنے آو گی"

وہ دھڑکتے دل سے بولا وہ انکار نا کر دے

آگے کبھی انکار کیا افکورس بتاو ٹیکس سینڈ کرو میں آجاوں گی"

وہ خوشی سے چہکی تھی

تمہاری کتنی بہنیں ہیں"

اس کی بات دماغ میں گھومی تھی

اس کا دل دھک دھک کر رہا تھا وہ تو سوچ بھی نہی سکتا تھا اس کے ساتھ کبھی ایسا ہو "

ایک غلطی کتنی بھاری پڑتی ہے ہم سوچ بھی نہی سکتے جس کا خمیازہ کبھی کبھار ساری زندگی بھگتنا پڑتا ہے

Posted on Kitab Nagri

میں آجاوں گی تم جانتے ہو ہمارا ریلیشن کافی آگے نکل چکا ہے

ہم شادی کب کر رہے ہیں"

بات کی تم نے گھر میں یوں روز روز ملنا اچھا نہی ہے اب"

وہ ٹیکس پڑھتے پہلی دفعہ شرمندگی کی انتہا پر تھا آج وہ اس لڑکی کو کسی اور کی تھالی میں زینت بنا کے پیش کرنے والا تھا سویا ضمیر جگا رہا تھا پر خوف دل میں سمایا تھا جو ضمیر کو سلانے میں مدد دے رہا تھا

سیاہ جینز سفید شرٹ پر سیاہ بلیزر پہنے معمول کے حلیے میں تھا شیشے کے سامنے خود کو دیکھا تھا

خاموش ساکن سا گھر کا ماحول تھا ہمیشہ سے وہ تنہا رہا تھا وہ اس تنہائی کا عادی تھا پر آج وہ اس کی زندگی میں شامل ہونے جا رہی تھی جانے کیا ہونا تھا وہ اتنا بڑا فیصلہ کر تو بیٹھا تھا پر کیوں دل کی دھڑکن معمول سے زیادہ تیز تھی آج کوئی تماشہ نا ہو

تھا تو ایک مرد ہی نہ

Posted on Kitab Nagri

گہری سانس لیتے وہ سوچ سکا

سیاہ گھنے بال نفاست سے بنی شیو پرفیکٹ فزیک واچ باندھتے وہ خود کو دیکھ مسکرایا تھا

پرفیوم خود پر انڈھیلتے روم پر ایک نظر ڈالی جو بلکل سادہ تھا کوئی تیاری نہی تھی بلیو اور اوف وائٹ تھیم میں روم تھا صرف ایک ڈریسر بیڈ اور وارڈروب کے علاوہ ایک چھوٹا سا روم اس کے روم میں بنا تھا اس کے علاوہ بیڈ کے سامنے بس ایک سنگل سیٹر صوفہ تھا ونڈوز پر بلیو اور سفید پردے گرے تھے زیادہ نفاست پسند تو نہی تھا پر چیزیں ترتیب میں ہی رکھتا تھا

اپنا والٹ سیل فون اور کیز ڈریسر سے لیتے وہ ائیر پورٹ کی جانب روانہ ہوا تھا جہاں اس کی ماں بھری پڑی تھی اور اس عتاب کا نشانہ کس کس نے بننا تھا وہ جانتا تھا وہ بھی اس لپیٹ میں آنی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابھی وہ گاڑی میں بیٹھتا جب حمدان نیازی کی گاڑی پورچ سے انٹر ہوئی تھی

وہ گاڑی سے نکلے تھے جب دو تین لوگ بھی گاڑی سے نکلے تھے

Posted on Kitab Nagri

یہ کون ڈیڈ۔۔۔"

وہ حیران ہوا تھا انہیں کچھ سامان کے ساتھ گھر کے اندرون جانب داخل ہوتے دیکھ

تمہارے گھر اور روم کو ڈیکوریٹ کرنے والے "

اور تم اس حلیے میں جاوگے "وہ اس کی جانب دیکھتے حیرت سے بولے تھے

جو اپنے معمول کے حلیے سے بلکل بھی ہٹ کے نہ تھا انہیں اس خاص دن کے لیے سادہ ہی لگا

یعنی کے اب اے سی سیلون جائے گا دولہا بننے کے لیے آہ ہرگز نہی وہ سوچتے جھرجھری لے بیٹھا

کیا ہوا مجھے ویسے بھی مما کہتی ہیں غازیان زیادہ تیار نہی ہوا کرو تمہیں نظر لگ جاتی ہے "

اور میں خیال کر رہا ہوں کہیں مجھے نظر ہی نہ لگ جائے "

وہ گاڑی کے شیشے میں خود کو دیکھتے لاپرواہی سے بولا

ویری فنی لگ ہی نہ جائے تمہیں نظر "

Posted on Kitab Nagri

وہ منہ بری طرح بگاڑتے بولے کتنے ارمان تھے انہیں اسے یہاں اپنے پاس دیکھتے اس کی شادی کے پر سب دھرے رہ گئے تھے

میرے کچھ کولیگ بھی آئے گیں غازیان ڈیپارٹمنٹ کے ہیں تمہیں جانتے بھی ہیں تمہاری جان پہچان نہ ہو پر میری ہے امید ہے کوئی تماشہ نہ ہو"

وہ محض سر ہلا گیا تھا

اس کے گھر کا لان خوبصورتی سے سجا تھا

جو بھی تھا جتنی تیاری ہو سکی تھی وہ کر چکے تھے

نور کا سامنا نہی چاہ رہے تھے جانتے تھے وہ حشر بھرپا کیے ہے

اب وہ اس کے روم میں نوک کرتے گئے تھے

وہ گلاس وال کے نزدیک کھڑی سادہ سی تھی

Posted on Kitab Nagri

بیڈ پر گولڈن کلر کا شرارہ بڑے سے سرخ کام دار دوپٹے کے ساتھ جیولری کے باکس کے ساتھ پڑا تھا

وہ نہی جانتی تھی یہ ڈریس کس نے خرید اہے بس اس کے روم میں صبح پہنچ گیا تھا

کیا ایسی ہوتی ہے شادی اپنی ماں کی شادی کی البم دیکھتے اکثر نارمل لڑکیوں کی طرح اپنی شادی کے لیے ارمان سجاتی تھی وہ

نور۔۔۔"

وہ نہی مڑی تھی

ناراض ہو بابا سے"

وہ اس کی ساتھ کھڑے ہوتے وہ تلاش رہے تھے جو وہ سامنے دیکھ رہی تھی ویران خشک آنکھوں سے "

وہ پلٹی تھی وہ نہی تھے پر جو بات کہہ کر گئے تھے اس کے دل کو مٹھی میں جھکڑ گئے تھے

Posted on Kitab Nagri

اگر نکاح نا کیا نور تو میری موت کی زمیدار تم ہو گی "

وہ صوفے پر لیٹی فون پر گیم کھیل رہی تھی جب ثانیہ اور اس کی ماں ڈھیر ساری شاپنگ بیگز کے ساتھ لوٹیں

ریحہ مجھے پانی تو پلاو بیٹا "

وہ نا گواری سے شاپنگ دیکھتے کیچن کی جانب گئی تھی

یہ دیکھیں بی جان کیسے ہیں کپڑے اب وہ لاونج میں ہی شاپنگ بکھیرے اس کا دل جلا رہی تھیں زیادہ دیر وہ چپ نہی رہ سکی

یہ نکاح ہے یا ہمسایوں کے بچوں کی بھی شادی ہے ہمارے ساتھ "

وہ اب ان کی ڈھیر ساری شاپنگ دیکھتے حیران تھی

Posted on Kitab Nagri

نہی مقصد کیا ہے ایک سادہ کوٹن کے سوٹ کے ساتھ لال دوپٹہ کافی تھا میرے خیال سے"

وہ سرخ چہرے سمیت بولی تھی

"کچھ نہی تم یہ ڈریس دیکھو کیسا ہے"

سانیہ محبت سے اپنی بہو کے ناگوار تیور دیکھتے بغیر خوشی سے بولیں تھیں

وہ زبردستی سر ہلا رہی تھی

"ریحہ۔۔۔

مسلہ کیا ہے تمہیں کیوں مجھے شرمندگی دلاتی ہو

"اب کیا کیا ہے میں نے

Posted on Kitab Nagri

لاونج سے سانیہ چلی گی تھی تو نائمہ اس کے ناگوار تاثرات کے آہستگی سے لتے لے رہی تھی

صاف پتہ چل رہا تھا تمہیں دیکھ کر جتنی کی تم دلچسپی لے رہی ہو بچی یا ٹی نیجر تم ہو نہی تئیس سال کی ہونے والی ہو اب "

میری عمر کی یاد دہانی کرا کر آپ کے ارادے کیا ہیں مما۔۔۔"

وہ حیرت زدہ ہوئ

ریحہ ماں کو شرمندہ نہی کرنا احان سمجھدار ہے یہ نازک رشتے ہیں غیر سنجیدگی کے ثبوت نہی دیا کرو"وہ سر تھام کے رہ گئیں تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں ہی نہی سمجھدار بس ہر چیز میں احان احان میری ماں نہی اس کی ماں ہیں آپ کوئ ماں ایسے نہی کرتی جس کو دیکھو اس گھر میں احان کے راگ الاپتا ہے

میں احان نہی بن سکتی وہ اٹینشن لینا فرض سمجھتا ہے اس کی اصلیت سے آپ واقف جو نہی ہیں"

Posted on Kitab Nagri

وہ تھک گئ تھی احان کی تعریفیں سنتے اب اتنی بھی ناسمجھ نہی تھی وہ

کیا بکواس ہے یہ دس دنوں میں سدھار لو خود کو نکاح کے بعد کوئ بھی فضول حرکت نا دیکھوں تم میں "

یہ بحث لمبی جانی تھی وہ بات سمیٹتے بولیں

لڑکی کا فرض نہی ہوتا مما لڑکے کا بھی فرض ہوتا ہے خود کو بدلنا"

وہ رندھی آواز میں بولی تھی

ریحہ میری جان کیوں ایسے کرتی ہو تم"

وہ اسے ساتھ لگاتے پریشان ہو گئیں تھیں

میرا یونیورسٹی کا آخری سال تو کم از کم سکون کا گزارنے دیتی لیکن نہی بیچ میں اس نکاح کا رولا علیحدہ ڈال دیا ہے "

وہ ان کے ساتھ لگی بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

ارے کیا ہوا میری بیٹی کو کیوں رلایا ہے"

وہاج دونوں کو رازونیاز کرتے قریب ہی بیٹھ گئے تھے

کچھ نہی بس شادی کے نام پر اپسیٹ ہو گئ تھی"

وہ اس کے سر کو چومتے مسکراتے بولیں تھیں

اس کے گھر کا لان خوبصورتی سے سجا تھا

جو بھی تھا جتنی تیاری ہو سکی تھی وہ کر چکے تھے

نور کا سامنا نہی چاہ رہے تھے جانتے تھے وہ حشر بھرپا کیے ہے

اب وہ اس کے روم میں نوک کرتے گئے تھے

وہ گلاس وال کے نزدیک کھڑی سادہ سی تھی

Posted on Kitab Nagri

بیڈ پر گولڈن کلر کا شرارہ بڑے سے سرخ کام دار دوپٹے کے ساتھ جیولری کے باکس کے ساتھ پڑا تھا

وہ نہی جانتی تھی یہ ڈریس کس نے خرید اہے بس اس کے روم میں صبح پہنچ گیا تھا

کیا ایسی ہوتی ہے شادی اپنی ماں کی شادی کی البم دیکھتے اکثر نارمل لڑکیوں کی طرح اپنی شادی کے لیے ارمان سجاتی تھی وہ

نور۔۔۔"

وہ نہی مڑی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ناراض ہو بابا سے"

وہ اس کی ساتھ کھڑے ہوتے وہ تلاش رہے تھے جو وہ سامنے دیکھ رہی تھی ویران خشک آنکھوں سے "

وہ پلٹی تھی وہ نہی تھے پر جو بات کہہ کر گئے تھے اس کے دل کو مٹھی میں جھکڑ گئے تھے

Posted on Kitab Nagri

اگر نکاح نا کیا نور تو میری موت کی زمیدار تم ہو گی "

بیوٹیشن نے اسے ہلکا پھلکا تیار کر دیا تھا سو گواریت رگ وپے پر سرائیت کیے تھی

کچھ مانگو آپ سے دیں گیں مجھے "

ایک امید بھری نظر سے سرخ چنری کی اوٹ سے چند گواہان اور نکاح خوان کے ساتھ انہیں دیکھا تھا

وہ نظریں چرا رہے تھے کے اس لمحے وہ اس کے ساتھ بیٹھے تھے پر دماغی طور پر اس کے روشن مستقبل کے تانے بانے بن رہے تھے

ہالہ نور ولد زبیر صدیقی آپ کا نکاح غازیان نیازی ولد حمدان نیازی سے پندرہ لاکھ حق مہر سکہ رائج الوقت ہونا قرار پایا ہے

کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے "

Posted on Kitab Nagri

کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے

ان کا ہاتھ اپنے کندھے پر محسوس کرتے گھٹی سی آواز میں کہا تھا

قبول ہے آخری بار ادا کرتے آنسو رواں تھے

تو آج آپ نے مجھے پرایہ کر دیا میرے آنسو بھی کام نہی آئے"

وہ اس کو ساتھ لگائے تھے پر وہ بے تاثر ہی رہی تھی

پلیز میں آپ کو سب سمجھا دوں گا ابھی یہاں کوئی بھی تماشہ نہی کریں مما "

وہ قدرے آہستہ آواز میں مبارک وصول کرتے سمجھاتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

ملیحہ خاموش ہو گئی تھی وہ سید ھا نور کے گھر لایا تھا کہ وہ اس لڑکی کو پسند کرتا ہے اور اس کے کزن کا معاملہ بتایا کے وہ اس کے پیچھے پڑا ہے جس کی وجہ سے وہ نکاح کر رہا ہے حمدان سے سامنا نہی ہوا تھا ابھی یا وہ جان بوجھ کر سامنے نہی آئے تھے

اس کی باتیں زہن میں آتے دل تکلیف سے دہرا تھا

پورا گھر ویران تھا نور رخصت ہو گئی تھی

ایک چیز مانگو آپ سے"

آج نور بابا سے جو بھی مانگے گی دوں گا میں"

مجھے کچھ بھی نہی چاہیے بابا بس یہ نکاح نہی کریں

اگر آج نکاح ہوا تو نور آپ کے لیے ہمیشہ کے لیے مر جائے گی

میں کبھی آپ کے گھر نہی آوں گی کبھی بھی"

Posted on Kitab Nagri

زبیر نے بند ہوتی آنکھوں سے تکلیف سے دل پر ہاتھ رکھا تھا

اس وقت وہ اس کے روم میں تھی جب چند سانحے پہلے کے لمحات یاد آئے

وہ خود ڈرائیو کر رہا تھا اور وہ بیک سیٹ پر تھی فرنٹ مرر سے اس کی نظریں خود پر مرکوز پاتے بھی وہ جھکے سر سے انجان تھی جیسے وہ موجود ہی نہ ہو

رخصتی کے وقت ایک آنسو اس کی آنکھ سے نہیں نکلا جبکہ زبیر اس کو ساتھ لگائے روئے تھے

سنسان سا گھر تھا جہاں کوئی بھی تیاری نہیں تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ملیحہ نے اپنا سرسری سا تعارف کراتے فلحال اسے اس کے روم میں چھوڑا تھا کیونکہ غازیان سے ابھی انہوں نے تفصیل سے بات کرنی تھی

وہ حیران ہوئی اس کا پورا کمرہ سرخ پھولوں سے سجا تھا وہ اس کی سوچ پر استہزایہ انداز میں سب دیکھ رہی تھی

سفید بیڈ شیٹ سے بکھرے پھول مٹھی میں لیے تھے جتنا رونا تھا وہ کل سے رو چکی تھی بس اب وہ بے تاثر تھی

خواب ناک ماحول بیڈ کے درمیان گولڈن شرارہ پھیلائے بیٹھی ایک اجڑی دلہن اپنے شوہر کا انتظار کر رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

اور دلہا لاپتہ تھا

میں کیوں ایسے بیٹھی ہوں اس کے انتظار میں"

ابھی وہ اٹھتی جب کوئ عورت اس کے روم میں آئیں تھیں

ملیحہ نے اس کا چہرہ دیکھا گولڈن شرارے میں ملبوس کم عمر سی لڑکی خوبصورتی میں اپنے بیٹے کے مقابلے کی لگی پر چہرہ تو بلکل بھی کھلا نہی تھا

میرا بیٹا تمہیں پسند کرتا ہے کہاں ہوئ پہلی ملاقات"

وہ اس کا ہاتھ تھامتے محبت سے بولیں

تو یہ رچائ تھی اس نے جھوٹی کہانی اپنی ماں کو اس کی حقیقت نہی بتائ

آپ کو غلط فہمی ہوئ ہے آنٹی"

آپ جانتی ہیں انکل حمدان نے اور آپ کے بیٹے نے زبردستی کی ہے"

Posted on Kitab Nagri

اس نے زبردستی کی ہے میرے ساتھ نکاح میں

میں تو اسے جانتی بھی نہی"

وہ بے تاثر بولی تھی

ملیحہ کا اسے کنگن پہناتا ہاتھ تھم چکا تھا

زبردستی کی ہے اس نے وہ باہر آ گئیں تھیں

میں ایسی تمہاری شادی تو نہی چاہتی تھی تمہارا باپ شامل تھا اس میں ماں کی کوئی ویلیو نہی"

بتانا بھی گوارہ نہی کیا یہ سب تمہارے باپ کا کھیل تھا کیا سمجھتا ہے وہ شخص مجھ سے میرا بیٹا چھین لے گا"

وہ اس کے روم سے غضب ناک تیوروں سے باہر نکلی تھیں

وہ ابھی لاونج میں بیٹھا تھا رخصتی اس کے کزن کی وجہ سے جلدی ہو گئ تھی تا کہ وہ کوئی ہنگامہ نہ کریں وہ خود بھی نہی چاہتا تھا کوئی ہنگامہ ہو

وہ تو ان کی باتوں پر ہی صدمے میں تھا

Posted on Kitab Nagri

آخر ثابت کر دیا تم بھی اپنے باپ پر ہو"

زبردستی نکاح کیا ہے اس لڑکی سے وہ ناخوش ہے"

غازیان اس انکشاف پر حیرت زدہ تھا

ابھی مزید کوئی بات ہوتی کے روم سے توڑ پھوڑ کی آوازیں آنا شروع تھیں

یہ کیا پاگل پن ہے پاگل ہے وہ لڑکی"

وہ پریشان ہوئیں تھیں

ریسٹ کریں آپ میں دیکھتا ہوں "

یہ سب کیا تھا ملیحہ کو لگا تھا اس کا بیٹا پاگل ہو گیا ہے عجیب شادی تھی یہ

Posted on Kitab Nagri

وہ لاونج میں ششدر کھڑی تھیں

وہ اندر داخل ہوا تھا

توڑ دیا سب یا کچھ رہتا ہے "

اپنی پشت پر وہی سرد آواز محسوس کرتے دل دھک سے رہ گیا تھا

توڑ دیا سب یا کچھ رہتا ہے"

وہی سرد آواز اپنے پاس محسوس ہوئ تھی

خواب ناک ماحول میں اس کی موجودگی پاتے وہ اپنی جگہ منجمند سی ہو گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

ناچاہتے ہوئے بھی آنسو آنکھ کے کنارے پر آیا تھا

وہ اب ڈریسر کے سامنے تھا بلیزر اتارے بیڈ پر رکھتے شرٹ کے کف لنکس کھولتے موڑتے وہ ہمت جمع کر رہا تھا

اس کی نظریں اپنی پشت پر جمی محسوس کرتے وہ چاہتا تھا وہ کچھ تو بولے پر وہ لب سیے تھی

کیا ساری رات ایسے ہی رہنا ہے"

جوڑے سے نکلے بکھرے بالوں سمیت بھاری سرخ کام دار کندھے سے ڈھلکے دوپٹے اور گولڈن شرارے میں ملبوس ایک جگہ ہی کھڑے دیکھا زمین سے بکھرے اپنے پرفیومز جیلز کریمز اور باقی چیزیں سمیٹتے نارمل لہجے میں بولا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بکھرے واز کے ٹکرے ڈسٹبن کی نظر کرتے ساری پھولوں کی لڑیاں بیڈ سے ایک جانب کو ہٹائیں تھیں

اس کی جیولری میں بس نیکلس اور ایک نیچے گرا ائیر رنگ گرا پڑا تھا ڈریسر کے ڈرا میں رکھتے اب وہ اس کے قریب گیا تھا غور کیا ایک ائیر رنگ کان کی لو سرخ کیے تھے جسے اس نے ضرور نوچتے علیحدہ کرنے کی کوشش کی تھی پورے چہرے سے ہلکا پھیلا مٹا میک اپ اس کے چہرے کو پوری طرح بگاڑے تھا پھیلے کاجل والی سرخ انگارہ بنی آنکھیں خود پر ظلم ہونے کا پتا دے رہی تھیں

Posted on Kitab Nagri

اوکے سٹاپ دس آل چینیج کرو"

نظریں چراتے وارڈروب کھولتے اپنی ٹی شرٹ اور ٹراوزر اس کی جانب بڑھایا تھا

تمہارا سامان کل وارڈروب میں سیٹ کریں گے ابھی اس سے گزارا کرلو"

اس کا سوٹ کیس شائد لاونج میں ہی تھا

وہ اس کی جانب بڑھاتے نارمل انداز میں بولا تھا

یہ کیا تھا وہ کیوں اتنا اچھا بن رہا ہے وہ اضطراب میں تھی

بس اب اوقات پر آو "

وہ کپڑے دور اچھالتے بپھری تھی

کیا۔۔۔؟ وہ اپنے کپڑے لیتے حیران تھا

Posted on Kitab Nagri

جس مقصد کے لیے تم یہ سب کر رہے ہو

میں انجان نہی ہوں نہ ہی بچی ہوں میں"

جب اپنا دوپٹہ خود سے دور اچھالا تھا تم بھی اپنی ہوس پوری کر لو۔۔"

وہ خود کو بکھیرتے اس کے لیے سراپہ امتحان بنی کھڑی تھی غازیان نے سختی سے مٹھی بھینچتے نیچے جھکتے ایک جھٹکے میں اس کے قریب قدم بڑھائے تھے

وہ اب اس کے قریب تر تھا روم میں تازہ سرخ گلابوں اور اس کے وجود سے اٹھتی مہک سے یک دم خوف وجود میں سرائیت کیے تھا

اس کے لیے تمہیں میرا وہاں انتظار کرنا چاہیے تھا

وہ سرخ پھولوں سے سجے بیڈ کی جانب اشارہ کرتے بولا

بیوی سے محبت کی جاتی ہے ہوس نہی"

اب اس کا پھینکا دوپٹہ اس کے قریب لاتے سر پر اوڑایا تھا وہ پورا استحاق رکھنے کے باوجود بھی اس سے مسلسل نظریں چرا رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

واشروم سامنے ہے"

وہ ہاتھ سے اشارہ دیتے اس کا خوف محسوس کرتے پیچھے ہوا تھا وہ مظبوط بننے کی محض کوشش میں تھی

اب تک کتنی لڑکیوں کے ساتھ ہمدردی جتائی ہے"

ضبط کیے زہر خند لہجے میں گویا ہوئی تھی

وہ پلٹا تھا اور اسکی دھڑکنیں اتنی تیز تھیں کے خاموش ساکن ماحول میں اگر وہ اس کے قریب ہوتی تو محسوس کر جاتی وہ کس کیفیت میں ہے

صرف مسز غازیان سے "

اس کو روم کے اندر بنے دوسرے روم میں گم ہوتا دیکھ چند لمحوں بعد اس کی بات سوچتے وہ بستر پر بیٹھتے سر دونوں ہاتھوں میں تھام چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کی ہلکی سسکیاں اب آواز میں محسوس کر رہا تھا

وہ بے تحاشہ رو رہی تھی اندر وہ دروازے سے ٹیک لگائے تھا

نہی کر سکتا میں یہ"

یہ مشکل ہے غازیان یہ مشکل تھا

یہ لڑکی اپنی باتوں سے مزید مشکل بنا رہی ہے میرے لیے"

وہ دروازے سے ٹیک لگائے کرب سے آنکھیں میچے تھا

مما مجھے لے جائیں ساتھ بابا نے اچھا نہی کیا میرے ساتھ مم۔۔مجھے ایک غیر کے حوالے کر دیا ہے

مجھے نہی رہنا زندہ۔۔۔ "

وہ مزید پینک ہو رہی تھی

میرا سانس اس لمحے اسے اپنا سانس رکتا محسوس ہوا تھا

وہ دل مسل رہی تھی دماغ کو سکون چاہیے تھا

Posted on Kitab Nagri

میڈیسن ک۔۔ کہاں "

لڑکھڑاتے قدموں سے اس کے سائیڈ ٹیبل اور ڈریسر کے سارے دراز الٹتے پلٹتے اب پاگل ہو رہی تھی

وہ ساری آوازیں اندر محسوس کر رہا تھا

i will kill u.."

تم نے بابا کو بتایا نہ میری میڈیسن واپس دو مجھے"

وہ لڑکھڑاتے قدموں سے اس جانب جاتے دروازہ پیٹتے چیختی چلا رہی تھی

غازیان میں ہمت نہی تھی اس کا سامنا کرے وہ بس بے حس و حرکت اندر تھا

دروازہ کھولو۔۔۔"

Posted on Kitab Nagri

پ۔۔پلیز دے دو مجھے"

زو معنی سا لہجہ اس کو اس رشتے کا احساس اچھے سے دلا گیا تھا

ہلکی پیلی روشنی میں وہ بازو آنکھوں پر دھرے اسی پوزیشن میں نیم دراز تھا

جبکہ وہ ازلی بے نیازی سے ایک قدم مزید لیتی وہ ایک ہی جست میں اسے خود پر کینچھ چکا تھا

وہ ساکت پڑتی دھڑکنوں سے معنی خیز خاموشی میں اب اس کی دھڑکنیں محسوس کر رہی تھی

احان کی نظر اس کے نم سے چہرے پر تھیں

ہمیں نے حشر اُٹھا رکھا ہے بچھڑنے پر،

وہ جانِ جاں تو پریشان بھی زیادہ نہیں

گھمبیر لہجے میں بولتے اسے خود پر جھکائے تھا

Posted on Kitab Nagri

میرے جزبات اجاگر کرنے کی زمیدار تم ہو گی"

اس کی ناک چومتے اسے خود میں سمیٹ گیا تھا وہ چہرے پر سرخی لیے کنگ سی تھی وہ مزاحمت کرتی اس کے ہاتھ اپنی کمر میں سے ہٹاتے بے حال تھی

مزاحمتیں بے کار ہیں "

اس کی کان کی لو پر سلگتا لمس چھوڑا تھا

آپ زبردستی کریں گے میرے ساتھ"

وہ اپنی گال پر محسوس ہوتی اس کی شیو کی چھبن سے تپتے گالوں سے آنکھوں میں نمی لیے بولی تھی

اختیارات رکھنے والے زبردستی کے قائل نہی ہوتے "

وہ اس کے بال بندھے جوڑے کی کی زد سے آزاد کرتے ان میں چہرے چھپائے خمار آلود لہجے میں بولا تھا

میں چوائس نہی تھی آپ کی

Posted on Kitab Nagri

میری اوقات پہلی رات میں واضع کرتے مجھے جواز دینے کی بجائے اب مجھ پر زبردستی حق جتاتے طلب پوری کرنا چاہ رہے ہیں اپنی "

اسے خود سے دور نہ کرتے ہار مان گئ تھی گہرے سانس بھرتے اسکے ماتھے پر ہی اپنی پیشانی ٹکا گئ تھی

ایسے نکاح نامے طلاق نامے اور کئ کاغزات میری فائل میں تمہیں اکثر ملیں گیں اور تم مجھے ہر بار کریکٹر لیس اور بے حیا کے تعنے دو گی

محض کاغذ کے ٹکڑے میری فائل میں دیکھتے جو لفظ تم نے میرے لیے استعمال کیے ہیں ریحہ وہ میرے لیے ناقابل برداشت تھے "

اس کے بال اپنے چہرے اور سینے سے ہٹائے اسے بیڈ پر لٹاتے وہ اس سے پرے ہوا تھا اس کے زبردستی والے لفظ اسے چبھے سے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرے سارے جزبات احساسات صرف ایک لڑکی کے لیے ہوں گے جس کی ناک اور بالوں کے بعد عنقریب مجھے اس سے محبت بھی ہو جائے گی اور وہ صرف مسز احان ہو گی "

اپنی زات کے حوالے سے مزید وضاحت نہی دوں گا تمہارے قریب تب آوں گا جب مجھ سے اپنی بدتمیزی پر سوری کرو گی"

Posted on Kitab Nagri

وہ بے ہنگم ہوتی دھڑکنوں میں اس کے دہرائے لفظ رات گئے تک سوچتے اس کی پشت دیکھ رہی تھی "

ریحہ جلدی کرو یار۔۔۔"

وہ فائلز تھامے بیزار سا تھا

آ رہی ہوں بس۔۔ "

وہ آج ویک کی چھٹیاں ختم ہوتے احان کی زبردستی کرنے پر یونیورسٹی جا رہی تھی

ازہان کے بند روم پر غیر ارادی نگاہ ڈالی تھی

ازہان کے ساتھ آپ کی کوئی ناچاقی چل رہی ہے"

Posted on Kitab Nagri

وہ اسے سنجیدہ سا ڈرائیو کرتے دیکھ بولی تھی

none of ur business

وہ کنگ ہوئی تھی

آپ مجھے ڈی گریڈ کرنا فرض سمجھتے ہیں "

وہ چند سانحوں بعد رندھی آواز میں بولی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہی تمہیں بس مجھ سے مطلب ہونا چاہیے

میری موجودگی اور غیر موجودگی سے فرق پڑنا چاہیے

ویسے بھی تمہیں یونیورسٹی میں ہی ڈراپ کروں گا"

Posted on Kitab Nagri

اس کا ہاتھ تھامتے سٹیرینگ پر اپنے مظبوط ہاتھ کے نیچے دھرے وہ اسے پاگل کر رہا تھا وہ کیا چاہ رہا تھا وہ بس اس تک محدود ہو جائے

وہ اسے رات سے بلکل سمجھ نہی پا رہی تھی

وہ اس کو کیچن میں دیکھ رہی تھی

وہ ماتھے پر بکھرے بالوں میں بلیو ٹی شرٹ پر ایپرن باندھے نفاست سے سارے کام کر رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کک کیوں نہی رکھا تم نے"ملیحہ نے اس کے دیکھتے کہا تھا

مجھے کھانا گھر میں صفائ ستھرائ سے بنا پسند ہے "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کا ناشتہ دیکھتے حیران تھی محض دو براون بریڈ ایک ایگ یوک (yolk) کے بغیر بوائل انڈہ اور فریش جوس کا گلاس تھا بس شائد وہ ڈائٹ کونشیس تھا تبھی اتنا فٹ تھا

کیا ہوا؟

وہ اس کا بگڑا منہ دیکھتے چیئر کھینچتے بولا تھا

فرق صرف اتنا تھا اس کی ماں آملیٹ کے ساتھ خشک روٹی کھا رہی تھی

اور اس کے آگے بھی غازیان جیسا ناشتہ پڑا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ک۔۔۔کچھ نہی۔۔ "

وہ بامشکل ضبط کرتے نوالہ لیتے حلق میں اتار رہی تھی

اس کی پلیٹ کھسکائی تھی تم اپنے مطابق کا ناشتہ بنا سکتی ہو "

میں یہ کرتا ہوں "

Posted on Kitab Nagri

وہ سر ہلاتے پہلی دفعہ خود سے سادہ بریڈ کے ساتھ چیز آملیٹ بنانے چلی گئ تھی

میں واپس جا رہی ہوں میں تمہیں کبھی بھی شائد ایک بہو کی حثیت نہ دے پاوں گی تم بہتر سمجھتی ہو "

میرا بیٹا تم ڈیزرو کرہی نہی سکتی خود سوچو وہ معاشرے میں تمہیں لے کر کیسے موو کرے گا

وہ لاونج میں ان کی چھبتی باتیں سنتے خود پر ضبط کیے تھی

اگر آپ کی بیٹی کے ساتھ یہ سب ہوتا تو اس سے رشتہ توڑ دیتی آپ "

ملیحہ کا دل دہلا تھا

میری کوئ بیٹی نہی ہے سمجھی صرف ایک بیٹا تھا جسے جانے کیا ہو گیا ہے"

امید کروں گی تم میری بات سمجھو گی وہ ہمدردی جتا رہا ہے تو تم اسے محبتیں نوازیشیں سمجھتے نہی بلکہ بھیک ہی سمجھنا "

Posted on Kitab Nagri

دل زخمی کرنا کوئی ان سے سیکھتا وہ اتنی بے حس عورت تھی تو وہ کس پر تھا نور کا دل بے ساختہ اس کو سوچتے دھڑکا تھا

چلیں مما "

لوکڈ کر لینا۔۔۔"وہ اس کے قریب ہوتے بولا تھا

وہ بے ساختہ پہلی دفعہ جانے کیوں اسے دیکھتے پلکیں جھکا گئی تھی

وہ بلیک جیکٹ پہنتے اب فون پر کچھ ہدایات دے رہا تھا جبکہ ملیحہ نے لوکڈ کی بات پر تجزیہ دیکھا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ فلحال تنہا اندھیرا کونا چاہتی تھی وہ اس روم میں گئی تھی جو بند تھا

دھڑکتے دل سے نوب گھمائی دروازہ کھلتا چلا گیا تھا

روم میں لائٹ اون کرنے سے وہ کنگ تھی پورا روم بابا کے روم والی چار کول پنسل آرٹ والی پینٹنگز جو اس نے سٹارٹ میں آرٹ شروع کی تھی وہ والی تھیں اس نے خود بنائی تھیں اس سے بھرا پڑا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ مزید حیران ہوئی جب کاوچ کے پاس پڑی تین سال پہلی اپنی مری میں خریدی جانے والی سکیچ بک اور وہ لیٹر دیکھا تھا

وہ حلق تر کرتے دیکھ رہی تھی اسے وہ شخص تھوڑا بہت تو یاد تھا پر وہ یہ سب ابھی تک سنبھالے تھا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا

سکیچ بک پر ہاتھ پھیرتے وہ گزرے دنوں میں کھوتے خود کو وہاں محسوس کر رہی تھی

میں چاہتا ہوں وہ مجھے تنہائی کے لمحوں میں اپنی انگلیوں کے ہنر سے کنویکس پر اتارے "

سکیچ بک کے فرنٹ پر تحریر درج تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سکیچ بک لیتے صوفے سے ٹیک لگائے بیٹھی تھی جس پر سارے اس کی پرشین کیٹ کے سکیچز تھے

مجھے اس سے محبت نہی ہے بس وقتی اٹریکشن تھی شائد لیکن جب وہ مجھے اس دن بکھری حالت میں ملی تھی میں بے سکون تھا

Posted on Kitab Nagri

یہ کیا تھا میں بس خود کو بے بس محسوس کر رہا تھا

فقرہ سہی سے مکمل نہی تھا کچھ تو ادھورا سا تھا

وہ ان کو چھوڑتے واپس آیا تھا

آج نائٹ میں اس کی ہوسپٹل کے مینجمینٹ کی ٹیم سے میٹنگ تھی

وہ غیر ارادی طور پر اسے ڈھونڈتے دھڑکتے دل سے وہاں گیا تھا

وہ ساکت ہو گیا تھا وہ سکیچ بک تھامے زمین پر بیٹھی صوفے سے ٹیک لگائے اس پر سر جھکائے تھی

سماب تم ٹھیک ہو۔۔ "

وہ سرخ نظریں اٹھاتے اس کے دل میں ہل چل کر گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

"نہی ٹھیک میں

وہ بری طرح چیختے بولی تھی

"تم انتہا سے زیادہ برے ہو غازیان۔۔

وہ اس کا کارلر پکڑتے چلائی تھی

"آئی ول ایکسپلین یو یہ سب۔۔۔

وہ اس کی حالت سوچتے سمجھا تھا وہ اسے بھی غلط سمجھے گی

"نہی وضاحت چاہیے مجھے یہ سب رکھنے کا کیا مقصد تھا تم نے مجھ سے شادی۔۔۔

وہ پینک ہوئی تھی

"نہی ہمدردی نہی تھی آی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے کندھے تھامتے اسے خود میں سمیٹنا چاہتا تھا

ایک لفظ نہی مجھے سننا غازمیں تمہارے قابل نہی ہوں نہ کبھی ہو سکتی ہوں پلیز وہ نہی بولنا مجھ میں ہمت نہی ہے مزید بوجھ سہنے کی پلیز "

وہ آنسوں کی روانی میں اس سے دو قدم پیچھے لیتے بولی تھی اب تک محض ہمدردی سمجھتی تھی مگر اس شخص کا مقصد وہ چاہ کہ بھی سمجھنا نہی چاہتی تھی

شٹ اپ۔۔ "

تم سچ کو کبھی بھی جھٹلا نہی سکتے میں قابل نہی ہوں نا ہوں۔۔"

وہ اس کا سرخ رویا چہرہ تھامتے باقی لفظ اپنے ہونٹوں میں سمیٹ چکا تھا

وہ نہی جانتی تھی اس نے اگلا سانس کب لیا تھا اس کا کالر تھامتے وہ سہارا لیے تھی

تمہیں سمجھ آچکی ہو گی "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے سینے سے لگتے گہرے سانس بھرتے سرخ سی ہوئی تھی

مجھے کچھ نہی سمجھنا میں کبھی بھی قابل قبول نہی ہوسکتی "

وہ ازیت بھرے لہجے میں بولی کاش یہ شخص اسے اس معاملے کے ہونے سے پہلے مل جاتا "

کاش وہ کرلاتے دل سے حسرت کر رہی تھی

کیوں تم اپاہج ہو یا مجھے اولاد نہی دے سکتی "

اس کی بات پر اس کی شرٹ مٹھی میں تھامے وہ تپتے سرخ گالوں سے سمٹی سی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ نہی سمجھوگے کبھی بھی نہی سمجھ سکتے "

فلحال پہلے آپ اور تم کا کونسیپٹ کلیئر کرلو "

وہ شوخ ہوا تھا

Posted on Kitab Nagri

بابا کو چند دن سے دھمکی بھرے لیٹرز آ رہے تھے وہ اسے اگنور کر رہے تھے

اس کا مطلب جسٹس صاحب جانتے ہیں ان لوگوں کو؟ وہ سوچ سکا تھا

میں میڈیکل کالج کے باہر بابا کا انتظار کرتے نکلی تھی

وہ اسی کاوچ پر اس کے کندھے پر سر رکھے تھی

پھر۔۔۔"

وہ اس کا سرد ہاتھ تھامتے بولا تھا

چند سیکنڈز بعد وہاں ہائی روف آئی تھی سب کی موجودگی میں بھی وہ لوگ مجھے لے گئے لوگ صرف تماشہ دیکھ رہے تھے

وہ اسے بتاتے اسی ازیت بھرے لمحوں میں چلی گئی تھی

Posted on Kitab Nagri

میں انہیں نہی جانتی

میں تین دن ان کی قید میں نیم بے ہوشی میں رہی تھی"

ششش بس۔۔"

وہ اس کے مسلسل رونے پر اس کے لب پر انگلی جما گیا تھا

وہ بیڈ پر اس سے قدرے فاصلے پر لیٹی مسلسل سسکیاں بھر رہی تھی

ہالہ۔۔ "

اسکی پشت دیکھتے کروٹ کے بل ہوتے نرمی سے پکارا تھا

پلیز۔۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ نفی کرتی شیٹ مٹھی میں لیتے مزید کنارے پر ہوئی تھی

وہ گہرا سانس بھرتے رہ گیا تھا

مزید چند پل اسے روتا دیکھتے وہ اسے کھینچتے اس کا سر اپنی بازو پر ڈالتے اپنے حصار میں لے چکا تھا

وہ مسلسل اس کا اپنی گردن میں ڈالا ہاتھ ہٹاتے مزاحمتیں کرتے ہار مان چکی تھی

تم چھوڑ دو گے مجھے "

وہ برے خدشے ظاہر کرتے سرخ میچی آنکھوں سے خاموشی توڑتے بولی تھی

تم یقین کرلو نہی چھوڑوں گا "

وہ اس کی سرخ بھیگی گال سہلاتے اس کا رخ اپنی جانب کر گیا تھا

بابا نے اچھا نہی کیا میرے ساتھ تمہارے ساتھ "وہ اس کا چہرہ اپنے بے تحاشہ قریب دیکھتے نم پلکیں جھکا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

مستقبل میں یقین آجائے گا"

وہ لب اس کی پیشانی پر جماتے بولا تھا

اس کی تیز سسکیاں اس کے سینے سے لگے اب مدھم پڑ چکیں تھیں وہ سو گئ تھی

اس کا سر تکیے پر رکھتے وہ فاصلے پر ہوا تھا

وہ اس کے معصوم چہرے پر نظریں جمائے اس کی گردن میں پڑا سبز کینچھا سا دوپٹہ احتیاط سے نکالتے دوسری سائیڈ پر رکھتے اٹھا تھا

وہ فریش سا ہوتے جانے کی تیاری میں تھا وہ ہلکے خراٹے لیتے صدیوں بعد گہری نیند میں اس کی چھوڑی جگہ پر دونوں ہاتھ جمائے تھی

Posted on Kitab Nagri

گھر لوکڈ کرتے وہ پریشان سا تھا

بابا نہی چاہتے میں کیس کروں"

دھمکی بھرے لیٹرز آرہے تھے

کیا چاہتے ہو تم اپنی بیٹی کو بدنام کردوں

مجھے نہی کسی پر کیس کرنا میں کیس واپس لے رہا ہوں "

سٹیرنگ تھامے ہالہ اور زبیر کے جملے زہن میں بازگشت تھے

نمبر ملاتے وہ بلیو ٹوتھ سے کال پک ہونے کے انتظار میں تھا

ایک نمبر سینڈ کر رہا ہوں 27 مارچ سے سے 29 مارچ تک ساری کالز ہسٹری چاہیے "

اور اس کے علاوہ ایڈریس سینڈ کر رہا ہوں نوٹ کرو "

وہ ایڈریس نوٹ کرواتے رکا تھا

Posted on Kitab Nagri

اس پر آنے والی ساری ڈاکز کی رپورٹ چاہیے آج شام تک "

وہ مطمئین ہوتے گاڑی کی پشت سے ٹیک لگا گیا اس مجرم تک پہنچنا اب زیادہ فاصلے میں نہی لگ رہا تھا

محض دو دن وہ سامنے ہو گا "

وہ پر عزم ہوتے گاڑی کا روٹ بدل چکا تھا

بڑا ہی اڑیل گھوڑا ہے تیرا باپ

اے پانی دے بیچاری کو

مم۔۔مجھے چھوڑ دو بابا سے جو مانگو گ۔۔گے وہ دیں گیں

وہ مسلسل نیند میں اضطرابی کیفیت میں تھی

خوفزدہ ہوتے وہ لینڈ لائن پر بجتی کال سے یک دم نیند سے جاگی تھی

وہ پسینے میں شرابور تھی گھر میں چھائی خاموشی بتا رہی تھی وہ کہی نہی تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ دھڑکتے دل سے بکھرے سے حلیے میں باہر آئی تھی

ہیلو۔۔ "

ب۔۔بابا اگلی آواز پر قدم منجمند تھے

وہ تکلیف میں تھے اسے پکار رہے تھے نور کو لگا اگر وہ اگلی چند گھڑیوں میں ان تک نہ پہنچی تو وہ مر جائے گی

م۔۔میں آرہی ہوں"

وہ بہتے آنسوں میں بولی تھی

میرے پاس سیل فون بھی نہی ہے مجھے تو غازیان کا نمبر تک نہی آتا

وہ مسلسل پریشانی سے ڈوبتے دل سے آدھی ہو رہی تھی دراز پلٹتے اسے کچھ نہی ملا تھا

اس کی کبرڈ الٹی پلٹی تھی جب لو کر کھلا پایا

Posted on Kitab Nagri

وہ کھولتے ہمت مجتمع کرتے چند نوٹ مٹھی میں تھامتے وہ دوپٹہ درست کرتے گہرے سانس بھرتے خود کو تسلی دے رہی تھی

یا اللہ ہمت دے مجھے وہ گہرے سانس بھرتے بولی تھی

تو نے مجھے ڈبل کراس کرتے اس لڑکی کو میرے حوالے کرنے کی بجائے شادی رچالی۔۔ "

بیوی ہے وہ میری اب مائینڈ یو "

وہ کھولتے غصے سے ٹیبل پر دونوں ہاتھ جمائے اٹھا تھا

چیونٹی کے بھی پر نکل آئے کاٹنے پڑیں گے "

وہ سگریٹ کا گہرا کش لیتے دھواں اس کے منہ پر چھوڑ چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

ازہان کو غصہ ضبط کرنا بے حد مشکل لگا تھا وہ کیوں اس شخص کے ہوٹل روم میں گیا کیوں اس کا شکار بنا

آج احساس ہوا تھا ہم گناہ کرتے ہوئے بند کمروں میں انسانوں سے چھپتے ہیں پر یہ نہی دیکھتے اللہ کی نظر سے کبھی نہی بچ سکتے پھر جب پکڑ ہو "

فلحال دانین کی اور اس کی عزت خطرے میں تھی

دیکھو تم اپنا راستہ ناپو میں اپنا مجھے اب تمہیں کوئ مطلب نہی ہونا چاہیے اس بار اگر مجھے کسی بھی کام کے لیے بلیک میل کرنے کی کوشش کی تو تیرے خلاف رپورٹ کرادوں گا

اور اتنے ثبوت تو میرے پاس ہیں ہی ہیں جو تجھے ایک لمبا عرصہ تمہارے باپ کی پاور کے باوجود اندر کرنے میں کام آسکتے ہیں "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو تم اپنی بیوی کو چھوڑو بھابھی کے بارے میں کیا خیال رکھتے ہو "

وہ اس کی دکھتی رگ دبا گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

شٹ اپ کمینے اس کے منہ پر مکہ مارتے وہ چلایا تھا کے رسٹورنٹ کے لوگ ان دو شکل اور حلیے سے معزز دکھنے والے لوگوں کی جانب متوجہ ہوئے تھے

آئیندہ اس کا نام بھی نہ لینا ورنہ میرے بھائی کو اگر پتہ چلا تو کاٹ ڈالے گا تجھے "

اسے آستین سے ناک سے خون صاف کرتے دیکھ وہ اس پر جھپٹا جب وہ اس کے گارڈ کی پہنچ سے اپنی گاڑی میں بیٹھتے اس کی پہنچ سے دور ہو گیا تھا

یہ تو چلاک لومڑی بن گئ ہے "

اس کا چیلہ اس سے بولا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کب تک۔۔۔"وہ آگ بگولہ ہوتے ٹشو کا ڈبہ پھینکتے پاگل ہوا تھا

Posted on Kitab Nagri

ریحہ تم ٹھیک ہو بیٹا"

وہ اسے گم سم دیکھ رہی تھیں

مجھے کیا ہو گا۔۔"

وہ آنکھوں کی نمی چھپاتے بولی تھی احان کے سلوک سے وہ بری طرح اس سے بدزن ہو گئ تھی

احان کے ساتھ سہی ہو نہ میرا مطلب۔۔ "

وہ جانچتی نظروں سے اس کا مرجھایا روپ دیکھتے پریشان ہوئیں تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا جاننا چاہ رہی ہیں آپ مما

نکاح ہو گیا رخصتی ہو گئ سب آپ لوگوں کی مرضی سے ہو تو گیا ہے" وہ زرا تیز اب بولی تھی

ریحہ تم پریشان کر رہی ہو مجھے

Posted on Kitab Nagri

اس سے بھی ایسے ہی بات کرتی ہو گی ابھی دو دن نہی ہوے اور تم۔۔ "

وہ اس کی سونی کلائیاں کان اور سادہ حلیہ میک سے پاک سادہ چہرہ دیکھتے کچھ تشویش میں ہوئیں تھیں

مجھے سونا ہے پلیز اپنی تفتیش پھر کے لیے ادھار رکھ لیں"

وہ اپنے بیڈ پر دراز بازو آنکھوں پر رکھتے مزید بولنے سے روک رہی تھیں

کیا مطلب ہے سونا ہے اپنے روم میں جاو مائکہ اور سسرال اگر ایک ہی ہے تو اس کا ہرگز مطلب نہی ہے تم یہی ہر وقت دھرنا دو گی احان کیا سوچے گا

شاباش روم میں جاو "

وہ اس کی آنکھوں سے بازو ہٹاتے اب نرمی سے بولیں تھیں

احان کیا سوچے گا مجھے اس سے "وہ مزید گوہر افشانی کرتی پاتی جب بی جان کو کمرے میں داخل ہوتے دیکھ وہ اٹھ ہی گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

جا رہی ہوں آپ کے چہیتے کے پاس سوتیلی ماں ہی رہیے گا میری "

جبکہ بی جان نا سمجھی سے اور نائمہ صدمے میں جاتے اس لڑکی کی عقل کی دعا کر رہی تھیں

سیاہ ٹراوزر پر سفید شرٹ کی آستن فولڈ کرتے وہ فریش ہو کر باہر بھی آ گیا تھا پر وہ اسے روم میں تو کیا اپنے پورشن میں ہی نہی دکھی اسے کافی غصہ آیا تھا

وہ انہی سوچوں میں تھی

جب سانیہ کیچن میں جاتی نظر آئیں تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بڑی مما کیا کر رہی ہیں آپ؟

احان کے لیے کوفی بنا رہی ہوں آفس سے آ کر اس ٹائم کوفی لیتا ہے وہ "

وہ ان کی بات پر نا جانے کیوں شرمندہ ہوئی تھی

Posted on Kitab Nagri

"میں بناتی ہوں آپ جائیں۔۔ "

وہ کافی میکر کا سوئچ لگاتے کوفی کا جار ان کے ہاتھ سے لے چکی تھی

"نہی میں بنالیتی ہوں بیٹا "

وہ اسرار کرتے پھر سے بولیں تھیں

"آپ جائیں پلیز مجھے اچھا نہی لگے گا"

گرم پانی کپ میں نکالتے وہ اس میں کافی کو چمچ سے مکس کرتے تسلی بخش لہجے میں بولی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سانیہ اسے انہماک سے کوفی بناتے محبت پاش نظروں سے دیکھتے چلی گئ تھی

کوفی بنانے سے زیادہ دینا اسے مشکل مرحلہ تھا

وہ کپ لیے جھجکی سی روم میں داخل ہوئ تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ چند پیپر پھیلائے صوفے پر فریش سالیپ ٹوپ پر بزی ساتھا

یہ آپ کی کوفی "

وہ گہرا سانس بھرتے ہمت مجتمع کرتے مخاطب کر چکی تھی

وہ ہنوز ٹائپنگ میں مصروف رہا

غصہ اس لمحے اس پر شدید تھا جو اس کو اچھا خاصہ اگنور کرتے اس کے آنے کے تین گھنٹوں بعد روم میں آئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں آپ سے مخاطب ہوں۔۔"

اسے اپنی کوفی بنانے کی جلد بازی پر غصہ آیا تھا

مجھ ناچیز سے۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ زرا سا اپنی جانب اشارے کرتے تنزیہ بولا تھا

جی آپ جناب سے "وہ کپ سامنے کرتے چباتے بولی تھی

رکھ دو۔۔"وہ اشارہ کرتے سکرین کی جانب متوجہ ہوا

وہ صوفے کے سامنے پڑے ٹیبل پر ٹانگیں پھیلائے ریلکیس لیٹنے کے سے انداز میں بیٹھا تھا

وہ ڈوبتے دل سے کپ ٹیبل پر رکھتے مڑتی جب اس کی آواز نے قدم جھکڑے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پیو اسے تمہارا کیا پتہ زہر ملائی ہو "

میں کڑوی چیزیں نہی پیتی"

وہ ٹھنڈے ٹھار لہجے میں کہتے مڑی تھی ورنہ دل چاہا تھا اچھی خاصی سنائے

Posted on Kitab Nagri

شوہر کے حکم بجا نہ لانے والی عورت پر عزاب نازل ہوتا ہے" وہ کپ تھامتے بولا

اور شوہر پر عزاب کی نوعیت کا تفصیلی جواب بھی دے دیں" وہ دوبدو بولی تھی

واپس آو۔۔"

احان نے اشتعال دباتے سرعت سے اس کا فیروزی لہراتا آنچل مٹھی میں تھاما تھا

دوپٹہ کھینچنے سے سر سے پھسلتے کندھے پر تھا وہ صبر کے گھونٹ بھرتے صوفے کے کنارے پر ٹکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شوہر گھر واپس آئے تو بیوی کے فرائض کیا ہوتے ہیں"

وہ لیپ ٹوپ بند کرتے اس کی جانب کھسکا تھا وہ سمٹی سی تھی

پورے کر تو رہی ہوں" وہ اس کے ہاتھ میں تھامے کپ کو گھورتے بولی

Posted on Kitab Nagri

واہ یہ احسان ہے محترمہ کا جو تین گھنٹوں بعد کوفی کے زریعے جاگا ہے "

نفیس سا تنز کرتے وہ کپ لبوں سے لگا گیا تھا

شکریہ کی بجائے تنز کرنا تو آپ کے فرائض میں بھی شامل ہے نہ"

وہ کہاں باز آنے والی تھی

میٹھی ترین کوفی تھی وہ بغیر شوگر اور کم مقدار میں دودھ لینے والا ضبط کر کے رہ گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بدلے کس چیز کے لے رہی ہو مجھ سے "

وہ اس کا ہاتھ تھامتے اسے اپنا تھاما کپ تھما کر گہری نظروں سے اس کی بھوری آنکھوں کے گلابی عارض دیکھتے خفگی سے بولا تھا

میں خاص چیزوں کے علاوہ میٹھا نہی لیتا "

Posted on Kitab Nagri

اس کے ہاتھ پر گرفت کیے نظریں ہنوز اس کے گندمی دھلے چہرے کے نقوش پر تھیں

کیا ایسا خاص تھا جو اس کی طلب ہر لمحے کے ساتھ بڑھتی جا رہی تھی شائد نکاح کا اثر تھا وہ آج تک ان خیالات سے پاک بلکہ جزبات سے ہی ناواقف تھا

اس کی شدید قربت میں اپنی ہتھیلیاں بھیگتی محسوس ہوئیں تھیں جبکہ اس کی باتوں سے فق پڑتا چہرہ سرخ ہوتے وہ جھکا گئ تھی

" جب ایسے شرماتی ہو نہ تم پر آیا سارا غصہ ختم کر دیتی ہو "

بھاری جزبات سے لبریز آواز کانوں سے ٹکراتی اسے اپنے کندھے پر ہلکی بھوری شیو محسوس ہوتے جان نکلتی محسوس ہوئ وہ اپنا دوپٹہ مٹھی میں بھینچ چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" کوفی ٹھنڈی ہے تو گ۔۔ گرم کر لاتی میں "

وہ سر دپڑتے فوری سے لڑکھڑاتے قدموں سے دور ہوئ تھی

اس سے نظریں اٹھانا مشکل تھا

Posted on Kitab Nagri

یا اللہ کیا تھا یہ وہ کپ تھامے سیلب سے لگی آنکھیں میچے بگڑی دھڑکنوں میں ابھی بھی اپنے ہاتھ اور گال پر اس کے لمس کی تاثیر میں تھی دل عجیب سی لے میں دھڑکا تھا

میٹنگ کے دوران پتہ چلنے والی بات پر وہ چند لمحے ساکت تھا

ابھی چند لمحے پہلے وہ ان کے گھر سے آیا تھا

ایکسکیوز مجھے ایک ضروری کام سے جانا ہے "

وہ معذرت خواں ہوتے پارکنگ میں آیا تھا

سر میم ابھی آدھا گھنٹا پہلے گھر سے باہر نکلی ہیں

اس کا گارڈ جو ہمہ وقت گھر کے باہر رہتا تھا اس کے فون سے وہ بے حد پریشان ہوا تھا اس کی گزشتہ خود کو نقصان پہنچانے والی حرکتوں سے وہ خاصہ مضطرب تھا وہ کیوں گھر سے نکلی تھی دماغ ماوف ہو رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

چند لمحوں بعد اس کا میسج موصول ہوتے سکون کا سانس لیتے سپیڈ سلو کرتے روٹ اس کے باپ کے گھر کی جانب کیا تھا

آئ ایم سوری بابا "

مجھے نہی پتہ تھا آپ اپنی یہ حالت کرلیں گے" وہ آنسو پیتے انکا ہاتھ تھامے ماتھا ٹکائے تھی

آپ آئ کیسے ہو؟

اکیلی۔۔"وہ فکرمندی سے اپنے بستر پر لیٹے اس کی پہلی سے بہتر حالت دیکھتے پر سکون تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ پہلی دفعہ یوں اکیلی تو نہی تھی وہ کونفیڈینٹ ہی تھی پھر یہ مسلہ ہو گیا

غازیان گھر نہی تھے آپ کی آواز سے میں ب۔۔بہت پریشان ہو گئ تھی بابا "

وہ اپنے لب ان کے ہاتھ پر رکھتے بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

آپ نے کچھ کھایا ہے پتہ ہے نہ بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے پرہیز نہی کیا ہو گا بلکل "

وہ بی پی اپریٹس سے ان کا بلڈ پریشر چیک کرتے انہیں ڈانٹتے پہلے جیسی کونفیڈینٹ لگی تھی

وہ بس مسکرائے تھے

میری آنکھوں کا نور بابا سے کبھی ناراض تو نہی ہو گا "

اس کا چہرا تکتے وہ خواب کی سی کیفیت میں تھے

میں آپ سے ناراض ہی ہوں "

وہ منہ بناتے ڈیجیٹل بی پی اپریٹس سائیڈ ٹیبل پر رکھتے کچن میں جانے کی نیت سے اٹھی تھی

ابھی وہ دروازے تک جاتی جب سامنے سے آتے سیاہ جینز پر گرے شرٹ میں ملبوس جیکٹ بازو پر ڈالے غازیان کو دیکھ چونکی تھی

Posted on Kitab Nagri

کس سے پوچھ کے آئی ہو یہاں "

وہ حیرت لیے اسے تکے جا رہی تھی

بابا کی تبعیت نہی ٹھیک تھی تو۔۔"

جب وہ درشتی سے سامنے بیڈ پر لیٹے زبیر پر نظر ڈالے کاٹ چکا تھا

میں نے پوچھا کس سے پوچھ کر آئی ہو" وہ اپنی بات پر خاصہ زور دیتے بولا تھا

تم کیسے بات کر رہے ہو میری بیٹی سے"

اب زبیر صاحب پریشانی سے اٹھے تھے

آپ سے بات نہی کر رہا اپنی بیوی سے بات کر رہا ہوں میں مجھے درمیان میں مداخلت بلکل پسند نہی "

چلو گھر وہ اس کا ہاتھ تھامے وارن کرتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

جب کے وہ تو اس کے لب و لہجے پر ششدر تھی

غازیان بابا کی تبعیت نہی ٹھیک تھی مجھے نکلنا پڑا گھر سے "اسے یہی وجہ لگی تھی

میرے ساتھ چل رہی ہو یا ہمیشہ یہی رہنا چاہتی ہو "

وہ زبیر کو دیکھتے چباتے بولا تھا

نور نے صدمے سے اسے دیکھا وہ اسے بتا کر نہ آنے پر غصہ ہو رہا تھا وہ اسے کسے بتاتی یہاں باپ تڑپ رہا تھا اور وہ اس کا انتظار کرتی

ہالہ آپ چلی جاو"

زبیر نے تحمل سے اس کی بے رخی پر کہا جو اس کی بیٹی پر خاصہ رعب جماتے حق جتا رہا تھا

اس نے ایک نظر اپنے باپ کی حالت دیکھی تھی

Posted on Kitab Nagri

نہی بابا میں کیسے پلیز آپ ٹھیک۔۔۔ "

رہو پھر اپنے باپ کے پاس"

اس کا تھاما ہاتھ چھوڑتے وہ جاتا جب زبیر نے اشارہ دیا تھا

اندھیری سڑک پر گاڑی رواں دواں تھی

وہ گاڑی میں فرنٹ سیٹ پر اس کے ساتھ بیٹھی مسلسل ہچکیوں سے رو رہی تھی

فور گوڈسیک ہالہ رونا بند کرو "

طویل خاموشی میں اس کی بھاری اونچی آواز سے وہ خاصی خوفزدہ ہوئی تھی

ک۔۔ کیوں کر رہے ہو ایسا بابا کی تبعیت ٹھیک نہی تھی میرا دل نہی لگے گا انھوں نے کچھ نہی کھایا تھا بلڈ پریشر ہائی تھا دل کے مریض ہیں وہ "

وہ نفی کرتے چلاتے مزید روئی تھی اسے سمجھ نہی آئی تھی اس کے اتنے اچھے رویوں کے بعد ہارش ری ایکشن کی

Posted on Kitab Nagri

کچھ نہی ہوتا اتنی جلدی مریں گے نہی وہ "

وہ آرام سے بولتے ڈرائیونگ میں مصروف تھا

غازیان۔۔"وہ سرخ چہرے سے اس کو لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرتے دیکھ ششدر ہوئی تھی

اچانک اس کا رویہ کیوں بدل گیا تھا

آخر کار آ گئے نہ لائن پہ۔۔۔ "

میں لائن پر آیا تو تمہارے لیے بہت مسائل ہوں گیں اس لئے بہتر ہے بحث نہی کرو "

غازیان نے اس کے کندھے سے جھولتے دوپٹے سمیت اس کے بکھرے سراپے پر گہری نظر ڈالتے لب بھینچے تھے

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کی بات سے خوفزدہ ہوتے دوپٹہ خود پر لپیٹتے مزید کھڑکی کے ساتھ لگی تھی اسے سہی معنوں میں تنہائی میں اس خوبرو مرد سے خوف آیا تھا

وہ جبڑے بھینچے اس کی اگلی حرکت پر گاڑی پورچ میں کھڑی کیے شدید غصے میں تھا

اس کا گرا دوپٹہ زمین سے اٹھایا تھا

وہ اس کے روم کے ساتھ بنے روم میں اس کے جانے سے پہلے خود کو بند کر چکی تھی

دروازہ کھولو ہالہ کیا سمجھ رہی ہو تم مجھے"

وہ زوردار ہاتھ دروازے پر مارے چلایا تھا

م۔۔میں نہی کھول رہی پلیز چلے جائیں یہاں سے"

وہ تیز پڑتی سانسوں سے دروازے کے ساتھ چپکی سی تھی

Posted on Kitab Nagri

بات سنو میری مما نے تمہارا ڈریس سلیکٹ کیا ہے نکاح کے لیے "

لیکن کیوں میں اپنی پسند کا لوں گی "

اس کی بات ازہان کو بلکل پسند نہی آئی تھی

دیکھو دانی میری بات سنو ہم فیملی میں رہنے والے ہیں اور فیملی میری پہلی ترجیح ہے مانا کے یہ جو ہم نے سٹیپ اٹھایا غلط تھا پر میں۔۔ "

پر تم چاہتے ہو اب میں تمہارے اشاروں پر چلوں رائٹ ایک تو ڈھنگ سے شادی نہی کر رہے پتہ ہے مما کتنی اپ سیٹ ہوئی ہیں تمہاری ٹیپیکل فیملی سے ملکر "

حالانکہ میرا خیال تھا تمہارے گھر والے تمہیں سخت سزا دیں گے پر "

Posted on Kitab Nagri

وہ سوچ سکا حالانکہ وہ لڑکا تھا ابھی صرف احان کو پتہ تھا پھر بھی اس سے سخت خفا تھا وہی جاہلانہ سوچ غلطی تو برابر کی ہوتی ہے پر وہ تو ٹھہرا مرد جو نہا کر اپنے گناہ دھو ڈالتا ہے

مطلب مجھے تنز کر رہے ہو مما اور بھائی ناراض ہی تھے مجھ سے یہ آسان میں نے تمہارے لیے بنایا ہے ورنہ تمہاری کرتوت تو جیل جانے والی ہی تھی"

اسے ازہان کی بات بلکل پسند نہی آئی تھی

تم کتنے چھپے رستم ہو مجھے بتانا بھی ضروری نہی سمجھا"

وہ اپنی چائے کا کپ تھامے لاونج میں اس کے سامنے پڑے صوفے پر بیٹھتے بولی تھی

وہ دانین سے آج ہوئی گفتگو پر سوچوں میں ڈوبا بیزار سا تھا

کیا۔۔؟

وہ نظریں چرا رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

بنو نہی ازہان تم منگنی یا رشتہ طے ہونے کی بجائے ڈائریکٹ نکاح کر رہے ہو "

میں نے اپنی شادی کے لیے ڈھیڑ ساری پلیننگنز کی تھیں مایوں مہندی بارات ولیمہ پر نہی یہاں تو سب کو پتہ نہی کیا جلدی تھی

ساری سادگی میری شادی پر کرنی تھی

خیر پھر تمہاری شادی کے ارمان تھے اور وہ بھی ارمان آنسو میں بہہ گئے۔۔ "

وہ دانستہ بات چھوڑتے منہ بگاڑتے بولی تھی

ازہان مسکرا بھی نہی سکا تھا نکاح جیسے پاک رشتے سے پہلے بنایا جانے والا تعلق ضمیر ملامت جو کر رہا تھا

نام کیا ہے میری دیورانی پلس بھابھی کا اب یہ تو بتا دو"

وہ کپ لبوں سے لگاتے بولی تھی

دانین۔۔ "

ریحہ نے نام سنتے کپ پر لبوں سے ہٹاتے اسے دیکھا تھا

Posted on Kitab Nagri

پورانام مطلب اس کے باپ کانام کیاہے؟

وہ انجانے خدشے میں تھی

کیوں تم نے اس کے باپ کا جان کر کیا کرنا ہے"

وہ بات ہوا میں اڑاتے بولا تھا

بتاوازہان پورانام کیاہے"

وہ زور دیتے مضطرب ہوئی تھی

دانین حیدر۔۔۔"

میں اس دن تمہارے قریب آوں گا جب اپنی بدتمیزی کی معافی مانگو گی

روم میں جاکر میرے کپڑے نکالو "

Posted on Kitab Nagri

ریحہ ازہان کو دیکھتے احان کے لب و لہجے سے شرمندہ سی ہوئ تھی

وہ جانتی تھی وہ کچھ مزید غلط بول دے گا غصہ پیتے اپنا کپ تھامے وہ اوپر لاونج سے ملحقہ کمرے میں چلی گئ تھی

وہ میری بہن اور بھابھی ہے بھائ "

ازہان کو اچھا نہی لگا تھا وہ اسے کیا سمجھ رہا تھا وہ ریحہ کے بارے میں ایسا سوچ بھی نہی سکتا تھا جب میر سبطین کے بیٹے نے اس سے اس کی بہن کا زکر کیا تھا وہ کتنا خوفزدہ ہوا تھا ریحہ کو تکلیف پہنچانا وہ خواب میں بھی نہی سوچ سکتا تھا اب جب کے وہ اس کی بھابھی بھی بن چکی تھی

میں اس کے بارے میں غلط سوچ بھی نہی سکتا ازہان"

وہ ٹائ کی نوٹ ڈھیلی کرتے بے حد سنجیدہ تھا

ازہان کو بات چبھی سی تھی

آئ ایم سوری بھائ"

وہ یہی سمجھا رہا تھا وہ اسے اس معاملے کو لیکر غلط سمجھ رہا ہے

Posted on Kitab Nagri

جب تم اپنی زمیداریاں سمجھتے خود کو سدھار کر دکھاوگے میری محبت ویسی ہی پاوگے "

ازہان سر ہلاتے چلا گیا تھا

رپورٹس پر نام تو مینشن تھا کپ رکھے وہ اس کے آنے سے پہلے دراز سے نکالے وہ چیک کر رہی تھی

اومائے گوڈ تو کیا ازہان یہ کیا کیا میں نے "

وہ آدھا ادھورا دیکھتے اسے کیا بول چکی تھی دانین حیدر اتفاق تو کم از کم نہی ہو سکتا تھا

اب اس کے سامنے کی ہمت نہی تھی وہ دھڑکتے دل سے فضا میں گھٹن محسوس کرتے لان میں چلی گئ تھی

وہ صوفے کی پشت سے سیاہ کوٹ اٹھائے روم کی جانب بڑھا تھا

گہری نظریں خود پر پاتے پلکیں اٹھائیں تھیں

وہ روم کی بالکنی میں کھڑا فون کان سے لگائے تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ اپنے دھیان ہی تھی جب بری طرح لان کے اطراف میں بنی راہدری پر پانی کی موجودگی سے فرش پر پھسلی تھی

احان جو فون پر بزی ہونے کے باوجود اس پر نظریں جمائے تھا بری طرح اس کی چیخ سے اس جانب متوجہ ہوا تھا

ریحہ کتنی بار تمہیں کہوں میں دھیان سے "

اس کے مسلسل رونے پر نائمہ پریشان ہوتے اسے چپ کرا رہی تھیں جبکہ سانیہ بھی اس کے پاس بیٹھی تھیں

احان اس کے تماشے دیکھ رہا تھا جو پاوں دکھانے کا نام نہی لے رہی تھی

نظر لگ گئ میری بیٹی کو "

بی جان اس کے صدقے اتار رہی تھیں

اریحہ پاوں دکھاو اپنا" اب وہ سامنے کھڑا ضبط کھو رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

نہی نہی مجھے نہی دکھانا "

وہ نفی کرتے مسلسل اسے ڈرامے کرتی لگ رہی تھی

اگلے لمحے وہ کسی کی بھی پرواکیے بغیر اسے بازوں میں بھر چکا تھا

میں اسے ہوسپیٹل لے کر جارہاہوں "

اب ڈاکٹر ہی اس کا پاوں توڑیں گے آخری لفظ وہ اس کے سرخ پڑتے چہرے پر نظریں گاڑے دھیمے سے بولا تھا

اسے لگا تھا وہ شرم سے مر جائے گی"

سب کی نظروں سے بچتے وہ اس کی شرٹ میں چہرہ چھپا چکی تھی

ڈرامہ کوئین شرمانے کے ڈرامے کیوں لگا رہی ہے" وہ لاونج کی حدود سے نکلتے اسے خود میں چھپے دیکھ بولا

Posted on Kitab Nagri

آپ آپ اتاریں مجھے شرم حیا ہے آپ میں یا بیچ دی ہے "

وہ درد دبائے سرخ چھپا چہرہ اس کے سینے سے نکالے غصے سے چباتے بولی تھی

جس دن تم سے نکاح ہوا تھا حق مہر کی رقم تمہیں ادا کرنے کو بیچ دی تھی"

وہ گاڑی کا فرنٹ ڈور کھولتے اسے اندر ڈالتے بولا تھا

پلیز رونا بند کرو یار "

وہ ڈرائیو کرتے چڑ گیا تھا اب

آپ کو ہو تو پتہ چلے "

وہ سرخ نظریں لیے اسے اکسا رہی تھی احان بس صبر کر کے رہ گیا

Posted on Kitab Nagri

مجھے نہی دکھانا پلیز۔۔ "

ہو سپیٹل کے بیڈ پر اس کے مسلسل تماشے جاری تھے جبکہ فزیو تھیراپسٹ بے بس سی اسے دیکھے جارہی تھی

ریحہ دکھارہی ہو یا خود توڑوں تمہارا پاوں "

احان نے اب غصے سے کہا تھا

نہی نہی دکھاوں گی میں سنا آپ نے

پلیز گھر چلیں مجھے نہی دکھانا"

وہ خوفزدہ سئ پرے کھسکتی کے وہ اس کی ٹانگ کینچھتے اپنی گرفت میں لیتے بولا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

خاموش۔۔"اب اگر چپ نہ ہوئ تو خود توڑوں گا تمہارا پاوں "

وہ اس کے غصے پر لب دبا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

کچھ نہی کر رہی میری جان بس چیک کریں گی وہ "

اس کا ہاتھ گرفت میں لیتے وہ ڈاکٹر کو اس کے پاوں کی جانب متوجہ کر چکا تھا

آپکو نہی پتہ جھٹکے سے م۔مجھے درد ہو گا۔۔ "

وہ اس کی شرٹ تھامتے روتے نفی کرتے بولی تھی

احان نے اس کا ہاتھ تھامتے سر سینے سے لگائے رکھا تھا

دو منٹ بس میں تمہارے ساتھ ہوں نہ"

اس کے دوپٹے سے ڈھکے سر پر لب جمائے تھے

ریحہ کی چیخ نکلتی کے وہ اس کے شرٹ مزید مظبوطی سے تھامے تھی

ڈاکٹر نے گرم پٹی سے بینڈ یج کر دی تھی

Posted on Kitab Nagri

فریکچر ہے موو کرنے میں پرابلم ہو گی

ویسے کافی پیچیدہ ہے آپ کی بیوی "

بہت زیادہ" وہ لبوں پر مچلتی مسکراہٹ دباتے بولا تھا

وہ مسلسل اسے ہستے اس ڈاکٹر کے ساتھ دیکھتے جل بھن رہی تھی

گھر بھی اسے وہ روم تک بازوں میں بھرے ہی لایا تھا جبکہ ریحہ کو لگ رہا تھا اس سے زیادہ شرمندگی اسے زندگی میں کبھی نہی ہوئی ہو گی

ثانیہ اور سکندر نے تو ڈنر بھی اس کے روم میں اس کے ساتھ کیا تھا

سب اس سے ملنے کے بعد روم سے جا چکے تھے

وہ بیڈ کراون سے ٹیک لگائے نام سوچتے شرمندہ سی ہوئی تھی

Posted on Kitab Nagri

اور پہلی دفعہ اپنے کمرے کا جائزہ لیا ڈریسنگ پر اس کی چیزوں کے ساتھ اپنی چیزیں دیکھتے دل عجیب طرح سے دھڑکا تھا

پورے کمرے کو دیکھتے ہر چیز اپنی سی لگی تھی

چند سانحوں بعد لائٹ اوف ہوتے اندھیرا چھایا تھا

وہ اپنی سائیڈ پر آتے لمپ اون کرتے فون پر اسے بری طرح اگنور کرتے بزی ہو گیا تھا

اسے واشروم جانا تھا پر انا آڑے تھی مخاطب کیسے کرتی احان پر شدید غصہ تھا جو اسے اگنور کر رہا تھا

کوشش کرنے کے باوجود وہ پاوں نیچے نہی لگا سکی تھی

بے بسی سے اسے دیکھا وہ فون پر بزی ہونے کے باوجود اس کے ہر عمل پر نظر رکھتے بھی اسے اگنور کیے تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب وہ تیزی سے رونا شروع ہو چکی تھی

اللہ آپ جیسا بے حس شوہر کسی کو نہ دے جسے بیوی کو تکلیف میں دیکھتے سکون مل رہا ہے "

بہت خوش ہیں نہ آپ بدلہ لے رہے مجھ سے "

وہ بھیگے لہجے میں چہرہ اس کی جانب موڑے بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

اچھا تم تو بہت نیک پروین ہو "

وہ فون رکھتے کہنی کے بل ہوتے مسکراہٹ دبائے تھا

مم۔مجھے بات ہی نہی کرنی آپ جیسے فضول وکیل سے "

وہ غصے اور بے بسی سے روتے مزید ایک قدم اٹھتی کے وہ سرعت سے سہارا دے چکا تھا

ابھی فلحال تمہیں اپنے کاموں میں میری سخت مدد درکار ہے"

وہ اس کا ہاتھ تھامتے واشروم تک لے جاتے بولا تھا وہ اس کو دیکھنے کی ہمت نہی کرپائی تھی

واشروم سے لاتے اسے بیڈ پر ڈالا تھا اور خود کروٹ لے چکا تھا وہ اس کی پشت دیکھ رہی تھی

توکیا وہ رپورٹ ازہان کی تھیں "

وہ چھت کو گھورتے سوچ رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

لائٹ اون کر دیں "

مجھے بلکل اندھیرے میں نیند نہی آتی"

وہ لیمپ بھی اوف ہوتے ہوش میں آئ تھی

اور مجھے لائٹ اون میں نیند نہی آتی" خاموشی سے سو جاو"

خاموشی میں اس کی بھاری آواز گونجی تھی

اندھیرے میں بالکنی سے آتی روشنی سے وہ کمرے میں ہلتے پردے دیکھ چیزیں امیجینیشن کر رہی تھی خوف سرائیت کیے تھا

دو منٹ تک وہ بے بس ہوئ تھی اگلے لمحے کمفرٹر سر تا پاوں لپیٹتے گویا وہ خوف سے چھپ رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ روم میں بند رہی تھی

اس کی آواز آنا بند ہو گئ تھی نور دھڑکتے دل سے دروازے میں بنے کی ہول سے لاونج میں چھائ خاموشی اور سنسانی دیکھتے پر سکون سی بیڈ پر آ گئ تھی

وہ دکھتی آنکھوں اور خوفزدہ دل سے بیڈ پر پڑی تھی

چند پل بعد وہ نیند کی گہری وادیوں میں اتر گئ تھی

صبح وہ گہری نیند سے کسمساتے کسی کے رونے کی آواز سے جاگی تھی

گھڑی پر نظر ڈالی جہاں گیارہ بجنے والے تھے۔۔

بھوک سے بری حالت سمیت اسے کسی کے رونے کی آواز مسلسل سن رہی تھی وہ خوفزدہ ہوتے کمرے میں نظریں دوڑا رہی تھی

جہاں چاروں جانب سناٹا چھایا تھا

Posted on Kitab Nagri

کون ہے یہ "

میں باہر جاوں اف خدایا مجھے کسی طرح سکون دے دے"

وہ بال سمیٹتے لڑکھڑاتے اٹھی تھی

دروازہ کھولتے دل دھک سے رہ گیا تھا

سامنے کوئی بچی رو رہی تھی

چندپل حیران ہوئی تھی وہ محض دو سال کی بچی کون تھی

وہ سامنے دیکھتے حیرت میں تھی غازیان کہاں تھا بچی کس کی تھی

وہ اس کی جانب دیکھتے اس کی جانب تیزی سے بڑھی تھی

بے بی کون ہو آپ "

وہ ارد گرد دیکھتے صوفے کے نزدیک پنجوں کے بل ہوتے اس کو گود میں فوری سے بھرتے بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

مم۔۔ مما۔۔۔

وہ سفید بے بی شرٹ اور بلیو جینز میں ملبوس بچی مسلسل روتے ایک گردان کر رہی تھی

اچھا مما کے پاس ہم چلتے ہیں "

کیا کر رہے ہو تم کون ہو تم آخر غازیان وہ خود سے بڑبڑاتے اسے گود میں بھرتے کیچن میں گئ تھی

اسے لگا تھا وہ چھوٹی سی بچی اس کی طرح بھوکی ہے گلاس میں دودھ نکالتے اسے پلایا تھا

وہ اس کا چہرہ دیکھتے خاموش ہوئ تھی

نور کو بے ساختہ پیار آیا تھا

مسکراتے وہ اس کے دونوں گال چوم چکی تھی

وہ خود ناشتہ زہر مار کرتے اس کو لے کر اس کے بیڈ روم میں تھی

Posted on Kitab Nagri

آپ کس کے ساتھ آئی ہو بیٹا "

لیکن وہ چپ ہونے کی بجائے مزید رونے لگی تھی

بش بش بے بی کیا کروں کیسے آئی یہ بچی یہاں پر "

وہ اس کو سینے سے لگاتے تھپکتے بولی تھی

اس شخص کا کوئی پتہ نہی تھا

وہ اسی پوزیشن میں بیٹھی تھی اب وہ بچی روتے خاموش ہو چکی تھی شائد نیند آرہی تھی اور نور سے تھوڑی مانوس بھی ہو گئی تھی

اس کی سرخ شرٹ پر لگے بٹنوں سے کھیلتے وہ غنودگی میں جا رہی تھی

کبھی ہم پر بھی ایسی نظر کرم کر دیں "

وہ جو نیند میں اب خود بھی جھول رہی تھی اس کی آواز سے پھٹی آنکھوں سے خوفزدہ ہوئی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ شوز اتارتے گہری نظروں سے سامنے صوفے پر بیٹھا دیکھ رہا تھا

نور کا دل چاہا تھا بھاگ جائے یہاں سے

وہ شرٹ لیتے باتھروم میں جاتا کے وہ سرعت سے اس بچی کو بستر پر لٹاتے ڈگ بھرتے باہمت ہوتے اس کا ہاتھ تھام چکی تھی

کیا۔۔۔؟

شاور لینے کا ارادہ ہے میرے ساتھ "

وہ اس کو دیکھتے دیوار سے ٹیک لگا گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ب۔۔بات کرنی مجھے۔۔۔ "

وہ اس کی بے باکی پر ہمت کرتے ہاتھ چھوڑ چکی تھی

بات یا شک "

Posted on Kitab Nagri

اس کی کمر جھکڑتے بیڈ پر سوئی بچی پر نظر ڈالے وہ اسے مزید سمٹنے پر مجبور کر گیا تھا

اپنی پوزیشن کا خیال کرتے وہ بے جان پڑتے قدموں سے اس کی گرفت میں اس کے رحم کرم پر تھی

ب۔۔بچی کس کی ہے "

وہ نظریں جھکائے بس جواب چاہتی تھی کیا اس کی پہلے بیوی تھی کیا وہ شادی شدہ تھا یہ خیال اسے مفلوج کر رہے تھے

وہ پچھلے کئی دنوں سے ایسے شخص کے ساتھ رہ رہی تھی جس کے ماضی اور حال دونوں سے ناواقف تھی کون تھا وہ نور کو بے تحاشہ وسوسوں اور خوف نے گھیر اتھا

تمہارے سارے مشاہدے اور خود سے میرے بارے میں طے شدہ مفروضے غلط ہیں ڈیئر وائف "

اس کے کندھے پر پڑی بالوں کی چٹیا ہٹاتے اپنے لمس سے اسے حال میں واپس لے آیا تھا

وہ روتی رہی تھی سارا دن پتہ بھی ہے تمہیں کس کی بچی ہے پھر کیوں لے کر آئے تھے اور چھوڑ کر خود غائب تھے اس کی ماں پریشان ہو رہی ہو گی "

Posted on Kitab Nagri

اسے دور دھکیلتے وہ چیختے بولی تھی

آہستہ وہ ڈسٹرب کرے گی ہمیں"

وہ کپڑے دور اچھالتے اس کا ہاتھ تھامتے پھر سے قریب کر گیا تھا نور کو بے سکونی نے گھیر اتھا

رات کیا حرکت تھی "

اپنے بال اس کی مٹھی میں جھکڑے محسوس کرتے وہ اس کے سینے سے لگی اس کے دل کی دھڑکن خود میں اترتی محسوس کر رہی تھی

آپ مجھے کل سے بابا کے گھر سے مسلسل اپنے رویے سے تکلیف دے رہے ہیں غاز میں خوفزدہ تھی آپ سے "

وہ بھیگتے لہجے میں بولی تھی

اور جو تم نے رات حرکت کی اس کا کیا

میں تمہارا محافظ تھا یا لٹیرا"

Posted on Kitab Nagri

آہستہ پلیز وہ اٹھ جائے گی "

اس کی تیز آواز سے وہ خوفزدہ ہوتے اس کو دیکھنا نہی چاہتی تھی پر اس سے دور ہوتے اس بچی کے پاس گئ تھی جو نیند میں پھر سے رونے کی تیاری میں تھی

وہ روتی کے وہ اسے فوری گود میں لٹاتے تھپکنے لگی تھی

بہت محبت جاگ رہی ہے اس انجان کے ساتھ اتنی محبت کبھی مجھ سے گہرا تعلق ہونے کے بعد میرے لیے تو نہی جاگی تمہاری "

نور نے نظریں اٹھاتے اس کو دیکھا تھا کیا وہ بچی سے جیلس تھا

وہ بچی ہے غازیان "

اس بچی کے لیے تم مجھ سے لڑ رہی ہو جانتی ہو یہ بچی کون ہے "

Posted on Kitab Nagri

اب وہ اس بات کے بعد اس کا عمل دیکھنا چاہتا تھا

تمہارے مجرم کی بیٹی ہے مس ہالہ نور "

نور کا اس کو تھپکتا ہاتھ یک لخت تھما تھا وہ بے یقینی اور خوف سے زرد پڑتے اس کا چہرہ دیکھتے غازیان کو دیکھ رہی تھی

وہ ششدر تھی چند پل تک سکتا ٹوٹتے وہ اس بچی سے فوری دور ہوتے بیڈ سے دور ہوئی تھی خوف سے اسکا چہرہ دیکھتے اس کے باپ کا چہرہ خود ہی فرض کرتے وہ چلائی تھی

آ۔۔ آپ جانتے اس کو۔۔ "

غازیان نے اس کی ہوائیاں اڑا شدت سے زرد پڑتا چہرہ دیکھا تھا

ک۔۔ کیوں لے کر آئے اسے پھر "

Posted on Kitab Nagri

وہ اتنی زور سے چلاتے بولی تھی کے کچی نیند میں جاتی بچی گلا پھاڑتے رونا شروع ہو چکی تھی

نور۔۔۔"غازیان اس کی پھر سے غیر ہوتی حالت پر اس شخص کو کاٹ دینا چاہتا تھا

ڈونٹ ٹچ می۔۔۔ "

وہ دروازے تک جاتی کے وہ سرعت سے اس کی پشت اپنے سینے سے لگاتے اسے تھام چکا تھا

کیوں لائے اسے۔۔ "

اس کی گرفت میں بری طرح مچلتے وہ اپنے پیٹ پر باندھے اس کے ہاتھ چھڑاتے بولی تھی

اس کے باپ سے تمہارا بدلہ لینے "

وہ اس کی سلگتی سرگوشی اپنے کان میں محسوس کرتے جی جان سے کانپی تھی

Posted on Kitab Nagri

ب۔۔بدلہ۔۔۔ "

آر یو سیریس تم پاگل ہو۔۔۔"

وہ رخ اس کی جانب کرتے اس مسلسل روتی معصوم بچی کو دیکھ غازیان کی بات سے خوفزدہ ہوئی تھی جو خاموشی سے فریش ہوئے بغیر روم سے باہر جا چکا تھا

میڈیکل کالج کے پاس بنے علاقے کی ساری سی سی ٹی وی فوٹیج کوئی تیسری دفعہ دیکھتے کوئی ثبوت نہی ملا تھا بس ہائی روف آئی اور اس کو ڈھکے چہرے والے آدمی نے اندر ڈالا تھا

تیش میں آتے ڈیش بورڈ پر زور سے ہاتھ مارا تھا

فون پر چند سیکنڈ پہلے چلتی ویڈیو پھر سے ریوائن ہو رہی تھی

ویٹ۔۔۔"

وہ ایک دم پر سکون ہوتے کلوز اپ کر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

یہ کیا تھا

ڈرائیونگ سیٹ سے ونڈو سے باہر نکلا ہاتھ وہ کلوز کر چکا تھا

کہاں دیکھا تھی یہ گھڑی۔۔ "

وہ دماغ پر زور دے رہا تھا

دماغ کی نسیں پھولتے اس کی سوچ اس مجرم کو سوچتے مفلوج تھیں

دماغ کو پر سکون کرتے وہ میٹنگ سے پہلے جسٹس صاحب سے ملاقات چاہتے کنفرمیشن چاہتا تھا لیکن اس سے پہلے اس شخص سے سچ اگلوانا تھا

ہوش آتے وہ جگہ کا تعین کرتے اپنے ساتھ ہوئی اچانک واردات سوچ رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

اسے اچھی طرح یاد تھا کے وہ مارکیٹ سے ضروری سامان لے رہا تھا جب کسی نے اسے بلایا تھا اور پھر وہ آدمی اس کے ساتھ کیا کرتے اسے یہاں لایا تھا وہ نہی جانتا تھا

مجھے قید رکھنے کا مقصد کیا ہے تمہارا۔۔۔"

کون ہو تم۔۔"

وہ خود کو کسی اندھیری سی بیسمنٹ میں بندھا محسوس کر رہا تھا

جہاں اس کی آواز درودیوار سے ٹکراتے واپس پلٹتے اس ہلکی روشنی والی جگہ پر گونج رہی تھی

چند پل بعد قدموں کی چاپ سنی تھی اپنے سر جلتے چہرے پر تیز بلب کی روشنی بھی محسوس ہوئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ۔۔۔"وہ سامنے موجود شخص کو دیکھتے ششدر تھا

آواز نیچے۔۔۔"

وہ چہرا دبوچتے بولا تھا کے اسے اپنا جبڑا ٹوٹتا محسوس ہوا تھا

Posted on Kitab Nagri

کتنی لڑکیوں کی زندگی آج تک برباد کی ہے "

اس کے چہرے پر مارا تھپڑ اتنا زوردار تھا کے اسے بے ساختہ احساس ہوا تھا پولیس والوں کا ہاتھ کتنا وزنی ہوتا ہے اور اس سے زیادہ وہ بے رحم کتنے ہوتے ہیں

اس کی کالج سے آنے جانے کی ہر دن کی ٹائمنگ اس کی ہر چیز کی روٹین جسٹس تم سے بہتر کوئی اور کیسے کون جا سکتا تھا سہی کہا نہ میں نے۔۔"

آپ کیا کہہ رہے ہیں کس کی بات کر رہے ہو "

وہ ہونٹ کے کنارے سے رستے خون سے بے بسی سے بولا تھا

جو سوال پوچھوں گا ایک سیکنڈ سے زیادہ ٹائم نہی لینا "

ورنہ۔۔۔" آنکھوں میں غیض وغضب لیے وہ پھنکارا تھا

Posted on Kitab Nagri

انتیس مارچ تم سہ پہر تین بجے کہاں تھے۔۔۔ "

ماتھے پر پسینے کی بوندیں بلب کی تیز روشنی میں نمودار ہوئیں تھیں

ڈے ٹائم کی ڈیوٹی پر۔۔"

وہ لڑکھڑاتی زبان میں بولا تھا

پھر جھوٹ۔۔۔ "

دوسرا تھپڑ اتنا زور دار تھا کے اس کو اپنا دماغ گھومتا محسوس ہوا تھا

ڈیوٹی پر ہی تھا میں۔۔"

وہ پر یقین لہجے میں چہرہ جھکائے بولا تھا

آئی ول شوٹ یو۔۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

کہاں تھے تم اس دن۔۔۔ "

وہ اس کے بال مسلسل جھوٹ پر کھولتے خون سے مٹھی میں جھکڑ چکا تھا

تمہاری معصوم سی بیٹی اس وقت میرے قبضے میں ہے "

بہت چھوٹی ہے وہ تو سوچو۔۔۔"

وہ پسٹل سامنے ٹیبل پر رکھتے بولا تھا

اس شخص کا خوف سے برا حال ہوا تھا

میری بیٹی۔۔۔ "

تمہیں پتہ ہے میں کیا کروں گا اس کے ساتھ سوچو اگر میرا دل چاہا تو میں اسے اس گن سے شوٹ کروں گا

اور اگر میرا دل چاہا تو اس کے نازک سے وجود کو چھت سے نیچے بھی پھینک سکتا ہوں "

چوائس از یورز۔۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ اتنا سفاک ہو سکتا تھا اس چھوٹی سی بچی کے ساتھ وہ یہ سب کر سکتا تھا بلکہ وہ اس سے بھی زیادہ برا کر سکتا تھا وہ سوچ سکا تھا

جھوٹ وہ گھر اپنی ماں کے پاس ہے" وہ اس کی اکلوتی بیٹی تھی

چلو یقین کرنے کے لیے ابھی تمہیں تمہاری پرنسس سے ملواتا ہوں

ابھی۔۔۔ "

ہیلو بے بی گرل سے ہائے ٹو یور بلڈی ایڈیٹ فادر۔۔ "

وہ خونخوار لہجے میں بچی سے بولا تھا

جہاں وہ دیکھ صدمے میں ہوا تھا گاڑی میں فرنٹ سیٹ پر تنہا بند مسلسل شیشے کی طرف جاتی بچی رو رہی تھی

نہی چھوڑ دو میری بیٹی کو اس کا سانس ت۔۔ تم گاڑی میں تنہا چھوڑ کر آئے ہو۔۔۔ "

وہ چیخا تھا

Posted on Kitab Nagri

دو منٹ ہے منہ کھولنے کے لیے۔۔۔ "

وہ فون کی سکرین اوف کرتے سرد لہجے میں بولا تھا

میں قسم کھاتا ہوں میں نے صرف جسٹس زبیر کی بیٹی کو کڈنیپ کیا تھا وہ بھی۔۔۔ "

وہ چپ ہوا تھا

وہ بھی آگے بک۔۔"چپ ہونے پر تیش میں آیا

میر سبطین کے کہنے پر۔۔۔ "

میر سبطین۔۔۔"وہ زیر لب دہراتے بولا تھا

اس کے کہنے پر وہ سمجھا تھا اس کا بیٹا اس کے پیچھے ہوگا پر یہاں تو

Posted on Kitab Nagri

تم جانتے بھی ہو تم نے کیا حرکت کی ہے "

پلیز میں نہی جانتا ہالہ میڈم کے ساتھ مزید کیا ہوا تھا

پر سبطین صاحب نے اس لڑکی کو اپنے فارم ہاوس میں رکھا تھا

ہاں بس اتنا جانتا تھا وہ اس لڑکی کو نقصان نہی پہنچانا چاہتا تھا صرف جسٹس کو ڈراروا دینا تھا مزید مجھے نہی پتہ خدا کے لیے اب رحم کرو۔۔۔ "

جس گھر میں کام کیا اسی کا نمک حرام کیا تم نے۔۔"

اس کی مزید زندگی برباد کرنے کے لیے اس کو وہ میڈیسن لا کر دیتے رہے تم۔۔۔"

میں تب ہی شک میں تھا یہ کام ایک بلکل ان پڑھ انسان کر ہی نہی سکتا جو اس کی نیند کی میڈیسنز کو نشے کی دوائیوں میں بدل دے۔۔"

وہ ساری نارکوٹکس اور مارفین پروڈکٹس تھیں جبکہ نور کے روم کی چیکنگ پر سائیڈ ٹیبل پر ملی پر سکرپشنز پر اس نے نیند کی میڈیسن منگوائی تھیں

Posted on Kitab Nagri

جبکہ یہ ساری ہائی پوٹنسی کی میڈ سینز تھیں جو کم از کم عام بندہ نہی جان سکتا تھا

سوچ بھی سکتے ہو تمہاری بھی بیٹی تھی

اب تم تب تک قید ہو جب تک وہ سارے حساب کتاب نہ دے دیں

ایک ٹھوکر مارتے وہ چلا گیا تھا جبکہ وہ صرف اپنی بچی کے لیے خوفزدہ تھا

"کیا کر رہے تھے نور کے روم میں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں آپ کی بیٹی کا کوئی آوارہ عاشق نہی بلکہ اس کا شوہر ہوں سمجھے آپ

اچھی خاصی پورے گھر کی تلاشی لیتے باہر لگے کیمروں کی ویڈیو لیتے وہ ان کے سامنے براجمان ہوا تھا

Posted on Kitab Nagri

کیسے ہیں آپ وہ اس لمحے ان کے سامنے تھا

ہالہ کیسی ہے "

وہ سب بھاڑ میں جھونکتے بے چینی سے بولے تھے

ٹھیک ہے اچھی ہے" اب بات کی جانب آتا ہوں

آپ کو دھمکی بھرے لیٹرز میر سبطین کے بیٹے کے آتے تھے لاسٹ کیس وہی تھا آپ کا۔۔ "

وہ اس کے تنے تاثرات دیکھ رہے تھے

آپ کو نور کی کڈنیپنگ کی رات اس کی کال آئی تھی یا اس کی میر سبطین سے آپ کے گھر کوئی ملاقات ہوئی تھی کیس کے حوالے سے "

کیا بکواس ہے یہ م۔۔ میری کوئی ملاقات نہی ہوئی "

Posted on Kitab Nagri

ہاں یانہ۔۔" وہ بات پر زور دیتے بولا تھا

میری تبعیت ٹھیک نہی ہے فلحال مجھے ریسٹ کرنا ہے" وہ لاونج سے اٹھتے جب اس کی دھاڑ سے پلٹے تھے

میں کچھ پوچھ رہاہوں جسٹس صاحب "

وہ چیخا تھا

آواز نیچی کرواپنی۔۔ "

کیابکواس ہے یہ" وہ نظریں چرائے غرائے تھے

وہی بکواس جو آپ کی بیٹی نے اور میری بیوی نے بھگتی ہے"

بتارہے ہیں مجھے یا "

ہاں ہاں کیا کرتا بتاو تم مجھے کیا کرتا میں مجھے نہی پتہ وہ دھمکی میرے لیے وبال جان بنے گی" وہ ڈھے گئے تھے

Posted on Kitab Nagri

جب وہ کڈنیپ ہوئی تھی تب سہی بتا دیتے تو کیا جاتا آپ کا "

وہ سر تھام کے رہ گیا تھا

کیا حال ہے جسٹس صاحب "

کون ہو تم میری بیٹی تمہارے پاس ہے دیکھو تمہیں جو چاہیے میں دوں گا "

پر ہالہ کو چھوڑ دو" وہ پہلی رات کی فون کال پر ہی خاموش رہے تھے

میری بیٹی کہاں ہے "

سامنے ہے میرے بلکل بے بس سی میرے رحم و کرم پہ "

دیکھنا چاہو گے "اس کی کرسی سے بندھی ویڈیو سینڈ کی تھی

آئی ڈو پلیز میری بیٹی کو کچھ نہی کرنا"

Posted on Kitab Nagri

میں نے سکیریٹ ایجنسی سے رابطہ کیا لیکن وہ میر سبطین جان گیا تھا

میں تمہارے بیٹے کے کیس سے ووڈرا کرتے استعفی بھی دے دوں گا

لیکن اب دیر ہو گئی ہے تم کیس بھی چھوڑو گے اور۔۔۔ "

دانستہ قہقہ لگاتے وہ کال کاٹ چکا تھا لیکن وہ محض دھمکی ہی دے رہا تھا جو حقیقت کا روپ دھار جانی تھی وہ خود بھی انجان تھا

اگر تب آپ سہی سے بتا دیتے تو آج یہ نوبت نہ آتی "

وہ کاٹ دار لہجے میں بولا تھا

ہالہ کی عزت زیادہ میٹر کرتی تھی میرے لیے میں نے خاموش رہنے میں عافیت جانی"

بچالی آپ نے اس کی عزت۔۔ "

وہ بری طرح دھاڑا تھا

Posted on Kitab Nagri

کاٹ ڈالوں گا میں اس میر سبطین کو اور اس کے بیٹے کو وہ ماوف ہوتے کھولتے خون سے اٹھا دماغ کی نسیں پھٹنے کے قریب تھیں

ناہنجار تم سوچ بھی سکتے ہو تمہاری حرکت کا پتہ چلا تو کیا عزت رہ جائے گی میری "

وہ اس کے روم میں آتے غرائے تھے جو سارا سچ جاننے کے بعد اس لڑکی کو اس کے گھر شرافت کا مظاہرہ کرتے بیجھ چکے تھے

میں نے صرف اس لڑکی کو ڈراوے کے لیے ایک آدھ دن قید رکھنا تھا لیکن تم نے"

وہ سر تھامتے بیٹھے تھے جو اس کی کرتوت جان گئے تھے

اب آپ خود ساز و سامان تیار کیے رکھے ہوں تو کون کمبخت تھا جو اپنی رات حسین نہ کرتا۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

میں مری سے اسی شام لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے روڈ بلاکز تھی تو واپس آ گیا تھا

اور خوش نصیبی سے ڈائریکٹ فارم ہاوس چلا گیا

اور اسے تو رکھا بھی آپ نے باقاعدہ میرے زیر استعمال روم میں تھا اب شیطان تو اس عمر میں غالب آ ہی جاتا ہے نہ"

وہ ازلی لاپرواہی سے بولا تھا اس کے لیے یہ عام سی ہی بات تھی

جیسے ہی روم میں داخل ہوتے سوئچ اون کیے تھے سارا کمرا روشنیوں میں نہا گیا تھا وہ پلٹتے ہق دق تھا سامنے وہ کرسی پر بندھی سارے سامان حشر کے ساتھ ڈھلکی گردن سے ہوش و ہواس سے بیگانی تھی بلاشبہ وہ خوبصورت تھی وہ حیرانگی سے آنکھیں مسلتے اس کی جانب گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اومائے گوڈ۔۔"

اس کے چہرے کے نقش چھوتے حقیقت میں اس لڑکی کا ادارک ہوتے جیسے شیطانیت اس لمحے سوار ہوئی تھی وہ گھٹنوں کے بل جھکا تھا

عجب خواہشات رات کے پہر جاگ چکی تھیں

Posted on Kitab Nagri

کام ڈاون دانیال سبطین۔۔۔ "

گہرا سانس لیتے اس کا گلے میں جھولتا دوپٹہ مٹھی میں جھکڑا تھا

کس کو فون کر رہے ہو"

وہ فارم ہاوس میں موجود اپنے باپ کے خاص بندے کا فون جھپٹتے بولا تھا جو پچھلی سائیڈ پر کھڑا اس افتاد پر بوکھلایا تھا

میر صاحب کو دانیال صاحب۔۔"

وہ جھکے سر بولا

کیوں ڈیڈ کو کیوں۔۔۔ "

وہ فون اوف کرتے اپنی جینز کی پوکٹ میں رکھ چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ آپ تو مری تھے نہ تو میر صاحب نے کہا تھا یہاں جو بھی آیا یا آپ آئے تو انہیں انفارم کریں۔۔" وہ سچ بولا تھا

اچھا۔۔۔" وہ خاصہ زور دیتے بولا تھا

یہ لڑکی کون۔۔؟ وہ نامحسوس انداز میں اس کے چہرے کے تاثرات دیکھتے بولا تھا

ک۔۔کونسی لڑکی۔۔۔" وہ انجان بنا تھا

او کم اون مین فائدہ ہو سکتا ہے تمہارا منہ بند رکھنے پر۔۔۔"

وہ اس کا کندھا تھپکتے ناقابل فہم تاثر دیتے بولا تھا

جسٹس صاحب کی بیٹی ہے میر صاحب نے ان سے کیس کی فائل بدلنے کو کہا تا کہ آپ کو اس الزام سے بری کر سکیں"

جھوٹ بولنے کا کوئی فائدہ نہی تھا

Posted on Kitab Nagri

واہ میرے سامنے مجھے ڈانٹتے ہیں اور مجھے بچانے کی خاطر خیر مجھے ڈیڈ کا یہ سرپرائز بہت پسند آیا "

وہ معنی خیزی سے رات کی گہری تاریکی کو دیکھتے بہکے لہجے میں بولا تھا

لیکن میر صاحب۔۔۔ "

وہ منمنایا تھا

ڈیڈ کو کون بتائے گا۔۔۔ "

وہ یہاں جیسے آئی تھی ویسے تو نہیں جا سکتی نہ میں ڈیڈ کی طرح اب اتنا برا بھی نہیں ہوں۔۔"

کچھ تو جسٹس صاحب کو ادا کرنا پڑے گا تاکہ اگلی دفعہ ہم سے پنگہ لینے سے پہلے سو بار سوچے۔۔"

وہ خباستی قہقہہ لگاتے بولا تھا

لیکن مجھے کیا ملے گا۔۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

شراب اور شباب دونوں۔۔ "

شیطانیت سے اس کمرے کی جانب دیکھتے بائیں آنکھ دباتے بولا تھا

میر صاحب نے سختی سے منع کیا ہے لڑکی کو کوئی ہاتھ بھی نہ لگائے۔۔"

مجھے وہ جان سے مار ڈالیں گے "

وہ خوفزدہ سا تھا

نہ تو ڈیڈ کو پتہ ہے میں یہاں ہوں اور نہ ہی انہیں پتہ چلے گا اس کے ساتھ کچھ ہوا ہے اور نہ ہی اس لڑکی کو پتہ چلے گا میں کون ہوں

کیونکہ یہاں سے جانے کے بعد ہر شریف باپ کی طرح جسٹس اپنی بیٹی کو بدنام ہر گز نہی کرے گا۔۔"

اس کی پسٹل اپنے ہاتھ میں تھامتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

اس لڑکی کو گھر بھیجوا دیا ہے بہتر ہے اپنے ان دو حرامی چیلوں سے کہو اس شہر سے اپنی شکل گم کر لیں

تم سے مجھے یہ امید نہی تھی میر سبطین کاٹ دار نظر اپنے بندے پر ڈالتے بولا تھا

آپ صبح کا فنکشن ڈیلے کر دیں ریحہ کا پاوں بلکل موو نہی کر پا رہا ابھی۔۔"

سانیہ ان کے روم میں ازہان کے نکاح اور احان کے ولیمے کے حوالے سے بات کرنے آئ تھیں جب وہ انکار کر چکا تھا ویسے بھی اس کا دل اچاٹ ہوا تھا

میں ٹھیک ہوں بڑی مما ہلکا سا چل پا رہی ہوں اب۔۔ "

وہ اس کی بات نظر انداز کرتے سر جھکائے فوری سے بولی تھی

کیا ضرورت تھی جھانسی کی رانی بننے کی"

Posted on Kitab Nagri

وہ بلیو شرٹ کے کف لنکس بند کرتے اسے مرر سے خشمگین نظروں سے دیکھتے بولا تھا

میں ٹھیک ہوں۔۔ "

وہ بیڈ سے اٹھتے ہلکے ہلکے لڑکھڑاتے قدم بھرتے بولی تھی جہاں تکلیف کے آثار تھے

جب نہی چلا جارہا تو کیوں خود کو تکلیف دے رہی ہو "

وہ گرتی کے فوری سے پہلے کمر سے تھام چکا تھا

واشروم۔۔"وہ اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے دھیمے سے شرمندہ ہوتے بولی تھی

انا اتنی ہی آ گئی تم میں "

اسے بیڈ پر ڈالتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ جاتا وہ اس کا ہاتھ تھام چکی تھی

کچھ چاہیے۔۔"وہ پلٹا تھا

وہ کہنا چاہتی تھی آپ چاہیے ہو آپ کی معافی چاہیے ہے۔۔ "

پر خاموش ہی رہی تھی

وہ بغیر بولے آنسو بہانا شروع تھی

رولو اب پتہ نہی یہ اتنے آنسو تم لڑکیوں کے کہاں سے آتے ہیں آج تک مجھے یہ بات سمجھ نہی آتی بات بات پر ڈرامے کروالو بس "

اس کے پاوں کی مووومنٹ چیک کرتے اس کے ساتھ بیٹھتے بولا تھا یہی وجہ اس کے رونے کی لگی تھی

پین ہو رہی ہے"

Posted on Kitab Nagri

وہ نرمی سے اس کا ہاتھ دباتے ہونٹوں تک لے گیا تھا اپنے ہاتھ پر اس کے لمس کی نرمی محسوس کرتے وہ اس شخص کی اس لمحے اثیر ہوئ تھی اس لمحے چاہا تھا کاش یہ وقت کچھ پل تھم جائے

پر تب تک اس کے روم میں اس کا ناشتہ آچکا تھا

چلو ناشتہ کر لینا پھر پین کلر لے لینا خود بلکل کسی کام کے لیے نہی اٹھنا۔۔ "

وہ ناشتہ اس کے پاس بیڈ پر شیٹ بچھاتے نفاست سے سیٹ کرتے بولا تھا وہ بس دیکھتے رہ گئ تھی

آپ نے نہی کرنا۔۔ "

اسے کوٹ پہنتے دیکھ وہ پلکیں وا کرتے اسے مخاطب کر چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ زیادہ مہربان نہی ہو رہی آپ میری فکر میں۔۔ "

وہ نارمل لہجے میں بے تاثر ہی فون اور کیز اس کی سائیڈ سے لیتے جان بوجھ کر زرا سا اس پر جھکتے بولا تھا

مرضی آپ کی جو سمجھیں۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ ناشتے پر جھکے اپنے چہرے کے بدلتے رنگ اس شخص سے چھپا رہی تھی جس کے وجود سے اٹھتی خوشبو اس لمحے خود کے قریب ترین محسوس ہوئی تھی

روتی بچی کو ہمت کرتے گود میں بھرے ہی وہ باہر آئی تھی

جہاں وہ لاونج میں پڑے مہرون پوشش والے صوفے پر ریلکیس لیٹنے کے انداز میں بیٹھا سر مسل رہا تھا وہ بکھرا سا بے چین سا لگا تھا جو کل کی پہنی بلیو جینز پر سیاہ شکن زدہ شرٹ کے کف موڑے بغیر چپل کے ایک ٹانگ مسلسل ہلا رہا تھا

غاز۔۔ "

وہ ہمت کر رہی تھی وہ اس شخص کو مخاطب کرنے سے بھی ڈر رہی تھی کے وہ اسے اس کے مجرم جاننے کے بعد دھتکار ہی نہ دے نہ وہ اس سے اس بارے میں کوی بات کرنے کی ہمت کر رہی تھی

ہمم۔۔"اس کی بھاری بوجھل سی سرگوشی تھی

Posted on Kitab Nagri

پلیز اسے چھوڑ آئیں پلیز۔۔"

وہ لاونج کی خاموشی میں صوفے پر قدرے فاصلے پر بیٹھتے رندھی آواز میں منت بھرے انداز میں بولی تھی

نظریں اٹھاتے اس کی جانب دیکھا تھا

اس کی پلکوں کے کنارے آنسو نکلنے کو بے تاب تھے

وہ کھسکتے اس کی جانب گیا تھا

وہ حیران ہوئ تھی اس کا سر اپنی گود میں دیکھتے جب کے بچی اس کے گھٹنوں پر دونوں ہاتھ رکھے اب چپ سی ان دونوں کو دیکھ رہی تھی

تھوڑی دیر یہاں سکون مل سکتا ہے پلیز میرا سر دبا دو"

وہ مندھی آنکھوں سے اس کا ہاتھ اپنے بالوں میں رکھنے کے بعد بکھرے بالوں والی پیشانی پر رکھ چکا تھا

وہ حلق تر کرتے بے حس بیٹھی تھی

نور دباو۔۔"

Posted on Kitab Nagri

اس کا ہاتھ ایک ہی جگہ ساکت دیکھتے خود ہی اپنے ہاتھ کا دباو دیتے اس نے موو کیا تھا

چند پل اس کے چہرے کو تکتے اس کا سر دبانا شروع ہو چکی تھی وہ پر سکون ہوتا اس کا دوسرا ہاتھ اپنے سینے پر رکھ چکا تھا

اس کا دل اپنے ہاتھ کی ہتھیلی کے نیچے دھڑکتا محسوس ہوتے اس کا وجود اس کا ساتھ چھوڑ رہا تھا

اس کو چھوڑ آئیں۔۔ "

وہ اب بچی کو فرش پر تھوڑا دور کرول کرتے دیکھ ازیت سے بولی تھی

بند آنکھوں سے اس کا چہرہ خود پر جھکایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اس کی سن کب رہا تھا

اس کے چہرے کا رنگ اس کی سانسوں کی تپش اپنے چہرے پر محسوس کرتے بدل سا گیا تھا اپنے ناک سے اس کی ناک مس ہوتی محسوس ہوئ تھی

و۔۔وہ دیکھ رہی ہمیں۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

اس کی حرکت پر وہ جھجک کے بچی کو دیکھتے پیچھے ہوتی کے غازیان کے ماتھے پر بے تحاشہ بل پڑے تھے

نور سکون چاہیے مجھے تم سے دوری نہی۔۔ "

اس کی سرخ سی تھکن کی خماری لی آنکھیں اس کے دل کی منتشر دھڑکنیں وہ اپنی کیفیت پر ساکت تھی

ہالہ تمہیں رونے کے علاوہ کیا آتا ہے "

محبت بھری نظریں اس کے چہرے پر ڈالی تھیں کندھے سے تھوڑا نیچے تک آتے بالوں کو کیچر میں جھکڑے اس کی سیاہ بڑی آنکھوں کے بعد اس کے سرخ کپڑوں سے ملتے چہرے کی سرخی اسے مزید بہکا رہی تھی پر یہ لڑکی اس کے احساسات سمجھتے بھی نا سمجھ کیوں بنتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ نا سمجھی کے عالم میں تھی جب وہ اس کی مشکل حل کرتے مزید اس کے ہاتھوں کی نرمی اپنے ماتھے پر محسوس کرتے بولا تھا

جیسے کہ چائے، کوفی کھانا بنانا صفائی کرنا وغیرہ وغیرہ "

Posted on Kitab Nagri

مم۔مجھے کچھ نہی آتا چائے بنانے،انڈہ اور بوائل رائس کے "

وہ بتاتے خجل سی ہوئ تھی کہ کبھی اس نے اپنی ٹف سٹڈی میں ایسے کام کیے ہی نہ تھے وہ اس حسین بے فکر زندگی میں کھوتی کے کہ اس کی آواز پھر سے کانوں سے ٹکرائ تھی

جبکہ مجھے سکون دینے سے لیکر میرے کپڑے پریس کرنا اور کھانا بنانا تمہاری زمیداریوں میں ہے اب "

اس کا ہاتھ تھما تھا

چھوڑ آئیں پلیز اسے مجھے وحشت ہو رہی ہے غازیان کم از کم بے حس نہی ہو سکتا "

اس کی ماں پریشان ہو گی"

وہ بات بدلتے نظروں کا زاویہ موڑ چکی تھی

تم تو بے حس ہو نہ میرے معاملے میں "

سر اٹھاتے وہ اس کی مسلسل ایک گردان سے پک چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

غازیان پر امس می تم اسے کچھ نہی کروگے "

وہ اس کی بات پر نظروں میں چمک لیے صوفے پر ایک گھٹنا فولڈ کیے پلٹا تھا

وہ اس کو پھر سے قریب محسوس کرتے نظریں جھکا گئ تھی

ایک شرط پر۔۔ "

وہ اس کے کندھے پر جھولتا لاپرواسرخ شفون کا دوپٹہ پرے ہٹاتے بولا تھا

ک۔۔کیا۔۔ "

لزرتی پلکیں سرخ جھکا چہرہ کندھا اس کی حرکت پر جلتا محسوس ہوا تھا جب اپنا اوڑھا دوپٹہ اپنی گود میں گرا دیکھا

غازیان کی جان اگر واپسی پر روم میں اس کے ویٹ میں ملے"

خاصہ سرگوشی والا انداز تھا

Posted on Kitab Nagri

غازیان کی جان "

اس کے لفظوں کی ادائیگی سے اس لمحے اس شخص کو دیکھنے کی ہمت کہاں تھی

اس کا سرخ پڑتا گال شدت سے چومتے وہ اسے اپنی بات سے ہی نہی حرکت سے بھی بے بس کر چکا تھا

اس کا موڈ اب خاصہ فریش ہو گیا تھا

سی اوف تو کر دو۔۔ "

اس کو ایک جگہ صوفے پر جما دیکھ وہ چابیاں مٹھی میں تھامتے روم سے باہر آتے بولا تھا

کر دو نہی تو میں اسے تمہارے سمیت چھت سے نیچے پھینک دوں گا"

اس کی لاونج میں دوبارہ آواز گونجی تھی

وہ اس شخص کو سمجھ نہی پائ تھی

تیزی سے اٹھتے پورچ تک گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

کیا پرابلم ہے تمہیں سکون سے بیٹھ نہی سکتی"

وہ ڈرائیونگ سیٹ سے اس کو سیٹ بیلٹ لگاتے ہلکان تھا

نور اس کو جھنجلائے دیکھ ہونٹوں پر مچلتی مسکراہٹ ضبط کرتے فوری دروازہ کھولتے بچی کے دونوں ہاتھ تھامے تھے

تمہیں اس پر غصہ نہی آرہا"

وہ گہری خاموشی توڑتے بولا

میں سوچتی ہوں مکافات عمل عورت کے ساتھ ہی کیوں ہوتا ہے جبکہ اس کی سزا اس مرد کو ویسے ملنی چاہیے

جیسے وہ ان کمزور لمحات میں اپنی مردانگی کے زعم میں عورت کو دیتا ہے "

بیلٹ کا بکل بند کرتے وہ باہر نکلی تھی

ویٹ کرنا میرا "

Posted on Kitab Nagri

اس کی سٹیرنگ پر گرفت مظبوط ہوئی تھی

وہ نفی میں آنسو پیتے تیزی سے اندر چلی گئی تھی

اس کا سرخ لہراتا آنچل اس کی نظروں سے اوجھل ہونے تک مرکز بنا تھا

"میری بیوی کو آپ کی بیٹی سے ملکر بہت اچھا لگا "

وہ بچی اس کی ماں کو تھماتے بولا تھا

"میں ہالہ میڈم سے ملی ہوں ایک دو بار بہت اچھی ہیں وہ "

نور کے گھر کام کرنے والے گارڈ کی بیوی مسکراتے بولی تھی

"اللہ آپ کو بھی جلد اس رحمت سے نوازے "

وہ اس کی بنائی چال سے انجان دعا دیتے بولی تھی

وہ بچی کو نور سے ملوانے کا کہہ کر لے گیا تھا کے وہ بچوں کی بہت دیوانی ہے اور ٹریپ وہ اس کے کمینے باپ کو کرنا چاہتا تھا

Posted on Kitab Nagri

پہلے اس آنے والی رحمت کی ماں تو مان جائے "

وہ اس کی بات پر بڑبڑاتے مسکراتی نظر ڈالتے اس بچی کو اس کے حوالے کرتے نکلا تھا

وہ بستر کے کنارے پر ٹکی چھت کو گھورتے اپنے ہاتھ کی لکیریں دیکھ رہی تھی وہ چند لمحوں پہلے گھر واپس آیا تھا

چند لمحوں بعد واشروم کا دروازہ کھلا تھا

وہ اس کی نظروں سے الجھی پڑی تھی

لائٹ اوف ہوئی تھی ہلکی روشنی میں بس اس کے بھیگے وجود سے اٹھتی خوشبو محسوس ہوئی تھی

کمر سے کھینچتے وہ اسے حصار میں لے چکا تھا

میں نے کہا تھا میرا انتظار کرنا"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے بالوں کو کیچر کی زد سے آزاد کرتے ان کی خوشبو خود میں اتارتے اس کے کندھے پر اپنے سلگتے لب رکھ چکا تھا

تم اسے جانتے ہو۔۔ "

یہ مشکل ہو گا نہ اپنی بیوی کے مجرموں کو دیکھتے ہوئے بھی تم مجھ سے جو چاہتے وہ۔۔ "

وہ اس کی گرفت میں بے حسی سے بولی تھی

غازیان کا جزبات سے مہکتا دل پل میں ساکت کرتے وہ سارا موڈ تباہ کر چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم آخر میرا ضبط کب تک آزمانا چاہتی ہو۔۔ "

اس کا رخ اپنی جانب کرتے اس کا چہرہ دبوچا تھا

م۔۔میں س۔۔سب کے سامنے ساری دنیا کے سامنے ا۔۔ایکسپوز ہو جاوں گی۔۔ "

وہ اس کی اپنے منہ پر ہوئی سخت گرفت میں ٹوٹتے لفظوں میں بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

اسے خود سے دور دھکیلتے وہ بستر پر سر تھام کے بیٹھ گیا تھا

وہ جو بھی کر لے وہ اپنی باتوں سے اسے ازیت دینے میں ماہر تھی

"تم جو بھی کر لو حقیت بدل نہی سکتی۔۔"

وہ پھر سے سسکتے تڑپ رہی تھی

"گوٹو دا ہیل۔۔"

وہ غضب ناک سرخ نظریں اس پر ڈالے سائیڈ ٹیبل سے دوبارہ چابیاں لیتے اٹھا تھا

وہ مزید قدم لیتا کے وہ اس کا ہاتھ جھکڑ چکی تھی

"ک۔۔ کہاں جا رہے۔۔"

اس کے چہرے پر چھائ غصے کی رمق ماتھے کی ابھری نسیں اسے غلط کا پتہ دے رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

اس حرامی کا قتل کرنے

پھر تم تیار رہنا تمہارا قتل کر کے خود کو شوٹ کر لوں گا "

وہ ہاتھ چھڑاتے غصے سے بولا تھا

اس کا وجود اس کو پسٹل تھامتے دیکھ زلزلوں کی زد میں ہوا تھا

تمہارے وجہ سے میرے اکلوتے بیٹے پر کبھی کوئی مصیبت یا ایک خروش بھی آئی تو تمہیں کبھی معاف نہی کروں گی "

اس کی ماں کے ہر پل یہاں رہتے ادا کیے لفظ اس کے زہن پر چھاتے اسے خوفزدہ کر گئے تھے

آئی نیڈ یو مت جاو۔۔"

بیڈ چھوڑتے اس کی پشت سے سر ٹکاتے وہ بھیگے لہجے میں بولتے اسے روکنا چاہتی تھی

اس کے ہاتھ اپنی سینے سے ہٹاتے وہ اسے مدمقابل کر چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

کیوں میرا خون جلانے کے لیے تمہیں میری ضرورت ہے "

اسے خود سے دور دھکیلا تھا

آئی ایم سوری۔۔"وہ دونوں کان پکڑتے بولی تھی

میں انسان ہوں نور فرشتہ نہی ہوں تمہیں کیا لگتا ہے مجھے کوئی فرق نہی پڑتا میں جب ہمت جوڑتے تمہارے پاس آنا چاہتا ہوں تم اپنا پاسٹ دہرا کے مجھے بدزن کرتی ہو کیا سمجھتی ہو تم مجھے بے غیرت سمجھتی ہو مجھے۔۔ " جسے کوئی فرق نہی پڑتا۔۔ "

چابیاں فرش پر دور پھینکتے وہ بیڈ پر بیٹھا تھا

وہ دل تھامتے بس اس کی ساری کاروائیاں دیکھ رہی تھی

وہ ڈرتے گھٹنوں کے بل بیٹھی تھی

ک۔۔کیا کروں ایسا جو سکون آجائے مجھے تم بتادو وہی کروں گی جس سے تمہیں بھی تکلیف نہ دوں۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

اس کے گھٹنوں پر سر رکھتے وہ لڑکی اور کچھ نہی تو اسے ششدر کرنے میں ضرور ماہر تھی

اس معاملے کے بعد بھی تم نے کبھی بھی نماز پڑھی اللہ کو یاد کیا کبھی سکون کی دعا مانگی۔۔"اس کو دیکھتے وہ پر سکون ہوتے بولا تھا

تو کیا اللہ نے میرے ساتھ اچھا کیا ہے "

وہ اس کی بات پر سر اٹھاتے اس کی آنکھوں میں دیکھتے بولی تھی

نور تم اللہ سے مقابلے کرو گی۔۔"

اس کی بات نے خاصہ حیران کیا تھا

میرے ساتھ نہ تم نے اچھا کیا نہ بابا نے اور نہ ہی اللہ نے سب اپنی مرضی تھوپنا چاہتے ہو

اللہ چاہتا تو مجھے اس دن بچا سکتا تھا پر نہی بچایا نہ ان سے "

وہ تلخی سے چیختے دور ہوئ تھی

Posted on Kitab Nagri

بابا نے زبردستی شادی کر دی اپنا عزاب تم پر مصلحت کر دیا اور اب تم چاہتے ہو سب کچھ بھول کر میں تمہارے ساتھ نارمل ہو جاوں۔۔ "

کیسے ہو جاوں نارمل تم سمجھ ہی نہی رہے مجھے "

وہ روتے اسے زہر لگی تھی

کیا اللہ کو تم اپنی زندگی میں یاد کرتی رہی ہو

اور کیا اللہ سے اس دن تم نے سچے دل سے مدد مانگی تھی۔۔ "

ایک اور چیز تمہیں میں واضع کر دوں اللہ نے میرے دل میں رحم ڈالا ہے تو تم میری بیوی ہو مسز غازیان اگر اس نے ایک در پر تمہاری پکار نہی سنی تو بن مانگے تمہیں میں بھی وسیلے کے طور پر عطا ہوا ہوں

لیکن نہی تم تو صرف شکوہ ہی کرتی رہو گی تمہارے ساتھ کیا ہوا کیوں ہوا زبردستی ہوئی

تھک گیا ہوں میں نور میں تمہیں نہی کسی بھی طرح خود سے مطمئین کر سکا "

تمہارے قریب آوں تو تم تعنے دیتی ہو

ٹیل می واٹ آئی ڈو۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ خاموش ویران نظروں سے دیکھ رہی تھی

میری جان لے لو۔۔۔"وہ اس کے قریب آتے اس کا چہرہ دیکھتے بولی تھی

جبکہ وہ اسے پیچھے دھکیلتے روم سے ہی باہر چلا گیا تھا وہ ساکت سی دروازہ دیکھتے اسی پوزیشن میں بیٹھی تھی

فنکشن شام میں بنکوئیٹ ہی تھا احان کی شادی کی نسبت ریسیپشن پر کافی لوگ انوائیٹ تھے گھر میں تیاری سی چل رہی تھی

ریحہ بیٹے ٹائم سے تیار ہو جانا تم۔۔"

اس کی جیولری اور بھاری بھر کم ڈریس اس کے بیڈ پر رکھتے سانیہ محبت سے بولی تھیں

بڑی مما وہ نہی آئے ابھی تک۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وال کلاک پر نظر ڈالی جہاں چار بجنے والے تھے وہ نیچے تو جا ہی نہی پا رہی تھی بیڈ پر بیٹھی خجل سے ہوتے بیڈ پر پڑے بوکسس پر نظر ڈالتے پوچھا

کون۔۔؟

وہ مسکراہٹ ضبط کرتے حیران تاثر دیتے بولیں تھیں

مماوہ ا۔احان۔۔ "

وہ ان کے تاثر نہی دیکھ پائی چہرہ جھکائے بامشکل اس کا نام لے پائی تھی

شوہر ہے تمہارا اتنا شرما کیوں رہی ہو۔۔ "

وہ اس کی سرخ رنگت دیکھتے اب اپنی ہونٹوں کے کنارے پر آئی مسکراہٹ نہی ضبط کر پائیں تھیں

میں کال کرتی ہوں اسے کے جلدی آجاو ریحہ کا دل نہی لگ رہا ہے "

اس کو بات سمجھنے کا موقع دیے بغیر اس کے روم سے جاتے ایک بار پھر جاندار مسکراہٹ دیتے بولیں تھیں

Posted on Kitab Nagri

اس کے زکر سے اپنی سرخی خود سے بھی چھپانے کے لیے اپنے دوپٹے سے چہرہ ڈھک چکی تھی جب کے لب اپنی حالت سوچتے مسکرائے تھے

پانچ بجے وہ شاور لے کر نکلی تھی پارلر والی اس کے روم میں تھی

آج وہ اس کے لیے سہی معنوں میں تیار ہونا چاہتی تھی

آرام آرام سے قدم رکھتے اس کے کپڑے اپنے کپڑوں کے ساتھ پریس پڑے دیکھتے وہ چھوٹی چھوٹی سی عجیب سی خواہشوں پر حیران تھی

کنٹرول ریحہ کیا ہو گیا ہے اس اٹینشن سیکر کے لیے کیوں اتنا مری جا رہی ہو "

وہ دھڑکتے دل پر ہاتھ رکھتے بولی تھی

کپڑے چینج کرتے وہ شیشے کے سامنے بیٹھی تھی

آپ کے بالوں کیا کرنا ہے۔۔ "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

سمپلی جوڑا بنادو۔۔ "

وہ پارلر والی کو مشورہ دیتے بولی تھی

آپ کے بال بہت پیارے ہیں۔۔"وہ اس کے سیاہ کمر تک جاتے لمبے ہلکے نیچے سے کرلی بال برش کرتے بولی تھی

تھینکیو۔۔!!وہ اس کو جوڑا بناتے دیکھ مسکرائی تھی

وہ مکمل اس کے لیے تیار تھی

جیولری کی ضرورت ہی نہی۔۔"وہ اس کو بوکس کھولتا دیکھ بولی تھی

حجاب تو نہی کریں نہ۔۔"پارلر والی لڑکی کو بعد میں سمجھ آئ تھی کیوں نہی جیولری کی ضرورت تھی

Posted on Kitab Nagri

سوری اس معاملے میں نو آرگیومنٹ۔۔ "

وہ ایرانی سٹائلش سا مہرون حجاب شیشے کے سامنے پن اپ کرتے گولڈن بھاری کام دار دوپٹہ خود کندھے پر سیٹ کر چکی تھی وہ نہی جانتی تھی اس کا ڈریس کس نے خریدا تھا پر یہ حجاب کا سٹولر جو اس کی ڈریس کی مناسبت سے ہی تھا اس کے ساتھ ہی موجود تھا

ڈارک مہرون شرارے پر ڈارک مہرون ہی سمپل لونگ شرٹ تھی جس پر بھاری گولڈن کام دار دوپٹہ کندھے پر تھا

وہ خود پر تنقیدی نگاہ ڈالتے گولڈ کے بس کڑے ہاتھوں میں ڈال رہی تھی

جب دروازہ کھلا تھا

شیشے سے ابھرتا عکس اس کی ہیوی برائیڈل میک اپ سے لبریز بھوری آنکھوں سمیت پلکیں یک لخت جھکی سی تھیں

وہ لڑکی اس کے روم سے چلی گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ اعتراف کرچکا تھا اس کو زیر کرنے کے سارے ہتھیاروں سے لیس تھی وہ لڑکی کاجل سمیت اس کی ڈارک مہرون لپسٹک

آہ احان یہ تجھے مار ڈالے گی "

وہ زیر لب بڑابڑاتے سنجیدگی کا خول چڑھاتے کف لنکس کھولتے کاوچ پر گیلا ٹاول دیکھتے ماتھے پر تیوری لے آیا تھا

یہ کیا ہے ریحہ۔۔ "

وہ ٹاول اسے دکھاتے چند پل کی نرمی زائل کرتے غصے سے بولا تھا

وہ ڈریسر کے سامنے ناسمجھی کے عالم میں تھی

ریحہ مجھے اپنے روم میں ساری چیزیں ڈسیپلن میں پسند ہیں خیال رکھا کرو آج صرف تمہارے پاوں کی وجہ سے برداشت کر گیا ہوں "

وہ حد درجے حیران تھی وہ تھکا سا اسے نظر انداز کیے ٹاول اور بیڈ سے بکھری چیزیں سمیٹتے شیٹ درست کر رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

کیا تھا یہ۔۔" وہ کھڑی کھڑی سکتے میں بے ہوش ہونے کو تھی

وہ اسے نظر انداز کیے واشروم میں کپڑے لے کر بند ہوا تھا

پچھلے پندرہ منٹ سے وہ بیڈ پر بیٹھی غصہ پیتے اب اس کے فیشن غور سے دیکھ رہی تھی

سیاہ شرٹ سے میچ سٹڈ انہماک سے لگاتے بال برش کر رہا تھا

خود پر پرفیوم سپرے کرتے وہ اسے ہی نہی بلکہ پورے کمرے کو مہکا گیا تھا

کوٹ پہنتے وہ اس کی جانب آیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلیں۔۔ "

اپنی ہتھیلی اس کے سامنے پھیلائی تھی

سرخ وسفید رنگت پر نفاست سے بنی ہلکی بھوری دھاڑی نفاست سے بنے گھنے بال وہ اس وقت سوبر لگتے اس کے حواسوں پر چھایا تھا

Posted on Kitab Nagri

فنکشن تھیم کے اکورڈنگ تھا جو کے ایک ہی شادی حال میں کمبائن تھا دانین کے فیملی ممبرز تو چند ایک ہی تھے البتہ احان کی فیملی کے رشتے دار زیادہ تھے

ویسے کیا دیکھ کر تمہارے بھائی نے اس لڑکی سے شادی کی"

وہ اس شاندار ماحول پر چھائے شخص کو سٹیج پر اطراف میں پڑے کاوچ پر ریحہ کی نارمل گندمی رنگت کو دیکھتے بولی تھی جو اسے احان کے مطابق معمولی لگی تھی حالانکہ وہ اس وقت نظر انداز کیے جانے والی نہی لگ رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازہان سیاہ تھری پیس میں تھا جبکہ دانین اس کے پہلو میں سرخ بھاری کام دار لہنگے پر پوری برائیڈل لک میں تھی اس نے ایک نظر دانین کو دیکھا پھر اس لڑکی کو دیکھا جس کے رنگ پر وہ چوٹ کر چکی تھی

کردار۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ یک لفظی حرف اس کے مہارت سے میک اپ کیے چہرے پر ڈالتے بولا تھا بلاشبہ وہ اس وقت ریحہ کی نسبت سب کی نظروں کا مرکز بنی تھی

مطلب کیا ہے تمہارا۔۔؟

وہ دھیمے لہجے میں غرائی تھی

کچھ نہی۔۔ "

وہ احان کو دیکھتے بولا جو آج سارے مہمانوں کو ریسیو کر رہا تھا

میری بیٹی آپ کے حوالے کر رہی ہوں میری اکلوتی بیٹی ہے اس کے باپ کے بعد میں نے اس کی ہر خواہش پوری کی ہے "

آپ سے امید کروں گی اگر آپ کو دانین سے کبھی کوئی شکائت بھی ہوئی تو نظر انداز کر دیجیے گا "

رخصتی کے وقت دانین کی ماں سانیہ سے مخاطب ہوئیں تھیں

Posted on Kitab Nagri

میں بہو نہی بیٹی لے کر جارہی ہوں" وہ اپنی ازلی نرم تبعیت کے مطابق ان کا ہاتھ دباتے ہلکی سی مسکراہٹ سے بولی تھیں

دانین کی ماں مطمین تو تھی پر دانین کے لیے بھی دعا ہی کی تھی وہ اس حرکت کے بعد گھر بسانے میں کامیاب ہو سکے وہ تو ماں ہی تھیں معاف کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہی تھا دوسرا صرف احان کی وجہ سے عزت سے رخصت ہو رہی تھی اس لمحے وہ مشکور ہی تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فنکشن سے فری ہوتے وہ ریحہ کے پاوں کی وجہ سے جلدی نکل آئے تھے وہ دونوں روم میں ایک ساتھ داخل ہوئے تھے

احان ریحہ کے پاوں کی وجہ سے اس کا ہاتھ تھامے آہستہ قدم بھر رہا تھا

وہ اس کی آنکھوں میں جھانک رہی تھی جو اس کے ہر سٹیپ پر نظر رکھے تھے

کسی معاملے میں وہ بہت کیرنگ ثابت ہوتا اور کسی میں انتہا سے زیادہ روڈ "

Posted on Kitab Nagri

وہ اداس ہوئی تھی وہ اسے دیکھ بھی نہی رہا تھا ریحہ کو اپنی آج کی ساری تیاری بے معنی سے لگی تھی

گھٹنوں کے بل جھکتے اس کا مہرون شرارہ سمیٹا تھا

نہی کریں پلیز" وہ پاوں پیچھے کرتے شرمندہ ہوئی تھی

اس کے ہاتھ کا لمس اپنی پنڈلیوں سے پاوں پر محسوس کرتے وہ سمٹ سی گئی تھی جواب اس کے سینڈل کا سٹریپ کھول رہا تھا

اس کے پاوں سینڈل سے آزاد کرتے وہ بے تاثر اٹھا کے وہ اس کا ہاتھ تھام چکی تھی

ماحول میں فسوں خیزی چھائی تھی

اس نے پلٹتے ابرو اچکاتے وجہ پوچھی تھی

ن۔۔ نتھنگ۔۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ سیاہ مسکارے سے سجی پلکیں جھکا گئ تھی

وہ خاموشی سے اس کے پوری طرح خود کو پاگل کرتے وجود سے نظریں چراتے گہرا سانس بھرتے واشروم کی جانب گیا تھا

وہ اسی پوزیشن میں آنسوں پر بندھ باندھے بیٹھی تھی

لفظ ختم تھے کیا یہ رشتہ ساری زندگی ایسے رہنا تھا

ایسے کیوں بیٹھی ہو اپنا یہ بکھرا و سمیٹو "

وہ اسی پوزیشن میں تھی جب مرر سے ٹراوزر شرٹ میں اس کا عکس رونما ہوا تھا

اس کے شفاف چہرے پر پانی کے قطرے اسے مزید خوبرو بنا رہے تھے وہ شخص آج بھی سب کی نظروں کا مرکز بنا تھا

وہ بے ساختہ اپنا ہاتھ دیکھتے اس کے رنگ سے خود کا موازنہ کر رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

میری آنکھیں میرا ناک میرے بال میں اس سے کمتر تو نہی ہوں "

پھر یہ مجھے کیوں نہی دیکھ رہا ہاں وہ اس وقت اپنے شوہر کی تعریف کی منتظر تھی

وہ لائٹ اوف کرتے بیڈ پر دراز ہوا تھا

ریحہ کو اس کی بے حسی پر مزید رونا آیا تھا وہ بامشکل خود کو رونے سے باز رکھتے کبرڈ سے کپڑے لیتے واشروم میں بند ہوئی تھی

سادہ سے ڈھیلے گلابی شرٹ ٹراوزر پر کریب کا دوپٹہ کندھے پر پھیلائے

بھیگے چہرے سے جیولری تھامے وہ اسے اسی پوزیشن میں ڈریسر پر چیزیں رکھتے دیکھ رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

م۔۔میں ہرگز سوری نہی کروگی آپ کو

آپ کو پتہ ہے آپ سب سے زیادہ بدتمیز شوہر ہیں "

اپنی جگہ پر لیٹتے وہ رندھی آواز میں بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

اور تم مسز بد تمیز رائٹ" وہ گہری خاموشی میں حساب برابر کرتے بولا تھا

وہ چند پل اس کی جانب کروٹ لیتے دیکھتی رہی تھی احان کو اس کی نظریں خود پر واضع محسوس ہو رہی تھیں

اس کی بے رخی برداشت سے باہر ہوتے وہ انا سائیڈ پر رکھے اس کی جانب خجل سی ہوتے کھسکی تھی

اپنے سینے پر نرمی کا احساس ہوتے اسے ادراک ہوا تھا کہ وہ اس کے سینے پر اپنا سر رکھ چکی تھی

اپنے سینے پر اس کا سر دیکھتے ہی نہی سنبھلا تھا کہ اس کی باتوں سے وہ حیران ہوا تھا

مانا کہ میں آپ کی چوائس نہی تھی"

پھر بھی میں پوری رات آپ کے انتظار میں رہی تھی یہاں تک کے میری گردن صبح دکھنے لگی تھی

اس کی شرٹ مٹھی میں تھامتے وہ اس کے کوئ رد عمل نہ دینے پر اس پر غصے سے جھک سی گئ تھی اور اب اس کا بازو آنکھوں سے ہٹاتے وہ جو استحاق استعمال کر رہی تھی اس کے انجام سے فلحال وہ انجان تھی

Posted on Kitab Nagri

دھیمی سی روشنی میں وہ اس کے چہرے کے اتنے قریب تھی کہ اس کے سرخ عارض ہلکی لپسٹک کی رمق لیے بھرے لب مضطرب نقش سے نظریں لاپروہ دوپٹے والی صراحی دار گردن پر ٹھہر چکی تھیں

خود کو ڈھیلا چھوڑے وہ دانستہ خود اس کے جزبات کو دعوت دے رہی تھی

ہمت کیسے ہو رہی ہے مجھے اگنور کرنے کی"

وہ مزید آتش فشاں بنتی کے وہ اس کی انہی کلائیوں کو تھامتے اپنئ چھوڑی جگہ پر اب پہنچ چکا تھا

بہت بری لگی میری اگنورینس اور جو تم نے میرے ساتھ کیا اس پر نظر ثانی ابھی بھی نہی کر رہی ہو"

رونے سے سرخ پڑی ناک پر پر لب رکھتے وہ اسے اس گھمبیر حال میں بھی مزید سرخ کر گیا تھا

آ۔۔ آپ سے۔۔" وہ اب بوکھلائ تھی

کیا مجھ سے" اس کی بوکھلائ شکل دیکھتے وہ بامشکل خود پر ضبط کیے تھا

Posted on Kitab Nagri

آ۔۔ آئی ایم سوری "

بھیگتا سا لہجہ تھا وہ ٹوٹتے لفظوں میں ادا کرتے فوری اس سے اب فرار چاہ رہی تھی جو اس پر پورا جھکا تھا

کس لیے "وہ اس لمحے مبہم سا مسکرایا تھا

وہ رپورٹ ازہان کی تھی میں سوچ بھی نہی سکتی تھی تو آپ مجھے کلیر کرسکتے تھے لیکن آپ نے مجھے اپنے ہارش رویے سے مسلسل تکلیف دی۔۔۔"وہ ایک بار پھر باہمت بنتے تعنہ دے چکی تھی

تم نے صفائ تو مانگی نہی تھی تم نے تو الزام لگایا تھا اب اس کے بدلے پیار تو دینے سے رہا میں۔۔"

وہ تنز کرتے بولا اس لمحے اسے واقعی غصہ آیا تھا

اور جو آپ نے کیا اس کا کیا میری تعریف تو دور مم۔۔۔

مجھے ایک گفٹ تک نہی دیا گھر میں میری ماں سمیت سب کو فیس تو مجھے کرنا پڑتا ہے نہ آپ کو اس سے کیا"

میں جو بھی فیل کروں آپ کو فرق ہی نہی پڑتا یاد ہو تو مجھ پر تھپڑ کے لیے ہاتھ اٹھایا تھا آپ نے "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے سرد لہجے پر آنسو نکلنے پر چہرہ دونوں ہاتھوں میں چھپا چکی تھی اس کے سارے شکوے اسی سے کرتے اس کی مزید بے رخی اسے کھل سی رہی تھی

مجھے ہمارے رشتے میں اعتماد چاہیے ایگو نہیں ریحہ۔۔ "

وہ اس کے چہرے کو ڈھکے ہاتھوں کی پشت پر لب رکھتے انہیں ہٹا چکا تھا

اپنی تعریف سننے کے لیے آج رات میری نظروں میں دیکھو پھر "

گفٹ پھر کے لیے ادھار رکھ لو یار"

اس کی سرخ آنکھیں دیکھ اپنا محبت سے لبریز لمس اس کی پیشانی پر دیتے وہ محبت کی پہلی سیڑھی پر قدم رکھ چکا تھا اس کے لہجے کی نرمی محسوس ہوتے وہ آنکھیں وا کرتے اس کے چہرے کو تک رہی تھی وہ اسے مزید اکسا رہی تھی وہ جھکتا کے کے وہ اس کے سینے پر دونوں ہاتھوں کا زور دیتے چہرا موڑے اس کی اس قدر شدید قربت کے حوالے سے انجان سی اپنی بے ترتیب دھڑکنیں بامشکل سنبھالے تھی

سوچنا بھی مت آج جائے فرار "

Posted on Kitab Nagri

اس کی کلائیاں چومتے وہ سب کچھ بھلائے بس اس لمحے اس کی طلب چاہ رہا تھا وہ بے بس سی ہو گئ تھی

مجھے تمہارے پاگل کرتے بالوں سے لیکر تمہارے چہرے کے ہر نقش سے محبت ہے"

اس کا ہر نقش اپنی محبت سے آشنا کراتے وہ ابتر ہوتی سانسوں میں اس کے اعتراف سے لیکر اس قدر شدید عملی ثبوت پر سرخ سی اس کے رحم و کرم پر تھی جو اس کے بال جوڑے کی ڈھیلی سی زد سے اب آزاد کر چکا تھا

وہ اپنی بے ترتیب حالت پر سنبھلتی کے اپنی گردن پر اس کا احساس محسوس کرتے وہ اس کا کندھا دبوچ چکی تھی

اس لمحے اس کی بند آنکھوں کی جانب دیکھتے وہ مسکرایا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آریو ایگری۔۔۔ "

اس کی بند آنکھوں پر لب رکھے تھے

اس پر دوبارہ قابض ہوتے وہ اس کے کان میں سرگوشیاں کرتے بہک سا رہا تھا کے وہ بے جان ہوتی سانسوں سے رونے والی تھی جو خود اس کو اپنی قربت کی دعوت دے چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

ایگری ہے میری جان"

بوجھل سے لہجے میں اس کے بالوں میں چہرہ چھپائے وہ حامی چاہتے مزید فاصلے مٹانے کے درپہ منتظر تھا وہ ان لمحات کی گرفت میں جاتے چاہ کے بھی اسے نہی روک پارہی تھی جواب اس کی انگلیاں اپنی انگلیوں میں رفتہ رفتہ الجھا رہا تھا

اس سے نظریں نہ ملاتے بے اختیار اس کے سینے میں چہرہ چھپا چکی تھی

اس کے اعتراف پر نرمی سے اس پر اپنی محبت کے سارے رنگ چڑھاتے وہ اسے گزرتی رات کے ساتھ لمحہ با لمحہ مزید خود کے لیے دیوانہ وار اثیر کر رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گلاس وال سے پڑتی روشنی اس کو دکھتی آنکھیں کھولنے پر مجبور کر رہی تھیں

خود کو بستر پر پاتے وہ حیران سی تھی روم میں نظر ڈالی وہ نہی تھا

غاز۔۔۔"

Posted on Kitab Nagri

بکھرے بال مٹھی میں تھامتے وہ زیر لب بڑبڑاتے روم سے باہر آئی تھی

وہ فریش ساسیاہ جینز پر پرپل شرٹ میں اپنا ناشتہ ٹیبل پر لگا رہا تھا

اس لمحے نظر اس کے ہاتھوں پر ٹھہر سی گئی تھیں جو ٹیبل کو صاف کر رہا تھا

وہ اس کو اس طرح کرتے دیکھتے عجیب شرمندہ ہوئی تھی

م۔۔میں کرتی ہوں۔۔ "

اس کے ہاتھ سے کپڑا لیتے وہ قریب جاتے رات کی تلخی بھلائے بولی تھی جیسے ان کے درمیان سب نارمل ہو

تم خود کو ہینڈل کرلو وہی کافی ہے۔۔"

اس کے اس قدر سرد جواب پر بڑھایا ہاتھ تھما تھا

وہ چیئر کینچھتے بیٹھ گیا تھا سلیو فولڈ کرے اب روزمرہ کے ناشتے میں انہاک سے مصروف ہو گیا تھا جیسے وہ وہاں اکیلا ہو

اسے ہمیشہ کی طرح آج ناشتہ کا نہی پوچھا تھا

Posted on Kitab Nagri

نہی آج میں آپ کے ہاتھ سے کھاوں گی"

وہ دونوں ہاتھوں سے پلیٹ ان کی جانب کھسکاتے بولی تھی

کیوں نور آج بے بی بن گئ ہے بابا کی "

وہ اس کے منہ میں نوالے ڈالتے مسکراتے بولے تھے

چمچ خاموشی میں گرتے اسے حال میں واپس لایا تھا

مجھے بابا کے پاس جانا ہے "

کیا مجھے جاتے ہوئے ڈراپ کر دیں گے "

وہ پلکوں کے کنارے جمے آنسو ضبط کرتے بولی تھی

چلو دو منٹ میں باہر آو۔۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ آخری نوالہ اس سے بے رخی اپناتے بامشکل حلق میں اتار پایا تھا

وہ مرر کے سامنے لمبے گیلے بال خشک کر رہی تھی

جب واشروم کا دروازہ کھلا تھا وہ ٹاول سٹینڈ پر لگاتے اس کو پیچ گھٹنوک تک آتی سادہ فراک میں دیکھتے مبہم سا مسکرایا تھا ٹاول سٹینڈ پر رکھتے وہ قدم قدم چلتے اس کے پیچھے آیا تھا

اس کا عکس اپنے پیچھے دیکھتے اس کے ہاتھ سے کنگا چھوٹا تھا رات اسے چاہ کے بھی وہ روک نہی پائی تھی وہ خود بھی تو دانستہ اس کی قربت ہی چاہتی تھی اس کی محبتیں شدتیں سوچتے وہ اس کی موجودگی سے بے حال ہوتے اس لمحے سرخ ہوی تھی

اتنی سرخ کیوں ہو رہی ہو"

اس کے کندھے پر تھوڑی ٹکائے شیشے سے اس کا عکس دیکھتے مزید بوجھل لہجہ ہوا تھا

Posted on Kitab Nagri

مم۔۔مجھے نہی پتہ پیچھے ہوں۔۔ "

وہ چہرا جھکائے لب کچلتے جھجکتے خجل سی ہوئ تھی

کم ڈاون۔۔ "

وہ اس کو جھجکتے دیکھ اس کا رخ اپنی جانب کر چکا تھا اپنی محبت سے چمکتے اس کے ہر نقش کو محبت سے دیکھتے اس کے ماتھے پر اپنے لب رکھتے اپنائیت کا احساس دیتے مزید خود کا اثیر کر چکا تھا

Welcome to my life"

اس کی سرخ پڑتی ناک چومتے اس کے بال کندھے سے ہٹاتے وہ لب رکھ چکا تھا وہ اکھڑی سانسوں سے اس کے سینے میں چہرہ چھپا چکی تھی

اس کا چہرہ سامنے کرتے سارے رنگ دیکھے تھے

یار آپ نے میری بیوی کو دیکھا رات سوری کرنے کے بعد کھو گئ ہے کہیں "

Posted on Kitab Nagri

اس کے شرمائے روپ کو دیکھتے وہ ہونٹوں کی مسکراہٹ ضبط کرتے بولا تھا

اس کی بات پر اس کے سینے پر پنچ مار چکی تھی

آپ چیٹر ہو۔۔ "

م۔۔میں نے کوئی سوری نہی بولی تھی۔۔ "

وہ پل میں اس کی نظروں کی تاب نہ لاتے نظریں جھکاتے پیچھے ہوتی کے وہ اسے حصار میں لے چکا تھا

سوچنا بھی مت"

تمہاری ہر صبح میرے حصار میں ہو گی

اس کو واضع تنبیہ کرتے وہ جنونی سا ہوتے اس کے چہرے پر پھر سے جھکا تھا

دروازہ نوک ہوا تھا جو آج کافی لیٹ تھے دروازہ نوک ہوتے اب بند ہو گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

حان۔۔"

اس کی شرٹ پر زور دیتے وہ پاگل ہوتی سانسوں میں بولی تھی

Han sound nice "

اس پر نظر ڈالی جو سرخ سی چہرہ جھکائے گہرے سانس بھرتے خجل ہو رہی تھی

یہ والی شرماتی ریحہ جان لے رہی ہے میری"

اس کی حالت پر ترس کرتے وہ زندگی سے بھرپور مسکراہٹ لیے پیچھے ہوا تھا

وہ بامشکل چہرے کے رنگ چھپاتے بال باندھتے بیڈ پر پڑا دوپٹہ لیتے اس کی پر شوق نظروں سے بچ رہی تھی

تمہارے بھائی اور بھابھی نہی آئے ناشتے پر۔۔ "

تمہاری بھابھی کو ہونا چاہیے تھا میرا آج فرسٹ ڈے تھا مجھے پروٹوکول ملنا چاہیے تھا"

Posted on Kitab Nagri

دانین نے ٹیبل پر ازہان سے مخاطب ہوتے پوچھا تھا

اس گھر کی فرد ہو اب تم دانین۔۔"

وہ قدرے نارمل لہجے میں اس کا چہرا دیکھتے بولا وہ بدل رہی تھی یا وہ ہے ہی ایسی تھی

سوری بڑی مما۔۔ "

وہ شرمندہ سی ٹیبل پر آتے باقی کے ناشتے کے برتن ان کے ساتھ سیٹ کرتے بولی تھی

شادی کے بعد سے ان کا کھانے کا سسٹم علیحدہ سا ہو گیا تھا وہ اکثر اپنی ماں کی باتیں مس کرتی تھی

سانیہ نے محبت پاش نظروں سے اس کے شرمائے روپ کو دیکھتے اس کے پیچھے احان کے مسکراتے چہرے دیکھا تھا

کوئی بات نہی ایک آدھ دن لیٹ ہونے پر میری مما سزا نہی دیتی۔۔ "

وہ چیئر پر بیٹھتے بولا تھا ریحہ نے آنکھیں دکھائیں تھیں

Posted on Kitab Nagri

دانین اس شخص کو شوخ ہوتا دیکھ حیران تھی ریحہ کی جانب دیکھتے وہ اس سے مخاطب ہوتی کے اس کی ماں اور اس کا بھائی اس کا ناشتہ لے کر آئے تھے وہ اور ازہان ان کی جانب متوجہ ہو گئے تھے اب

آپ کو یہ تکلف کرنے کی ضرورت نہی تھی

وہ رسانیت سے بولیں تھیں

یہ تو رسم ہے نہ تکلف کی تو کوئی بات ہی نہی "

ریحہ نے وہ سارا ناشتہ بھی احان کی نظروں سے بچتے ٹیبل پر سیٹ کیا تھا وہ اسے مزید تنگ کر رہا تھا

آپ تو کوفی لیتے ہیں۔۔"

وہ اس کو اپنا آدھا چائے سے بھرا کپ لبوں سے لگاتے دیکھ بولی تھی

ٹیسٹ چیک کر رہا تھا یار کڑوی ہے یا میٹھی۔۔ "

اس کو آنکھ مارتے وہ اپنے لبوں کی مسکراہٹ چھپانے کو کپ پر جھکا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ تو اس کی رات کی بے باک حرکتوں پر دھنگ ہوتے اپنے وجود سے سب کی موجودگی میں اب دھواں اٹھتا محسوس کر رہی تھی آیا کے یہ وہی احان تھا یا اس سڑو کا ڈپلیکیٹ"

وہ جھرجھری لے چکی تھی

میں نے آپ کو مس کیا

مجھے آپ کے ہاتھ سے ناشتہ کرنا تھا اسی لیے آئی میں"

وہ ان کے کندھے پر سر رکھے تھی ابھی کچھ دیر پہلے وہ اسے ان کے گھر کے باہر ڈراپ کر گیا تھا پورے راستے اس نے ایک بھی نظر نہی ڈالی تھی بلکہ ڈرائیو میں مصروف رہا تھا

لاونج میں کاوچ پر اس کے ساتھ بیٹھے زبیر مسکرائے تھے جو ابھی بچی بنی تھی

Posted on Kitab Nagri

غازیان اندر کیوں نہی آیا۔۔۔ "

اسے ناشتہ کرواتے وہ پریشان سے ہوئے تھے

وہ بزی تھے۔۔ "

وہ نظریں چراتے بولی وہ چاہ کہ بھی ان سے ڈسکس نہی کر سکتی تھی

بابا مجھ سے شادی کی کیا شرائط رکھی تھی آپ نے جو وہ مجھے اپنا گیا

اس کو آپ کے روم کے لیے بنائی میری ساری پینٹنگز بھی دے دی "

وہ پراٹھے کا آخری نوالہ لیتے اب کچھ بہتر محسوس کر رہی تھی تو اس موضوع کی جانب آئی تھی ورنہ تو وہ ابھی بھی صبح اس کو اکیلے ناشتہ کرتے دیکھ صدمے میں تھی

بغیر کسی شرائط کے تمہیں اسے سونپا ہے نور وہ مجھے بے بس کر چکا تھا تم مجھے خود غرض سمجھ رہی ہو کہ اپنی بیٹی کی قیمت لگائی میں نے "

مجھ سے بدگمان اور نفرت کبھی نہی کرنا "

Posted on Kitab Nagri

تم واحد میرے جینے کا سہارا ہو جس کے لیے تمہارا باپ زندہ ہے"

رہی بات ان پینٹنگز کی اس نے جہیز میں پینٹنگز مانگی تھیں "

وہ ایک الگ ہی کیس ہے میں ابھی تک اسے سمجھ نہی پایا ہوں کیا وہ تمہیں جانتا تھا

ن۔۔ نہی۔۔"اب وہ محض وقتی ملاقات تو بتا نہی سکتی تھی

نور کالج جانا کب سٹارٹ کرنا ہے"وہ اس کو نرمی سے اس موضوع کی جانب لائے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں برتن سمیٹتی ہوں"وہ انجان بنتے اٹھی تھی جبکہ وہ بے بس سے اس کو کیچن میں کک سے الجھتا دیکھ رہے تھے جو ان کی ڈائیٹ کے حوالے سے سمجھا رہی تھی

وہ اپنے روم میں تھی

Posted on Kitab Nagri

شاور لیتے مہرون اور سفید امتزاج کے کپڑوں میں وہ بالکنی میں تھی جب نیچے مالی اور ڈرائیور کو کسی عورت سے الجھتے دیکھا تھا

وہ اندر جانے پر شائد بضد تھی

نور روم سے دوپٹہ سنبھالتے باہر کی جانب بڑھی تھی

کیا مسلہ ہے۔۔ "

نور میڈم کیسی ہیں آپ۔۔ "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نور کو کچھ جانی پہچانی سی لگی تھی

جی کہیں آپ لوگ جائیں۔۔ "

وہ اسے اندر لاتے بولی تھی

میرے شوہر زبیر صاحب کے گارڈ ہیں پچھلے تین سالوں سے "

Posted on Kitab Nagri

مجھے مدد چاہیے وہ لاپتہ ہیں پرسوں سے

یاد آیا آپ کے شوہر تو میری مدد کر سکتے ہیں

ابھی پچھلے دنوں آپ کے پاس میری بیٹی کو بھی تو لے کر گئے تھے نہ "

یاد پڑا آپ کو کچھ "

وہ اپنے تئ اسے بتا رہی تھی جبکہ وہ تو اس انکشاف پر سفید پڑتی جا رہی تھی

وہ مزید بولتے واسطے دیتی کے وہ چلائ تھی

نکلیں میرے گھر سے ابھی "

وہ چلائ تھی کے بے ساختہ زبیر بھی لاونج میں اس کے چلانے سے آئے تھے

وہ حیران تھے وہ کبھی کسی سے اس لہجے میں نہی بولی تھی تو پھر کیوں "

نور کیا ہوا بیٹے کون ہے یہ "

وہ حیران کن سے تھے

Posted on Kitab Nagri

آپ کی بیٹی کے مجرم کی بیوی بابا یہ آپ کے گارڈ کی بیوی ہے "

اسے کہیں نکل جائے یہاں سے "

وہ مزید آپے سے باہر ہوتی کے زبیر تو خود اس انکشاف پر حیران تھے

چلو بی بی۔۔۔ "

زبیر کے اشارے پر مالی اسے باہر زبردستی اس کی بد عائیں سنتے لے جا رہا تھا

نورتم۔۔"وہ اس کو سنبھالتے صوفے پر لائے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ جانتا ہے سب کو بابا وہ جانتا ہے وہ سب کے بارے میں جان گیا ہے وہ آپ کی بیٹی کے سارے مجرموں کے بارے میں جان گیا ہے"

جب کے وہ جان گئے تھے وہ شخص اس کی قید میں ہے

Posted on Kitab Nagri

یہ سب غارت ہو جائیں مجھے سکون آجائے گا ورنہ جب تک وہ اس فضا میں کھلے عام سانس لے رہے ہیں مجھے وہ ازیت نہی بھولے گی "

میں اسے بھی ہرٹ کرتی ہوں اسے بھی تکلیف دیتی ہوں "

وہ اس کے مزید انکشافات پر حیران تھے وہ ابھی بھی نارمل زندگی کی طرف نہی آئی تھی اور وہ سمجھ بیٹھے تھے کے وہ کچھ سنبھل چکی ہے

سیاہ رات اپنے پر پھیلائے تھی

سامنے گلاس دانستہ ہونٹوں سے لگائے وہ چاروں طرف نظریں بھٹکا رہا تھا

یہ چٹ اس میم کو دو۔۔ "

پر۔۔"ویٹر نے کچھ کہنا چاہا تھا جب وہ سیاہ ہڈ میں موجود شخص چند نوٹ اس کی مٹھی میں تھما چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

سامنے موجود دانیال نشے میں مکمل دھت ہوتے بھی اپنے سامنے موجود لڑکی پر گہری غلیظ نظریں ڈالے تھا

فائینل کلائمیکس تھا بس

آج دن کی باتیں یاد آئیں تھیں

اس ملک میں ملزم کو مجرم ثابت کیا جاتا ہے

غازیان وہ بہو ہے میری تمہیں عدالت تک نہی جانے دوں گا

ایسے کیسیس میں میرے نزدیک نقصان کے علاوہ کچھ نہی ہے"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

توان کو جانتے ہوئے بھی ہاتھ پر ہاتھ رکھ کے بیٹھا رہوں ڈیڈ مجھے ہینڈل کرنے دیں یہ معاملہ آپ اور جسٹس صاحب مداخلت نہی کریں

میں اسے ایکسپوز نہی کروں گا پاگل نہی ہوں میں پر اس شخص کو عبرت ناک سزا تو دے سکتا ہوں نہ"

Posted on Kitab Nagri

وہ آگ بگولا ہوتے دل کی آگ مزید بڑھکانے کو ٹیبل پر پڑی چابیوں اور سیل فون کے ساتھ پڑے سیگریٹ کے پیکٹ میں سے سگریٹ سلگا چکا تھا

"سموک الاو نہی میرے آفس میں۔۔"

وہ سیگریٹ جلاتے دیکھ ناگواری سے بات بیچ میں روکتے بولے تھے

وہ گہرے کش لیتے دھواں چھوڑ رہا تھا اور صبح کی اپنی اس سے اپنائی بے رخی محسوس ہوئ تھی

"سنا نہی تمہیں۔۔"

"گھر اس کی وجہ سے نہی پیتا یہاں یہ

"وہ بڑبڑاتے ان کی ایک گردان سے

شوز کے نیچے مسلتے ان کے بنائے قوانین کی پاسداری کرنے پر مجبور ہوا تھا کیونکہ وہ ان کے آفس میں تھا اس وقت

Posted on Kitab Nagri

یہ ایک نازک معاملہ ہے تم بہتر طریقے سے جانتے ہو سارے پوائینٹس سوچو خود"

نور کالج سے کڈنیپ ہوئی تھی تو اس کا کا بیگ اور سیل فون ابھی بھی ان کے پاس ہو گا وہ اپنی مرضی سے آئی تھی وہ کوئی بھی بات بنا سکتے ہیں غازیان

وہ سر مسلتے خود سے بولا تھا

اس نے اتنی باریکی کے پوائنٹ سوچے ہی نہی تھے وہ اس کو ایکسپوز تھوڑی کرنا چاہتا تھا

سٹرونگ پارٹی ہے ایری غیری نہی وفاقی وزیر کا بیٹا ہے تو ایسے لوگوں کے لیے گواہان خریدنا مشکل نہی ہوتا

صرف ڈیٹ پر ڈیٹ ملے گی سوالات علیحدہ سے کیا وہ فیس کر پائے گی یا میں ہرگز نہی کیسے کیسے گھٹیا سوالات پوچھے جاتے ہیں

میڈیکل رپورٹ سے لیکر کیا کیا

نہی مزید نہی ایسے درندوں کو خود ہی ختم کر دینا چاہیے"

Posted on Kitab Nagri

یہ ساری سوچیں اس کو اس نہج تک لائیں تھیں

ویٹر نے گلاس سمیت وہ چٹ اس لڑکی کو تھمائی تھی

وہ پڑھتے وہ اس کی جانب دیکھتے مسکرائی تھی

چند لمحوں بعد دانیال اس کے ساتھ لڑکھڑاتے قدم بھرے نشے میں چور تھا

وہ اوپر جاتے روم میں بند ہوا تھا کے پولیس کے سائرن پر وہ سارے ریڈ ایریا پر چھاپہ پڑا تھا

سب کی گرفتاری ہو گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دانیال حیران تھا کے وہ اس پر جھکی سی تھی وہ اس کو بند ہوتی آنکھوں سے چھوتا کے اس کے ہاتھ ہل ہی نہی پا رہے تھے

بند ہوتی آنکھوں میں اسنے خود کے ہاتھوں پر ہتھکڑی لگی دیکھی تھی

Posted on Kitab Nagri

میر ابیٹا دو دن سے گھر نہی آیا مجھے گھر چاہیے آپ یوں ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھیں ہیں آپ کی پاور کہاں گئ"

وہ کوئ دودھ پیتا بچہ نہی ہے جس کی انگلی پکڑتے مجھے گھر لانا ہے"

میر سبطین غصے سے بولا تھا

لیکن حیرت تو یہ تھی اگر پولیس نے سب کو اس ریڈ ایریا سے گرفتار کیا تھا تو وہ کہاں گیا تھا لاسٹ ٹائم اس کی سم کی لوکیشن وہی کی تھی

وہ اب واقعی پریشان تھا آخر وہ کہاں جا سکتا ہے

انکل وہ ہمارے ساتھ ہی تھا پھر وہ وہاں ایک لڑکی کے ساتھ مصروف ہو گیا ہمیں نہی پتہ پھر اب پولیس کی گاڑی کے سائرن سے بھاگ نکلے "

جبکہ دوسرے اس کے ساتھ پائے جانے والے شخص کی ضمانت کرا دی تھی

Posted on Kitab Nagri

یہ سارے امیر باپ کی بگڑی اولاد جن کے لیے جیل جانا اور وہاں کی ہوا کھا کے اگلے دو سے تین گھنٹوں میں آرام سے باہر نکل آنا محض ایک کھیل تھا

جبکہ میر سبطین اب واقعی پریشان تھے وہ اتنا غیر زمیدار کیسے تھا کے فون ہی بند کر دے "

فکر کی پر سوچ لکیریں ابھری تھیں

مسلسل تیز بجتے الام کی آواز سے

وال کلاک پر نظر ڈالی جہاں ساڑھے سات بجنے والے تھے

شٹ نماز پڑھ کے دوبارہ سونے کی وجہ سے آنکھ کافی لیٹ کھلی تھی جس کا اندازہ اسے اچھے سے ہو چکا تھا

بھک سے نیند اڑی تھی وہ کافی لیٹ ہو گیا تھا

اے سی اوف کرتے اپنے پہلو میں سوئی لڑکی پر نظر ڈالی جو سارے بال اس پر پھیلائے اس کے سینے پر سر رکھے گہری نیند میں محو تھی

Posted on Kitab Nagri

اریحہ۔۔ "

احان نے محبت سے چور لہجے میں اس کا سر تکیے پر رکھتے پکارا تھا

پر وہ ٹس سے مس نہی ہوئ تھی

اسکی پیشانی پر جھکتے لب رکھتے اس کے بکھرے بال سمیٹے تھے جو اس وقت ملگجے اندھیرے میں کم از کم چڑیل کا منظر پیش کر رہی تھی

وہ جان گیا تھا کے اسے نیند سے جگانا ایک مشکل کام ہے "

ریحہ میری جان لیٹ ہیں ہم جلدی سے اٹھ جاو یونیورسٹی نہی جانا

اٹھو شاباش۔۔"

اس پر جھکے اب لیٹ ہونے کی فکر سے خود ایک پاوں میں چپل اڑستے اس کی گال تھپتھپائ تھی

نہی مجھے نہی جانا "

وہ مسلسل ڈسٹربنگ سے کروٹ لیتے ماتھے پر بل لائے کسمسائ تھی کے سارے بال اس کی پشت پر بکھرے تھے

Posted on Kitab Nagri

وہ گہرا سانس بھرتے تھم گیا

احان کو پتہ تھا معمولی کاروائیوں سے وہ ہرگز نہی اٹھنے والی ہے "

اگلے لمحے خود بستر سے نکلتے اس کی کمر اور گردن میں ہاتھ ڈالتے اسے بازوں میں بھرتے بیڈ سے اترتے اپنے مدمقابل کیا تھا

وہ نیند میں ادھ کھلی آنکھوں سے اپنے وزن پر کھڑے ہونے سے بوکھلائ تھی بروقت اگر نہ تھامتا تو زمین بوس ہوتی وہ

کیا مسلہ ہے سونے دیں مجھے کیوں میری نیند کے دشمن بنے ہیں "

وہ اس کی گردن میں دونوں بازو حائل کیے نیند سے بوجھل لہجے میں بولتے اس کے سینے میں منہ چھپائے پھر سے آنکھیں موند گئ تھی

اس کی گرم سانسیں سینے پر محسوس کرتے وہ مزید ان حسین لمحوں کی زد میں جانے سے خود کو باز رکھے تھا

میں شاور لے کر آرہا ہوں دو منٹ میں اپنی نیند دور کرو۔۔ "

اسے صوفے پر بٹھاتے وہ کوئ چونچلے افورڈ نہی کر سکتا تھا لھذا واشروم کا رخ کیا تھا

Posted on Kitab Nagri

پندرہ منٹ بعد واپس آنے پر شدید صدمے میں تھا وہ وہی صوفے پر ہلکا سا منہ کھولے بے ترتیب سی ٹانگیں صوفے سے نیچے لٹکائے سوئی پڑی تھی

اف سب سے پہلے تو تمہیں ڈسپلین میں لانا پڑے گا پردے ہٹاتے بالکنی کا دروازہ کھولتے

نظریں بھٹکتے اس کے چہرے سے وجود میں اٹک رہی تھیں وہ مخصوص چمک لیے ایک گھٹنا فولڈ کیے اسپر صوفے پر ہی جھکا تھا

آنکھیں مسلسل کچھ گیلا محسوس کرتے پھٹنے کے قریب تھیں جب اس کو خود پر جھکے دیکھا جس کے بھیگے بال اور بیرڈ اسے مسلسل پریشان کر رہی تھی

حان۔۔ "

ہوش میں آتے اس کے سینے پر زور دیتے سارے تقاضے ہوئے تھے کے وہ اس وقت کس حلیے میں تھی

لیکن اب وہ اس کے دونوں ہاتھ تھامتے اس کی ناک پر لب رکھتے جھک آیا تھا

Posted on Kitab Nagri

اس کی بڑھتی جسارتوں پر وہ بوکھلائی سی چہرہ موڑ چکی تھی

تمہیں نیند سے جگانے کا طریقہ "

گہری نظریں ڈالتے وہ خود پر ضبط کیے پرے ہوا تھا

لیکن مجھے کیوں اٹھایا ہے "

وہ اس کے دور جانے پر بگڑا تنفس سنبھالے اب رف سے بال لپیٹتے فوری سے دوپٹہ ڈھونڈھنے کی تگ و دو میں ہوئی تھی جو بیڈ سے آدھا نیچے فرش پر جھول رہا تھا

کیا مطلب کیوں اٹھایا ہے یونیورسٹی جانا ہے تم نے "اس کے بگڑے منہ سمیت اپنی محبتوں کا رنگ اچھے سے نظروں میں اتارا تھا

میرا دل نہی کرتا بس مجھے نہی جانا اب سے مزید پڑھ کے کیا کرنا "

کرنے تو کام ہی نہ کوئی جوب تھوڑی کرنی مجھے "

Posted on Kitab Nagri

وہ بیڈ کے قریب گئ تھی اس کے بولنے سے پہلے فوری سے شیٹ درست کرتے برے منہ بناتے کمفرٹر طے لگایا تھا

بہت غلط سوچ ہے تمہاری تمہیں لگ رہا ہے میں تمہیں ایسے چھوڑ دوں گا اونرز کمپلیٹ کے بعد تم ایم فل میں بھی ایڈمیشن لے رہی ہو پھر پی ایچ ڈی"

وہ کبرڈ کھولتے کپڑے دیکھتے افسوس کر تا رہ گیا جہاں اس نے اپنے کپڑے بغیر طے لگائے مڑ وڑ چڑور کے پھینکے ہوئے تھے اس کی سائیڈ بھی تھوڑی خراب ہی تھی

ہولڈ اون ایم فل پی ایچ ڈی "

مجھے کوئ علامہ اقبال نہی بننا

میں ہر گز نہی پڑھوں گی یہ میرا لاسٹ سمیسٹر ختم ہو اور میری جان چھوٹے بس مجھے مزید نہی پڑھنا ساری زندگی پڑھتے دماغ گھستے رہو فضول میں بس۔"

اسے باور کراتے وہ واشروم میں بند ہوئ تھی

Posted on Kitab Nagri

دیکھ لوں گا تمہیں میں۔۔ "

وہ پیچھے سے ہانکتے سر جھٹکتے ڈریسنگ کے سامنے آیا تھا

میں جب اداس ہوتی تھی

بابا سے ضد کر کے شاپنگ آوٹنگ نیو ہیر کٹ لیتی تھی

اپنے پونی میں جھکڑے بال دیکھے جو قدرے رف سے لگے تھے سفید پلاوزو پر سیاہ ٹی شرٹ میں شیشے میں اپنا ابھرتا عکس مزید کمزور سا لگا بے رونق سا چہرہ جیسے خوشیاں تو روٹھ ہی گئی ہیں مجھ سے "

وہ گال چھوتے بولی

غازیان کی جان"

بے ساختہ لفظوں کی گونج سمیت اس کا شدت بھرا لمس یاد آتے گال تمتما اٹھے تھے کے چہرا خود بخود خون چھلکانے لگا چند لمحے پہلے دکھنے والا چہرہ اب خاصہ حیران کر گیا اسے

Posted on Kitab Nagri

I want a normal life.."

میں تمہیں شاید کبھی وہ سکون نہ دے پاوں جو ایک بیوی دے سکتی ہے "

بٹ سٹل مجھے تم۔۔"

وہ بولتے بولتے رکی تھی جب اپنی گال نم ہوتی محسوس ہوئ تھی

وہ اسے مس کر رہی تھی

کیوں وہ سمجھ ہی نہی پا رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نور۔۔"

زبیر کی آواز سے وہ گال صاف کیے وہ سٹولر گلے میں لپیٹے باہر گئ تھی

گھر رہ کر فزیکل ہیلتھ پر بھی نوٹس لو تم ڈاکٹر بن رہی ہو نور تم تو چیزیں بہتر جانتی ہو

Posted on Kitab Nagri

مارننگ واک ہی کرلیا کرو مینٹل اور فریکل ہیلتھ دونوں ضروری ہے میں کیسے سمجھاوں تمہیں

یہ میری بیٹی مجھے بلکل نہی لگتی"

وہ اس کا ہاتھ تھامے گارڈن میں چلتے اسے سمجھا رہے تھے

چلو آج تم میرا مقابلہ کرو۔۔ "

ریس میں مجھے کوئ بھی نہی ہرا پایا

ہم دونوں ریس لگائیں گے "

وہ شوز کے لیسس بند کرتے اسے بھی جوگنگ پر لے جانے پر بضد تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے نہی کرنا مجھے نہی جانا "

وہ دھیمے سے بولتے اس کے بکھرے بالوں والے ماتھے پر تیوری دیکھے منہ موڑ چکی تھی اپنا دھیان اس کے گھر میں موجود چھوٹے سے لان کی جانب کر چکی تھی اگر وہ آج باہر آہی گئ تھی تو اس نے نئ رٹ لگالی تھی

پھر میں تمہیں اٹھا کر ریس لگاوں "

Posted on Kitab Nagri

دونوں گرے تو ساتھ میں گریں گے"

وہ مخصوص مسکراہٹ لیے اس کی جانب بڑھا تھا وہ نا سمجھی سے رخ موڑے ہلکی گھاس مٹھیوں میں نوچے بیٹھی رہی

نو نو غازیان پلیز سٹے آوے "

اس کے کچھ سمجھنے تک وہ اسے بازوں میں بھر چکا تھا

لوگ کیا کہیں گے "وہ اسکی شرٹ میں چہرہ چھپائے خجل سی ہوئی تھی

لوگ کہیں گے ایک ہینڈ سم لڑکے کو کوجی سی لڑکی نے پھسالیا"

وہ مسکراتے گیٹ عبور کرتے بولا تھا

ہینڈ سم لڑکا نہی مرد "

وہ تصیح کرتے اس کا وجیہہ چہرہ دیکھتے پھر سے منہ چھپا چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

جب وہ مقابل اتارتے اس کا ہاتھ تھام چکا تھا

اب تم بھی اس مرد کے ساتھ کم از کم لڑکی نہی عورت لگو گی "

پہلی دفعہ وہ اس کی بات پر لب دبائے مسکرائی تھی تو کیا وہ اپنی خوبصورتی کے قصیدے سننے میں انٹرسٹڈ تھا

سمجھ رہی ہو نہ میں کیا سمجھا رہا ہوں

ہاں میرا مطلب جی بابا۔۔"

وہ ہوش میں آئی تھی

وہ اب بدل رہا تھا وہ اس سے جس خواہشات کا طالب تھا ان کو پوری کرنے سے اسے خوف آتا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے ابھی پراٹھا سہی سے بنانا نہی آتا خشک روٹی تو پھر بھی آتی تھی "

کیچن میں آتے فریج سے چیزیں لیتے وہ بڑبڑائی تھی کہاں سنگل لائف کے سکون تھے وہ سوچ سکی

Posted on Kitab Nagri

خیر کوشش کے بعد وہ بنانے میں کامیاب ٹھہری تھی

ریحہ کیا کر رہی ہو بیٹا اتنی جلدی اٹھ گئی کچھ چاہیے تھا تو مجھے بتا دیتی "

سانیہ کیچن میں آتے خوشگوار حیرت سے بولیں تھیں "

یہ جلدی نہی مما احان لیٹ ہو گئے ہیں "

اور ایک بات یار اتنی اچھی کیوں ہیں آپ کوئی مزہ نہی آرہا مجھے تھوڑی ساس والی ٹف فیلنگز دیں تاکہ میں آپ کے بیٹے سے شکایت لگاوں اور پھر بہت سے ایڈوینچرز اور لڑائیاں ہوں ہماری"

وہ ایک نظر ان پر ڈالتے بولی تھی

اس کو توے سے دو فٹ دور ہوتے روٹی ڈالتے دیکھ اس کی بات سے وہ مسکرائیں تھیں

لیکن وہ تو ناشتہ ہیوی نہی کرتا" وہ اس کو اب گھی لگاتے دیکھ حیران ہوئیں تھیں

کیا لیکن وہ کہہ رہے تھے مجھے پراٹھے ہی کھانے ہیں حالانکہ مجھے بنانے بھی نہی آتے "

Posted on Kitab Nagri

شدید غصہ آیا تھا

نہی کھاتا وہ پراٹھا اتنی صبح جس دن لیٹ جائے بس اس دن وہ ہیوی ناشتہ کرتا ہے تنگ کر رہا ہے تمہیں "

بڑے ڈیش ہیں آپ پر بیٹا مجھ سے پالا پڑا ہے آپ کا دو دن فری کیا ہوئ مجھے تنگ کرنے کی پلیننگز سوچ ہے آپ کی"

بڑبڑاتے رات کا سالن اوون میں گرم کرتے اب باول میں نکالا تھا

تب تک کیچن میں ازہان آیا تھا وہ تیار سا تھا

ری یونی جانا ہے تم نے "کسی طرح تو مخاطب کرنا تھا نہ یہ جواز بہتر لگا پتہ نہی کیوں وہ احان کو پتہ لگنے کے بعد خود سے بھی نظریں چراتا تھا

ہاں۔۔ "

وہ سانیہ کی وجہ سے جواب دیتے ناشتے کے برتن لیتے کیچن سے باہر ٹیبل پر سیٹ کرنے گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے سپاٹ جواب اور خود کو نظر انداز کرتے دیکھ پریشان ہوا

بندہ پوچھے اب میں لیٹ کر رہی ہوں نہ"

فون پر ٹائم دیکھا تھا جہاں ساڑھے آٹھ تھے اس کی کلاس دس بجے تھی پھر بھی احان کی وجہ سے وہ جلدی جا رہی تھی

کیسی ہیں ریحہ بھابھی سہی سے ملاقات کا شرف ہی نہی بخشا آپ نے تو "

دانین سیاہ گاون پر گرے حجاب میں اسے باقاعدہ دیکھ نہی گھور رہی تھی جس کے کندھے پر بلیک ہی بیگ جبکہ ہاتھ میں سیل فون اور فائلز تھی وہ گارڈن میں تھی جب اسے پورچ میں کھڑے پایا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھی ہوں آپ کیسی ہیں آپ ہی تو نہی تھی

کل گھر۔۔ "

وہ نرمی سموئے مسکراتے یاد آنے پر بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

چلیں۔۔ "

اس کی بھاری آواز سے ریحہ سمیت دانین بھی اس کی جانب متوجہ ہوئی تھی

دانین نے اس کو دیکھا جو سیاہ ڈریس پینٹ پر سیاہ ہی شرٹ کے فولڈ سلیو میں تھا جس سے اس کے ابھری رگوں والے مضبوط سفید رسٹ میں سیاہ ہی ڈائل والی گھڑی نمایاں سی ہو رہی تھی جبکہ کورٹ اس کی دوسری بازو پر تھا بے ساختہ اس نے سوچا تھا سیاہ رنگ اس شخص کے لیے بنا ہے کیونکہ اس کے ریسپشن پر بھی اسی رنگ میں وہ اسے اٹریکٹ کر رہا تھا اس کی رنگت پر خاصہ جچ رہا تھا وہ رنگ "

اب کون لیٹ ہے جناب۔۔ "

وہ کاجل سے لبریز بھوری آنکھوں سے گھورتے بولی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایسے استحاق نہی جتاو کنٹرول کھو رہا ہوں۔۔"

وہ اس کی فائل پر اپنا کورٹ رکھتے دھیمی سرگوشی میں لب دبائے بولا تھا

ریحہ دانین کی موجودگی سے سٹپٹاتے اس سے دور ہوئی تھی جبکہ دانین خود کا نظر انداز کیے جانا اور اس کے چہرے کے رنگ اس کی گئی کسی سرگوشی پر باخوبی متغیر ہوتے دیکھ رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

اوکے دانین ایکچولی احان جلدی میں ہیں یونیورسٹی سے آکر آپ سے ملاقات ہوتی ہے "

آرہی ہوں حان"

وہ اس کے مسلسل ہارن بجانے سے گاڑی کی جانب متوجہ ہوئی تھی

حان۔۔"

زیرلب دہراتے اس کی نظروں نے گاڑی کا داخلی دروازے سے باہر نکلتے تک پیچھا کیا تھا

ہوش میں آتے خود کو بندھا پایا تھا

دماغ پر زور دیا یہ وہ جگہ تو نہی تھی یہ تو کوئی اور ہی جگہ تھی بلکہ کسی گھر کا سٹور روم لگا جہاں پرانے ٹوٹا گھر کا سامان چارپائی اور ایک دو کرسیوں کے علاوہ پلاسٹک کے ڈبے تھے ایک سیکنڈ میں وہ سارا جائزہ لے گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

فلیش بیک وہ تو کلب تھا وہ لڑکی روم سب دماغ پر ابھرا

پھر خود کے ہاتھ اس تک لے جاتے وہ اسے چھو نہی پایا تھا

پانی" حلق میں کانٹے سے چبھے تھے

پانی چاہیے " سرد آواز اور آنے والے کو دیکھ نہی پایا تھا پر سر ہلاتے فلحال پانی کی شدید طلب تھی

اس کی جانب بوتل بڑھائ تھی

تو کیسے پی پائے گا رک ہیلپ کرتا ہوں

ڈھکن کھولتے اس کے ہونٹوں قریب لے گیا

i was victim ghaz

تین لوگ تھے وہ"

Posted on Kitab Nagri

میں ایک رات سکون سے نہی سو پاتی مجھے خوف آتا ہے میں نارمل نہی ہو سکتی کوئی لڑکی نارمل نہی ہو سکتی

میں مار دینا چاہتی ہوں انہیں جب وہ ایک لڑکی کے ساتھ یہ سب کر کے اسے ہی نہی بلکہ اس کے پورے خاندان کو متاثر کر دیتے ہیں

تمہاری جنگ میری ہے نہ آئی پرومس سب کو خود سزا دوں گا"

بوتل پر گرفت مظبوط ہوتے وہ پانی سارا اس کے چہرے پر انڈھیل چکا تھا

گرم کھولتا پانی اسے ہڑبڑاتے سہی سے ہوش میں لے آیا تھا

ظالم انسان کون ہو تم۔۔۔"

مجھے میر دانیال سبطین کو یہاں رکھنے کا مقصد میر اباپ تیری جان لے لے گا"

تنزیہ نظر ڈالی تھی اس پر

وہ زمینی خدا کیسے بن سکتا تھا پر ایسے لوگوں کو ختم کر دینے میں ہی انسانیت کی بھلائی تھی

اپنے گھر سے زیادہ سیف جگہ اس کو رکھنے کو کوئی نہی لگی تھی

اس کا باپ دو دن سے اس ریڈ ایریے سے گرفتار لوگوں کو چیک کر چکا تھا پر وہ وہاں ہوتا تو ملتا

Posted on Kitab Nagri

سر میں نے سارے تھانے چیک کروائے ہیں پر شائد وہ کلب سے کہیں اور چلا گیا ہو ان گرفتار لوگوں میں نہ تو اس کا نام ہے نہ خود دانیال صاحب کی زات

پر آپ بے فکر رہیں میرے ایریا کی ٹیم اپنے فرائض انجام دے رہی ہے "

کوئ دشمنی بھی ہو سکتی ہے کیا پتہ وہ مر گیا ہو ابھی تک "

اس کا چہرہ اپنے بھاری کی پشت تلے دبائے وہ اس کی کرسی کے پیچھے کھڑا لب دبائے اس کی غراہٹ اور چیخیں اپنے ہاتھوں تلے دبائے فون پر دوسری جانب مصروف تھا

میر صاحب سے کہیں حوصلہ ایسے لوگوں کی دشمنیاں بھی تو بہت ہوتی ہیں خیر جلد ہی ان تک ان کے بیٹے کو زندہ ہو یا مردہ ڈونڈھ کر پہنچا دیا جائے گا تب تک وہ اپنے دشمنوں کی لسٹ بنائیں "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آج ایک دن بعد وہ پھر اس روم میں آیا تھا جہاں وہ نڈھال سا قید فون پر اس کی باتیں سن رہا تھا پر ابھی تک وہ وجہ نہی جان پایا تھا

فون جینز کی پوکٹ میں رکھے وہ اس ہڈ والے شخص کو اب دیکھ رہا تھا

مارچ 29 کو جو لوگ تمہارے ساتھ تمہارے فارم ہاوس تھے ان کے نام بتاو "

Posted on Kitab Nagri

وہ خود کو چھڑوانے کی زد میں تھا جب پہلی بار اس شخص کی سرد بھاری آواز کانوں کو سنتی محسوس ہوئی تھی

دیکھو جو بھی چاہیے میرا باپ دے گا پر مجھے چھوڑ دو مرد ہو تو چھوڑو مقابلہ سامنے سے کرو "

وہ باہمت ہوتے بھوک اور پیاس کی بے چینی سے نڈھال سا خونخوار ہوتے غرایا تھا

اس کے منہ پر زوردار تھپڑ مارا تھا

مجھے فضول باتیں ہرگز پسند نہی ہیں جتنا سوال پوچھوں اتنا جواب"

دانیال تو سکتے میں تھا کون تھا یہ شخص جو اس کے پیچھے پڑا تھا وہ ابھی تک اس کا چہرہ نہی دیکھ پایا تھا

دوبارہ پوچھ ہوں تمہارے فارم ہاوس پر کون تھا اس رات "

چیئر کینیچھتے اب وہ اس کے سامنے بیٹھا اس کا چہرہ نوچ دینا چاہتا تھا

منہ سے خون چھلکاتی آنکھوں سے زور لگاتے خود کو چھڑوانے کی تگ و دو میں تھا

Posted on Kitab Nagri

دوسری بار کا تپڑ اتنا زور دار تھا کے گردن ڈھلک چکی تھی

مجھے جواب نہ دینے والے لوگ شدید برے لگتے ہیں"

اس کے بال مٹھی میں تھامے تھے

دوبارہ پوچھ رہا ہوں مری سے واپسی پر جب فارم ہاوس تھے اس لڑکی کے ساتھ۔۔ "

وہ مٹھیاں بھینچ گیا تھا کے دل چاہا تھا شوٹ کرڈالے اسے جو جانے کتنی زندگیاں برباد کیے تھا

سیکنڈ کی مار تھی دانیال فوری ہوش میں آیا تھا جیسے معاملہ سمجھ ہو

او آئی سی اب سمجھا بدلہ جسٹس کی بیٹی ویٹ ویٹ۔۔"

تو اس کا باپ ہے بھائی ہے یا۔۔۔"

وہ نڈر سا قہقہ لگاتے مزید بولتا کے وہ اس گردن دبوچ چکا تھا

دانیال کو اپنی آنکھیں اب باہر نکلتی محسوس ہوئی تھی کھانستے سرخ سا بے حال ہوا تھا

پر اسے کسی طرح صبر نہی آرہا تھا خون چھلکاتا سرخ چہرہ جو پسینے سے تر ہو گیا تھا اس کی بات سے اپنے وجود میں چیونٹیاں رینگتی محسوس ہوئی تھیں

Posted on Kitab Nagri

گھمبیر خوفناک سرگوشی میں فون کی چنگاڑتی رنگ نے اسے ہوش میں لانے کا کام کیا تھا

اس کی گردن چھوڑتے وہ فون کی جانب متوجہ ہوا تھا جو گلا پکڑے اب بری طرح کھانس رہا تھا

نمبر دیکھتے آنکھیں مسلی تھیں

وہ دروازہ بند کرتے پیشانی پر بکھرے بال سمیٹتے گہرا سانس بھرتے نارمل ہوتے باہر آیا تھا

جی کہیں کیسے یاد کیا۔۔۔"

اس کی آواز سپیکر سے گونجتے دوسری جانب موجود وجود کو خوفزدہ کر گئ تھی مطلب وہ نمبر جانتا تھا

غازیان نے طویل خاموشی پر فون کان سے ہٹایا تھا کال چل رہی تھی

اس کے باہر جانے سے جیسے موقع ملا تھا

وہ کھانستے بے حال سا بس نکلنا چاہتا تھا

Posted on Kitab Nagri

کوئی صورت حال نظر نہی آئی

وہ پوری طرح بندھا تھا

امید کی کرن سامنے شیشے کا واز دیکھتے بندھی سی تھی

وہ کھانسی کا گلے گھونٹے چیئر گھسیٹتے اس تک لے گیا تھا

وہ روم میں آتے سر مسلتے فون کان سے لگائے بیٹھا

مجھے جسٹس صاحب کا نمبر حفظ ہے

بولنا نہی ہے تو کال کیوں کی۔۔"

نور۔۔۔"

وہ لب دبائے بس خاموش سی تھی کال کا دورانیہ بڑھتا جارہا تھا پر وہ بول نہی پارہی تھی

وہ اتنا محو تھا کے اندازہ نہی کر سکا کیا غلطی کر چکا ہے

Posted on Kitab Nagri

اس کا نام لینے کی دیر تھی جب پیچھے سے اپنے سر میں تیز لوہے کی چیز لگتی محسوس ہوئی تھی فون اس لمحے ہاتھ سے چھوٹا تھا

اپنے پیچھے ہاتھ لگاتے خون کا احساس ہتھیلی سرخ گیا تھا وار شدید تھا

اسکے سمجھنے تک وہ سامنے دھندلائی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا جہاں وہ اس چند لمحے پہلے اپنی حراست میں بندھے شخص کو کھڑے دیکھا تھا

وہ چیئر گھسیٹتے کانچ کے واز تک جاتے اسے نیچے پھینک چکا تھا

کانچ کے ٹوٹنے کی آواز سے وہ خوفزدہ ہوا تھا جب اپنی چیئر ہلاتے نیچے پھینکی تھی وہ اس کے آنے سے پہلے جلدی سے رسی سے آزادی چاہتا تھا

تکلیف ہوئی تھی چیئر سے نیچے گرتے کانچ کے ٹکڑے پر بندھی ہاتھ کی رسی رگڑی تھی

چند لمحوں بعد رسی کے ساتھ اس کا ہاتھ بھی زخمی ہو گیا تھا پر رسی پر گرہ پر رگڑ سے وہ ڈھیلی سی ہو گئی تھی

اس کو منہ تک بامشکل لے جاتے گری کھولنے کی سعی میں کامیاب ٹھہرتے وہ تیزی سے ہانپتے اٹھا تھا

شٹ گھر چھوٹا تھا اسے مین گیٹ تک جاتے زیادہ تگ و دو نہی محسوس ہوئی تھی

Posted on Kitab Nagri

باہر کا مین گیٹ لوکڈ تھا

وہ باہمت ہوتے سہج کر قدم لیتے اس کی آواز والی سمت کی جانب گیا تھا جہاں وہ فون کان سے لگائے مصروف تھا

غازیان سر تھامے تھا

ناو اٹس مائے ٹائم ہیرو۔۔ "

دانیال نے قہقہ لگاتے اسے سر تھامے درد سے کراہتے زمین پر گرے دیکھا تھا اور تیزی سے چابیاں ڈھونڈنے کی کوشش کی تھی

وہ درد کے باوجود اس کی ٹانگ پکڑ چکا تھا جبکہ وہ زوردار کک سے خود کو آزاد کروا گیا تھا

جبکہ نور جو فون کے پار تھی اس کی آواز ساری باتیں محسوس کرتے رونگٹے کھڑے محسوس کیے تھے اس آواز کو ہزاروں میں پہچان جائے جو اس کی زات ریزہ ریزہ کر چکا تھا

غاز۔۔۔ "

اس کے لب ہلتے ہوش میں آتے وہ روم سے نیچے بھاگی تھی

Posted on Kitab Nagri

ڈیڈیو کانٹ بلیو کیسے نکلا ہوں میں مجھے لگا تھا میں اس جاہل کے ہاتھوں نہی بچ پاؤں گا بٹ سٹل آئی ایم فائن"

وہ بستر پر لیٹا اپنی حالت سوچ بتا رہا تھا وہاں سے فرار ہونا مشکل تھا اپنی حالت جیسی تھی وہاں سے نکلنا واقعی اس کے لیے قدرے مشکل تھا

سب سے پہلے تو اب ہمیں تمہارے ساتھ جو وہ دو لفنگے دوست شامل تھے ان کا پتہ صاف کرنا پڑے گا"

ان دونوں سے رابطہ کرتے ان کا کام صفائی سے تمام کرنا ہو گا وہ مشکل پیدا کر سکتے ہیں اگر کیس ری اوپن ہوا اور جسٹس کی بیٹی نے پہچانتے منہ کھولا کیونکہ وہ پارٹی اتنی کمزور بھی نہی ویسے بھی آجکل ایسے معاملات میں وومن اینجیوز کچھ زیادہ ہی ایکٹیو ہوتی ہیں اور تم بھی سکیورٹی کے بغیر بلا جواز فلحال باہر نہی پھرو۔۔۔

پھر اس اے سی کو بھی دیکھتا ہوں"

کیسے ہینڈل کرنا ہے مان گیا تو سہی نہی تو بڑے طریقے ہیں"

Posted on Kitab Nagri

جب کے وہ پرسکون سا بستر پر دراز تھا کیونکہ سب تو باپ کے انڈر کنٹرول تھا

تو اس کو فکر کی کیا ضرورت تھی

یونیورسٹی سے نکلتے اسے دیکھتے اس کے لب خوشگوار حیرت لیے مسکرائے تھے

وہ گاڑی کے ساتھ ٹیک لگائے سفید جینز میں بلیو شرٹ کے سلیو موڑے آتی جاتی نظروں کا مرکز بنے اس کے انتظار میں کھڑا تھا واپسی پر اکثر وہ ڈرائیور کے ساتھ آتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلیں۔۔ "

وہ سخت نظریں لیے تیز لہجے میں بولی تھی

احان نے ایک سمائل دی تھی پر اس کا رسپونس زیرو دیکھتے وہ فرنٹ ڈور کھولتے حیران تھا

ڈرائیونگ سیٹ سنبھالے وہ پارکنگ سے نکالے

Posted on Kitab Nagri

ابھی بھی خاموشی محسوس کر رہا تھا

ریحہ کیا ہوا ہے"

وہ نرمی سے استفار کیے اس کا گرے حجاب میں لپٹا چہرہ نظروں میں اتارتے اس کا ہاتھ تھامتے ہمیشہ کی طرح سٹیرنگ پر اپنے ہاتھ کی گرفت کے نیچے دھر چکا تھا

اتنا تیار ہو کے کیوں آئے تھے"

آپ کو پتہ ہے آپ میرے بندے ہیں میرے علاوہ کسی کی نظروں کا مرکز بننا آپ کو ہرگز شعبہ نہی دیتا۔۔۔ "

وہ بغیر رکھائی کے بولی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

توان کو گناہ ہو گا نہ میں نے تو نہی دیکھا نہ میں تو اپنی بندی کو دیکھ رہا تھا"

ونڈ سکرین پر نظریں مرکوز کیے تبسم سا اس کے ہونٹوں پر کھلا تھا

کہاں جا رہے ہم۔۔۔؟

Posted on Kitab Nagri

سٹرینگ سے ہاتھ ہٹاتے وہ بریک پر اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ چکی تھی یہ راستہ ہر گز گھر کا نہی لگا تھا

"تمہیں کڈنیپ کر رہا ہوں۔۔"

وہ بوکھلائی تھی

"حان آئی ایم سیریس۔۔۔"

"می ٹو حان کی جان۔۔"

وہ اس کے لفظوں سے بامشکل سنبھلی تھی

جب تھوڑی مسافت پر گاڑی شوپنگ مال کے باہر رکی

"آج تمہارے سارے گلے دور کرنے ہیں"

پارکنگ میں روکتے اسکی سیٹ بیلٹ کھولتے وہ اس کی سائیڈ سے دروازہ کھولتے اپنی مضبوط ہتھیلی پھیلا چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

اپنی نارمل سی رنگت کا ہاتھ اس کی شفاف ہتھیلی پر رکھتے وہ اپنی قسمت پر رشک کیے تھی

اسے تین چار اپنے فیورٹ کلرز میں ڈریس لے کے دیتے وہ جیولر کی شاپ پر لایا تھا

چلو اب میری مرضی چلے گی یہاں"

وہ اس کے ساتھ اندر قدم بھرتے دیکھ اس کی بے داغ ناک نظروں میں اتارے بولا تھا جس پر تھوڑی دیر بعد وہ ظلم ڈھانے والا تھا

آگے تو جیسے میری مرضی چلی ہے نہ۔۔"

وہ اس کے ہاتھ میں شاپنگ بیگز دیکھتے باور کراتے بولی تھی

جبکہ وہ معمولی سیاہ ابائے والی لڑکی اس شخص کو بے انتہا پیاری ہو گئ تھی کے وہ اندازہ بھی نہی کر پایا تھا

ایک ڈیسینٹ سی گولڈ کی برسلیٹ پر چیز کرتے وہ مطلب کی جانب آیا تھا وہاں موجود سیلز گرل کو دیکھتے اس کا ہاتھ تھامتے وہاں لایا تھا

Posted on Kitab Nagri

یس سر ہاو کین آئی ہیلپ یو۔۔"

وہ پوکیٹ سے سرخ بوکس لیے اس کی جانب بڑھا چکا تھا

ریحہ نا سمجھی کے عالم میں سب دیکھتے حیران ہو رہی تھی

بس یہ نوز پن آپ ان کی ناک کی زینت بنا دے"

وہ سکتے میں تھی

احان نو مم۔۔مجھے نہی پلیز یہ نہی میں آنٹی لگوں گی۔۔"

وہ اس کی بازو تھامتے روہانسی ہوئی تھی

وہ اس کی مہربانیوں کو اب اصل میں سمجھی تھی

پین ہر گز نہ ہو۔۔ "

وہ اسے سٹول پر بٹھاتے خود کاونٹر کے قریب کھڑا تھا

Posted on Kitab Nagri

بہت برے ہیں آپ۔۔۔"

وہ اس کی بازو تھامتے سرخ آنکھوں سے بولی تھی

وہ نشان مارک کر رہی تھی جبکہ وہ اسے مسلسل بے تاب سا دیکھ رہا تھا

اگلے سیکنڈ میں اس کی ہلکی سی چیخ اور اپنے ہاتھ پر دباؤ سے وہ مسکرایا تھا جہاں اب ایک باریک نگ والی لونگ اس کی سرخ تیکھی ناک کو اسکے مطابق زخمی کر چکی تھی

میم یو کین چیک۔۔"

وہ مسکراتے مرر اس کی جانب بڑھا چکی تھی

اس کا عکس اپنے پیچھے آئینے میں رونما ہوا تھا

بس اتنی سی بات تھی یہ تمہاری منہ دکھائی تھی میں اس میں تمہیں دیکھنا چاہتا تھا پر نکاح سے پہلے ایسا کوئی حق نہی تھا تم پہ۔۔"

وہ منہ بنائے ناک پر ہاتھ رکھے شاپنگ مول سے لے کر گاڑی میں بیٹھنے تک اب رونے میں مصروف تھی

Posted on Kitab Nagri

یہ تمہارا فیورٹ فلیور۔۔"

آئسکریم اس کی طرف بڑھاتے وہ ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا تھا

مجھے نہی کھانی۔۔"

وہ پرے کرتے بوجھل لہجے میں بولی تھی

ٹھیک ہے نہ کھاو مجھے ویسے بھی نخرے بلکل نہی پسند۔۔"

وہ بائیٹ لیتے کھانے میں مصروف ہو گیا تھا

چند پل اسے دیکھتی رہی تھی جب اس کے ہاتھ سے کینچھ چکی تھی

نہایت شودے ہیں آپ۔۔۔"

احان اس کو کھاتا دیکھ بس سیٹ سے ٹیک لگائے مسکرایا تھا

Posted on Kitab Nagri

میں بری لگ رہی ہوں نہ مجھے نہی پسند تھا آپ شادی سے پہلے مجھے اسی لیے برے لگتے تھے"

اس کے آنے سے پہلے میں اپنے کپڑے پہن لوں گی

Posted on Kitab Nagri

وہ پر سوچ ہوتے اس کی سفید ٹی شرٹ اور ایک عدد ٹراوزر نکال گئ تھی

دھڑکتے دل سے اس کے کپڑے تھامتے وہ واشروم میں بند ہوئ

اپنے کپڑے واش کرتے

بیس منٹ بعد شاور لیے وہ گیلے بالوں سے باہر نکلی تھی

وہ الجھتے قدم اس کے بلیو لمبے ٹراوزر میں سنبھالتے بامشکل بیڈ تک پہنچتے پائنچے فولڈ کرتے شیشے کے سامنے گئ

اس کی ٹی شرٹ کافی کھلی سی گھٹنوں تک تھی

نور نے جھنپتے اپنا عکس مرر میں دیکھا ایک دم حواس جانے لگے تھے

وہ اس کے عین پیچھے تھا وہ حیرت سے ہوش میں آئ

اور چیختے بری طرح اسے ڈرا چکی تھی

اس کی کمر سے تھامتے اس کے ہونٹوں پر اپنا بھاری ہاتھ رکھ چکا تھا

یہ گھر ساونڈ پروف نہی ہے کیوں مجھے سوسائٹی کے ہاتھوں مصیبت میں ڈالنا ہے"

اس کی اٹھتی گرتی پلکوں پر نمی کے قطرے دیکھتے وہ اپنی ہتھیلی کے نیچے دبا اس کا چہرہ دیکھتے کان میں غرایا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ سانس بند ہوتا محسوس کر رہی تھی آنکھیں پھٹنے کے قریب تھیں جو ہنوز اسی پوزیشن میں اسے تکتے کنفیوز کر رہا تھا

چیخو گی تو نہی اب۔۔ "

وہ لمحوں کے حصار سے نکلتے بولا

وہ نفی میں فوری سر ہلا گئ تھی اس کے بالوں کے نم قطرے اس کے چہرے پر پڑتے اس کی دھڑکنوں کو منتشر کر گئے تھے

وہ اسے مزید قریب کر گیا تھا کے دونوں کی سانسیں اس کے چہرے سے الجھنے لگیں تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس کی کمر کے گرد حصار باندھتے وہ اسے نزدیک کر گیا تھا

مجھ پر حق نہی جتاتی میری چیزوں پر کیوں حق جتاتی ہو

بوجھل سے لہجے سے وہ حواسوں میں لوٹی تھی

Posted on Kitab Nagri

اسکے بالوں سے آتی اپنے شیمپو کی مہک میں گہرا سانس بھرتے وہ اس کے سراپے پہ نظریں ڈالتے سوالیہ لہجے میں بولا تھا

جو اس کی سفید ٹی شرٹ میں کھڑی لب کچلتے اس کے حصار میں تھی

"تم انسان نہی میری جان لے لو گے تم۔۔ ت۔۔"

کانپتے لہجے میں اس کی گرفت سے نکلنے کی کوشش میں باتوں کو بدلنے کی سعی میں تھی

اس کی اس طرح کی انٹری پر وہ واقعی ہی خوفزدہ ہو جاتی تھی

پھر بچ کے رہنا نور سیریسلی آئی ایم آ بیڈ بوائے

کھا جاوں گا تمہیں۔۔"

اس کی کان کی لو پر جھکتے وہ سلگتے لمس سے اس کی ریڈ کی ہڈی تک سنسنا گیا تھا

اس کا لہجہ مسکراتا تھا اندازہ اس کی سنجیدہ پڑتی کالی آنکھوں میں دیکھتے ہوا تھا جس کے کنارے مسکرانے کی کوشش کو ناکام کرنے میں محو تھے

Posted on Kitab Nagri

د۔ دار صل م۔۔ میرے کپڑے گیلے ہو گئے تھے تو۔۔"

وہ اس کی گرفت نہ پاتے کھسکتے دور ہوتے گھبراتے لہجے میں جواز دیتی کے وہ اس کی پہنی شرٹ کے گلے میں انگلی اٹکاتے قریب کر گیا تھا

دل چاہ رہا ہے آج ریسٹورینٹ میں جیسے تمہارا سانس بند ہوا تھا نہ اس سے برے طریقے سے تمہارا سانس روک دوں کیا خیال ہے

کیونکہ باتیں بہت اچھی بناتی ہو تم بیوی۔۔"

اس کی سرگوشی میں ڈھلتی آواز سے وہ کانوں سے نکلتے دھوئیں سے بھونچکا کے رہ گئ تھی

وہ جھلتا کے وہ پرے ہوتے دیوار میں نصب مرر سے لگتے لرزتے بدن سے آنکھیں موند گئ

ریلکیس کچھ نہی کرنے والا تھپڑ یاد ہے مجھے۔۔ "

وہ سرخ سی ہوتے اس کو دور دیکھتے مسکراہٹ کا گلا گھونٹ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

ڈیڈ کی طرف ڈنر ہے"

وہ جب پلٹا تھا تو اس کو خود سے مسکراتے دیکھ حیران ہوا تھا

اس کے چہرے کے رنگ مختلف سے تھے

میں کہہ رہا ہوں ڈیڈ کی طرف ڈنر ہے ہمارا۔۔"

وہ لب دبا گئ تھی

ان کپڑوں میں۔۔ "

وہ دوپٹہ نہ ہونے پر اس کی نظروں کی تاب نہی لا پا رہی تھی

مجھے کوئ اعتراض نہی تم کوئ جواز دے دینا۔۔"

ویسے بھی پاگلوں کی سردار لگ رہی ہو"

ہاں اس کا کمپلیمینٹ کم مزاق واضع تھا۔۔"

Posted on Kitab Nagri

نور منہ کھولے اس کی دلچسپی بھری نظروں سے خائف ہوتی مٹھیاں بھینچ گئ تھی

میرے حسین خیالات سے نکلو تو کبرڈ چیک کرلینا"

وہ اس کی بات پر ناقابل فہم تاثر دیتے اس کو واشروم میں جاتا دکھ رہی تھی

کبرڈ کھولنے پر اسے شاپنگ بیگ دکھا وہ تھامتے بیڈ تک آئ

کھولنے پر سیاہ رنگ کی نفیس شرٹ جس کے گلے پر گولڈن کام تھا اور گولڈن کیپری ہم رنگ سیاہ دوپٹے کے ساتھ تھی

وہ ہیوی ڈریس دیکھتے حیران تھی لیکن وہ کوئ بھی نقص نہی نکالنا چاہتی تھی

وہ کب لایا شائد آتے ہوئے کیونکہ کبرڈ میں اسے نظر نہی آیا تھا

وہ چینج کرنا چاہ رہی تھی

کپڑے تھامتے وہ واشروم کی سمت دیکھ رہی تھی جہاں سے وہ جن کی طرح کبھی بھی نمودار ہو جاتا

آہ نور ہرگز نہی"..

وہ انتظار کرنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ شاور لے کر نکلا تو وہ نظر انداز کیے کپڑے لیتے واشروم میں بند ہوئی تھی

کپڑے چینج کیے وہ مرر کے سامنے تھی بال سلجھاتے کیچر میں جھکڑے میک اپ کی کوئی چیز پاس نہ ہونے کی وجہ سے وہ خاص چینج اپنی شکل میں نہی محسوس کر پائی تھی

چلیں "..

اس کی آواز سے وہ پلٹتے نرم سی نظریں اپنے سراپے پر مرکوز محسوس کر چکی تھی

دوپٹہ درست کرتے اسے اپنی زندگی اب خوبصورت سی محسوس ہوئی تھی

وہ اپنے باپ کی گاڑی پر تھا شکر تھا گاڑی تھی نور پر سکون ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گاڑی اس کے باپ کے گھر رکی تھی

اس کی سائیڈ سے دروازہ کھولتے وہ اس کے ہمقدم ہوئی تھی

لاونج میں وہ اس کے انتظار میں تھے

Posted on Kitab Nagri

میں نے تمہارا روم سیٹ کروا دیا ہے نور آپ فریش ہو جاو"

حمدان نے مسکراتے کہا

میں گاڑی آپ کی استعمال کر رہا ہوں کیا یہ کافی نہی ہم رک نہی رہے"

وہ صاف لہجے میں بولا نہ تو وہ اپنی ماں پر بوجھ بنتا نہ ہی باپ پر"

نور دیکھتی رہ گئ عجیب بروکن سی فیملی تھی

غازیان میرا سب کچھ تمہارا ہی ہے"وہ نرمی سے محبت سموئے بولے تھے

میں واشروم میں جانا چاہتی ہوں۔۔ "

نور دونوں کی گفتگو سے انجان بنتے چلی گئ تھی

وہ اسے روم کا سمجھاتے خود اس کے ساتھ باتوں میں مصروف ہو گئے تھے

Posted on Kitab Nagri

وہ چہرہ دھوتے نم چہرے سے باہر آئی تھی

بھوک شدید لگی تھی پر جھجک تھی ملازم کے بلانے پر وہ تمیز کا مظاہرہ کرتے نیچے ڈائینگ پر آگئ تھی

جہاں وہ اس کے انتظار میں تھے دو ملازم مختلف ڈشز ٹیبل پر لگا رہے تھے وہ دیکھتی رہ گئ جہاں تین چار قسم کے سالن بریانی اور مختلف لوازمات تھے

جیسے وہ تو صدیوں کے بھوکے ہوں خیر اس کے سسر کی خاطر مدارت پر وہ داد دیے بنا نہ رہ سکی

غازیان کے برابر جھجکتے چیئر کینیچھتے وہ بیٹھ گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نور یہ ساری ڈشز ٹرائے کرو میرا کک تمہارے کک سے خاصہ اچھا ہے"

وہ غازیان کو دیکھتے زو معنی لہجے میں بریانی کی ڈش اس کی جانب کھسکھاتے بولے تھے

نور کیا بتاتی وہ ڈائٹ کو نشیس کا مارا اسے بھی روکھی پھیکی کھلاتا تھا

وہ اس کی پلیٹ کی جانب دیکھتی رہی جو بیف کا سالن خشک روٹی کے ساتھ کھانے میں مصروف تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ خاموش بیٹھی تھی جو اسے اکیلے چھوڑتے جانے کہاں چلا گیا تھا

نور اس کی ماں کو ہر گز نہی پتے چلے وہ میرے ساتھ ہے خیال رکھنا۔۔"

وہ ان کی زبان درازی سے واقف تھے بھونچال لے آتی وہ اگر اسے اس کی جوب کی بھی پتہ چلتا

نور سوچتی رہ گئ وہ اس سے تو جیسے بڑی بے تکلف تھیں جو اسے بتاتی

جی انکل۔۔"وہ دھیمے سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سر ہلا گئے

آپ چائے یا کوفی لیں گیں۔۔ "

کچھ توقف کے بعد اس کی جانب سے چپی پاتے وہ پھر سے پوچھتے بولے

Posted on Kitab Nagri

ہم نکلتے ہیں ڈیڈ اب رات کافی ہو گئ ہے"

رک جاتے تو بہتر تھا وہ ٹھنڈی آہ بھر گئے تھے

پھر کبھی سہی۔۔"

وہ نور سے محو گفتگو تھے جو جانے کس چیز پر انکار کر رہی تھی

نور میں ویٹ کر رہا ہوں"

اس کی آواز پر وہ سر ہلاتے ان کے ہاتھ میں تھامی چیز بار بار اصرار پر لے گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گہری اندھیری سڑک تھی

وہ لب بھینچے ڈرائیو کرنے میں مصروف تھا گاڑی جھٹکے سے رکی

وہ خیالات سے نکلتے پٹرول پمپ پر دیکھتے شیشہ اوپر کر گئ

Posted on Kitab Nagri

سر ٹو تھاوزینڈ"...

وہ شیشہ نیچے کرتے والٹ کھول رہا تھا

کیش نہی ہے کارڈ چلے گا"

وہ کریڈیٹ دے رہا تھا نور نے نظریں اس جانب اٹھائیں

شیور"...

وہ کارڈ لیتے اندر چلا گیا

سوری سر یہ اماونٹ نہی شو کر رہا یہ نہی چل رہا"

وہ چند لمحوں بعد کار کا شیشہ نوک کرتے واپس تھما چکا تھا

چیک کرو کیوں نہی چل رہا یے تم لوگوں کی مشین میں اشو ہے"

Check it again"

Posted on Kitab Nagri

وہ ماتھا مسلتے سٹیرنگ سے ہاتھ ہٹاتے پریشانی سے بولا تھا اچھی خاصی اماونٹ تھی اس میں

سر ہم نے دھیان سے چیک کیا ہے مشین میں کوئ ایشو نہی ہے"

نور نے اس کی جانب دیکھتے گود میں پڑے فون کا کور ہٹایا تھا

یہ لو "...

وہ اس کی جانب متوجہ ہوا جو ہاتھ میں پکڑے پیسے اس کی جانب بڑھا رہی تھی

وہ پانچ ہزار کے دونوں نوٹ جو حمدان نے اسے اپنے گھر آنے پر دیے تھے اس کی جانب بڑھاتے بولی تھی

ایسی اکورڈ سچویشن بھی آنی تھی اس کی پے سمیت اس کا کھاتا بھی گورنمنٹ بلوک کر چکی تھی وہ آنکھیں بند کرتے مٹھی بند کر گیا

وہ نوٹ ڈیش بورڈ پر رکھتے رخ شیشے کی طرف کر گئ

گاڑی کے سٹارٹ ہونے کی آواز پر وہ پر سکون ہوئ تھی

Posted on Kitab Nagri

ریحہ ٹھیک ہو تم۔"

وہ کاوچ پر تھا جب سے وہ ڈائینگ ٹیبل سے آئے تھے

اسے بے چین سا چکر لگاتے دیکھ رہا تھا

ہاں جی۔۔ "

وہ بولتے تیزی سے واشروم کی جانب گئی تھی

وہ ڈاکومینٹس سمیٹتے ڈریسر پر رکھتے اس کی حرکات نوٹ کرتے اب پریشان سا ہو گیا تھا

اس تک جاتا کے وہ نڈھال سی واشروم سے آئی تھی

ریحہ اتنا تو تم نے کھایا نہی جتنی بار تم واومٹ کر چکی ہو"

Posted on Kitab Nagri

وہ بستر پر بیٹھتے خود کو نارمل کر رہی تھی اور اس بارے میں اسے یقین ہو گیا تھا یہ سب ہر گز آسان نہی

پچھلے چار ہفتوں میں اسے یہ یقین ہو گیا تھا آہ یہ پیریڈ بہت مشکل ترین ہے"

ریحہ ڈاکٹر کے پاس چلیں۔۔"وہ بستر پر اس کے نزدیک بیٹھا تھا

احان مشکل ہے یہ بہت مجھے۔۔ "

وہ اکھڑتی سانسوں سے ابھی سنبھلی نہی تھی کے پھر سے واشروم کی جانب بھاگی تھی

اب کی بار بیسن پر وہ اس کی پشت پر اس کی کمر سہلا رہا تھا

اس کے فری ہونے کا ویٹ کرتے وہ اس کے ساتھ ہی تھا

چہرہ دھوتے وہ بیسن پر ابھی بھی نم آنکھوں سے بے حال سی جھکی تھی

میں مما کو بلاوں یہ ٹھیک نہی ہے

Posted on Kitab Nagri

تم بلکل ٹھیک نہی لگ رہی مجھے "

اس کا ہاتھ تھامتے واشروم سے لاتے وہ بیڈ پر بٹھاتے اس کے بکھرے بال کان کے پیچھے اڑیستے بولا تھا

میں نے کہا تھا میرا نہی دل کر رہا تھا ڈنر کو آپ نے اور بڑی مما نے زبردستی کی نہ۔۔"

میرا بلکل دل نہی چاہ رہا تھا وہ سر مسلتے الجھی تبعیت سے روہانسی سی ہو گئ تھی

تو اس کا مطلب ہر گز نہی ہے نہ کے تم کھاو گی نہی یار پروپر ڈائیٹ تو ضروری ہے نہ تم دونوں کے لیے "

اس کا کندھے سے جھولتا دوپٹہ اس سے علیحدہ کرتے پرے کر چکا تھا

آپ صرف اپنی چلاتے ہیں آپ نہی جانتے یہ پیریڈ بہت مشکل ہے احان۔۔"

وہ اس کے نزدیک ہوتے اس کے کندھے پر سر رکھ گئ تھی

جنت بھی تو تمہارے قدموں میں ہی ہو گی نہ۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

اس کے بالوں پر لب رکھتے وہ قدرے محبت بھرے انداز میں بولا تھا

"میں جوس لاتا ہوں۔۔۔

وہ اٹھتا کے اس کا ہاتھ تھام چکی تھی

"ہر گز نہی دن کو جوس رات کو جوس دوپہر کو جوس۔۔

اس کے علاوہ بھی زندگی ہے جوس ہی زندگی نہی ہے

وہ بگڑے منہ سے بولی تھی یہاں تک کے اس کی فیورٹ جان زندگی اور بقول اس کے اس کا نشہ چائے بھی چھوٹ چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

احان محض مسکرایا تھا اس کی بے ہنگم سانسوں کی ہل چل میں ہوتی گفتگو سنتے

"مما کو بلاوں اگر تبعیت نہی سٹیبل تو۔۔

وہ اس کے چہرے پر اضطراب کے آثار ابھی بھی محسوس کر رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

نہی ان کو اس ٹائم ڈسٹرب نہی کریں۔"

میں بس سونے کی کوشش کرتی ہوں"

نارمل بات ہے یہ۔۔"

وہ اس کے شانے سے سر ہٹاتے دونوں ٹانگیں اوپر کرتے تکیے پر سر رکھ گئ تھی

بند آنکھوں سے اس نے اس شخص کا لمس اپنی پیشانی کے بعد آنکھوں پر محسوس کیا تھا

وہ پر سکون ہونے کی کوشش کرنے لگی تھی

احان صبح ہونے والے کیس کے ڈاکومینٹس

لیتے صوفے پر آگیا تھا

تاکہ وہ مزید ڈسٹرب نہ ہو

وہ فریش ہوتے واشروم سے آیا تو وہ ابھی بھی بستر میں پڑی تھی

پوری رات اس نے جاگتی سوتی کیفیت میں گزاری تھی وہ شرٹ پہنتے پرفیوم خود پر سپرے کرتے گھڑی پر نظر ڈال گیا جہاں آٹھ بجنے والے تھے

Posted on Kitab Nagri

کف لنکس بند کیے ٹائی کی نوٹ درست کرتے کبرڈ سے ہینگ کیا کورٹ تھامتے وہ اسکے نزدیک آیا تھا

وہ اس لمحے گہری نیند میں محو تھی

لمبے سیاہ بال بستر اور تکیے پر بکھرے تھے

اف ریحہ اس ٹائم تم میری چڑیل حسینہ کا منظر پیش کر رہی ہو۔۔"

وہ اس پر جھکا سا تھا

اس کی ناک سے نکلتی گرم سی سانسیں محسوس کرتے اس کے عنابی لب زرا سے مسکراہٹ میں ڈھلے تھے سائیڈ سے اپنا سیل فون اٹھاتے وہ اس کے چہرے کے قریب لے گیا تھا

اس کی پیشانی پر نرمی سے لب رکھتے وہ اس کے نزدیک سے اٹھتا کے وہ ہاتھ تھام گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نہی اٹھ رہی ہوں

سووں گی میں۔۔"

وہ کسمساتے کروٹ لیتے ماتھے پر تیوری چڑھاتے بولی احان نے ابرو اچکائی اسے نیند میں بھی یہ فکر تھی کے وہ اسے اٹھانہ دے

Posted on Kitab Nagri

تم اور تمہاری نیند موقعے مل گئے ہیں تمہیں

بے فکر رہو نہی اٹھارہا۔۔"

روم کی جلتی لائیٹ اوف کرتے وہ خود کلامی کرتے دروازہ بند کیے باہر آگیا تھا

وہ کورٹ ڈائنگ کی چیئر پر رکھتے کیچن میں ہوتے برتنوں کے شور سے اس جانب گیا تھا

وہ اپنی ماں کو سمجھتے کیچن میں آیا جہاں کیچن میں کھڑی دانین نظر آئی تھی

وہ اس کی جانب پلٹتے دیکھنے لگی

مما کہاں ہیں؟

وہ استفہامیہ لہجے میں بولا

Posted on Kitab Nagri

آنٹی شائد روم میں ہیں وہ نظریں اس پر ڈالتے بولی تھی

ٹھیک ہے۔۔" بولتے وہ کیچن سے نکلتا کے اس کی آواز کانوں سے ٹکرائ تھی

سنیں۔۔ "

وہ اس کی آواز سے پلٹا تھا

آپ انہیں نہی جگائیں شائد وہ سو رہی ہیں میں اپنے لیے ناشتہ بنا رہی تھی آپ کے لیے بھی بنا دوں گی"

نہی میں ان سے ملنا چاہتا تھا ناشتہ لیٹ آفس سے کرلوں گا"

وہ ٹھنڈے لہجے میں جواب دیے کیچن کی دہلیز سے نکلتا چلا گیا

ایروگینٹ۔۔۔ "

وہ بولتے اپنے لیے سینڈوچ بنانے کے لیے سینڈوچ میکر کا سوئچ لگاتے مصروف ہو گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

احان بیٹے جا رہے ہو تم

تم نے ناشتہ نہی کرنا تھا۔۔"

سانیہ کی آواز سے پلٹتے وہ لاونج کی حدود سے نکلتے ان تک آیا تھا

آفس میں کرلوں گا مما فلحال دل نہی چاہ رہا" وہ ان کو مطمعین کرتے بولا

ریحہ نہی اٹھی ابھی تبعیت ٹھیک ہے اس کی۔۔"

وہ اس کے ساتھ ہی اٹھتی تھی بلکہ اس کا ناشتہ وہی بناتی تھی وہ تشویش زدہ ہو گئ تھیں

آہ نہی اسے ابھی نہی جگائیے گا رات سہی سے سوئ نہی وہ۔۔"

میں نکل رہا ہوں "

Posted on Kitab Nagri

اچھاٹھیک ہے خیریت سے جاو۔۔ "

دانین نے کیچن سے اپنی پلیٹ تھامے نکلتے ابرو اچکائ تھی

آپ کی ایک بہو تو دنیا سے انوکھی ماں بن رہی ہے ایسا بھی کچھ خاص نہی ہے آپ نے بھی یہ سچویشن فیس کی میں بھی اسی سچویشن سے گزر رہی پر ریحہ بھابھی تو کچھ زیادہ ہی نازک مزاج ہیں

وہ دل کی بات کو لفظوں کی زبان دیتے سانیہ سے مخاطب ہوئ تھی

نہی ایسا نہی ہے وہ جلدی اٹھ جاتی ہے شائد تبعیت ٹھیک نہ ہو"

سانیہ نے بات پلٹی تھی وہ پہلو بدلتی رہ گئ تھی

دس بجے اس کی آنکھ کھلی تھی

شٹ احان چلے گئے۔۔ "

پتہ نہی ناشتہ کیا تھا یا نہی "

وہ سوچتے سائیڈ ٹیبل پر پڑا فون چیک کرنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

موبائل ڈیٹا اون کرتے واٹس ایپ کے یونیورسٹی گروپ کے ڈھیروں میسجز کے علاوہ اس کا ٹیکس نظر آیا تھا

بلکہ پکچر تھی وہ حیرت زدہ سی لوڈنگ کے ویٹ میں تھی

وہ منہ کھولے دیکھنے لگی

زوم کرنے پر پتہ چلا وہ اس کی سوتی ہوئی کی پکچر تھی

سوتی ہوئی چڑیل اٹھتے روم سے حلیہ سنوارتے باہر جانا اور شرافت سے ناشتہ کرتے ہوئے اپنی پکچر سینڈ کر دینا مجھے "

اس کے ہسنے والی اموجی کے ساتھ ٹیکس تھا

یااللہ میں سوتی ہوئی اتنی بری لگتی ہوں کیسے کیسے مطلب احان نے مجھے ایسے دیکھا اف۔۔ "

ریحہ کو صدمہ ہی تو لگا تھا

اب خود کی تبعیت قدرے بہتر محسوس ہوئی تھی وہ فریش ہوتے آئی

بالوں کو چٹیا میں باندھتے دوپٹہ درست کیے وہ باہر نکلی تھی

وہ کیچن میں ہر گز نہی جانا چاہ رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

ملازمہ کو ناشتے کا بولتے خود فون تھامتے وہ کاوچ پر آگئ تھی

اپنے پیپرز کا سکیجول دیکھنے لگی

میں پیپر کیسے دوں گی۔۔"

سوچتے دل ہولنے لگا تھا جہاں فائینل پیپرز کی ڈیٹ شیٹ اسے منہ چڑھا رہئ تھی

ملازمہ ناشتہ رکھتے چلی گئ

وہ سوچیں جھٹکتے فون کا کیمرہ کھولتے پکچر لیتی کے ازہان وہاں آگیا تھا

یہ کیا کر رہی ہو۔۔"

وہ حیرت زدہ ہوتے وہی کاوچ پر اس کے نزدیک بیٹھ گیا

پکچر لینے کی کوشش ڈسٹرب نہی کرنا اب"

وہ آنکھیں دکھاتے بولی

Posted on Kitab Nagri

اومائے گاڈ تم واقعی ہی پاگل ہو گئ ہوری

ڈونٹ سے اب تم یہ پکچر لے کر سٹیٹس لگاو گی

ہیش ٹیگ ہینگ آوٹ ود مائے ناشتہ "

مارننگ وائبز۔۔"

وہ ہنستے بولا ریحہ نے خونخوار نظروں سے دیکھا تھا

ہسنے والی کوئ بات نہی ویسے منہ بند رکھو اپنا۔۔ "

وہ پکچر لینے کا ارادہ ترک کر چکی تھی اب اگر وہ جان جاتا احان کو سینڈ کرنی ہے تو وہ مزید ریکارڈ لگاتا ایسا ہونے نہی دینا چاہتی تھی

بہت مسکرا رہے ہیں آپ دونوں۔۔"

ریحہ بھابھی مجھے بھی ایسا لطیفہ سنا دیں جس پر خاصہ ہنسا جا رہا ہے"

Posted on Kitab Nagri

ریحہ نے دانین کی جانب دیکھا تھا جو جانے کب آئی تھی سامنے تیز بھرے لہجے میں بولی تھی اس کی مسکراہٹ سمٹ سی گئی تھی اس کا رویہ خاصہ اکھڑا اکھڑا سا ہوتا تھا اب جو اس کی سمجھ سے باہر تھا

دانین کیا طریقہ ہے یہ۔۔ "

ازہان اس کے رویے سے دن بدن پریشان تھا وہ سمجھتا تھا یہ موڈ سوئنگز ہیں وہ نرمی برتتا پر اب اسے اس کی بدتمیزی کھلتی تھی

تم چپ رہو تو بہتر ہے "

وہ انگلی دکھاتے خونخوار لہجے میں وارن کر چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں جاتی ہوں۔۔"ریحہ نظرانداز کیے ناشتے کی پلیٹ اٹھاتے اٹھی تھی

کہاں جاتی ہیں یہی رہیں نہ مجھے دیکھ کر بھاگ کیوں رہی ہیں جیسے میں نے آپ کی کوئی چوری پکڑی ہے "

وہ سامنے آچکی تھی وہ خاصی حیران ہوئی وہ کہنا کیا چاہ رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

کیسی چوری میں کیوں بھاگوں گی دانین میں نے کہا میں بس روم میں جا رہی ہوں۔۔ "

وہ لہجے میں آئی ناگواری کم کرتے ہی بولی تھی ورنہ دل چاہا تھا سنا ڈالے

دانین روم میں آو۔۔ "

ازہان نے دانت پیستے ہاتھ تھامنا چاہا تھا جب وہ چھڑوا چکی تھی

ڈسکسٹنگ ہو تم ازہان سکندر

مجھے اگنور کرنا اس سے مسکرا کے باتیں کرنا یہ سب تمہیں بہت پسند ہے

میرے لیے تم بزی ہو تمہاری یونیورسٹی تمہارا آفس لیکن اس طرح تمہارا ٹائم بلکل نہی ضائع ہوتا رائیٹ

میں ہی نہی سمجھ پائی تمہیں۔۔"وہ زہر خند ہوتی جا رہی تھی

دانین شٹ یور ماوتھ۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ خاصہ تیز آواز میں سامنے کھڑی ریحہ کی غیر ہوتی حالت دیکھ رہا تھا

پتہ ہے تمہارے شوہر نے مجھے اپنے فلیٹ میں اس کے ساتھ دیکھتے کیا طعنہ دیا تھا

ریحہ نے بامشکل قدم زمین پر جمائے تھے

مجھے اپنی عزت کا خیال ہونا چاہیے یہ تو مرد ہے"

تم بتاو تمھیں نہی وہ یہ مشورے دیتا"

یا پھر آپ دونوں میاں بیوی دوسروں کو ہی پارسائی کے لیکچر دینا جانتے ہیں

اس لمحے زلت اور اہانت سے اس کا چہرا سرخ ہوا تھا"

دماغ کی نسیں پھٹنے والی ہوئیں یہ ساری باتیں اس نے اس شخص کے سامنے کر دیں تو

دانین ازہان ہاتھ اٹھا چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ بے یقین سی زندگی میں پہلی دفعہ اپنے گھر میں ہوتی اس عجیب سی صورتحال میں خوفزدہ سی تھی پلیٹ اس کے ہاتھ سے گرتے چھوٹ گئ تھی

تم نے مجھے تھپڑ مارا۔۔۔"

وہ گال پر ہاتھ رکھے اس کے نزدیک کالر پکڑتے پہنچتے چلائ تھی

دانین کی سرخ لہو ہوتیں آنکھیں تہس کرنے تھیں

وہ ازہان کو پہلی دفعہ شدید غصہ میں دیکھ رہی تھی معاملے کی بڑھتی سنگینی اس کے ہاتھ پاوں سن کر گئ تھی

وہ لمحے بھر کے لیے شرمندہ ہوا تھا جب اس کی اگلی حرکت نے وہ ملال بھی ختم کر دیا

یہ تم نے خود مجھے مجبور کیا ہے"

سٹے ان یور لمٹس "

وہ اس کے ہاتھ اپنے کالر سے جھٹکتے شدید غصے میں بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

چھوڑوں گی نہیں میں تمہیں ازہان۔۔"

اور تم دیکھو گی تمہاری وجہ سے اس نے مجھ پر ہاتھ اٹھایا نہ میں تمہارے ساتھ کیا کرتی"

وہ آنسوؤں کی روانی میں اس کی جانب لال چہرہ لیے پلٹی تھی

ریحہ کو اس لمحے جان جاتی محسوس ہوئی تھی وہ با مشکل خود کو سنبھالے تھی بے ساختہ نظروں نے سانیہ کو ڈھونڈا جو معاملہ سنبھال لیں پر وہ شاید نیچے تھیں

وہ اس کو چبھتی نظروں سے دیکھتے روم کی جانب چلی گئی

دروازہ زور سے بند ہونے کی آواز سے وہ دل تھام گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لک اریحہ آئی ایم سوری۔۔"

وہ کیا سمجھ گئی کیا اس نے تمہیں کہا۔۔ "

ازہان شرمندہ سا اس کے بے تاثر چہرے کی جانب دیکھتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

اریجہ سن رہی ہو مجھے۔۔"

وہ اس کے نزدیک ہوتا کے وہ ہاتھ کا اشارہ کرتے دو قدم دور ہوتے پرے ہو گئ تھی

جاو یہاں سے ازہان پلیز

اپنی بیوی کو ہینڈل کرو مجھے نہی چاہیے کوئ سوری۔۔"

وہ مزید قدم بھرتی جب اسے پھر سے روم سے باہر دیکھا تھا اس کے چہرے کی تنز بھری مسکراہٹ وہ واقعی خوفزدہ ہو گئ تھی جیسے اسکی خود میں گڑتی نظریں اس کے وجود کو خاک کر ڈالیں

مجھے تمہارے ساتھ اب ہر گز نہی رہنا ایک منٹ بلکہ ایک سیکنڈ بھی نہی"

آزادی محسوس کرو تم اس کے ساتھ یا پھر جس کے ساتھ مرضی تمہارا دل چاہے"

اسکی زہر خند زبان ابھی بھی نہی رکی تھی

روم میں جاو یہ تماشے پیدا کرنے کی یا فضول ہانکنے کی بلکل ضرورت نہی اگر تم نے ایک قدم بھی گھر سے نکالا تو مجھ سے برا آج کوئ نہی ہو گا"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے بڑھتے قدموں پر پھرتی سے اس کی کلائی پر مضبوطی کیے غرایا تھا

ریحہ کو اپنا آپ مجرم سے کم نہ لگا

سانیہ کی آواز سے یک دم ریحہ کے وجود کو سکون مل گیا تھا جو شائد معاملہ سنبھال لیتی

دانین کہاں جا رہی ہو از ہان کیا ہے یہ سب۔۔۔ "

وہ اس کو اس طرح لاونج میں دیکھتے پریشان ہوئیں تھیں

بڑی مما آپ اسے سمجھائیں دانین آپ کیوں اشو بنا رہی ہیں بات اتنی نہی ہے تحمل سے سوچیں زرا۔۔"

www.kitabnagri.com

ریحہ نے دھڑکتے دل سے تب سے اب اپنے لب وا کیے تھے

دانین بیٹے معاملہ تو بتاو ایسے اس حالت میں کہاں جا رہی ہو تم "

سانیہ نے نرمی لیے قدرے سمجھاتے اس کی بھیگی آنکھیں اور سرخ چہرا دیکھتے کہا

Posted on Kitab Nagri

ازہان کی مضبوط گرفت سے کلائی چھڑواتے وہ ان کے روبرو ہوتے چلائ

یہ سامنے معصومیت کی دیوی اور

اپنے بیٹے سے پوچھیں جس کی تربیت میں آپ کی شدید کوتاہی ہے

ہاتھ اٹھایا ہے مجھ پر اس نے ڈومیسٹیک وائیلنس کا کیس نہ کیا تو کہنا آپ لوگ

اور آج مجھے روکنے کی تو بلکل کوشش نہی کریں آنٹی نہ مجھے ایک سیکنڈ بھی رہنا ہے یہاں اب۔۔ "

وہ بولتے سیڑھیوں کی جانب چلی گئ تھی

ریحہ سر تھام گئ تھی

کوئ مجھے بتائے گا ریحہ تم بتاو کیا بات ہو گئ آخر ایسی جو اس نے اس کی حالت کا سوچے بغیر ہاتھ ہی اٹھا دیا

وہ ازہان کی جانب دیکھتے غصے سے بولیں جو ضبط کیے تھا

دفعہ ہونے دیں اسے زندگی عزاب کی ہے۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کو اب سیڑھیوں کی جانب دیکھتے قہر آلود نظریں ڈالتے بولا

یو ول پے دس ازہان۔۔"

اس شکل سے رنگ سے ہر لحاظ سے مجھ سے معمولی لڑکی کے لیے تم نے مجھ پر ہاتھ اٹھایا۔۔"

وہ بہتے آنسوں سے بامشکل چکراتا سر سنبھالے سیڑھیاں اترتی جارہی تھی

ابھی آدھی سیڑھیاں بامشکل عبور کی تھیں کے اپنے ہی دوپٹے میں الجھتے وہ سنبھل ہی نہی پائی تھی

اس کی دلخراش چیخ سے سانیہ کو چند لمحے پہلے ہوا معاملہ بتاتی ریحہ کے حواس بری طرح معتل ہو گئے تھے

ازہان کو آواز دیتے

وہ دونوں اس جانب تیزی سے آئیں

جو سیڑھیوں سے نیچے خون آلود زمین پر درد سے کراہ رہی تھی

وہ دھڑکتے دل سے تھی

Posted on Kitab Nagri

یااللہ اسے کچھ نہ ہو یہ کیاہو گیاہے"

ریحہ مسلسل گھر میں اس کے لیے دعائیں مانگتے خود کو کوس رہی تھی ان لمحوں کو کوس رہی تھی جب ازہان اس کے پاس بیٹھا اور یہ سارا معاملہ ہو گیا جو بھی تھا اسے اس لمحے اس کی حالت کے پیش نظر فکر تھی

ریحہ خود کی تبعیت نہی خراب نہی کرو اللہ بہتر کرے گا"

بی جان اس کی حالت کی وجہ سے اس کے ساتھ گھر پر ہی رکیں تھیں

جو مسلسل پریشان سی تھی

بی جان میری وجہ سے۔۔"

وہ روتے ان کی گود میں چہرہ چھپائے بولی تھی

کچھ نہی ہو گا ریحہ۔۔"

وہ اس کی غیر ہوتی حالت پر اس کے بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیرنے لگیں

Posted on Kitab Nagri

ہوسپیٹل کے کوریڈور میں گائینی وارڈ کے باہر وہ سرد تاثرات لیے تھا چند لمحے پہلے دانین کی غیر حالت سے ازہان ریش ڈرائیونگ کیے اسے ایمرجنسی لے آیا تھے

نائمہ اور ثانیہ اس لمحے اسکے ساتھ تھے

جو خود خوفزدہ سی تھیں

ڈاکٹر کے آدھے گھنٹے بعد باہر آتے ہی وہ اس کی جانب متوجہ ہوئے

وہ تیزی سے اس جانب آیا جہاں سانیہ اور نائمہ بھی استفار کر رہی تھیں

کیسی ہے میری بیوی اور بچہ۔۔"

وہ بے چینی سے اس کے چپ ہونے پر گہری خاموشی توڑتے بولا تھا

آپ کی بیوی ٹھیک ہیں اب لیکن گرنے کی وجہ سے ان کی بیک پر کافی چوٹ آئی ہے"

وہ کچھ پر سکون ہوا تھا

Posted on Kitab Nagri

اور بے بی" وہ کچھ توقف کے بعد بولا تھا

آپ کی بیوی کی کریٹیکل سچویشن کی وجہ سے ہم آپ کے بچے کو نہی بچا پائے"

وہ آنکھیں بند کرتے آنسوں پینے کی سعی کرنے لگا دل میں تکلیف کی لہر دوڑی تھی

سانیہ اور نائمہ تو خود آنے والی صورتحال سے شدید پریشان تھیں

ازہان۔۔"

اسے ضرورت ہے تمہاری جو بھی تھا لیکن برا ہوا ہے اس کے ساتھ وہ کچھ بول نہی رہی۔۔"

سانیہ نے اس سے ملنے کے بعد آتے اسے سمجھایا تھا

وہ گہری سانس بھرتے اس کے روم کی جانب گیا دروازہ آرام سے بند کیے وہ اس کی جانب ہمت کرتے آیا تھا

جو بستر پر پڑی چھت کو مسلسل گھور رہی تھی

اس کی موجودگی پاتے بھی وہ خاموش تھی

Posted on Kitab Nagri

کاش میں تمہیں زبردستی روم میں بند کردیتادانی۔۔"

اس کاڈرپ لگاہاتھ تھامتے وہ ندامت بھرے لہجے میں بولا تھا

اس کے آنسو تکیہ بگھونے لگے تھے وہ دیکھتارہ گیا

آئی ایم سوری۔۔ "

اس کے ماتھے پر جھکتے وہ غلطی نہ ہونے کے باوجود لب رکھتے اعتراف کر گیا تھا

ت۔۔تم زمیدار ہو سب کے ازہان تم

ہر چیز کے تم مجھے۔۔"

وہ آنسوؤں میں بول ہی نہی پارہی تھی ایساتو اس نے کبھی بھی نہی چاہاتھا بلکہ کوئی بھی ماں شائد ایسا نہی چاہتی

شش پلیز ہرٹ نہی کروخود کو جو ہوناتھا ہو گیا صبر کرو"

Posted on Kitab Nagri

میری بات مان لیتی تو شائد نہ ہوتا ایسا۔۔"

وہ اس کا ڈرپ لگا ہاتھ تھامتے نرمی سے بولا تھا

دور دور رہو مجھ سے"

تمہاری وجہ سے میں نے یہ نقصان اٹھایا ہے صرف تمہاری وجہ سے "

تم خوش ہو جاو ویسے بھی یہ وجود اپنی زندگی میں نہی چاہتے تھے

اب خوش ہو جاو تم بری الزمان ہو گئے

وہ تکلیف دبائے ہاتھ اس کی گرفت سے کھینچ چکی تھی اس لمحے اس کا دل چاہ رہا دھاڑے مارتے روئے پر اپنے اندر پکتا لاوا دبائے خود پر ضبط کیے ہوئے تھی

میں نہی چاہتا تھا"

وہ شدید صدمے میں ہوا تھا

تم ہوش میں ہو دانی تم سے شادی کی وجہ یہی تھی میری"

تم کیوں اتنی نیگیٹیو ہو گئی ہو ایسی تو ہرگز نہی تھی تم "

Posted on Kitab Nagri

اس کا رویہ اسے مزید پریشان کر رہا تھا

جبکہ وہ اب بے آواز رو رہی تھی

"اچھا کم ڈاون ریلیکس رہو۔۔"

وہ اس کی تبعیت کے پیش نظر بحث میں ہرگز نہیں پڑنا چاہتا تھا

"دانین۔۔"

اس کی ماں کی آواز سنتے ازہان نے سرعت سے دروازے کی جانب دیکھا تھا اب جانے کیا ہونا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مما آئی لوس مائے چائیلڈ۔۔"

وجہ یہ سب لوگ ہیں

وہ ان کے گلے لگے رو رہی تھی ازہان اس کی حالت کے پیش نظر فلحال مزید بولنے سے باز رکھے لب بھینچ کے رہ گیا

Posted on Kitab Nagri

آپ لوگ گھر چلیں جائیں۔۔"

میں یہی ہوں آج رات صبح ڈسچارج ہو رہی ہے وہ۔۔"

شام کو گھر آتے سیڑھیاں عبور کرتے غیر معمولی سناٹے کا سامنا ہوا

وہ ٹائی کی نوٹ ڈھیلی کرتے ڈریسر پر رکھتے اسکی تلاش میں باہر آیا تھا جبکہ اپنے باپ کے علاوہ اسے کوئی زی روح نہ دکھا

بابا سب کہاں ہیں مما اور باقی لوگ"

وہ شرٹ کے کف موڑے وہاں لاونج میں ہی آ گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہاری ماں اور ازہان

دانین کے ساتھ ہوسپیٹل ہیں۔۔"

ریحہ بی جان کے ساتھ ہے نیچے شائد"

وہ ٹی وی کے چینل سرچ کرتے ہی بولے

Posted on Kitab Nagri

خیریت وہ صوفے کی پشت سے ٹیک لگا گیا

نہی مجھے بھی شام کو پتہ چلا ہے وہ سیڑھیوں سے گر گئ تھی

او "

وہ جو ریلیکس ہوا تھا اٹھ بیٹھا تھا

وہ نیچے بی جان کے روم کی جانب گیا

یہ یہاں ہے۔۔"

وہ ان کے بستر پر پڑی ریحہ کو دیکھتے بولا

احان۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ چند لمحے پہلے دکھتی موندھی آنکھیں اس کی آواز سے کھول گئ

ریحہ کیاہوا تم روئ ہو۔۔"

وہ اس کی سرخ آنکھیں دیکھتے فوری سے بیڈ پر اس کے نزدیک گیا تھا

نہی تو۔۔"وہ نظریں چرا گئ تھی

مم۔۔مجھے ہوسپٹل لے جائیں

بی جان مجھے نہی جانے دے رہی تھیں وہ دانین گر گئ اوپر سے اب کوئ فون بھی رسیو نہی کر رہا پتہ نہی کیسی ہے اب"

وہ اضطرابی حالت میں بولی

احان تم پہلے فریش ہو بیٹا پھر اسے لے جانا دانین کے گرنے کی وجہ سے پریشان ہے یہ"

وہ اس کو آفس کے حلیے میں دیکھتے ہی بولیں تھیں

Posted on Kitab Nagri

چلو روم میں جو ہونا تھا ہو گیا خود تو کم از کم سٹریس نہی لو۔۔"

اس کی پریشانی پر وہ ڈپٹتے بولا وہ اس کے ماتھے پر آئ چند شکنیں دیکھتی رہ گئ پریشانی کی وجہ جو تھی وہ اسے کھائے جا رہی تھی

کپڑے چینج کرو حلیہ درست کرو اپنا پھر ہی میں لے کے جا رہا ہوں"

اس کو روم میں لاتے وہ سختی سے اس کا بکھرا ملگجا سا حلیہ دیکھتے بولا

میں سہی ہوں "

وہ خود کو دیکھتے تیزی سے بولی تھی

بلکل نہی فریش ہو منہ شکل بھی درست کرو پھر جا رہی ہو تم میرے ساتھ"

وہ ہینگ کپڑے لیتے خود چینج کرنے چلا گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

میرا اتیار ہونا ہمارے لیے اچھا ایکسپیرینس نہی رہا کبھی بھی وہ کچھ الٹا سیدھا نہ آپ کے سامنے بول دے"

وہ کبرڈ سے کپڑے لیے خود سے بولی

ہوسپیٹل کا نام پتہ ہے"

وہ گاڑی پورچ سے نکالتے ریوریس کرتے اس سے پوچھ رہا تھا

جی۔۔ "

مما سے بات ہوئی تھی تب پوچھا تھا

پھر اب تو وہ کافی ٹائم سے فون ہی نہی رسیو کر رہیں"

وہ سیٹ بیلٹ درست کرتے بتا رہی تھی

ریحہ بات کیا ہے"

وہ اس کی پریشانی بھانپتے ڈرائیونگ کے دوران اس کی شکل پر پریشانی دیکھتے بولا تھا جو خاموش تھی ورنہ وہ کبھی بھی یوں چپ نہی بیٹھتی تھی

Posted on Kitab Nagri

کچھ نہی ہے۔۔"

خامخاں پریشان نہی ہوں"

وہ سیٹ کی پشت سے ٹیک لگاتے آنکھیں بند کر گئ تاکہ وہ مزید سوال نہ پوچھے

ہوسپیٹل کی پارکنگ میں روکتے وہ اس کے ہمقدم ہوتے ہوسپیٹل کے اندر داخل ہوئے تھے ریسپشن سے پوچھتے گائنی وارڈ کی طرف جاتی لفٹ میں داخل ہوے

سامنے ہی کوریڈور میں انہیں سانیہ اور نائمہ دکھیں تھیں

وہ دونوں اس جانب بڑھے

ریحہ تم کیوں آئ ہو ہم بھی بس آنے ہی والے تھے واپس گھر"

نائمہ نے اسے دیکھتے کہا

Posted on Kitab Nagri

کیسی ہے دانین۔۔؟وہ نظر انداز کیے بولی

ٹھیک ہے پر۔۔"

ہش شکر ہے"وہ کب سے رکا سانس بحال محسوس کرتے پر سکون ہو گئ تھی

میں مل لیتی ہوں۔۔"

وہ اس کا ہاتھ تھام گئ تھیں

اس کا مسکیرج ہو گیا ہے"

ریحہ کی چند لمحوں پہلے والی خوشی مانند پڑ گئ تھی

جبکہ احان اب ازہان اور سانیہ کی جانب متوجہ ہو گیا تھا

وہ اس کے روم میں گئ جہاں وہ بستر پر پڑی تھی وہ سب بھلا چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

دانین کیسی ہیں آپ؟

جواب ندارد تھا اس کی ماں اس کے قریب بیٹھی تھی اور وہ سرد تاثرات سے بستر پر لیٹی تھی جیسے اس کی آواز ہی نہ سنی ہو

دانین مجھے بہت افسوس ہوا سن کر ایسا نہی ہونا چاہیے تھا۔۔"۔

وہ خود ہی مزید دل برداشتہ سی بولی

اسے کہیں چلی جائے یہاں سے"

وہ خاصے غصیلے لہجے میں اپنی ماں کو بولتے چہرے کا رخ موڑ گئ تھی

مجھے نہی پتہ دانین آپ کو مجھ سے کیا پرابلم ہو گئ ہے لیکن ازہان میرے بھائیوں جیسا میرا اچھا دوست بھی اور تم سے اس کا رشتہ جڑنے سے پہلے میرا کزن بھی ہے دانین پتہ نہی کیوں تمہیں ایسا فیل ہو گیا اور تمہاری آج کی باتیں میں کبھی ایسا سوچ بھی نہی سکتی میرے شوہر کے علاوہ کسی اور کو سوچنا بھی مجھ پر حرام ہے

Posted on Kitab Nagri

بحر حال میں یہ صفائی ہر گز نہی دینا چاہتی تھی پر پھر بھی کلیر کر رہی ہوں

یہ طے ہے اس سے ہر گز دوبارہ بات نہی کروں گی جو تمہیں ناگوار گزر رہا ہے بے فکر رہو۔۔ "

مما اسے کہیں یہ چلی جائے یہاں سے مجھے اس کی باتیں سننے میں کوئی بھی انٹرسٹ نہی"

وہ آپے سے باہر ہو رہی تھی

میں چلی جاتی ہوں بس تمہیں دیکھنے آئی تھی وہ پہلی ہی بول اٹھی تھی

جو تمہیں برا لگا ہے تو سوری لیکن پلیز خدا کے لیے میرے کردار کو نشانہ نہی بناو کے میں بغیر کسی غلطی کے اپنے ہی گھر والوں اور اپنے شوہر کے سامنے ہی نظر نہ اٹھا پاوں۔۔"

اس کی آواز نا چاہتے ہوئے بھی رندھ گئی تھی

ریحہ۔۔"

اپنے پیچھے سے آتی اس کی تیز آواز سے وہ وہی ساکت ہو گئی تھی دل خوفزدہ سا ہو گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

باجی یہ آپ کیا بنا رہی ہیں"

وہ انہماک سے اسے رنگوں سے الجھتے اور چیزیں سیٹ کرتے دیکھ رہی تھی

جو دنیا جہان سے بیگانی سی تھی جیسے اس سے ضروری کام نہ ہو

شش خاموش رہو۔۔"

وہ برش ہونٹوں میں دبائے ہی بولی

بال میسی جوڑے کی زد میں لپیٹے وہ اس لمبے سرخ گھٹنوں تک آتی لونگ شرٹ اور سیاہ ٹراوزر میں خوشگوار موسم کا حصہ بنی دوپٹے سے بے پرواکنو یکس پر جھکی تھی

پتہ تو چلے نہ۔۔ "

کام والی جھنجلا گئ تھی اب جو اسے دو گھنٹے سے تنگ کیے تھی پہلے یہ سارا سامان منگواتے جو وہ بامشکل تین چار سٹیشنری شوپس پھرتے ڈھونڈتے لائ اور اب یہ سب اسے تو پاگل پن ہی لگا تھا

Posted on Kitab Nagri

چارکول پینسل کہاں ہے لائ تھی تم۔۔"

وہ نظر انداز کیے ان ساری بکھری چیزوں میں سے پینسل ڈھونڈتے بولی

پچھلے پندرہ دنوں سے وہ اپنے گھر واپس آگئ تھی جہاں وہ اس کے سنگ رخصت ہو کر آئ تھی

یہ گھر اسے واقعی سکون دے لگتا تھا جہاں وہ اس کی زندگی میں شامل ہوتے آئ تھی

اچھا تو آپ یہ کیا بلا بنانے کی کوشش میں ہیں یہ تو بتادیں"

وہ ترچھی پنسل چلاتے دیکھ پھر سے بولی پر اس کا دماغ بلا کہتے وہ اچھا خاصہ خراب کر چکی تھی

لفظ واپس لیں اپنے بشرا۔۔"

فوری سے پہلے واپس لو

یہ بلا نہی میری زندگی کا ون اینڈ اونلی سپیشل پیس ہے"

اسے سخت نظروں سے وارن کرتے وہ بولی اس لمحے آنکھوں کے کنارے مسکرائے گھنی پلکیں خودی جھکتے

عجیب منظر پیش کر گئ اس کا دل عجیب سے فرحت انگیز جزبات میں ڈوب سا گیا

Posted on Kitab Nagri

او مطلب یہ غازیان صاحب ہیں "

کام والی سمجھتے مسکراتے بولی تھی

ہمم۔۔ "

اس کے گلابی لب مبہم سا مسکرائے

تھے وہ بالوں کی لٹ پیچھے کرتے پھر سے جھک گئی تھی

آہ سمیٹو یہ سب"

جب ہارن کی تیز آواز سے دھڑکتے دل سے وہ بولی

کیا ہو گیا ہے۔۔"

ان کے لیے ہے تو وہ دیکھ لیں گے تو کیا حرج ہے بلکہ آپ کی ایسی مہربانی دیکھتے دھنگ ضرور ہو جائیں گے "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کی تیزی کرنے پر بولی تھی

وہ گھور کے رہ گئ تھی

ابھی نہی ابھی ہر گز نہی یہ دو دن بعد کے لیے اس کے لیے سرپرائز ہے"

خاص سرپرائز۔۔"

اسے بلکل پتہ نہ چلے سمجھیں آپ اور مجھ پر زیادہ دھیان نہی دیا کریں"

وہ ہڑبڑاتے چیزیں سمیٹتے آخری بات غصے سے بولی تھی

جی جی بلکل باجی نہی پتہ چلتا"

وہ تیزی سے سب سمیٹ رہی تھی ساتھ اسے بھی پاگل کر رہی تھی

۔

Posted on Kitab Nagri

وہ سب سمیٹے سٹور روم بند کر گئ

بشرا کی چلتی زبان پر وہ بس گھور رہی تھی

لاونج کی حدود میں مسکراتی آوازیں محسوس کر رہی تھی

آہ نور کی جان نکلتی جا رہی تھی جب عین سامنے اس کی ماں کو دیکھا

وہ خاموش ہو گئ دل وسوسوں میں گھر گیا

گھر اچھا ملا ہے ویسے مانی اسے "

مزید پیچھے انجان لڑکی کو دیکھتے اس کے حواس ختم ہوئے

باجی یہ کون ہے "

بشرا کی سرگوشی پر وہ چپ ہی رہی وہ خود نہی جانتی تھی اس کی ماں کے ساتھ موجود سفید چیک شرٹ اور بلیو جینز پر مفرل گلے میں لپیٹے ماڈرن شولڈر پر بکھرائے بالوں میں وہ لڑکی کون تھی

Posted on Kitab Nagri

نور سامنے تھی

وہ سوٹ کیس رکھ رہا تھا مطلب وہ رکنے والے تھے اسے تو یہی چیز نظر آئ تھی بس

مہمانوں کے آداب بلکل نہی ہیں اسے۔"

اپنی ماں کی دھیمی کہی بات پر

غازیان لب بھینچ گیا اس لڑکی کا وہ کچھ نہی کر سکتا تھا جو ہونق بننے کے تاثرات دے رہی تھی

جبکہ وہ لڑکی بھی اس کا جائزہ لے رہی تھی

اسلام علیکم آنٹی۔۔"

وہ خود کو حوصلہ دیتے قریب گئ

وہ مروت میں جواب دے گئ ورنہ ایک آنکھ نہی بھا رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

نور یہ میری کزن ہے آئرہ میرے ماموں کی بیٹی جہاں ہم رہتے ہیں مطلب جہاں مما رہتی ہیں"

وہ تعارف کرا رہا تھا

نور غازی کا مطلب ہے ہمارا جوائینٹ گھر۔۔"

وہ بے تکلفی سے خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرتے گلے لگتے بولی لیکن وہ پھر بھی ضبط کیے ہی تھی

بشرا ساتھ والا کا کمرہ صاف ستھرا درست حالت میں ہے۔۔"

اگر نہی ہے تو مما کا سامان میرے روم میں رکھ آئیں۔۔"

وہ سیدھا کام والی سے اب مخاطب تھا

مما آپ اور آئرہ ریسٹ کریں چائے آپ کے روم میں بجھوا دیتا ہوں

اور پھر لنچ پر تھوڑی دیر میں ملاقات ہوتی ہے"

Posted on Kitab Nagri

ہاں میں پہلے سوؤں گی پھر تمہارا شہر لاہور دیکھوں گی آخر ایسا کیا ہے جو منڈا ایہی کا ہو کے رہ گیا"

وہ نور پر مسکراتی نظریں ڈالتے بولی اسے سرخ کپڑوں والی وہ لڑکی پیاری لگی تھی

وہ دونوں روم میں چلی گئیں

آپ مجھے بتا سکتے تھے ان کے آنے کا آخر کیوں نہی بتایا۔۔"

آداب کے تقاضے نبھاتے چائے بشرا کے ہاتھ بھجواتے وہ روم میں تھی خود تو اس کی ماں کی زبان سے ڈرتی تھی

وہ اس کو شاور لینے کے بعد اب مرر کے سامنے کھڑے شرٹ کے بٹن بند کرتے دیکھ رہی تھی

مجھے خود سرپرائز کیا ہے انہوں نے"

وہ اس کی جانب مڑتے بولا جو پچھلے دنوں سے اس سے مزید بے رخی بڑھاتے اسے چڑچڑا کر چکی تھی

جب تک وہ یہاں ہیں انسانوں والا بی ہیویر کرنا۔۔"

وہ بستر پر گرتے تکیے پر سر رکھ گیا

Posted on Kitab Nagri

مطلب کیا میں جانور ہوں۔۔ "

وہ اسکی جانب رخ کرتے خشمگیں لہجے میں بولتے دونوں پاوں اوپر کر گئ تھی

ایسا تم کہہ رہی ہو میں نے ایسا کچھ نہی کہا۔۔ "

سمپلی صرف ہیپی کپل بننا ہے ہمیں

وہ بازو آنکھوں پر رکھ گیا مطلب مزید نہی بولنا

آپ کی کزن کیوں آئ ہے "

وہ بات نظر انداز کیے دل میں آیا سوال پوچھتے بولی وہ خاموش رہا تھا

میرے سوالوں کا جواب دیں پھر آنکھیں بند کریں "

وہ اس کا بازو ہٹا گئ تھی غازیان نے سرخ نیند سے بھری آنکھیں بامشکل کھولیں تھیں جو اس سے فاصلے پر ہوتے ہوئے بھی پتہ نہی کیا جاننا چاہ رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

اس کے عجیب تشویش دے تاثر دیکھتے اپنی جانب کینچھتے اپنے شکنجے میں لے گیا

فلحال سکون چاہیے مل سکتا ہے بعد میں فرصت میں سوال جواب کر لینا۔۔"

وہ بھاری آواز میں سرگوشی کر گیا

اس کی چلتی سانسیں اپنے چہرے کو چھوتی ہوئ محسوس کرتے نور سانس روکے اس کا چہرہ دیکھے گئ وہ کئ دنوں سے اس سے فاصلوں پر تھا

وہ اچانک نظروں کی تپش سے بند آنکھیں کھول گیا

وہ میں۔۔"شدید شرمندگی سے وہ نظریں جھکا گئ تھی

ششش شور نہی۔۔"

وہ ہونٹوں پر انگلی رکھتے آنکھیں پھر سے بند کر گیا اس کا لمس ہونٹوں پر محسوس کرتے وہ حلق تر کرتے سکون محسوس کر گئ جو نیند میں جانے سے اس کی حرکت نہی بھانپ سکا

Posted on Kitab Nagri

وہ شدید تھکا تھا پچھلے دو دنوں سے نیند کی شدید کمی تھی بامشکل ان جھمیلوں سے نکلتے وہ اپنے باپ کی سفارش سے ری جوائینگ دے گیا تھا لیکن نیا محاز ٹرانسفر کا تھا جسے آجکل وہ ہینڈل کر رہا تھا اور اگر ہوئی بھی تو وہ چاہ رہا تھا واپس اسلام آباد ہو جائے تا کہ اپنی ماں کو بھی واپس اپنے ساتھ رکھ لے جو کسی صورت اپنا شہر چھوڑنے پر قائل نہی تھیں

لائٹ اوف کر دینا۔۔"

اس کو اپنی گرفت سے کسمساتا نکلتے دیکھ کروٹ لے گیا تھا

سوئچ اوف کرتے اس کو سوتے دیکھ وہ چپل اڑیستے باہر آ گئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بشرا کے ساتھ ملکر لنچ کی تیاری کرنے لگی تھی جو اسے بتاتی جا رہی تھی پچھلے دنوں سے بشرا ہی میڈ کے ساتھ کوکنگ کا کام بھی انجام دیتی

وہ بزی ہی شائد اتنا تھا کے بغیر اعتراض کے کھا بھی لیتا تھا بس روٹی بنانا نہی آتی تھی نہ وہ یہ سب سیکھنا چاہتی تھی اس معاملے میں وہ بلکل نہی پڑنا چاہتی تھی

Posted on Kitab Nagri

خیر بشرا کی نیٹنیس دیکھتے وہ اپنی نگرانی میں اس سے روٹی بھی بنوا لیتی تھی کیونکہ وہ جانتی تھی غازیان کو اس چیز سے چڑ تھی لیکن وہ پھر بھی ریڈی ٹو کک ہی پریفر کرتا نور بس دیکھتی رہ جاتی کے اصل مزہ اسے گھر بنی روٹی کھا کر کی آتا نہ کے وہ مہینوں فروزن ہوئی چپاتی کھا کے پر وہ تو شائد عادی تھا

وہ کیچن میں ہنوز سوچوں میں مصروف تھی

بشرا کٹنگ بورڈ پر پیاز کاٹنے میں مصروف تھی

تم تو ٹوٹل چینج ہو۔۔"

وہ حیرت زدہ ہوئی آئرہ اس کا جائزہ لے رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کو کچھ چاہیے تھا۔۔'

وہ اسے اب سفید کرتے اور بلیو جینز میں بلکل فریش دیکھ رہی تھی کٹنگ شدہ بال پونی میں بند تھے چہرے ہر قسم کی آرائش سے پاک دھلا تھا

Posted on Kitab Nagri

مجھے اگر کچھ بھی چاہیے ہوا میں خود لے لوں گی تکلف کی بات نہی

مجھے صرف سماب سے ملنا تھا تمہیں غور کرنا تھا۔۔"

وہ اس کو غور کرنے لگی

سماب۔۔؟

نور اس کی بات پر جھینپ گئ تھی

اس نے تمہارا نام یہی بتایا تھا بولا تھا ایک چھوٹی سی بچی کا ٹور ر میں نے برباد کیا ہے"

جو ڈارک لپسٹک لگانا چاہتی تھی کیونکہ اس کے بابا نہی اسے لگانے دیتے تھے۔۔"

وہ اپنی بولی باتیں سوچتے شرمندہ ہوتی جا رہی تھی پر ایک بات تھی وہ اسے اب بلکل موڈی نہی لگی تھی

آئرہ گرمی میں کیا کر رہی ہو"

مانی یہ آپ کی بہو کا انٹرویو لے رہی تھی وہ کچن میں بنی ونڈو سے باہر دیکھتے بتانے لگی

Posted on Kitab Nagri

نور نے دیکھا ان کے تاثرات ویسے ہی تھے

پہلے جیسے تنے سے جزبات سے بلکل عاری۔۔"

چلو نور میں تمہاری ہیلپ کرتی ہوں کیوں مانی آپ کی چھوٹی سی بہو پر اتنے بوجھ نہی ڈالتے۔۔"

وہ واپس کیچن میں چہکتے آئی تھی

وہ اتنا بول رہی تھی نور کو اس کی باتیں بتاتے مسکرانے پر مجبور کرتی جا رہی تھی

تمہیں پتہ ہے ایک دفعہ نہ غازیان ہوسٹل سے واپس آیا میں نے اس کی پیسٹ فیس واش سے بدل دی۔۔"

پھر اس نے غصہ کیا ہوگا۔" وہ اس کو نفاست سے سلاد کاٹتے دیکھ بولی

نہی وہ سوچ رہا تھا میں پیسٹ کر رہا ہوں تو منہ میں.ببلز کیوں بن رہے تھے

اور پیسٹ کرنے کے بعد بھی اس کو اندازہ نہی ہوا کے یہ فیس واش ہے"

Posted on Kitab Nagri

وہ ہستے بولی نور سوچ کے رہ گئی اتنا سیدھا تو وہ ہرگز نہی ہے

وہ بہت کام calm بندہ ہے ہاں پر ریٹرن ریونج ضرور لیتا ہے"

اس نے پتا ہے کیا کیا ریٹرن میں میرے سنیکرز میں کیکٹس رکھ دیا تھا

ہش جسے پہنتے ہی میری چیخیں پورے گھر میں گونجی تھی

وہ ایسی حرکتیں بھی کرتا تھا وہ سوچ سکی تھی

آپ اس کی تربیت میں بہت کوتاہی کر گئیں ہیں آنٹی جی افسوس ہے مجھے آپ کی بیٹی پر

اس سے زیادہ آپ پر"

وہ چبھتے لہجے میں اسکی ماں کو دیکھتے بولا ریحہ کو اپنے ہاتھ کی ہڈی ٹوٹتی محسوس ہوئی جس پر وہ مضبوطی کیے تھا وہ نم آنکھیں جھکائے خوفزدہ تھی مطلب وہ سب سن چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

دانین کی ماں خاموش رہی تھی اس بات کا مقصد کیا تھا وہ نہی سمجھ سکی ہاں پر شرمندہ ضرور ہو گئ تھی۔۔"

آپ بھی تو ایک ہی گھر میں رہتے تھے پھر آپ کا کیا کریکٹر ہے کیا سین تھا آپ دونوں کا آخر ہیں تو آپ بھی اسی کے بھائ۔۔"

ریحہ کو لگا تھا وہ اس کی زات کے پرخچے اڑاتے اس کی زات کو ہی دانستہ طور پر نشانہ بنا رہی ہے

کیا میں تم سے مخاطب ہوں۔۔"

وہ بھینچے جبڑوں سے دھاڑا کے ازہان جو اندر آرہا تھا وہ وہی تھم گیا تھا

اپنا کریکٹر سرٹیفکیٹ اپنی ماں سے ہی لے کر دکھا دو اگر انہوں نے ہی تمہارے حق میں تائید کر دی پھر میرے سے میرے کریکٹر کے حساب کتاب کی بات کرنا

آئیندہ کوشش بھی نہ کرنا ورنہ رشتہ بھلائے سارے لحاظ بلائے طاق رکھ دوں گا مس دانین حیدر"

Posted on Kitab Nagri

دانین جو بستر سے ٹیک لگا گئ تھی اس کے سخت الفاظوں سے سبکی محسوس کیے اپنے اندر مزید آگ لگتی محسوس ہوئ تھی

کل شام کی باتیں سوچتے صبح اس کو خاموشی سے بستر پر پڑی تیار ہوتا دیکھ رہی تھی

وہ ٹائ کی نوٹ درست کرتے ہنوز سنجیدہ تھا وہ جس تیش میں واپس آیا تھا وہ اس سے خوفزدہ تھی نہ وہ اس سے مخاطب ہوا تھا

وہ وہاں اس کو یقین کی ڈور تھماتے ایسے بے رخی کیوں دکھا رہا تھا

ریحہ کی جان پہ بنی تھی

"جان۔۔

بھیگی سی آواز تھی

وہ ہمت جمع کرتے اس کو پکارتے اس کی دھڑکن منتشر کر گئ وہ کف لنکس بند کرتا پل بھر کے لیے رکا اگلے لمحے پھر مصروف تھا

Posted on Kitab Nagri

بستر سے نکلتے اس تک گئ جو خامخاں اینگری مین بنا تھا

آپ ناراض ہیں مجھ سے "

اس کے سامنے جاتے وہ سرخ آنکھوں سے بولی تھی

وہ اس کو رات والے کپڑوں میں ملگجے حلیے میں دیکھتا آرام سے سامنے سے پرے کر گیا

مجھے لگا میرے ساتھ وہی ہوا جو میں نے آپ کے ساتھ کیا تھا آپ بھی مجھ سے پوچھیں گے بلیو می احان ریحہ کے دل میں آپ کے علاوہ کوئ بھی نہی ہے۔۔"

اس کا ہاتھ تھامتے وہ روتے بولی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ تاسف سے دیکھتا رہ گیا

دل چاہ رہا ہے تمہارا منہ تھپڑ سے سرخ کر دوں اس سے پہلے رونا بند کر لو ریحہ "

وہ ہاتھ چھڑاتے سخت تیور لیے دور ہو گیا تھا

وہ جلدی ماننے والوں میں سے ہر گز نہی تھا وہ جانتی تھی وہ بے تحاشا ضدی ہے

Posted on Kitab Nagri

شام میں موسم کے بدلتے رنگ دیکھنے کے بعد بھی سارا دن بوجھل سا گزرا وہ اس سے ناراض تھا کیوں وجہ وہ جاننے سے قاصر تھی

دانین گھر واپس آ گئ تھی وہ دکھتے سر کو دبا رہی تھی اپنی آنکھیں جلتی محسوس ہوئیں

ریحہ دانین کو سوپ دے آو کشید گی بھی تم دونوں میں کم ہو"

وہ سانیہ کی آواز سنتے نفی میں گردن ہلاتے آنسو پینے لگی تھی

بڑی مما میں نے کشید گی نہی پیدا کی مجھے اس سے ہرگز ابھی نہی ملنا۔۔"

وہ اپنے فضول کے فتور دماغ سے نکال دے پھر اس سے بات بھی کرلوں گی

وہ خود پہ ضبط کیے تھی

Posted on Kitab Nagri

میں کچھ ٹائم مما کے پاس جا رہی ہوں۔۔"

وہ گھڑی پر نظر ڈال گئ جہاں چھ بجنے والے تھے اس کے آنے کا ٹائم بھی قریب تھا پر وہ اس سے سامنا نہی چاہتی تھی جو چھوٹی سئ بات پر اس سے اتنا زیادہ ناراض ہو جاتا تھا

وہ اٹھتی کے بری طرح چکر آیا تھا

ریحہ۔۔" وہ فوری سے اسے تھام گئ

وہ دھندلاتی آنکھوں سے منظر دیکھنے گئ تبعیت زیادہ خراب محسوس ہونے لگی تھی

کہی نہی جا رہی بیٹھو یہاں ہر گز تمہیں نیچے جانے کی اجازت نہی ہے

اب میں کوئ بھی کوتاہی برداشت نہی کروں گی سنا تم نے"

وہ سخت لہجے میں بولیں تھیں

Posted on Kitab Nagri

کچھ کھایا نہی نہ تم نے۔۔"

وہ دوسرا نقصان ہرگز برداشت نہی کرنا چاہتی تھیں اسے ڈپٹتے ملازمہ کو سوپ کا باول دے گئیں اور اسے لیتے کمرے میں آگئیں

بڑی مما مجھے پین۔ "

چند لمحوں بعد وہ درد سے دہری ہو رہی تھی

ریحہ وہ اس کی جانب آئیں۔۔"

تم بلکل ٹھیک نہی ہو اتنی لاپرواواقعی ہی ہو تم آج مجھے اندازہ ہو گیا ہے"

میں ڈاکٹر کو کال کرتی ہوں۔"

نہی مما۔۔"وہ نفی کرتے آنسوں سے اس کی گردان کیے تھی

حان کو فون کریں مما حان کو بس فون کر دیں۔"

وہ ان کا ہاتھ تھامتے درد سے روتے بول رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

اسے روم میں لے جاتے وہ ڈاکٹر کو کال کرنے کے بعد اسے بھی کر گئیں تھیں جس کا فون بند جا رہا تھا

ڈاکٹر نے اس کا پراپر چیک اپ کیا تھا

بی پی بہت ہائی تھا اور سٹریس بھی بلکل نہی لینے دیں بلکل ٹھیک نہی ہے اس کنڈیشن میں "

باقی ان کا پراپر چیک اپ کلینک میں ہی ہو گا ویکلی چیک اپ کرائیں۔۔"

کچھ وٹامنز سپلیمینٹ لکھ دیں ہیں وہ ٹائم سے لیں۔۔"

وہ پرسکرپشن دیتے پیشہ ورانہ انداز میں بولیں تھیں

نائمہ اسے کے سرانے بیٹھی تھیں

وہ ناراض ہے مجھ سے مما وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ہو جاتا ہے۔۔"

پھر مجھ سے بات بھی نہی کرتا۔۔۔ "

میری بات سنے بغیر اپنا شدید رد عمل دے دیتا ہے

اسی کی وجہ سے ہوا ہے یہ سب وہ خامخاں کا غصہ مجھ پر کر دیتا ہے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

میں ابھی شادی نہی کرنا چاہتی تھی مجھ سے نہی مما۔۔"

وہ مسلسل انہیں بتاتے روتے آنکھیں سرخ کر چکی تھی

ریحہ میری جان سر درد ہو گا نہ میں اس کی خبر لوں گی وہ کیسے میری بیٹی کو رلا سکتا ہے"

وہ جانتی تھی وہ اگر نہی ٹینشن لیتی تو بڑی بات کی بھی نہی لیتی اور اگر لے جائے چھوٹی بات کو بھی نہی چھوڑتی ہے"

اس لمحے احان پر غصہ آیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سر تھامے لاونج مئں بیٹھا تھا

ازہان۔۔"

وہ اس کے پاس بیٹھ گئیں تھیں آواز میں فکر تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ تھکی شکل اور آنکھیں سانیہ کی جانب کر گیا تھا جو صوفے پر اس کے نزدیک بیٹھی تھیں

کھانا کھایا تم نے۔۔"

وہ ٹانگیں سمیٹتے ان کی گود میں سر رکھ گیا سانیہ کا دل نرم پڑ گیا تھا

مما میں بے سکون ہوں آپ مجھ سے ناراض رہتی ہیں۔۔"

وہ ان کا ہاتھ اپنے سر پہ رکھ گیا آنکھیں نم سی تھیں

مما وہ میری زندگی کو پر سکون کرنے کی بجائے عذاب بنا رہی ہے"

سانیہ نے اس کی پیشانی سے بکھرے بال ہٹاتے تھکی سی آنکھیں دیکھیں وہ اس کا حال جان گئیں تھیں

تمہاری پسند ہے "

وہ اس کے بالوں میں ہاتھ چلاتے بولنے لگیں تھیں

Posted on Kitab Nagri

مما شدید افسوس ہے مجھے اس بات پر وہ خود کو پتہ نہی کیوں اپنی غلطی کے بعد بھی نہی سنوار رہی۔۔"

اس معاملے کی زمیدار بھی وہ مجھے سمجھ رہی ہے جیسے میں خوش ہوں نہ۔"

وہ تھکی آنکھیں موند گیا تھا

سانیہ دیکھتی رہ گئیں وہ ان کا ہنس مکھ بیٹا تھا جو اپنی زندگی خود اپنے ہاتھوں محض اپنے نفس پہ قابو نہ کر کے بے سکون کر چکا تھا

اسے نرمی سے سمجھاو ازہان اپنی توجہ دو ہو جائے گی ٹھیک۔۔"

وہ نصیحت ہی کر سکتی تھیں اب بس

میں توجہ دینے کی کوشش بھی کروں تو وہ میری اپنائیتوں کا کمپیریزن کرتی ہے وہ اس چیز میں خوش نہی ہے جو اسے مل گئ ہے بلکہ جو اس کے پاس نہی ہے وہ اس کے رونے لے کے بیٹھ جاتی ہے۔ "

مجھے کوفت میں مبتلا کرتی ہے وہ"

Posted on Kitab Nagri

وہ بے حد مضطرب تھا وہ اس کی بیوی تھی جس سے سکون کی تمنا تو دور بلکہ وہ اپنے ساتھ ساتھ اس کے لیے بھی ڈپریشن ضرور خرید رہی تھی

موسم کی خرابی کے تیور دیکھتے سگنل پرابلمز تھی

وہ رکتی بارش دیکھتے اب نکلا تھا

فون سامنے لہرایا جو بند ہو گیا تھا کورٹ بازو پر ڈالے پارکنگ سے گاڑی نکالے وہ دوبارہ بارش سے پہلے گھر پہنچنا چاہتا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بارش کے ہونے سے پہلے وہ پہنچ گیا تھا

لاونج میں سانیہ اور ازہان کو دیکھتے وہ خاموشی سے گزرتا کے سانیہ کی آواز نے قدم جکڑے

کہاں تھے تم بندہ فون بھی چیک کر لیتا ہے"

Posted on Kitab Nagri

ازہان اس سے نظریں چراتے روم میں چلا گیا تھا

سنگنل پرابلمز تھی خیریت۔۔"

وہ صوفے پر ریلیکس انداز میں بیٹھتے بولا

ریحہ کی تبعیت کافی خراب ہوئی تھی ڈاکٹر نے سٹریس لینے سے منع کیا ہے احان خیال کیا کرو اور تم بھی اسے سمجھاو۔۔"

اپنی ڈائیٹ کا خیال رکھا کرے"

مجھے اس کے معاملے میں کوئی نقصان نہی چاہیے"

وہ سختی سے اسے وارن کر رہی تھیں

اب کیسی ہے۔۔" وہ پریشان ہوتے اپنے روم کے بند دروازے کی جانب دیکھنے لگا

ٹھیک ہے اب میڈیسن وغیرہ دی ہے پر اس کی حالت نے مجھے پریشان کر دیا تھا

Posted on Kitab Nagri

کھانا کھاو گے"

وہ اسے اٹھتا دیکھ بولیں

اس نے کھایا ہے کچھ۔" وہ بے چین ہوتے بولا

ہاں زبردستی کھلایا ہے "

ابھی نائمہ اس کے پاس ہے" اسے جاتے دیکھ وہ اسے آگاہ کر گئیں

میں اس کو دیکھ لوں پہلے "

وہ گہرا سانس کینچھتے روم کی جانب چلا گیا

دبیز قدموں سے قدم رکھا تھا وہ بستر پر پڑی بند آنکھوں سے شائد نیند میں تھی

Posted on Kitab Nagri

نائمہ اس کی چاپ سے پلٹی

ان سے سلام اور حال احوال دریافت کرتے اس کے نزدیک ہی بستر پر بیٹھا

بات کرنی ہے مجھے احان۔"

جی۔"وہ چونکتے اس کے چہرے سے نظریں ہٹا گیا

اس کی نیند نہ خراب ہو ابھی سوئی ہے وہاں صوفے پر آجاو"

کچھ بات ہوئی ہے کیا تم دونوں میں"

وہ نظریں چرا گیا

کیا تم دانین کی باتوں کے اثر میں ہو تو کیا تم میری بیٹی پر شک۔۔"

Posted on Kitab Nagri

نہی چچی مجھے اس کے کریکٹر کے لیے کسی کی گواہی نہی چاہیے۔۔"

وہ درشتی سے بات کاٹ گیا تھا

احان وہ سختی برداشت کرنے والی نہی میں اس کی سائیڈ ہرگز نہی لے رہی جتنی وہ لاپرواہی دکھاتی ہے نہ پر کچھ چیزوں میں وہ بہت حساس ہو جاتی ہے "

اس کی کنڈیشن کا خیال کرو ورنہ پھر میں اسے ڈیلیوری تک ساتھ لے جاتی ہوں "

وہ اس کو دیکھتے قدرے سمجھاتے بولیں آخری بات وہ اس کے تاثرات کو دیکھتے بولیں تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کوئی بات نہی ہوئی ایسی میں اس کا خیال خود رکھ لوں گا

مجھے اندازہ ہے

کیا اسنے شکایت لگائی میری"

وہ لب دباتے اس کی جانب دیکھے گیا جو بند آنکھوں سے بے خبر پڑی تھی

Posted on Kitab Nagri

نہی زیادہ نہی لگائی" وہ مسکرا گئیں تھیں

پر بہت سٹریس لیا ہے اس نے"

اب ایسا نہی ہو گا"

ان کا ہاتھ دباتے یقین دہانی کرا رہا تھا

وہ اس کے روم سے چند باتیں کرتے چلی گئیں تو وہ شاور لیے فریش ہوتے اس کی جانب آیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ کھڑی یہ ہولناک صورتحال سمجھ رہی تھی جو اس کے آتے ہی وبال مچائے تھیں

لاونج کے سناٹے میں صرف ان کی آواز گونج رہی تھی اور وہ ہر بار کی طرح اپنے حق میں نہ بولتے خاموش تھی

Posted on Kitab Nagri

میں کہہ رہی ہوں اسے ہر گز تمہاری زندگی میں نہی رہنے دوں گی۔۔"

آئرہ میری پسند تھی اور وہی میری بہو بنے گی سنا تم نے۔۔"

تمہاری پسند اس کی جگہ کوئ اپاہج لڑکی یا غریب بھی ہوتی وہ مجھے قابل قبول تھی پر یہ ہر گز نہی

آج فیصلہ کرو میں یا یہ لڑکی۔۔"

وہ اس کے دل پہ وار کر رہی تھی

اسے لگا تھا اس کی جان نکل رہی ہے۔۔"

وہ دل پہ ضبط کیے اسے دیکھے گئ جو کچھ نہی بول رہا تھا

یک دم ہاتھ پر گرفت محسوس کرتے وہ سکون محسوس کر گئ

توماں کی اہمیت نہی تمہاری نظر میں۔۔ "

وہ چھبتی نظروں سے اس کا ردعمل دیکھتی بولیں وہ تیز آواز سے اس کی بازو تھامتے اس کے پیچھے چھپ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

ہے بہت ہے آپ ماں ہیں ماں کا درجہ بلند ہے نہ مما"

وہ نرمی لیے بولا

نکاح معمولی بات نہی ہے یہ بیوی ہے میری میں کیسے اسے بغیر کسی بات کے چھوڑ سکتا ہوں مما میں اس کے لیے اللہ کے آگے جواب دے ہوں۔۔"

وہ اس کو سامنے کر گیا اسے دیکھنے لگا جو نفی کرتے اس کی بازو مضبوطی سے تھامتے رو رہی تھی

ٹھیک ہے تم اسے طلاق نہی دو گے "

میں اپنی جان لے لوں گی۔

وہ بری طرح چیختے اسے سن کر گئی جو ڈائننگ پر پڑی فروٹ باسکٹ سے تیز دھار والی چھری لیتے کلائی پر رکھ گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مانی۔۔"

آئرہ کی چیخ زدہ آواز سے وہ نور کو دیکھتا ان جانب متوجہ ہو گیا

مما۔۔"وہ اس کا ہاتھ چھوڑ گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ خوفزدہ سی اپنی کلائی اس کی گرفت سے آزاد دیکھتی رہی

دور رہو غازیان ورنہ ورنہ میں خود کو مار لوں گی

وہ روتے اسے بول رہی تھیں

کیا چاہتی ہیں آپ۔۔

"وہ بے بسی سے دور ہوتے بولا تھا

تمہارے باپ کے بغیر تمہیں پالا

تمہاری خاطر دوسری شادی نہی کی اور تم اپنی ماں کو یہ صلہ دے رہو۔۔"

مانی پلیز۔۔" آئرہ دور سے بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

اگر چاہتے ہو میں خود کو کچھ نہ کروں

طلاق دو اسے ابھی اور آئرہ سے نکاح کرو۔۔"

وہ سامنے انہیں دیکھتے لب بھینچ گیا

نوغاز نو۔۔۔۔۔"

نور کو دیکھنے لگا جو روتے نفی کرتے ہزیانی انداز میں بول رہی تھی

دو ابھی۔۔"

اس کی ماں پھر سے بولی تھی

وہ ایک نظر اس کو دیکھنے لگا دوسرے لمحے اپنی ماں کو دیکھتے وہ اسے بدحواس کر گیا تھا

میں غازیان نیازی اپنے پورے ہوش و حواس میں ہالہ نور زبیر کو اس رشتے سے دستبردار کرتا ہوں۔۔۔"

میں تمہیں۔۔۔۔"

Posted on Kitab Nagri

نو نو غا۔ غاز مجھے نہی چھوڑو۔۔۔۔"

وہ چیختے پسینے سے تر چہرہ لیے چیختی جا رہی تھی

ہالہ۔۔۔"

سماب۔۔" وہ اس کو پکارتے اسکو اب جھنجوڑنے لگا جو مسلسل بند آنکھوں سے بستر پر اس کی بازوں سے نکلتے چیختی جا رہی تھی

خاموش۔۔ "

پاگل ہو گئ ہو۔۔" اس کو سختی سے بولتے اس کا چہرہ تھپتھپانے لگا تھا وہ لیمپ کی ہلکی روشنی میں اپنی تیش زدہ آواز سے خوفزدہ کر گیا تھا

وہ روتے اس کو خود پر جھکا دیکھنے لگی

دور ہو جاو تم جاو اس آئرہ کے پاس جاو

مجھے طلاق دے دی

Posted on Kitab Nagri

تم نے مجھے طلاق دے دی ہے۔۔"

وہ چہرا ہاتھوں میں چھپائے اب اونچا اونچا پھر سے رونے لگی تھی

واٹ آئرہ۔۔ "

کیا بکواس کر رہی ہو نور ہوش ہے تمہیں

وہ اس کو دیکھنے لگا جو بستر پر پڑی مسلسل رونے کا شغل بھی جاری رکھے تھی

ہم اس ٹائم روم میں ہیں تم سوئی ہوئی تھی۔۔"

کیا ہو گیا ہے"

وہ اس کے تیزی سے رونے پر سمجھ گیا وہ خواب دیکھ گئی ہے نیند سے جاگنے پر وہ خود بری طرح سٹپٹایا تھا

ابھی کچھ لمحے پہلے تو آنکھ لگی تھی یہ لڑکی واقعی اسے ستا رہی تھی

اس کی غیر ہوتی حالت پر تھوڑا پرے ہوتے سائیڈ ٹیبل سے جگ لیتے پانی گلاس میں انڈیلنے لگا

وہ خاموش سی ساکت خاموشی میں بجلی کی گرج کے بعد خوفزدہ سی تھی اسے اچانک سے اٹھا کے بٹھاتے وہ پانی کا گلاس اس کے خشک لبوں سے لگا گیا

Posted on Kitab Nagri

مجھے نہی چھوڑنا۔۔"

دو گھونٹ بھرتے وہ گلاس ہٹاتے اس کی جانب اپنی نمی سے دھندلائی بڑی آنکھیں اٹھاتے اس کے کندھے پہ سر رکھ گئی تھی

باہر بارش تیز ہو رہی تھی

اندر وہ اس کا جینا حرام کر رہی تھی

میری غلطی نہی تھی

میں نہی چاہتی تھی ایسا میرے ساتھ ہو۔۔"

م۔۔میں نے خواب دیکھا آپ اپنی مما کے کہنے پر مجھے۔۔"

وہ اس کے کندھے میں چہرا چھپائے بری طرح رونے لگی تھی

ہالہ میں نہی چھوڑ رہا۔۔"

اس کی وجود کی نرمی محسوس کیے وہ نرم پڑتے جھکتے اس کے بکھرے بالوں پر اپنے ہونٹ رکھ گیا

Posted on Kitab Nagri

"بارش ہو رہی ہے۔۔"

وہ ہلکی لیمپ کی روشنی میں خجل ہوتے گلاس وال پر پڑتے پانی کے قطروں پر نظر ڈالتے ہنوز اسی پوزیشن میں پوچھنے لگی

"ہمم۔۔"

وہ دھیمی بوجھل سی آواز میں بولتے اس کا سر کندھے سے ہٹاتے لیٹ گیا

وہ چند پل تکلیف سے دیکھتی رہ گئی وہ آنکھیں بھی موند گیا تھا

مختلف وسوسوں میں گھری وہ اس کے برابر میں لیٹتے اس کو کروٹ لیے دیکھتی رہی

وہ بند آنکھوں سے نیند کی ناکام کوشش میں گہرا سانس کھینچ کہ رہ گیا تھا اس کے بلاوجہ کے خوف پر۔

Posted on Kitab Nagri

خود پر بھاری چیز محسوس ہوتے وہ اب آنکھیں کھولنے کی سعی میں تھی

شعوری کیفیت میں آتے اس کی گرفت سے نکلتے اس کا ہاتھ ہٹایا

جب وہ اسے مزید خود میں بھینچ گیا

صبح ہو گئی ہے۔۔"

وہ اس کی مضبوط گرفت میں ہی کروٹ لیے سائیڈ ٹیبل سے فون لیے پانچ بجے کا ٹائم دیکھتے تیکھے لہجے میں بولتے اس کو جتاتے بولی

ہمم پر آج سنڈے ہے بھول گئی ہو لہذا قریب رہو۔۔"

وہ بوجھل لہجے میں بولتے اس کے بالوں میں چہرا چھپانے لگا

وہ گہرے سانس لیتے اس کی سانسیں اپنی کندھے پر محسوس کرنے لگی تھی

نماز سے نہی ہے"

وہ اس کا ہاتھ ہٹا گئی

Posted on Kitab Nagri

احان کی گرفت کمزور پڑی وہ موقعہ کا فائدہ اٹھاتے بند ہوتی آنکھوں سے دور جاتے اسے دیکھنے لگا

وضو کیے وہ تسلی سے نماز ادا کرنے لگی

وہ مسکرایا اسے ہلکی روشنی میں سجدے میں جاتے دیکھ جب وہ اس سے ناراض ہوتی اس کو جگانے کی محنت ہرگز نہی کرنی پڑتی تھی

دعا مکمل کرتے وہ اسے واشروم سے وضو کیا چہرہ لیے دیکھتے نظر انداز کیے بالکنی کا دروازہ کھولتے باہر قدم بھر گئ

بارش ہوئ تھی۔۔"

آپ کی وجہ سے مس کر دی"

وہ ناراض سی خود سے بولتے

ٹھنڈی پانی کی بوندوں کو ریلنگ پر انگلی سے کئ لمحے محسوس کرنے لگی

صبح میں ہلکی رات کی سیاہی کی رمق تھی بادل بھی چھائے سے تھے

ٹھنڈی ہوا محسوس کرتے نیچے جھکتے بھیگا سا گارڈن دیکھا

Posted on Kitab Nagri

دل نیچے جانے کو مچلنے لگا اچانک افتاد پر وہ بری طرح بوکھلائی تھی وہ کندھے سے کینھچتے اسے مقابل کرتے گھورنے لگا جو ریلینگ پر آدھی جھکی تھی

وہ رف سے حلیے میں سرخ ٹی شرٹ اور سیاہ ٹراوزر میں بھی عجیب کشش رکھتا کے وہ اس کے وجود سے نظریں چرا گئی

سیاہ ماربل پر دھرے اس کے سفید پاوں دیکھتے نظریں موڑتے اس کے ہاتھ کندھے سے ہٹائے تھے

اپنی تبعیت کیوں خراب کی تھی جانتی ہو نہ اپنی کنڈیشن۔۔۔"

مجھے تمہاری اس معاملے میں لاپرواہی نہی چاہیے بدلے میں جتنی محبت چاہیے ہے میری لے لو"

وہ کینھچتے اس کو سینے میں بھینچتے بولنے لگا تھا

مجھے نہی چاہیے "وہ آنسوں پر قابو پا رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

پر مجھے تو کرنی ہے نہ۔۔"

وہ مسکراتے اس کی مزاحمت پر گرفت مضبوط کیے تھوڑی اس کے سر پر ٹکائے آنکھیں بند کر گیا

میں آپ کی باتوں میں نہی آوں گی فری کی نہی ہوں۔۔"

مجھے نہی بات کرنی نہ مجھے بلانے کی کوشش کریں سمجھے ہر بار اپنی مرضی سے غصہ کرتے ہیں

وہ اس کے سینے پر دونوں ہاتھوں سے مکے برساتے کئ دفعہ کا دہرایا جملہ بولنے لگی

افسوس نازک ہیں بہت بلکل اثر نہی ان میں۔۔"

وہ اس کی بھوری خفگی بھری آنکھوں میں جھانکتے ہلکا پھیلا سا کاجل محسوس کیے انگلی آنکھ کے کنارے پر مار گیا

بے ساختہ اپنی نکاح سے پہلے کی خواہش آج پوری کرتے وہ نچلا گلابی لب دانتوں تلے دبا گیا

آہ نکال دیں میری آنکھ اب باہر جیسے ناک کے پیچھے پڑے ہیں"

وہ چہرہ موڑتے آنکھ مسلنے لگی جس میں وہ انگلی مارنے کا کام کر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

تم اس سے ملنے کے لیے اسی لیے بے تاب تھی کیا ہوا تھا کل ایسا جو اس نے یہ بکواس کی"

وہ کندھے سے تھامتے رخ اپنی جانب کرتے یک دم بات بدلتے سنجیدہ سا تھا

ریحہ بھیگی پلکیں اٹھا گئ اس کے چہرے کے بگڑے تاثرات دیکھے

بتاو مجھے۔۔"وہ دوبارہ تیز لہجے میں بولا

اس کے سخت لہجے پر وہ بولنے لگی

کل لاونج میں بیٹھی تھی ازہان وہاں آ گیا ہم نارمل بات کر رہے تھے وہ میرا کزن بھی ہے"

وہ تمہید باندھ رہی تھی

بچپن ساتھ گزرا ہے ہم نے احان ایک گھر میں رہتے میرا اس سے سامنا ہو بھی جاتا ہے اس میں اشو بنانے کی بات نہی تھی پر وہ بلاوجہ شور ڈالتے بنا گئ"

وضاحت کیوں دی تم نے اسے۔۔"وہ سخت لہجے میں بات سنتے پھر سے بولا

Posted on Kitab Nagri

وضاحت اس لیے دی کیونکہ میں چاہتی تھی کے وہ آپ کے سامنے کوئی بکواس نہ کرے جو بھی ہے مرد کے دل میں زرا سا بھی شک آجائے وہ عورت پر کبھی نہ کبھی انگلی اٹھا دیتا ہے میں یہ ہرگز نہی چاہتی تھی۔۔"

وہ اس کو مزید آنسو بہاتے دیکھ قریب کرتے اس کے ہاتھ دونوں ہاتھ مضبوط ہاتھوں میں لے گیا

ریحہ مجھے تمہاری کبھی وضاحت نہی چاہیے لیکن تم نے جب میں واپس آیا تب بھی بات بتانا گوارہ نہی کیا بلکہ اس سے ملنے کے لیے بے تاب رہی"

ہمیں اس رشتے میں یقین والی محبت کرنی ہے شک والی یا ڈرنے والی نہی تم مجھے یقین دو میں تمہیں یقین محبت دوں گا

مجھ سے کبھی اپنی کوئی بھی بات نہی چھپایا کرو سمجھی "

اس نے یقین میں ڈوبے سکون زدہ لفظ ادا کرتے ہی اپنی محبت بھری مہر اس کے ماتھے پر ثبت کی جو اس کی روح تک کو سکون زدہ کر گئی تھی

پتہ ہے مجھے فضول باتوں پر روتی لڑکیاں بلکل اچھی نہی لگتی مجھے غصہ آتا ہے جیسے کے تم کل سے یہ فضول حرکت کر رہی ہو۔۔"

Posted on Kitab Nagri

اس کی سرخ آنکھوں پر لب رکھتے وہ ماتھا اس کی پیشانی سے ٹکرا گیا

جان آنسو تو آجاتے ہیں نہ خودی۔"وہ خفگی سے بولی

کل میری تبعیت خراب ہوئی تھی

آپ آئے بھی نہی۔۔"

فون بند تھا نہ سگلنز پرابلمز کی وجہ سے"

بارش کے ننھے قطرے چہرے پر محسوس ہوتے وہ دھیمی سرگوشی کرنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہماری ساتھ میں پہلی بارش۔۔ "

اب تو ناراضگی ختم کرلو

اس کے سفید دوپٹے کی حجاب کی گرہ تک ہاتھ لے جاتے وہ کھول گیا

Posted on Kitab Nagri

ڈھیلے جوڑے کی زد میں بندھے لمبے سیاہ بال اس کی کمر پر بکھر سے گئے

آپس کی بات ہے ریحہ ایک بات تو بتاو لیکن سچ ہو۔۔۔"

وہ لب دبائے اس کی الجھی سانسیں اپنے دل کے قریب محسوس کرنے لگا

کیا۔۔؟

وہ چپل سے پاوں آزاد کرتے گیلے فرش سے سکون محسوس کرتے بولی

یہ اصلی ہیں۔۔"

وہ مسکراہٹ ضبط کرنے کے چکر میں چہرا جھکائے سر اس کے کندھے پر رکھ گیا۔۔"

حان۔۔۔ "

وہ اس کے بالوں کو اپنی دونوں مٹھیوں میں لیتے چیخی تھی

Posted on Kitab Nagri

جی جان کی جان۔۔ "

وہ سرسیدھا کرتے اس کی دونوں مٹھیاں اپنے بالوں سے نکالے چوم گیااس کی حرکت پر اس کے لبوں پر مسکراہٹ بکھری ہی تھی پر وہ پھر سے شدید غصہ دلا گیا تھا

سوچ لو ابھی بھی کہیں بارش کا اثر تمہارے بالوں میں چھپی ایکسٹینشن پہ نہ ہو جائے۔۔"

باقاعدہ اس کے بالوں میں انگلیاں چلاتے قہقہ لگا گیا تھا وہ

اسے غصے سے دھکہ دیتے دور ہوتی کے

آہ۔۔" پھر سے اس کی گرفت میں تھی جو اس کے بال نرمی سے مٹھی میں تھامے اسے خود کے ساتھ اب زور آور بارش میں بھگا رہا تھا

بات نہی کر رہی میں دور ہو جائیں۔ "

وہ انگلی سے وارن کیے اس کے ہاتھ اپنے بالوں سے ہٹا گئ

Posted on Kitab Nagri

پر میں چاہتا ہوں احان کی ریحہ اس لمحے احان کو ٹائم دے"

وہ اسکے بھیگے سراپے کو نظروں میں اتارے سرخ عارض گندمی تیکھے نقوش والا چہرا دیکھتے خود میں سما گیا تھا

احان فضول میں مجھ سے ناراض نہی ہوا کریں"

وہ آسودگی سے آنکھیں بند کرتے ان لمحوں کا سکون خود میں اتارنے لگی

پرامس۔۔ "

اس کی کمر پر گرفت کیے وہ اسکے چہرے کے نقوش کو برستی بارش میں محسوس کرنے لگا

وہ سوچ رہی تھی کے وہ اس سے ڈھیر سارا ناراض رہے گی پر اس کے قریب آتے ہی اس کے سارے دعوے دھرے رہ جاتے

اس لمحے اس کے لب مسکراتے جا رہے تھے جس کی محبت کی نرمیاں وہ اپنے چہرے پر محسوس کر رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

خوشبو محسوس کیے وہ جاگی وہ ڈریسر کے سامنے کھڑا پرفیوم سپرے کر رہا تھا

وہ گہرا سانس کھینچتے اس کی خوشبو خود میں اتارنے لگی

مارننگ۔۔"

آپ کا پرفیوم مجھے اچھا لگتا ہے حالانکہ مجھے الرجی ہے پر شائد اس کی عادت ہو گئی ہے۔۔"

وہ بستر پر بیٹھی بال باندھتے بند آنکھوں سے بول رہی تھی

غازیان نے چونک کے اس کی جانب دیکھا تھا جو آنکھیں بند کیے روم کی فضا میں گہرے سانس کھینچ رہی تھی

وہ رات کو سوچنے لگا عجیب ری ایکشن تھا اس کا۔۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بستر سے نکلتے وہ واشروم جاتی جب اس کی آواز نے قدم جھکڑے

مما کے پاس چلی جانا دن ان کے ساتھ اچھا گزارنا وہ کچھ دن ہی رہیں گی یہاں۔"

Posted on Kitab Nagri

حلق میں چھبن سی ہوئی وہ روم کے اندر بنا روم انلوک کرتے بتا نہی سمجھ رہا تھا شائد

وہ مجھے ناپسند کرتی ہیں۔۔"

اسے خواب یاد آنے لگا دل میں وسوسے جاگے تھے

کسی کی پسند بننا مشکل نہی ہوتا۔۔۔"

سب سے بڑا ہتھیار زبان ہے آپ کے پاس جتنی مٹھاس اور اپنائیت لاوگی لہجے میں اگلا بندہ خود آپ کا گرویدہ ہو جائے گا"

وہ اسکی پشت اس روم میں غائب ہونے تک دیکھتی رہی اور سر ہلاتے واپس کبرڈ کی جانب پلٹتے اپنا اچھا ڈریس نکالا تھا اور واشروم کی جانب چلی گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیس منٹ بعد وہ شاور لیے ڈریسر کے سامنے تھی وہ بیڈ پہ بیٹھا فون اور فائیل سامنے رکھے ہنوز مصروف تھا

جان بوجھ کے بلیو پہن کے نکلی تھی مسکراتے لبوں سے اپنے بال ٹاول کی زد سے آزاد کیے جو اب کندھوں سے نیچے تک جاتے تھے

Posted on Kitab Nagri

پانی کے قطرے خود پر پڑتے محسوس کرتے وہ گلاس وال بند دیکھنے کے بعد اس کی موجودگی سے انجان سا اتنا مصروف تھا کے وہ سمجھا تھا کے بارش اندر کیسے آ گئ

جب اس کو شیشے سے خود سے مسکراتے دیکھ ابرو اچکا گیا وہ خود میں اتنی مصروف تھی کے اندازہ نہی تھا کے وہ اب اسے دیکھ رہا ہے

وہ فائل میں بزی ہوا کے پھر اس کے بال جھٹکنے سے مٹھی بھینچ گیا تیکھی نظر اس کی نازک کمر سے بھیگتی شرٹ پر تھی

جہاں بالوں سے نکلتے قطرے اس کی شرٹ میں جزب ہو رہے تھے

نور پیچھے ہو جاو یا دور ہو جاو یہاں سے ڈسٹرب کر رہی ہو مجھے۔۔"

وہ ٹاول نیچے کیے چونکی تھی جو سخت لہجے میں بولتے اس پر گہری سخت نظریں جمائے تھا

میں کہاں جاوں روم میں ایک ہی ڈریسر ہے دوسرے روم میں آنٹی ہیں"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کی جانب رخ کرتے پریشانی سے بولنے لگی اس کی بھیگی پلکیں سیاہ بڑی آنکھوں پر اٹھتے گرتے نظر اس کی گردن سے چہرے پر تھی جس پر پانی کے قطرے واضع تھے وہ نکھرے سراپے سے گہرے نیلے رنگ کے کھلے کرتے کے باوجود اسے خود کی جانب متوجہ کر رہی تھی

تم نہی جارہی۔۔ "

اس کی نظریں خود میں اترتی محسوس کرتے وہ بامشکل بولی

میں واشروم کے مرر کے سامنے چلی جاتی ہوں۔۔" وہ پریشان سی انجان بنتے گزرتی کے وہ اس کا ہاتھ تھامتے خود کی جانب کھینچ چکا تھا

کے وہ اس افتاد پر بامشکل چیخ کا گلا گھونٹے اس کے کندھے سے لگی تھی

اس کے لمس سے وہ ساکت اس کے کندھے سے لگی رہی آج کتنے دنوں کے بعد وہ اس کے پاس آرہا تھا وہ ہلنا بھی نہی چاہتی تھی

پر بے ہنگم سانسوں کیا کرتی جو اس کے قریب آنے سے ہو گئ تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

تم مجھے مشکل میں ڈال رہی ہو۔۔۔ "

پیچھے ہو مجھے جانا ہے "

وہ اس کے سحر سے نکلتے اسے پیچھے کرتا کے وہ نا سمجھی کے عالم میں تھی

گہری خاموشی میں بس دونوں کی سانسیں تھیں

اپس سوری "

وہ سیدھی ہوتی کے اندر آنے والی بھی بوکھلائی تھی

وہ فوری دور ہوئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آہ۔۔"اس کے بال اس کی شرٹ کے بٹن میں بری طرح الجھ سے گئے

کیا مسلہ ہے پیچھے کیوں نہی ہو رہی۔۔"وہ سخت لہجے میں بولا

Posted on Kitab Nagri

ہو گیا۔۔ "

وہ ایک آنکھ سے ہاتھ ہٹاتے بولی کے نور سرخ سی خجل ہو گئ تھی

او خاصی فلمی سچویشن ہے وہ رخ موڑے ہنسی دبانے لگی

نور۔۔۔ "

اس کی تیز دھاڑ پر وہ نم آنکھوں سے زور زور سے الجھے بال کھینچنے لگی تھی غلطی بھی اس کی تھی کیوں اس کو کھینچا تھا بے بسی سے رونا آنے لگا تھا

وہ دیکھتے اور معاملہ سمجھتے گہرا سانس بھر گیا

آرام سے میں نکالتا ہوں۔۔"

نرمی سے ہاتھ ہٹاتے اس کی روئ آنکھیں دیکھتے نکالنے لگا

اس کے چہرے کے رنگ دیکھتا رہا جو اب بوکھلائ سی دوپٹہ دیکھ رہی تھی جو آدھا اس کے کندھے پر اور آدھا اس کے نیچے تھا

Posted on Kitab Nagri

اسے بے بس نظروں سے دیکھے گئ جو سمجھتے بنا دیر کیے فوری اس کے حوالے کر گیا

بندہ دروازہ بند کر سکتا ہے۔۔ "

تمہیں بھی مینرز ہونے چاہیے "وہ دانت پیستا رہ گیا تھا سچویشن اکورڈ ہی تھی

میں یہ دیکھو آج سپیشل ون کے لیے سپیشل کوفی لائ تھی

وہ اسکے بیڈ پر بیٹھ چکی تھی نور نے ٹھٹھک کر دیکھا تھا وہ اس کے نزدیک تھی

تھینکیو بٹ میں لیٹ ہوں "

وہ اٹھتا کے اس کا ہاتھ تھامتے اسے آگ لگا گئ تھی اتنا استحاق تو اس نے نہی دکھایا تھا اور ابھی اس پر کتنا غصہ بھی کر گیا تھا

یا اللہ یہ پینے سے نہی ہوگے پیو فاسٹ تمہیں کولڈ کوفی پسند تھی نہ

Posted on Kitab Nagri

نور تمہاری آئسکریم یوز کی ہے"

وہ اسے مزے سے بتا رہی تھی

موسم بھی اچھا کوفی بھی مزے کی۔۔"

جب تک یہاں ہوں بندہ عیش کرے۔۔"

فائن دو۔۔"

وہ مسکراتے گھونٹ بھرنے لگا

اسے اپنا آپ وہاں بے معنی لگنے لگا تھا ان دونوں کی باتوں میں

اس کے جانے کے بعد وہ کئی لمحوں تک ان لمحات میں تھی

کمر پر ویسے ہی الجھے بکھرے بھیگے بال اب خشک ہو گئے تھے

نور تم غصہ ہو مجھ سے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

آئرہ اس کے ساتھ جگہ بناتے بیٹھی

وہ صبح سے اس کا اکھڑا رویہ دیکھ رہی تھی پہلے تو وہ کافی ٹائم سٹور روم میں رہی تھی جو اندر سے لوکڈ تھا

بشرا کے بتانے پر اسے پتہ چلا تھا اس نے نوک بھی کیا پر اس نے نہی کھولا

آئرہ تم نے اسے بتایا نہی کیسے یہ تمہارے حق پہ ڈاکہ مارے بیٹھی ہے"

مانی۔۔"

اس نے تنبیہ کی تھی جبکہ وہ دونوں کی جانب انجان سی دیکھ رہی تھی

اس کی اگنورنس دیکھی ہے اسی لیے مجھے تم بہو کے طور پر چاہیے تھی جو میرا ادب کرے لیکن یہاں تو سب الٹ ہے

وہ اس کی زات میں لگا داغ ہونے کے باوجود بھی اسے پتہ نہی کیوں مہارانی بنائے بیٹھا ہے

اس کے کان سائیں سائیں کرنے لگے تھے مطلب اس کا راز وہ اس لڑکی کے سامنے بھی کھول چکی تھیں

وہ مزید کچھ بولتی کے وہ برداشت ختم ہوتے کھڑی ہو گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

پلیز خدا کے لیے معاف کر دیں مجھے آنٹی میں نے اس کی منتیں نہی کی تھی مجھے اپنائے"

وہ آنسو بے دردی سے رگڑتے وہاں سے نکلتے باہر آ گئ

مانی آپ کو میرے سامنے بات نہی دہرانی چاہیے تھی اس کا قصور نہی ہے "

وہ اس لڑکی کی غیر ہوتی حالت سوچتے افسوس سے وہاں سے اٹھتے بولی تھی

ایک دن میں مجھے صرف چند لمحے سکون محسوس ہوتا ہے پھر سے مجھے وہی لے آتے ہیں سب"

مجھے یہاں نہی رہنا مجھے بابا کے پاس ہی جانا ہے"

وہ لڑکھڑاتے قدموں سے چھت پر آ گئ تھی

نیچے ہر گز نہی جانا چاہتی تھی جہاں اس کی ماں اس کی زات کی تزلیل کر رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

سپیشل کوفی فار سپیشل ون۔۔"

یہی وہ لمحہ تھا جب اسے اپنے بیڈروم میں اس کے قریب دیکھتے نور کا دل چاہا تھا سامنے موجود لڑکی کی نظریں نوچ لے"

جو اس کو بغیر استحاق کے دیکھتے اس کے دل کو سلگا رہی تھی

تمہیں سرپرائز کرنا چاہتی تھی میں

پر وہ مجھ سے دور ہو گیا

اسے میری ضرورت بھی نہی اب"

مجھے کیوں اپنایا تھا پھر رقابت محسوس کرتے اس کی آنکھیں اس لمحے اس منظر کو محسوس کرتے جل سی رہی تھیں

گھٹنوں میں سر دیے وہ مسلسل رو رہی تھی

سب ختم ہوتا سا محسوس ہو رہا تھا

اپنی سانسیں بھی رکتی محسوس ہوئیں تھیں

پچھلے دس دن سے وہ اس کے قریب آنا چاہتی تھی

Posted on Kitab Nagri

جب وہ ہر رات کروٹ کیے اس کے قریب ہونے کے بعد بھی اس سے دور ہو تا رات بھی وہ کتنا براڈری تھی پر وہ پھر بھی اس سے دور رہا

وہ اس کا خوف دور کرتے اس سے دور ہو گیا تھا اسے اپناتے اس سے دور ہو گیا تھا پچھلے کتنے مہینوں میں اس کے سنگ گزارا ایک ایک لمحہ اس کی نظروں کے سامنے تھا

کم اون بیوی میرے بازو وا ہیں۔۔"

trust me i don't leave u at any cost"

میری وارڈروب کا ایک حصہ ہمیشہ تمہارے لیے خالی ہے"

بند آنکھوں میں آنسوؤں کی روانی میں اس کے لفظ گونجتے جا رہے تھے

میں تمہاری زندگی میں وہ شخص بننا چاہتا ہوں جس کے کندھے سے لگ کر تم سارے غم بھلا دو"

اپنی تھوڑی چھوئی تھی یہاں اس نے اس لمحے لمس چھوڑتے اس رشتے سے واقفیت دلائی تھی

Posted on Kitab Nagri

کبھی ہم پہ بھی نظر کرم کر دیں "

اس کی پر شوق نظریں کہیں نہی تھیں۔

کیا شاور لینا ہے

میں ریڈی ہوں دوبارہ لینے کو۔۔"

وہ سر تھام گئ تھی

نہی کچھ کر رہا تھپڑ یاد ہے

نور۔۔"وہ اس کے پاس بیٹھ گ تھی

وہ آنسو رگڑتے سوچوں کی گردان سے نکلتے اس کی موجودگی پر غصے سے چہرہ موڑ گئ

Posted on Kitab Nagri

صبح کتنی پیاری لگ رہی تھی۔۔"وہ اس کا چہرا اپنی جانب کرتے نرمی سے بولی

میری زات میں موجود داغ میری خوبصورتی کو ظاہر نہی ہونے دیتا۔"

وہ اسکا ہاتھ بری طرح جھٹک چکی تھی

اس نے بتایا نہ تمھیں

میرا راز نہی رکھا مجھے رسوا کیا اس نے وہ کہتا ہے کے مجھے نہی چھوڑے گا پر یہ اس کی ماں اس سے مجھے دور کر دے گی

میں اس کے ساتھ رہنا چاہتی ہوں۔۔"

میں سکون چاہتی ہوں

میری غلطی نہی تھی۔۔"

تم اسے پسند کرتی ہو تمہاری آنکھیں۔۔"وہ اسے خوفزدہ دیکھنے لگی وہ نظریں چرا گئ تھی

اب تم بھی اسے چھین لوگی مجھ سے

Posted on Kitab Nagri

میرے پاس کچھ بھی نہی رہے گا آئرہ۔۔"

وہ بے آواز روتی جارہی تھی

نہی نور میری صرف یک طرفہ محبت ہے اسے تو پتہ بھی نہی ہے مانی چاہتی تھیں کے ان کے بھائی کی بیٹی ان کی بہو بنے

لیکن بابا کبھی بھی ایک شادی شدہ مرد کو اپنی بیٹی نہی دیں گے پھر چاہے وہ ان کا قابل اور آئیڈیل بھانجا ہی کیوں نہ ہو

وہ مجھے لائی بھی یہاں اسی لیے تھی لیکن یقین کرو جو تمہارے گھر کو خراب کرنے کا سوچا بھی ہو میں ایک عورت ہو کر کیسے ایک عورت کا گھر برباد کر سکتی ہوں

اور مجھے محض اپنی محبت کے لیے ایک بٹا ہوا شخص نہی چاہیے"

بلکہ ایسا شخص چاہوں گی جو مجھ سے محبت کرے چاہے پھر وہ میری محبت نہ ہو

وہ اس کا ہاتھ تھام گئی تھی

وہ شادی نہی کرنا چاہتا تھا اپنے ماں باپ کی وجہ سے۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ ہمیشہ اکیلا رہا ہے نور اپنے خول میں سمٹا کبھی بہت پولائیٹ تو کبھی بہت روڈ

وہ اسے بتا رہی تھی پر وہ رونے میں مصروف تھی

تم خود اسے خود سے دور کر رہی ہو۔۔"

میں نہی جانتی تمہارے ریلیشنشپ کے بارے میں مگر تمہیں اس کے چھوڑنے کا خوف کیوں ہے جب وہ تمہاری خامی سمیت تمہیں اپنا گیا کیا تم ابھی بھی اپنے ریلیشنشپ میں نارمل نہی ہوئی"

وہ سرخ روتی نظریں اس لمحے چرا گئی تھی

اومائی گوڈ مطلب تم۔۔"

وہ اس کی نظریں چرانے سے حیران ہوئی تھی

نور میں جانتی ہوں تم جس فیز سے گزری ہو وہ ناقابل بیان ہے

لیکن تمہیں یہ سٹیپ لینا ہوگا اپنی جگہ مضبوط کرنے کے لیے تاکہ مانی ایسا کوئی قدم اٹھا ہی نہ سکیں اور غازیان وہ بھی کب تک برداشت کرے گا جب مرد کو گھر سے سکون نہ ملے تو باہر سکون کے زرائع ڈھونڈھتا ہے"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اور مانی کو قائل کرنا سیکھو میں یہ نہی کہہ رہی تم بدتمیزی کرو لیکن اپنے اور اس کے درمیان قائم رشتے سے احساس دلاو کے وہ تمہارا شوہر ہے وہ تمہیں اس سے علیحدہ نہی کر سکتیں

وہ اس کا ہاتھ تھامتے سمجھا گئ تھی وہ اس کی باتوں کے مطلب سمجھتے مزید خوفزدہ ہو گئ تھی اس بارے میں تو وہ ابھی بھی اتنی سیریس نہی تھی وہ تو اس سے اچھا بولنا اور رونا دھونا نہ کرنا اسی کو اپنے رشتے کا اگلا مضبوط قدم سمجھ رہی تھی

تم صبح کوفی دینے کی وجہ سے ناراض تھی مجھ سے "

وہ نارملی بات بدل گئ تھی وہ خیالوں سے نکلی

جی۔۔" وہ شرمندگی سے کہتے نظریں جھکا گئ

وہ دیکھتی رہ گئ وہ اس کا نصیب بن چکا تھا وہ آئرہ سے کم از کم پانچ سال چھوٹی تھی وہ اس کی جلن سوچتے مسکرا گئ

چلو دوست بنا لو۔۔ "

سوتن تو تم بنا نہی رہی اب" آخری بات وہ شرارت سے بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ گھور کے رہ گئ

اووااو یار نور کو شدید والا غصہ بھی آتا ہے"

وہ اس کو ہسانے کی خاطر گدگدی کرنے لگی

نو آئرہ نہی کریں۔۔"اس لمحے اس کی کھلکھلاہٹ گونجی تھی

سٹوپ آئرہ پلیز۔۔۔"وہ ہستے لوٹ پوٹ تھی کے آنکھوں میں پھر سے تیزی سے نمی بھرنے لگی تھی

کیا ہوا اب۔"وہ پریشان ہو گئ تھی

تھینکیو آپ اچھی ہیں۔۔"

میں آج عرصے بعد مسکرائیں ہوں

وہ اس کے کندھے پر سر رکھتے رندھی آواز بولی

Posted on Kitab Nagri

"...My pleasure

"اوئے تمہیں مجھ سے کہی غازیان والی فیلینگ تو نہی آ رہی

اس کو یونہی کندھے سے لگے دیکھتے مسکراتے بول گئ وہ فوری سے اس کے نام پر تیز دھڑکن میں سر اٹھا گئ تھی

"نور بلش کر رہی ہے

وہ اس کا سرخ ہوتا چہرہ مہبوت زدہ ہوتے دیکھنے لگی کے وہ مزید حسین ہو گئ تھی

"اس پر بلیو سوٹ کرتا ہے

غازیان کی بات اس کے زہن میں اس لمحے آئی تھی

"۔۔اچھا اب بتاو سٹور روم میں کیا کر رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

کنویکس پہ اسے اتار رہی تھی کل سرپرائز کرنا تھا اسے"

وہ نظریں جھکائے بولی

آہا مطلب تم روتے ہوئے اس کا پوٹریٹ بنا رہی تھی۔۔"

وہ اس کے چہرے کے انوکھے سے رنگ دیکھتی جا رہی تھی

تھوڑا سا رہ گیا بس کافی ٹائم بعد آرٹ کی ہے نہ۔۔"

اوکے تو اسے آج ہی ختم کرو اور رات میں اسے سرپرائز کرو۔۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہی آج کیسے۔۔"

کیوں نہی یار اٹھو میں ہیلپ تو نہی کرا سکتی پر تمہیں بک اپ تو کر سکتی ہوں۔۔"

Posted on Kitab Nagri

نیک کام میں دیر نہی۔۔"وہ معنی خیز لہجے میں بولی کے وہ اس کے زکر پر سمٹتی رہ گئ تھی

اس کے ساتھ گارڈن میں آہستہ قدم بھرتے اس کے ساتھ واک کر رہی تھی آج پورا دن اس نے اس کے ساتھ ایک خوشگوار سا گزرا تھا موسم کی خوشگواریت اس کی روح تک کو اس کے سنگ پر سکون کر رہی تھی جو اس کے ساتھ جانے کونسی باتیں کر رہا تھا اور وہ بس مسکرائے جا رہی تھی

اتنے اچھے آپ ہیں تو نہی تھے آپ کو تو بارش بھی نہی اچھی لگتی تھی۔۔"

بلکہ ایک کونے میں بلی کی طرح خوفزدہ سے کھڑے ہو جاتے تھے

وہ اس کی جانب دیکھتے بولنے لگی

ٹائم ٹائم کی بات ہوتی ہے انسان کو اپنا ٹیسٹ چینج کرنا چاہیے"

Posted on Kitab Nagri

وہ سنجیدہ سا بولتے اچانک سے اس کی کمر جھکڑتے نظریں اس کے لبوں پر جماتے بولا

بازآئیں۔۔"وہ اس کے بدلتے تیور پر کندھے پر مکہ مار گئ تھی

خود ہی تو پوچھا آپ پہلے ایسے نہی تھے اب تمہیں ٹیسٹ کی بات بتا رہا تھا تو تم۔۔"

وہ اس کے ماتھے پر لب رکھتے گھمبیر لہجے میں بولا

کوئ یہ منظر دیکھتے خاکستر ہو رہا تھا

بے بی آپ کے بابا بہت اچھے ہوتے جا رہے ہیں مجھے یقین نہی آ رہا ہے یہ وہی اٹینشن سیکر ہے جسے مجھے کبھی ڈانٹنے کا بہانہ چاہیے ہوتا تھا۔۔"

وہ اس کے کندھے پر سر رکھتے مسکراتے بول گئ تھی

پر بے بی کی مما بلکل بھی نہی اچھی مجال ہے جو کبھی ایسی حرکت کر کے بابا کو خوش کر دیں"

وہ خفگی بھرے لہجے میں بولا

Posted on Kitab Nagri

کیونکہ یہ ڈیپارٹمینٹ آپ پہ ہی سوٹ کرتا ہے"

وہ نفی کیے مسکرانے لگی تھی

اس لمحے وہ ہاتھ میں تھاما فون نیچے دیکھتے ڈائل لسٹ کھولتے نمبر ملاتے فون کان سے لگا گئ

میں آپ سے ملنے کے لیے تیار ہوں

کل ڈیٹیل میں بات ہوتی ہے وہ سامنے کا منظر دیکھتے بولی تھی

میں نے ایسا نہی سوچا تھا پر وہ مٹھی دبا گئ تھی

میرا سکون برباد کر کے

تم بھی خوش نہی رہ سکتی ہر گز نہی۔۔۔"

وہ زہر خند نظروں سے دیکھتے اپنی تکلیف دبائے ٹیرس سے نیچے چلی گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ خود کو شیشے میں دیکھتے جھینپ گئ تھی

آئرہ یہ کچھ ز۔۔زیادہ ہے"

نہی زیادہ پرفیکٹ۔۔"

وہ انگوٹھا اور دونوں انگلیاں ملاتے مسکرا گئ

وہ کمرے پر طائرانہ نگاہ ڈالتے خوابناک ماحول سے نظریں چراتے اپنے حلیے کو دیکھتے سن ہوئ اتنا تیار بس وہ شائد اپنی شادی پر ہوئ تھی مگر تب خود کو دیکھنے کی فرصت کہاں تھی

ڈارک بلیو پیروں کو چھوتی سمپل فراک سی جس کے آستین پورے تھے

گہرے آگے پیچھے کے گلے سے دوپٹے کے بغیر اس لباس میں اسے آئرہ سے بھی شرم آ رہی تھی جو خاصہ فٹنگ میں تھا

ڈن۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کا چہرہ خود سے کلینزنگ کی پروڈکٹس یوز کرتے سنوار گئ اتنا ٹائم نہی تھا وہ سیلون چلی جاتی اس کے رف سے بال کاٹتے نیچے سے برابر کر گئ تھی جواب سٹریٹ کیے کندھے اور کمر پر بکھرے اس کی پشت کے گہرے گلے کو چھپا گئے تھے

نورا ایک بات ہے تمہارے بلیو ڈریس بہت ہیں کہی تم اس کی پسند سے واقف تو نہی تھی۔۔"

وہ اسے مسکراتے چھیڑ گئ وہ بری طرح سٹپٹائ تھی

نہی یہ محض اتفاق ہے۔۔ "

وہ ایئر رنگ پہنتے بولی یہ سب تو اس کا دل ہی نہی چاہتا تھا کرنے کو مگر اب وہ اس کے لیے سجتے وہ شرما رہی تھی دل کی کیفیت عجیب سی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سرخ لپسٹک سے سجے لب مسکارے سے سجی بوجھل پلکیں وہ سادہ فراک پر صرف کانوں میں جھمکے پہنے تھی

تم بہت پیاری لگ رہی ہو۔۔ "

وہ تو آج گیا کام سے"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کا جائزہ لیتے آنکھ مارتے بولی

وہ دھڑکتے دل اور بھیگتی ہتھیلیوں سے وقفے وقفے سے اس کے جملے ڈریسر کے سامنے کھڑی سن رہی تھی

میں جاوں۔۔"اس پر مسکراتی نظر ڈالتے وہ اسے چھیڑ گئی

نور نے سٹپٹاتے گھڑی پر نظر ڈالی جہاں دس بج گئے تھے آج وہ صرف اس کے لیے خود کو سجائے اس کے انتظار میں تھی

آئرہ نہی جاوا ابھی۔۔ "

وہ اس کا ہاتھ تھامتے عجیب ہی بول گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آہ بدھو میں یہی تم دونوں میں رہوں۔۔"

اور تمہارے کینڈل لائٹ ڈنر میں اپنے سنگل ہونے کا دکھ مناوں"

اس کی پہلی بات پر جہاں وہ سن تھی آخری بات پر ہائی لائٹ کیے گال مزید سرخ ہو گئے تھے

Posted on Kitab Nagri

یار میرا جانا ضروری ہے ورنہ مانی نے مجھے ڈھونڈتے تمہارے روم میں آجانا پھر مزید کوئی بدمزگی ہو۔۔"

سمجھ رہی ہو نہ"

وہ اس کا ہاتھ دباتے بولی نور کا حلق تک کڑوا ہو گیا تھا

وہ اس کے جاتے گہرا سانس کھینچتے خود کو نارمل کرنے لگی سنگل سٹریپ والی ہائی ہیلز سے اس کے پاوں تھک گئے تھے

وہ بیڈ پر بیٹھی فون کھولے ویڈیوز نکالنے لگی

اور شوہر کو منانے کے کچھ طریقے دیکھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہش یہ سب میں نہی کر پاوں گی"

وہ ہر ویڈیو دیکھتے سرخ ہوتی جارہی تھی

کے اچانک گاڑی کے ہارن سے اس کے ہاتھ سے فون چھوٹتے زمین بوس تھا

Posted on Kitab Nagri

آہ نور نہی بی کونفیڈینٹ۔۔" وہ خود کو ہمت دیتے اسی پوزیشن میں رہی

وہ اندھیرے لاونج سے اپنے روم کے ساتھ والے روم میں ٹھہری اپنی ماں سے ملنے چلا گیا

نوک کیے وہ اندر بڑھا

آئرہ نوک کرنے سے فون استعمال کرتی کراون سے ٹیک لگائے سیدھی ہو بیٹھی تھی

مما سو رہی ہیں۔۔"

اور مجھ سے ناراض بھی ہیں

وہ ان کے چہرے پر نظر ڈالنے لگا جو ناراض سا تھا

مانی تم سے ناراض نہی ہو سکتی۔۔ "

آئرہ نے اس کا جائزہ لیتے مسکراتے بات ٹالی تھی

Posted on Kitab Nagri

ہوئی ہیں۔۔۔"

وہ ان کے ہاتھ کا تھامتے ہونٹوں سے لگانے کے بعد آنکھوں سے لگا گیا

اسی لمحے ان کے اندر ماں والی محبت جاگی وہ سونے کا ڈرامہ کرتیں پٹ سے آنکھیں کھول گئی

ماں اولاد جو بھی کر لے صبر ہی کر سکتی ہے "

وہ پہلے اٹھتے ہی اسے جتا گئی تھیں

کھانا کھایا آپ نے۔۔"

وہ ان کے چہرے کو دیکھتے نرمی سے بات بدل گیا

تمہاری بیوی نے کبھی ڈائننگ پر ہمارے ساتھ بیٹھنا گوارہ نہی کیا ملازمہ ہمیں سرو کرے نہ کرے مگر وہ بچی بنی اتنی ناسمجھ نہی ہے جتنی بنتی ہے اتنا خیال تو ہونا چاہیے نہ خود وہ ہمیں دیکھنا تک گنوارہ نہی کرتی ملازمہ سے اپنا کھانا روم میں منگوا لیتی ہے

Posted on Kitab Nagri

وہ زہر خند ہوتے بول رہی تھیں ویسے ہی اس کے چہرے کے تاثر بدل رہے تھے وہ اسے سمجھا کے بھی گیا تھا مگر وہ لڑکی غازیان اپنا اشتعال دبانے لگا

مانی ایسا نہی ہے۔۔ "

وہ بس تھوڑی شائے ہے"

آئرہ نے صورتحال سنبھالی کم از کم آج وہ کوئ بھی بدمزگی نہی چاہتی تھی

بتانے دو مجھے آئرہ وہ اس کو دیکھتے تنبیہ کر گئ تھیں

آج تو اس کی بدتمیزی کی انتہا تھی

جانتے ہو کیا کہا میں نے اس کی منتیں نہی کی تھیں مجھے اپنائے مطلب تم زبردستی اس کو باندھ کے رکھے ہو مجھے تم پر قہر آتا ہے میری اکلوتی اولاد جس کی شادی کے مجھے اتنے ارمان تھے بلکہ ہر ماں کو ہی بیٹوں کے ارمان ہوتے ہیں

جو بھی ہے اپنا رویہ تو کم از کم درست رکھے مجھ سے میں کونسا یہاں صدیاں رہنے والی ہوں

Posted on Kitab Nagri

جبکہ مجھے منہ توڑ جواب دیتے تن فن کرتی وہ چلی گئ

وہ اپنے جلتے دل کا سارا غبار نکالتے اس کو آتش فشاں بنا رہی تھیں

ایسی بات نہی ہے غازیان مانی آپ نے بھی آج اچھا نہی کیا تھا

جبکہ وہ وہاں سے بغیر سنے اشتعال میں ہی اٹھ گیا تھا

مانی۔۔"وہ صدمے میں تھیں جو بیٹے کے سامنے اپنی مظلومیت کے رونے رو گئ تھیں

بحر حال وہ اس کے پیچھے نہی جا سکتی تھی پر نور کو وہ سمجھ جائے اس چیز کی وہ دعا کر گئ تھی

دھاڑ سے دروازہ کھلنے کی آواز سے وہ دھڑکتے دل میں تھی

جو اس لمحے اندازہ نہی کر پا رہی تھی وہ اتنی دیر بعد کہاں سے آیا ہے وہ آنے والے طوفان سے بے خبر ہی تھی

روم کے ڈریسر پر جلتی بجتی کینڈلز کی روشنیاں اور گلاس وال کے نزدیک پڑے ٹیبل پر پڑی کینڈلز سٹینڈ پر جلتی کینڈلز اور دھیمی سی پرفیوم کی خوشبو سے اس کا سامنا ہوا

Posted on Kitab Nagri

وہ بیڈ پر بیٹھی اس کی جانب پشت کیے ہنوز فون میں مصروف رہی یہ اسے مزید آگ لگا گیا تھا

کیا حرکت ہے یہ۔۔"

فون اس کے ہاتھ سے چھینتے وہ اس کا سجا سنورا دلکش روپ بغیر دوپٹے کے دیکھنے لگا

اس کی آنکھوں میں شرارے سے پھوٹنے لگے تھے

غازیان۔۔"

اس کی حرکت پر وہ سہمی سی بوکھلائی تھی

جب وہ اس کی کلائی جھٹکے سے کھینچتے اپنے برابر کر گیا

ہیل کی وجہ سے بامشکل خود کو سنبھالتے ایک ہاتھ سے اس کی کمر سے شرٹ مٹھی میں لے گئی جبکہ

دوسرا ہاتھ اس کی بازو کا سہارا لیے تھا وہ خوفزدہ ہو گئی تھی جو سیاہ شکن زدہ شرٹ میں سرخ آنکھوں سے اپنی

جھلسا دینے والی سانسوں سے اسے روبرو کیے تھا

Posted on Kitab Nagri

یہ سب تماشے کیا ہیں۔۔"

وہ دھاڑا تھا نور کو اس کی انگلیاں اپنی کمر میں پیوست ہوتی محسوس ہوئیں

تمہیں اثر نہی ہوا تھا آج وہ میری ماں ہے نور

میں تمہاری اگنورنس اور بکواس برداشت کر لیتا ہوں کافی نہی ہے کیا۔۔"

اس کے مقابل بامشکل کھڑی تھی جو اپنے لہجے اور پکڑ سے خاصی تکلیف دے رہا تھا

یو ہرٹنگ می غازیان۔۔ "

لیو۔۔"وہ اس کی گرفت میں مچلتے خوفزدہ ہونے لگی تھی

تم تکلیف میں نہی ہو میں ہوں سمجھی

تم تو سکون میں ہو۔۔"

اس کے چہرے پر نظر پڑتے وہ اس کے سرخ لب انگوٹھے سے مسل گیا کے وہ ہراساں سی اس کا عمل سہن کرنے لگی

Posted on Kitab Nagri

ہ۔۔ہوا کیا ہے م۔۔میں نے کیا کیا ہے غاز آئی ڈونٹ نو۔۔"

مجھے بتادیں پلیز میری غلطی۔۔"

وہ خوفزدہ سی بولی

غلطی۔۔"وہ اپنی پکڑ میں اس کے سراپے پہ گہری نظریں ڈالتے اسے مزید خوفزدہ کر گیا

چھوڑیں مجھے۔۔"وہ ٹوٹتے لفظوں میں

اپنی کمر اس کی گرفت سے چھڑانے لگی تھی جب وہ اسے پیچھے بیڈ پر بری طرح دھکہ دے گیا تھا

آہ۔۔وہ روتے اوندھے منہ بیڈ پر گری تھی

آئی ہیٹ یو"

Posted on Kitab Nagri

وہ بری طرح چیخی تھی

کیا کہا یو ہیٹ می۔۔۔ "

اس پر جھکتے وہ اس کے بال مٹھی میں لیتے اس کی کمر سے پرے کر گیا تھا

ن۔۔نو نہی کرو۔۔۔ "

وہ روتے سیدھی ہونے کی کوشش میں شیٹ کو دونوں مٹھیوں میں تھام گئ تھی جو خود میں تھا ہی نہی

اس کی شفاف گہرے گلے سے جھانکتی گردن پر اس کی انگلیوں کے لمس کے بعد وہ اس کے سلگتے لب محسوس کرنے لگی

غازیان آپ کو خدا کا واس۔۔واسطہ ہے۔۔"

وہ روتے بول گئ

اس کا ہوشربا حسن اسے غصے میں پاگل کر رہا تھا اس کی وجود سے اٹھتی خوشبوؤں میں گہرا سانس بھرتے وہ خود کے نفس پر ضبط کرتے اس کو سلگا گیا

Posted on Kitab Nagri

میری ماں سے معافی مانگو ورنہ۔۔"

اس کی کان کی لو پر جھکتے سلگتے لہجے میں بولا وہ روتے چھبتے ائیر رنگ سے زیادہ اسکی بات کی تکلیف محسوس کر گئ تھی

اپنی حرکت پر کنٹرول کرتے وہ اسے سیدھا کر گیا

جو بکھرے میک اپ میں بھی اسے خود کی جانب متوجہ کر رہی تھی

نہی مانگوں گی۔۔" وہ اس کے وزن سے آزاد ہونے پر چھت کو دیکھتے بے آواز روتے بولی تھی

نہی مانگو گی۔۔"

وہ اس کے جواب پر تیش زدہ سا پلٹتے اس کو پھر سے اپنے مقابل کھڑا کرتے وہ سنبھالتا کے وہ ہیلز کی وجہ سے پاوں مڑتے اپنی سسکی دبا گئ تھی

مانگو گی معافی تم نور۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

تم نے مجھے کیا صلہ دیا ہے۔۔"اس کی بات پر وہ سن پڑتی جارہی تھی

اپنی حرکت پر جب اگلے لمحے آوٹ آف کنٹرول غصہ پھر سے عود آیا تھا اور چلاتے وہ ساری حد پار کر گیا تھا

اگر تم نے آج معافی نہ مانگی تو میں تمہیں ہمیشہ کے لیے چھوڑ دوں گا۔۔"

زہر خند لہجہ وہ بری طرح اس کے چھوڑنے پر نہ سنبھلتے پھر سے زمین پر گری تھی

میں تمہیں چھوڑ دوں گا۔۔"

وہ بھیگی مسکارے سے بوجھل پھیلی آنکھیں اس کی جانب اٹھا گئی تھی

آج یہ آنسو کام نہی آنے والے۔۔"

وہ اس کے چہرے پر تلخ نظر ڈالتے واشروم چلا گیا

وہ چہرا صاف کرتے لڑکھڑاتے قدموں سے اٹھتے کمرے سے باہر گئی تھی

ان کا روم کھولتے وہ سامنے تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

آئزہ میری میڈیسن دے کر پھر لیٹنا۔۔"

جی مانی۔۔"

میڈیسن دیتے دیکھا جگ خالی تھا وہ جگ تھامتے سامنے دیکھتے حیران ہو گئ

نور۔۔"

آئزہ نے اس کا بکھرا حلیہ سپاٹ چہرا دیکھتے نظریں اٹھاتے ساکت تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کیسے چاہتی ہیں میں معافی مانگوں۔۔"

وہ ان کے بیڈ کے نزدیک گھٹنوں کے بل بیٹھتے کھوئے انداز میں بولی

یہ کیا کر رہی ہو کیا ہوا ہے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ پیچھے ہوئ تھیں

آپ سے ازالہ کر رہی ہوں آپ کے بیٹے کی زندگی میں آنے کی غلطی کا"

وہ اس کا بکھرا حلیہ دیکھنے لگی آئرہ کو افسوس ہونے لگا تھا

آئ ایم ریلی سوری آنٹی۔۔"وہ بولتے ویسے ہی کمرے سے نکل گئ تھی

اس کو کیا ہوا۔۔؟غازیان کی ماں حیران ہوتے بولی

جو گوہر افشانی آپ نے اپنے بیٹے کے سامنے کی اس کا نتیجہ۔۔"

وہ تنزیہ لہجے میں بولتے باہر قدم بھر گئ

وہ پیچھے سن پیشمان سی ہو گئ تھی

وہ روم میں واپس آئ وہ ابھی بھی واشروم میں تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اپنے کان سے نوچتے خود کو تکلیف دیتے جھمکے پھینکتے وہ ساری کینڈلز ہاتھ مارتے زمین بوس کر گئ تھی

وہ واشروم سے آیا تو بکھرا کمرا سامنے تھا پر وہ نظر نہی آئ

خالی کمرے پر غصے بھری نظر ڈالتے ڈریسر کے ڈراسے لائیٹر اور سگریٹ کا ڈبہ لیے باہر لاونج میں آ گیا

گہرے کش بھرتے آنکھوں میں اس کا سراپہ چھبنے لگا تھا

تم میری فیلنگس کا مزاق بناتی ہو

وہ دھوئیں میں اس سے مخاطب تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم میرے غازیان نہی تھے وہ ایسا نہی تھا

وہ اس سے سامنانہ کرتی روم میں بنے دوسرے روم کے فرش پر پڑی بے یقین سی اپنی سسکیاں دبائے تھی

افسوس ہے مجھے تم پر۔۔"

Posted on Kitab Nagri

آئرہ کی آواز سے وہ سرخ آنکھیں کھول گیا تھا وہ سامنے کھڑی ہمیشہ کی طرح اس کا غصہ بڑھا رہی تھی

مجھے لیکچر نہی لینا آئرہ۔۔"

مجھے میری تنہائی چاہیے ابھی سو گیٹ لوسٹ۔۔"

وہ حد سے زیادہ روڈ ہو گیا تھا

سننا تو تمہیں ہو گا ہی

اس کا کیس کیوں نہی فائل ہونے دیا تھا۔۔۔"

میں اس بات کو کسی کے سامنے ڈسکس یا اکسپوز نہی کرنا چاہتا

سو سٹے آوٹ اوف دس میٹر

وہ اس کی بات پر قہر آلود نظروں سے دیکھتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

غصہ آیا۔۔۔"چلو چھوڑ دیا

ابھی کیا حرکت کی ہے تم نے اس کے ساتھ

جانتے بھی ہو مانی سے معافی مانگ کے گئ ہے اس کی غلطی بھی نہی تھی مانی اس کے مزید امتحان لے رہی ہیں

اب مجھے سمجھ آئ وہ نزدیک کیوں نہی آئ۔۔"

کیا بکواس ہے یہ تمہیں کوئ حق نہی ہمارا پرسنل ڈسکس کرنے کا جسٹ لیو۔۔"

وہ تیز لہجے میں بولتے اسے مزید غصہ دلا گیا تھا

وہ ہمارے ساتھ نہی بیٹھتی کیونکہ مانی ایک موقع نہی چھوڑتی اسے اس کی زات کا تاریک پہلو دکھانے میں۔

مانی اس کے سامنے بولتی ہیں کے وہ تمہاری شادی مجھ سے کر دیں گی

کونسی بیوی برداشت کرتی ہے یہ۔۔"

وہ تو پھر نہی کچھ بولی غازی بلکہ وہ اس چیز سے خوفزدہ ہے"

Posted on Kitab Nagri

how could u do this...

بتاو۔۔"

مما نے اسے کیا کہا۔۔ "

وہ اس کی بات پر غصہ اترتا محسوس کرتے اب اضطراب سے سگریٹ جوتے کے نیچے مسل گیا تھا

میں سوچ نہی سکتی تم نے اس کو اپنانے کی ساری محنت آج ضائع کر دی جب وہ خود تمہارے لیے سجی سنوری تمہیں سرپرائز کرنے والی تھی

افسوس ہے مجھے تم پر

کہاں ہے وہ۔۔" وہ ناگوار لہجے میں دیکھتے بولی تھی

نور۔۔۔" اس کے لب اس کی نام کی سرگوشی میں ڈھلتے اس کی گزشتہ حرکتیں یاد کرا گئے وہ لمحے میں خوفزدہ سا اٹھا

Posted on Kitab Nagri

میں خود دیکھ لوں گا اسے۔۔"

آئرہ کی کلائی کو اپنے روم سے اندر جانے سے پہلے جھٹکا دے گیا تھا

وہ تیکھی نظر ڈالتے چلی گئ

نور۔۔۔"

غصہ ختم ہوتے اسے خود پر غصہ آنے لگا تھا

پوری شدت سے چلاتے وہ روم میں داخل ہوا

جہاں وہ نظر نہی آئ بکھرا سا روم تھا

اس کی ہیلز سے وہ گرتے بامشکل سنبھلتا کے اپنے پاؤں چپل سے آزاد کرتے اگلے لمحے فرش پر گرا اس کا ائیر رنگ اس کے پیر میں چھبا

جو اس کے بند روم کے باہر پڑا تھا

نور تم اندر ہو نہ۔۔

اوپن دا ڈور۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ دروازے کے ساتھ بیٹھ گیا تھا پر وہ اندر اس کی آواز سے خشک آنکھوں سے خوفزدہ سی مزید سمٹی تھی

ن۔۔ نہی۔۔" وہ نفی کرنے لگی

سماب۔۔" میں تمہاری جان لے لوں گا اگر خود کو نقصان پہنچایا

وہ دھڑکتے دل سے پوری شدت سے چلاتے دروازہ پیٹنے لگا

آئی ایم سوری پلیز کھول دو۔۔"

تم نے نہی کھولا اور اگر تم نے اس بار خود کو نقصان پہنچایا بلیو می میں آج خود کو شوٹ کر لوں گا

وہ نم ہوتی آنکھوں سے پسٹل ڈرا سے لے گیا تھا

ہاں وہ اس کے لیے رویا تھا وہ اس کو چند لمحے پہلے اپنی جانب سے پہنچائی تکلیف پر اس لمحے ملامت کر رہا تھا وہ اتنے مہینے اس کے ساتھ رہتے کیسے نہی اسے سمجھ سکا اور اس کی ماں کا رویہ۔۔۔

آنکھوں میں اس کا چمکتا سراپہ لہراتے اس کے ارمان جگا گئی تھی وہ جسے اس نے خود ہی بے دردی سے نوچ ڈالا تھا

Posted on Kitab Nagri

فائن آج تم مجھ سے آزاد ہو جاو گی۔۔"

وہ اس کی سرد آواز سے کانپ گئ تھی

وہ پسٹل بند آنکھوں سے اٹھاتا کے کلک کی آواز ہوئ تھی

پہلے مجھے مار دو۔۔"

وہ اس کی آواز سے نم آنکھیں کھول گیا وہ سامنے بکھرے سراپے سے جو کھڑی تھی

پلیز اپنے لفظوں سے نہی جان لو میری مزید۔۔"

وہ دونوں بازو وا کر گیا تھا کے ریوالور اس کے ہاتھ سے گر گئ

آئ ایم سوری۔۔" وہ پیشمان سا بولا

تم نے م۔۔مجھے آج میری اہمیت بتادی۔۔"

وہ ضبط کرتے بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

پاس نہی آنا۔۔"وہ دو قدم پیچھے ہونے لگی تھی

روک سکتی ہو تو روکو۔۔ "

اگلے لمحے وہ اس کی مضبوط بازوں میں تھی جو اس کو خود میں شدت سے بھینچ گیا تھا

وہ اسی پوزیشن میں اس کی بکھرے بالوں کو چومتے اسے سمیٹے آنکھیں بند کیے تھا وہ اس کی موجودگی محسوس کیے بکھرنے لگی تھی

میری خاموشی کا مطلب تھا میں ان سب سے لڑتے تھک گئ تھی

میری خاموشی کا مطلب تھا کے میں اپنے احساسات تمہیں نہی سمجھا پا رہی

میری خاموشی کا مطلب تھا

Posted on Kitab Nagri

میری خاموشی کا مطلب تھا

i am on self healing process and i forget every thing just bcoz!!!

وہ اس کے سینے سے لگی خاموش ہوئی وہ جو اس کی سرگوشیاں سن رہا تھا اس کی خاموشی پر پوچھا

just bcoz..?

وہ بے چینی سے پوچھنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

just bcoz i want to..."

وہ چپ ہو گئی تھی

Posted on Kitab Nagri

نور۔۔۔"

وہ اس کا چہرہ دونوں ہاتھوں میں تھام گیا تھا

جسٹ بیکوز یو لو می۔۔"

وہ اس کے چہرے کو تھامتے اس کے ماتھے پر شدت سے لب رکھ گیا تھا

مجھے بابا کے پاس جانا ہے رائٹ ناو۔۔"

وہ پچھلے دو منٹ سے اس کے ماتھے پر لاتعداد بار لمس چھوڑ چکا تھا پر وہ بے اثر تھی اسے اس کی قربت سے بلکل فرق نہی پڑ رہا تھا

تمہیں آج مجھ سے محبت ہو جائے گی۔۔"

اس کے گال پر لب رکھتے وہ اس کی کان کی لو چومنے لگا

مجھے تمہارے ساتھ نہی۔۔"

وہ حواس بیدار ہونے پر بولتی کے وہ اس کے لبوں پر جھک گیا

Posted on Kitab Nagri

وہ بری طرح خود کو سنبھالے تھی

اس کا ہاتھ اس کے چہرے تک جاتا کے وہ اس کو دیوار سے لگاتے اس کی کلائیاں جھکڑ گیا تھا

اس کے ہاتھ اس کے بالوں میں الجھنے لگے

تم مزید یہ حرکت نہی کر سکتی۔۔"

وہ اس سے دور جاتی جب وہ دوبارہ سے اس کے ہونٹوں پر جھکتے اس کی سانسیں خود میں انڈیلنے لگا

اس کے بال مٹھیوں میں لیتے وہ پاگل ہوتے اسے دور کر رہی تھی

آئی لو یو۔۔۔"

اس کے ماتھے سے سر ٹکا گیا تھا

وہ گہرے سانس بھرتے اس کی سرگوشیاں سننے لگی

نور آئی ایم سوری۔"

Posted on Kitab Nagri

اس کا بکھرا سراپہ مٹی لپسٹک دیکھتے وہ اس کی نم آنکھیں چومنے لگا تھا وہ اندھیرے میں اس شخص کو خود کے مزید قریب دیکھنے لگی

جب اس کی اگلی حرکت سے اس کی جان نکلنے لگی تھی

وہ ایک ہاتھ سے اپنی شرٹ کے بٹن کھولنے لگا تھا وہ اس کو نہ روکتے آنکھیں بند کرنے لگی

تم مجھے چھوڑ دو گے "

جائے فرار نہ پاتے اس کے سینے پر زور دیتے پھر سے رونے لگی تھی جو اس کے سامنے دیوار بن کے کھڑا تھا

ہلا لو مجھے۔۔ "

آج نہی جانان۔۔ "

وہ مسکراتی نظروں سے اس کو ایک ہی جست میں بازوں میں بھر گیا تھا

وہ نفی کیے اس کے سینے میں چھپنے لگی تھی جو اسے بیڈ پر ڈالتے دروازہ بند کیے اس کے قریب لیٹتے بکھرے بال ہاتھ پر لپیٹتے اس کی پشت دیکھنے لگا

اس کی انگلیوں کے لمس سے وہ روتے تکیے میں چہرا چھپا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

نورے جان۔۔"اس کے لہجے کی کھنک پر وہ نفی کرتی رہ گئ

آئی لو یو سوئیٹ ہارٹ۔۔"

وہ اس کا رخ اپنی جانب کر گیا تھا

آج کے لیے سوری۔۔

میرے روڈ بی ہیویر کے لیے سوری۔۔"

وہ اس کی آنکھوں میں جھانکتے اس کے بکھرے بال چہرے سے ہٹا گیا وہ بھول گیا تھا کے وہ اس سے کتنے دنوں سے بے رخی اپنائے تھا اس لمحے تو بس اس کی محبت تھی جسے وہ دکھ دے گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

م۔۔میں تمہارے ل۔۔لیے تیار ہوتے سر۔۔پرائز پ۔۔پر آ۔۔آپ۔۔ "

وہ اس کے حصار میں اسی کے سینے سے لگتے ہچکیوں میں روتے آپ اور تم کہتے اسے گھمبیر صورتحال میں بھی مسکرانے پر مجبور کر گئ

Posted on Kitab Nagri

All that is mine is now urs..

My heart my hand my soul

my love from this moment on for as long as i am alive

" ۔۔۔۔sorry sorry sorrrrry

اس کان کی سرخ لو کو چومتے

وہ اس کی گردن پر نرمی سے لب رکھتے بول رہا تھا وہ کچھ لمحے پہلے والا ہر ازالہ کر دینا چاہتا تھا جس میں وہ اس کو دکھ دے گیا اپنی گردن اسے اب نم ہوتی محسوس ہوئ

نو نہی چاہیے مجھے تم بلکل اچھے نہی لگ رہے۔۔"

تمہاری مما مجھے پسند نہی کرتی وہ تمہاری شادی آئرہ سے کروادیں گی

میری کوئ غلطی نہی تھی پھر بھی میں نے سوری کی

اپنا چہرا تکیے سے اونچا کرتے وہ اس کی نم آنکھیں دیکھتے اس کا چہرا ہاتھ سے چھوتے شکوے کرنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

تم جانتے ہو

ہم کیوں کسی کو پسند کرتے ہیں۔۔

ہم کیوں کسی کو بغیر وجہ کے چاہنے لگتے ہیں

ہم کیوں کسی کی غیر موجودگی محسوس کرنے لگتے ہیں

ک۔۔کیونکہ کچھ رشتوں کی وضاحت نہی ہوتی پچھلے دس دن سے تم مجھ سے کروٹ کے فاصلے پر ہوتے تھے

تم میرے دل کا حال نہی جان پائے

کیونکہ کچھ رشتوں میں وضاحت نہی ہوتی تم پھر بھی ناراض رہے"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آئی نودس مین یو لو می نورے جان۔۔"وہ اس کے بالوں میں چہرا چھپائے بے خود ہوتے بولا

نودس مین مجھے غازیان چاہیے تھا"

وہ اس کے کندھے پر سر رکھتے بول رہی تھی جب وہ اس کی گردن پر رکھا اپنا سر اٹھا گیا

Posted on Kitab Nagri

نور تم۔۔ "

وہ نم مسکارے سے پھیلی آنکھیں اٹھا گئ تھی

کیونکہ م۔۔مجھے غازیان کا دل اچھا لگتا ہے"

آج والا غازیان ہرگز نہی"

وہ اس کے سینے پر ہاتھ رکھتے اس کی تیز دھڑکن اپنی ہتھیلی پر محسوس کرتے بولنے لگی

اور اس کا سرپرائز تو وہی رہ گیا تھا

صبح کا سویرا روشن ہو گا۔۔"

وہ اس کی ہتھیلی چومتے اپنی مضبوط گرفت میں لیتے مسکرا گیا تھا

وہ بند آنکھوں سے اس کے محبت بھرے لمس محسوس کرتے اس میں سمٹ سی گئ

Posted on Kitab Nagri

صبح کا روشن سویرا اور دھوپ کی پھوٹتی کرنیں گلاس وال سے ٹکراتے اسے کسمسانے پر مجبور کر گئیں

وہ کروٹ کے بل ہوتے اس کی سائیڈ پر ہاتھ بڑھاتے اسے تلاشنے لگا

"نور پردے کیوں ہٹائے ابھی۔۔"

وہ چھبتی روشنی سے بند آنکھوں سے بوجھل لہجے میں بڑبڑایا تھا

ہاتھ سے اسے تلاشتے اس کے جواب نہ دینے پر اور اس کی سائیڈ خالی پاتے وہ بند ہوتی آنکھیں بے چینی سے کھول گیا

اس کی جگہ خالی پاتے وہ جھٹ سے نیند بھگاتے اٹھ گیا

"مجھے بابا کے پاس جانا ہے رائٹ ناو۔۔"

اس کی رات کی بات پر فاصلے ختم ہونے کے بعد بھی گھبراتے وسوسوں میں ڈوب گیا تھا وہ

"کہاں گئی یہ اتنی صبح۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وال کلاک پر نظر ڈالی جہاں ابھی سات بجنے میں بھی ٹائم تھا

دھڑکتے دل سے بستر پرے ہٹائے نکلا

جب سامنے روم میں اس کا سفید آنچل نظر آتے اسے زندگی کا عندیہ دے گیا تھا

شرٹ کے بٹن بند کرتے لبوں پر مسکراہٹ لیے سیدھا اس روم میں داخل ہوا

تم نے مجھے تڑپانے کا ٹھیکہ لیا ہے"

وہ اس افتاد پر بوکھلائ جو اسے پیچھے سے حصار میں لیے اس کے بھیگے بالوں پر پر لب رکھتے دھیمے لہجے میں بول رہا تھا

وہ سامنے سے ہٹی تھی

دور نہی ہو۔۔"وہ ابھی بھی بند آنکھوں سے اسے خود میں سمیٹے تھا

نورے جان کوئ چلاکی نہی۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ دور ہوتی جب وہ پٹ سے آنکھیں کھولتے سامنے دیکھتے منظر پر مبہوت زدہ ہوا۔۔

وہ آنکھیں انگلیوں کے پوروں سے مسلنے لگا

یہ یہ کیا اومائے گوڈ۔۔ "

دس واز۔۔۔۔ "

نور۔۔۔"وہ بے پناہ خوشی محسوس کیے اس کو دیکھتے نچلے لب کو دانتوں تلے دبا گیا تھا

وہ سمجھ نہی پا رہا تھا وہ کیا کہے۔۔ "

اس کی باقی کی نیند اس لمحے پوری طرح اڑ گئ تھی سامنے اپنا پورٹریٹ دیکھتے

جہاں وہ بلیو شرٹ کے فولڈڈ کف میں سحر انگیز پرسنالٹی کے ساتھ دو انگلیوں میں پکڑی سگریٹ ہونٹوں میں دبائے تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ لک اس کا دانیال کے واقع والے دن کا تھا جس میں وہ فل کٹ شٹ اور ہلکی بیریڈ میں تھا

وہ اس کو اس پورٹریٹ کو آنکھیں پھاڑتے دیکھ اس کے قریب ہوئ تھی

مجھے سگریٹ پیتا یہ شخص زہر لگتا ہے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ قدموں پر اس کے برابر ہوتے اس کے کان میں بولتے ہوش دلا گئ تھی

سفید کپڑوں میں نکھری وہ پوری طرح اس کو اپنے سحر میں مبتلا کر رہی تھی

مجھے فرق نہیں پڑتا میں اسے اچھا لگوں یا نہ لگوں۔۔"

ویل تھینکیو میری مارننگ کو اس سرپرائز سے مزید خوبصورت بنانے کے لیے"

وہ اس کے ہاتھ تھامتے اس کی انگلیاں چومنے لگا

اس کی آنکھوں میں جھانکتے رات کے رنگ دیکھنا چاہتا تھا جب وہ اس کے بے تحاشہ قریب ہوتے اپنا آپ اس کے حوالے کر گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نور اس کی گہری بولتی نظروں پر سرخ سا چہرا پھیرتے نظریں چرانے لگی تھی

میں نے تمہیں رات کو ہرٹ کر دیا۔۔"

وہ اس کے گرد گھیرا تنگ کرتے اس کے کندھے پر اپنے لمس چھوڑنے لگا

Posted on Kitab Nagri

وہ چونکتے اس کی گرفت سے نکلنے کو تھی

مجھے بابا کی طرف ڈراپ کر دیں گے"

غازیان کے ہاتھوں کی گرفت چھوٹی تھی

تم ناراض ہو ابھی بھی۔۔"

اس کا چہرہ روبرو کیے وہ بے چین ہونے لگا

تم قریب نہی آنا چاہتی تھی میرے کیا۔۔؟

اس لمحے وہ حیران سا ہو گیا تھا

غازیان سٹوپ پلیز۔۔"

مجھے شرمندہ نہی کرو۔۔"وہ اس لمحے آنسو پیتے چیخی تھی

Posted on Kitab Nagri

اس کا چہرہ شدت سے سرخ پڑ گیا تھا

خدا کے لیے یک دم اتنے اچھے نہی بنا کرو کے میں پھر تمہارا غصہ سہن نہی کر سکوں۔۔ "

اعتدال میں رہا کرو۔۔"

میرے پاس کوئی جواز نہی تھا تم سے دور ہونے کا یاد رکھو اس بات کو

تمہارا بہت احسان ہے مجھے اپنانے کا بس فرق اتنا ہے کے میں نے تمہیں کوئی صلہ نہی دیا"

وہ رات کی بات تلخی سے دہرا گئی تھی

آنسو رگڑتے وہ دور ہوتے روم کے دروازے کے قریب جاتی جا رہی تھی

یہ شخص ایک پل میں اسے آسمان پر بٹھا دیتا اگلے لمحے اپنے موڈ سے اسے بری طرح دہلا بھی دیتا تھا

نور کیا چاہتی ہو میں مما سے لڑوں۔۔"

اس کے قدم رکے تھے وہ بے یقین سی پلٹی تھی

Posted on Kitab Nagri

تم نے سوچ بھی کیسے لیا۔۔"وہ جھٹکے سے قریب جاتے اس کا کالر پکڑ گئ تھی

اگر ایسا ہوتا میں ان سے معافی نہ مانگتی سمجھے تم"

بس آئیندہ میرے ساتھ وہ رویہ روا نہی رکھنا غازیان

آپ بس اتنا بتا دیں کیا آپ کو لگتا ہے جو لڑکی خود کی زات کے لیے نہی لڑ سکی وہ کیا جواب دے گی کسی کو

بحرحال مجھے اپنا کے آپ نے اپنے ساتھ تو ناانصافی کی تھی مگر آپ کی ماں کے ساتھ بھی بہو کے معاملے میں ناانصافی ہو گئ

۔۔"

اس کا کالر چھوڑتی وہ ازیت میں تھی جب وہ اس کی وہی کلائیاں تھام گیا تھا

ناانصافی تم میرے ساتھ کرتی ہو خود کو ازیت دے کے۔۔"

تم کون ہوتی ہو یہ فیصلہ کرنے والی

رہی مما کی بات وہ غلط کیا انہوں نے اور تم بھی غلط تھی نور آپ کو کسی کے دل میں جگہ بنانی ہو آپ کو محنت کرنی پڑتی ہے "

Posted on Kitab Nagri

اور وہ میں شائد کبھی نہی بنا سکتی" وہ نظریں جھکا گئ تھی

وہ گہرا سانس بھرتے اس کو دیکھنے لگا

تم نے کل کہا تھا میں دس دن تم سے کروٹ کے فاصلے پہ تھا تمہارے دل کا حال نہی جان سکا میں کیسے خود پہ اتنے عرصے ضبط کیے تھا تم اندازہ لگا سکتی ہو نور انسان تھا میں کوئ فرشتہ نہی تم پر جائز حق رکھنے کے باوجود میں تمہیں تمہاری مرضی کے خلاف جا کر ہرٹ نہی کرنا چاہتا تھا

میں ہمارے درمیان اگر رشتہ بنانا چاہتا تو زبردستی بھی بنا سکتا تھا اور تم چاہ کے بھی مجھے روک نہی سکتی تھی

لیکن میں محبت میں زبردستی کا قائل نہی

اس کی پیشانی پر لب رکھتے وہ اسے پر سکون کر گیا تھا

وہ اس کی گرفت سے نکلنے لگی تھی

اب نہی نورے جان۔۔ "

وہ اس کو اسی پوزیشن میں خود میں بھینچے مسکراتے روم میں لانے لگا

Posted on Kitab Nagri

بھول جاؤ سب وہ ایک برا چیپٹر تھا جو ختم ہو گیا

اس کی نم پلکیں دیکھتے اس کا ہاتھ اپنے کندھے پر رکھے دوسرا اپنے گرد حائل کرتے اسی پوزیشن میں کمرے سے باہر لاتے گھمبیر لہجے میں اس کے کان میں سر بکھیرنے لگا تھا

کچھ اس طرح تیری پلکیں

میری پلکوں سے ملا لے

آنسو تیرے سارے تو

میری پلکوں پہ سجا دے

وہ نم آنکھوں سے مسکراتی جا رہی تھی اس کی بے سوری بھاری آواز اپنے کانوں میں گونجتی سنتے

بلکل اچھی آواز نہی ہے باتھ روم سنگر "

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتے کھل کے مسکرائی تھی

Posted on Kitab Nagri

کیاسب اچھاہو گیااتنی جلدی۔۔"

وہ اس کے کندھے پر سر رکھتے خواب کی سی کیفیت میں بولی تھی

ہمم۔۔"

کالج جوائن کرنے کے بارے میں کیاارادہ ہے"

وہ اس کے ہاتھ کو تھامتے اس کی لمبی باریک سی مومی انگلیاں اور سونی کلائیاں دیکھنے لگا

غازیان آئی کانٹ۔۔"

میں کیسے سامنا کروں گی۔۔"

اس جگہ کو جہاں سے مجھے۔۔"

اس کے لبوں پر انگلی جما گیا تھا

ابھی میں نے کیا کہا تھا

Posted on Kitab Nagri

ریڈیوس ری یوز اور ری سائیکل کا پروسس پڑھا ہے بائیولوجی میں

u should apply this"

تم مضبوط بنو گی وہ لڑکی جو مجھے مری میں ملی تھی ویسی کونفیڈینٹ اور خوبصورت۔۔"

یہ کہنا آسان ہے "

وہ اس کی گرفت سے نکلتے مرر کے سامنے تھی غازیان اس کو اس معاملے پر نظریں چراتے دیکھ رہا تھا

اگر تو تمہیں لگ رہا ہے اب تمہاری مرضی چلے گی تو تم بلکل غلط ہو۔۔"

کل رات کے بعد تم مجھے سارے اختیارات دے چکی ہو پھر وہ اختیارات تمہارے وجود پر ہوں یا۔۔"

اپنی کمر پر سرسراتی اس کی انگلیاں وہ شیشے میں اپنے پیچھے دیکھتے اس کی بات پر لمحے میں سرخ پڑتا چہرا جھکا گئی تھی

یا پھر۔۔ "

وہ اس کے کان پر جھکتے اپنے ہونٹوں کی سرگوشیوں سے اسے حواس باختہ کر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

تمہارے بارے میں کیے جانے والے سارے فیصلے کیوں نہ ہوں۔۔"

میں شاور لینے جا رہا ہوں۔۔"

اس کی غیر ہوتی حالت پر وہ محفوظ ہوتے بات بدل گیا

یہ اطلاع دینے کی بات تھی دانت پیستے اس کی بات پر مٹھی بھینچ گئ تھی

اس کے وجود کی خوشبو خود میں اتارے وہ اسے باور کرا گیا تھا کے اس کی زات کے ہر فیصلے پر اختیار رکھ گیا ہے

نور پانی نہی آ رہا۔۔"

چند لمحوں بعد بیڈ شیٹ درست کرتے اس کی آواز واشروم سے باہر گونجتے اس کی جان نکال گئ تھی

غازیان نیازی میں نے آج تک شیمپو یا صابن سے کبھی کسی کا جانی نقصان ہوتے نہی سنا"

وہ دانت پیس گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

سوچ لو نورے جان آجاوں باہر۔۔"

وہ بھیگا چہرا واشروم کا زرا سا دروازہ کھولے باہر نکال گیا

ہش ش۔۔ شرم ہے آپ میں۔۔"

وہ دونوں ہاتھ آنکھوں پر رکھے دوسرے روم میں جاتے فوری سے خود کو لوک کر گئ تھی

بے شرم آدمی۔۔"

جبکہ اس کا قہقہ اسے وہاں پر بھی سنائ دیتے اچھا خاصہ خجل کر گیا تھا

وہ فیروزی شرٹ کے بٹن بند کر رہا تھا جب نرم سا لمس اپنے سینے پہ محسوس ہوا

Posted on Kitab Nagri

احان کی مسکراہٹ گہری ہوئی تھی وہ اس کی پشت پر سر رکھے اس کے سینے پہ بازو لپیٹے تھی

صبح اتنی جلدی کیسے ہو گئی آج۔۔"

وہ ہنوز کف فولڈ کرتے شیشے سے اس کو چھپے دیکھتے بولا

آپ اٹھ گئے تو مجھے نیند نہی آئی تھوڑا شور ڈالتے ہیں آپ تیاری کے دوران۔۔"

آخری بات پر وہ اپنی مسکراہٹ ضبط کر گئی تھی

میری نیند کے تو دشمن ہیں آپ صدا کے"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نیند کا دشمن یہ ورڈاب سوٹ نہی کر رہا"

وہ واچ باندھتے اس کو اب اپنے عین سامنے ڈریسنگ پر بیٹھے اپنے درست کالر سے چھیڑ چھاڑ کرتے دیکھ گھور کے رہ گیا تھا

زیادہ تنگ کیا تھا رات میں آپ کو۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ مسکرا اٹھی تھی

احان نے اس کے سراپے پر نظر ڈالی پرپل ڈھیلی سی شرٹ اور سفید لیس لگے کھلے سے ٹرواز میں وہ لمبے بال کمر پر بکھرائے اس کے وجود میں آئی تبدیلی اسے اس کی نظروں میں مزید حسین کر گئی تھی

رات کی اس کی حرکت یاد آئی

احان اٹھیں نہ۔"

وہ اس پر جھکی اسے مسلسل نیند سے جگا رہی تھی

کیا ہو گیا ریحہ تم ٹھیک ہو کہی پین تو نہی ہو رہی ہے

اچھا رکو تم پریشان نہی ہو

میں جوس لاتا ہوں میڈیسن لے لینا۔۔"

وہ نیند میں جاگنے سے ہڑبڑی میں جانے کیا کیا بول رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

اف کہی پین نہی ہورہی "

اور خدا کے لیے یہ جوس پہلے میری زندگی میں سے سائیڈ پر ہٹائیں۔۔ "

اور غور سے سنیں۔۔"

ہاں بولو سن رہاہوں میں۔۔"

وہ پرسکون ہوتے فوری لیٹے آنکھیں بند کر گیا

جان اٹھیں مجھے آئس کریم کھانی ہے"

وہ ہٹ دھرمی سے بولی

واٹ دماغ درست ہے تمہارا ٹائم دیکھو۔۔"

وہ نیند کی خماری لیے بامشکل گھڑی کی جانب دیکھنے لگا جہاں ایک بجا تھا

Posted on Kitab Nagri

جی یہ آپ کو میری یہ کنڈیشن کرنے سے پہلے سوچنا چاہیے تھا

وہ بری طرح سٹپٹایا تھا

بولتے ہوئے کم از کم سوچ لیا کرو۔۔

وہ فوری لب دباتے اپنی جلد بازی پر یہاں وہاں دیکھنے لگی تھی

وہ سر جھٹکتے چپل اڑیستے باہر نکل گیا

غیر ارادی طور پر پہلے وہ فریج چیک کر گیا

ہش شکر تھا فریج میں آئس کریم پڑی تھی

مینگو فلیور آئسکریم چھوٹے باول میں نکالتے روم میں داخل ہوا جہاں وہ بستر پر بیٹھی اس کے فون سے لگی تھی

فون دو میرا یہ پکڑو۔۔"

اور کھا کے فوری سے پہلے سو جاو۔۔"

Posted on Kitab Nagri

باول اسے تھماتے فون اوف کرتے وہ سائیڈ ڈرامیں رکھتے اپنی جگہ پر لیٹتے بولا

کیا مطلب سو جاو میری تبعیت نہی ٹھیک

مجھے یہ فلیور ہر گز نہی کھانا پکڑیں اسے ونیلا فلیور سے چینج کر کے لائیں ابھی کے ابھی

اٹھیں۔۔ "

وہ اس کے کندھے پر جھکتے دوبارہ جھنجوڑ گئ تھی

یہاں کوئ آئسکریم پارلر نہی کھولے میں نے جو ایک نہی پسند آیا تو دوسرا فوری سے پہلے حاضر ہو۔۔"

چپ کر کے کھاو اور سو جاو۔۔"

وہ سخت لہجہ اپنا گیا

چند لمحوں بعد اس کے رونے کی دبی آوازیں اسے محسوس ہوئیں تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

کیا ہو گیا ہے ریحہ اس ٹائم میری جان کوئی شوپ نہی کھلی۔۔"

اس کی جانب رخ کرتے وہ نیند کی خرابی کی وجہ سے اب لہجے کی سختی میں نرمی اپنا گیا تھا

آپ کو کیا پتہ ہو کتنا مشکل ہے یہ سب

آپ کو تو بس اپنی نیند کی پڑی ہے"

وہ نادیدہ آنسو صاف کرنے لگی

اف بتاو اب میں کیا کروں پھر۔۔"وہ جھنجھلایا اٹھ بیٹھا تھا

مجھے اب چاکلیٹ کھانی ہے۔۔"وہ سوں سوں کرتے بولی

ہیں چاکلیٹ۔۔"

ریحہ تم آئسکریم سے سیدھا چاکلیٹ یہ کیسے موڈ سوئنگز ہیں"

Posted on Kitab Nagri

وہ منہ بگاڑتے فوری گھٹنوں میں سر دے گئ

اچھا روتو نہی کچھ کرتا ہوں یار۔۔

وہ جھکی اپنی مسکراہٹ ضبط کرنے لگی تھی

کریونگ کا کیا ہے کسی بھی وقت کسی بھی چیز کی ہو سکتی ہے"

ویسے آپ کی اطلاع کے لیے وہ کبرڈ میں پڑی ہیں وہاں سے لا دیں بس"

وہ اسے حیران پریشان سا دیکھتے مشکل حل کر گئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اٹھتے کبرڈ سے لاتے اسے دے گیا

ساری نہی کھانا۔۔"

ساتھ اسے وارن کر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

نہی یہ بھی مجھے اچھی نہی لگی احان کچھ اور کریں نہ پلیز۔۔

میرا دل چاہ رہا ہے وہ ایک بائیٹ لیتے پیکٹ سائیڈ پر آئسکریم کے ساتھ رکھ گئ

میں پھر اب کیا کر سکتا ہوں۔۔"لہذا بہتری اسی میں ہے سو جاو

وہ دانت پیس گیا تھا اب

ہاں آپ مجھے نہ تھوڑا سا انٹرٹین کر دیں

جیسے کے کوئ جوک یا ڈانس کا سٹیپ۔۔"

پلیز اتنا تو کر سکتے ہیں نہ آپ رکیں میں گانا گاتی ہوں

وہ اب حیرت سے دیکھنے لگا یک لخت غصہ بھی آنے لگا وہ اسے جان بوجھ کے زچ کر رہی تھی

سوری میں ابھی اتنا بھی زن مرید نہی ہوا۔۔"

کے بیوی کو انٹرٹین کرنے کے چکر میں پارٹ ٹائم جوکر بن جاوں

Posted on Kitab Nagri

وہ جس طریقے سے بولا تھا ریحہ اس کے کیوٹ ایکسپریشنز پر اس پر جھکتے اس کا گال چوم گئ تھی

پر وہ بے اثر ہوتے کمفرٹر تان گیا

بہت برے ہیں بے بی آپ کے بابا بلکل بھی مما کی پروا نہی۔ "

وہ قہقہ ضبط کیے کمفرٹر سر تک تانے اسے دیکھتے بولی

میں رات کی تمہاری بے تکی حرکتیں نہی بھولا ابھی۔۔"

وہ جتا گیا تھا

مجھے نیند نہی آرہی تھی سوچا تھوڑے کپلز گول کرلوں پر وہ اور ہی شوہر ہوتے ہیں میری ہی غلطی جو آپ کی نیچر سہی سے جانے بغیر اس رشتے کی حامی بھر دی

اسے شوریک کے پاس جاتے دیکھ وہ اسے جلانے کو بولی

او تو پھر میری غلطی تم سے بڑی ہوئ دیکھو نہ تمہیں جانتے بوجھتے حامی بھر دی"

Posted on Kitab Nagri

وہ دل جلانے والی مسکراہٹ دیتے بولا

توپچھتارہے ہیں"

حساب برابر کیے وہ اس کی اونچی آواز پر کانوں میں انگلی ٹھونس گیا تھا

تھوڑا تھوڑا۔۔۔"وہ لب دبائے مسکرایا

جان۔۔ "

اس تک چیختے پہنچتی کے وہ روک گیا تھا

میں آرہاہوں رکو۔۔"وہ اسے سہارا دینے قریب جاتا کے پہلے بول اٹھی تھی

ضرورت نہی آپ صرف پچھتائیں۔۔"

Posted on Kitab Nagri

منہ بگاڑتے وہ اس کو دکھانے کو ڈریسر کے کنارے پر ہاتھ رکھتے اترتی کے بری طرح اپنے ٹراوزر میں ہی الجھی تھی

حان۔۔"

اس کی دلخراش چیخ پر وہ فوری اس کی طرف بڑھتے قدم تیز کیے پیچھے کمر سے اس کو مضبوطی سے تھام گیا تھا

آنکھیں کھولتے اس کی چھبتی نظریں سامنے تھیں

فوری سے پہلے چینج کرو یہ ٹراوزر۔۔"

اس کے سیریس ہونے اور یک دم تیز لہجے پر وہ چند سانحے پہلے ہوا واقع سوچتے خوفزدہ سی ہونے لگی

وہ گہرے سانس بھرتی حواس باختہ تھی

اس کو بیڈ پر بٹھاتے وہ کبرڈ تک جاتا کے اس کی بازو تھامتے مضبوطی سے اپنے ہاتھ کی گرفت میں لے گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

ابھی پاس رہیں پلیز۔۔"

اس کے کندھے سے لگے چند لمحوں پہلے والے مزاق کی رمق اب بلکل غائب ہوتے وہ بری طرح رو رہی تھی

اگر مجھے کچھ ہو جاتا تو۔۔"وہ روتے بول رہی تھی

اسی لیے کہتا ہوں دھیان بھی دے لیا کرو

ریحہ تم جانتی ہو یہ نازک مراحل ہیں تمہاری جان کے لیے بھی۔۔"

کیوں مجھے خوفزدہ کر دیتی ہو یار۔۔"

اس کے بالوں پر لب رکھتے اس کو روتے دیکھ وہ نارمل ہونے لگا

بیڈ سے نہی اتر رہی تم۔۔"

ایک میڈ تمہارے لیے ارینج کرتا ہوں"

اس کا تنگ کیپری والا ہینگ ڈریس اس کے قریب رکھتے وہ اسے کراون سے گم سم ساٹیک لگائے دیکھ اب وارن کر رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

آپ نے میری کوئی ایک شرط نہی مانی "

میں آپ کی باتیں کیوں مانو

میں نے شادی سے پہلے ایک چٹ دی تھی آپ کو یاد ہو تو"

وہ پیپرز فائل میں اٹیچ کر رہا تھا جب اس کی بجھی سی آواز گونجی

اور یہ صرف ایک جگہ سکون سے بیٹھنے کی وجہ سے نروٹھا سا لہجہ تھا

وہ تہہ شدہ چٹ جانے اسے کہاں سے مل گئی تھی وہ تو شائد کہی کسی ڈرا میں پھینک چکا تھا

سیریسلی۔۔ "

اس لڑکی کے پل میں بدلتے تیور اسے سیریس حالت میں بھی اس کے پاگل پن کا ثبوت دیتے تھے

ہم بات نہی کر رہے اس ٹاپک پہ فلحال پوائینٹ از دیٹ اپنا خیال رکھ رہی ہو تم آئی سمجھ۔۔ "

بیڈ سے نہی ہلنا ٹیک کیر یور سیلف "

Posted on Kitab Nagri

اس کے قریب ہوتے ایک گھٹنا بیڈ پر فولڈ کیے اس کی پیشانی پر لب رکھتے اس کی بات نظر انداز کرتے بولا تھا

آہ سنیں میری آخری بات"

ایک گھنٹی میرے پاس رکھ جائیں پلیز۔۔"

یو نو واشروم۔۔"

اس کے سحر سے وہ تب نکلی جب وہ اس سے کافی دور اپنا سیل فون اور کیز لیتے دروازے کے قریب تھا

باز نہی آنا تم۔۔ "

وہ پلٹتے اس کی بات پر بامشکل مسکراہٹ ضبط کر گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اس کے فریش ہونے کے بعد ناشتے کی ٹیبل تک اس کے اسرار پر آئی تھی ورنہ تو اس کی ماں کا سامنا کرنے کی پوزیشن میں نہی تھی

Posted on Kitab Nagri

بشرا صبح ہی آجاتی تھی

اب وہ سارا ناشتہ ٹیبل پر لگا چکی تھی جبکہ وہ اپنے ناشتے کی انگریڈینٹس لیتے کیچن سے نکلا تھا

ملیحہ نے اس کی جانب چونکتے دیکھا رات کی نسبت غازیان سمیت اس کے تیور بھی بدلے تھے

مارننگ مما۔۔ "

اپنی ماں کے لیے چیئر کھینچنے کے بعد

وہ اس کے لیے بھی اپنے برابر میں چیئر کھینچ گیا تھا

اس کے کہنے پر وہ اس کے ساتھ آئی تھی

آئرہ نے اس کی جانب ہاف فرائی انڈے کے ساتھ ناشتہ سرو کیا جب وہ درمیان میں ہی اچک چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

نور کو بلیک پیپر سے الرجی ہے "

وہ دیکھتی رہ گئ جبکہ ملیحہ بھی یہ بدلاو خاصہ دیکھ رہی تھی

مجھے اندازہ نہی تھا"

آئزہ پلیٹ پیچھے کیے اس کے سرخ سے چہرے پر نظر ڈال گئ اس لمحے اس کے دل میں تکلیف کی شدید لہر ابھری جسے وہ اس پر مسکراتی نظر ڈالتے کم کر رہی تھی

اگر تم نے اپنے بابا کی طرف جانا ہو اتو مجھے بتا دینا"

وہ فلحال اس کی ماں کی جانب دیکھتے نفی کر گئ ان کی موجودگی میں اب وہ نہی جانا چاہتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ناشتہ کرنے کے بعد اپنی چیئر سے اٹھتے اپنی ماں سے ملنے کے بعد وہ اس کی چیئر پر جھکا تھا

مس یو ہول ڈے نورے جان۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

اس کے سر کو چومتے ہلکی سی سرگوشی میں اس محبت بھرے مظاہرے پر جہاں نور کو سب کی موجودگی میں سرخ گیا تھا وہی اس کی ماں ضبط سے چہرا موڑ گئ تھی جبکہ آئرہ اپنی مسکراہٹ یہاں وہاں دیکھتے کم کر رہی تھی

اشو تو ابھی بھی بنا ہے یہ محکمے والے جس کے پیچھے پڑ جائیں جلدی جان نہی چھوڑتے اسی لیے کہا تھا تھوڑا حوصلہ رکھو

حمدان نے اس کی جانب دیکھتے کہا

وہ آفس میں بیٹھا آنکھیں بند کیے کرسی کی پشت سے ٹیک لگائے باتوں کے دوران مسکرا رہا تھا

فائینلی وہ اس کی زندگی میں پوری طرح شامل ہو گئ تھی

غازیان اپنی سیفٹی کا خیال کیوں نہی رکھتے

اپنے ساتھ پرسنل گارڈ رکھا کرو۔۔"

آج بھی تم اکیلے تھے

Posted on Kitab Nagri

ڈیڈ آئی کین ہینڈل۔۔"وہ ان کی موجودگی پاتے لب بھینچے سیدھا ہو گیا تھا

اور میرے ساتھ ہر ٹائم دو گارڈ ہوتے ہیں وہ الگ بات ہے وہ سیول یونیفارم میں نہی ہوتے

نور کی وجہ سے میرا اسکیورٹی گارڈ گھر کے باہر ہوتا ہے

وہ سارا ایریا آفیسر کالونی کا تھا جہاں ہر گھر اتنے فاصلے پر تھا کے اندر اگر کوئی واردات ہو بھی جائے کسی کو کچھ پتا نہ چلے لہذا اس کا گارڈ گھر میں ہونے کی بجائے باہر ہوتا تھا

نہی ابھی مشکلات ہیں تمہارے لیے وہ ابھی پر سکون نہی ہوا ہو گا۔۔"

فلحال مجھے اس کے زکر سے موڈ ہرگز نہی خراب کرنا مجھے آج جلدی نکلنا ہے کام ہے کچھ۔۔"

ارادہ اس کے لیے شاپنگ کرنے کا تھا

وہ گاڑی کی چابی لیے ان کی کندھے پر ہاتھ رکھتے دلاسہ دیے چلا گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

میں اتنی دیر روم میں قید نہی رہ سکتی

وہ اس کی ہدایات سارا دن فولو کرنے کے بعد اب اکتا گئ تھی

صبح کے اس کی ماں نے اور ساس نے دو چکر اس کے روم میں لگا لیے تھے

سانیہ تو ویسے انسٹرکشنز میں احان سے بھی زیادہ سخت ہو گئ تھیں

آپ کے آنے سے پہلے میں روم میں آجاوں گی"

وہ سوچتے باہر نکلی تھی

دھیمے قدم بھرتے اپنے برابر کے کمرے سے آتی آواز پر اس کے قدم جمتے خوفزدہ کر گئے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ بامشکل سنبھلتے اس کی باتوں پر دیوار کا سہارا لیے تھی

غصے کی انتہا محسوس کیے وہ روم کے دروازے سے اندر چلی گئ تھی

پتہ ہے میں نے سنا تھا مخلصی ایک ایسا جزبہ ہے

Posted on Kitab Nagri

اگر آپ کسی کو کچھ نہیں دے سکتے

اُسے اچھے الفاظ تو دے سکتے ہیں

الفاظ لہجہ نہیں رکھتے

مگر تاثیر رکھتے ہیں۔

شاید آپکے الفاظ کسی کے لئے ہدایت بن جائیں۔

وہ لوگ خوش نصیب ہوتے ہیں جو لوگوں کی دعاؤں میں شامل ہوتے ہیں

لیکن تم شائد لعنت لینے کے لیے اس دنیا میں آئی ہو

میں سوچ نہی سکتی تم اتنی گھٹیا ہو"

وہ اس کا فون کینچھتے چلائی تھی

تم سوچ نہی سکتی دانین میں تمہارا کیا حشر کروں گی۔۔"

ابھی ٹائم نہی تھا اس کی حالت ورنہ وہ درست کر دیتی

Posted on Kitab Nagri

اس کے چہرے پر تھپڑ جڑتے وہ اسی فون کو لیے باہر بڑھتی جب وہ اس کا ہاتھ کھینچتے دروازے سے اندر کر چکی تھی

تم نے مجھ پر ہاتھ اٹھایا چاہوں تو ابھی تمہارا حشر بگاڑ سکتی ہوں۔۔"

اس کے وجود پر نظریں ڈالے وہ چہرے پر ہاتھ رکھے غرائی

لیکن اس سے بڑی تکلیف میں تمہیں دوں گی

ریحہ کے ہاتھ پیر سن پڑے تھے

ناولسن می ویری کیر فلی "

یہ معمولی سی شکل رکھنے والی لڑکی مجھے کتنی زہر لگتی ہے تم کبھی بھی اندازہ نہی لگا سکتی۔۔"

تمہارے پاس جو ہے وہ اگر میرے پاس نہی ہے تو تمہارے پاس بھی نہی ہونا چاہیے

رائٹ۔۔"

وہ تمسخر اڑاتے لہجے میں بولی

Posted on Kitab Nagri

بڑی مما۔۔"مما

ازہان۔۔"وہ بری طرح چلانے لگی تھی جو روم لوکڈ کرتے اسکے قریب تھی

وہ اپنی حالت کی وجہ سے اس سے گریز برت رہی تھی

کوئی بھی نہی ہے اوپر۔۔"وہ افسوس کرنے لگی تھی

دانین خدا کا واسطہ میری ساری چیزیں لے لو یہ برسلیٹ م۔۔میرے کپڑے

اور کیا چاہیے سب سب رکھ لو تم وہ بازو سے برسلیٹ نکالنے لگی تھی

اسے اس کی خود پر چھبتی نظریں اور حسد رفتہ رفتہ سمجھ آیا اس لمحے وہ بند دروازہ دیکھتے اسی کے فون پر نمبر ڈائل کرتی کے سکرین لوکڈ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ بے بسی سے آنسوں کی راوانی میں اسے دیکھنے لگی جو سامنے کھڑی اس کی حالت پر خاصی محفوظ ہو رہی تھی

وہ ہمت کرتے جھٹکے سے اٹھتی جب وہ اسے بیڈ پر دھکہ دے چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ تکلیف دبائے خوفزدہ سی ارد گرد دیکھتے تحمل زدہ ہوئی وہ اپنی وجود سے جڑی جان کے لیے کوئی رسک نہی لینا چاہ رہی تھی

دانین میرا سب کچھ لے لو پر اسے کچھ نہی کرنا

دانین میں تمہاری جان لے لوں گی اگر احان کو کچھ ہوا۔"

اب وہ پوری شدت سے چلاتے پاگل ہوئی تھی وہ سوچ نہی سکتی تھی وہ کس سے بات کر رہی تھی بس اس کی جان نکلنے کے قریب تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ چائے کا کپ لیے ان کی جانب آئی

آئزہ گھر نہی تھی

Posted on Kitab Nagri

کیا میں یہاں بیٹھ سکتی ہوں"

وہ ان کو دیکھتے تھری سیٹر صوفے کے قریب کھڑی حسرت سے دیکھنے لگی

اگر میں کہوں نہی تو کیا تم نہی بیٹھو گی"

وہ اپنے لہجے سے اس کی بندھی ہمت پھر سے توڑ چکی تھیں

نہی میں پھر بھی چاہوں گی آپ ایک کپ چائے میرے ساتھ پیتے مجھے کمپنی دیں

وہ ان کے نزدیک ٹکتے چائے کا کپ بڑھاتے بولی

ملیحہ نے ایک نظر ہاتھ میں تھامے میگزین سے ہٹا کر اس کے بڑھائے کپ کے بعد اس کے فریش سے چہرے پر ڈالی جو خاصی بدلی اور پر سکون سی تھی وہ کوفت زدہ ہوئیں جو ان کے بیٹے کی محبت کے زیر اثر تھی انہیں غصہ آنے لگا کے جیسے ان کے بیٹے کو لڑکیوں کی کمی تھی نہ

یقین کریں مجھے اچھوت کی بیماری نہی"

وہ بڑھایا کپ سامنے ٹیبل پر رکھتے اپنا کپ ہونٹوں سے لگا گئی

Posted on Kitab Nagri

ملیحہ پہلو بدل گئ تھی

جانتی ہیں آپ کے بیٹے نے آپ کی بات پر پرسوں رات کیا سلوک کیا میرے ساتھ"

وہ گرم گھونٹ حلق میں انڈیلتے وہ لمحے یاد کرتے بولی

ملیحہ خاموش ہی رہیں

میری ساری تیاری پس پشت ڈالتے وہ آپ کی ایک کہی بات پر مجھ جیسی ریپ وکٹم کو اپنانے والا شخص جس نے مجھے کبھی اس چیز کا طعنہ نہی دیا آپ سے معافی نہ مانگنے پر مجھے چھوڑنے کی دھمکی دے گیا تھا

سوچ سکتی ہیں آپ اس کے رویے سے زیادہ یہ بات میری جان لے گئ تھی

آپ جانتی ہیں میں نے صرف اس کی وجہ سے معافی مانگی تھی

وہ یہ بات جتا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

اور میں یہ اب ہر گز نہی بر داشت کروں گی آپ اپنی طرح میر اگھر بھی بر باد کرنے کی کوئی بھی کوشش کریں۔۔"

وہ ٹھنڈے ٹھار لہجے میں بولی

مطلب کیا ہے تمہارا"

ملیحہ میگزین پٹختے بڑ ھکیں تھیں

میں آپ کی عزت کرنا چاہتی ہوں آنٹی مجھے مجبور نہی کریں

میں جانتی ہوں میں اپنی اصلیت باخوبی نہ ہی کبھی بھولوں گی میں ایک ریپ وکٹم ہوں اپنی حثیت سے باخوبی واقف ہوں گی

آپ کو بے شمار نفرت ہے مجھ سے اور یہ شائد کبھی بھی ختم نہ ہو

کیا میں یہ چاہتی تھی میرے ساتھ ہو کیا کوئی لڑکی چاہتی ہے اس کے ساتھ ایسا ہو"

وہ اپنا آدھا چائے سے بھرا کپ ٹیبل پر رکھتے اب نمی چھپا رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

اگر آپ کی بیٹی ہوتی اسے گھر سے نکال دیتی پھر اگر ماوں کی سوچ ایسی ہوتی ہے تو اچھا ہوا میری ماں زندہ نہی ہے"

ملیحہ ششدر تھی

میں نے سنا ہے یہاں سکون ملتا ہے"

وہ ان کی گود کی جانب اشارہ کرتے بولی

اگلے لمحے وہ سر رکھ چکی تھی ملیحہ صرف کھسکتی رہ گئیں فلحال لفظوں کی قلت لگی تھی

وہ کہتا ہے دل میں جگہ بنانا مشکل نہی

لیکن وہ یہ نہی جانتا ہر کوئ اس کے جیسا نہی

اس کی آنکھوں کے کنارے بھیگتے جا رہے تھے

وہ کہتا ہے میں کون ہوتی ہوں خود کو برا کہنے والی لیکن وہ یہ نہی جانتا اصل میں میں نفرت کے قابل ہی ہوں

ملیحہ اس کی رندھی آواز سنتے بھی اس کے ہونٹوں کے کنارے مسکراتے دیکھ رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ کہتا ہے تم کون ہوتی ہو اپنی زات کے بارے میں فیصلہ کرنے والی

لیکن میں اسے کیسے بتاوں اس کی ماں میرے بارے میں یہ فیصلہ کر چکی ہے کے میں اس کے قابل ہوں ہی نہی"

اور یہ سچ ہے میں اس بات کو کبھی نہی جھٹلاوں گی ہالہ نور غازیان کے قابل کبھی نہی تھی نہ ہے لیکن وہ کیوں اتنا اچھا ہے کے مجھے وہ کبھی کبھی اپنی اچھائی سے برا لگنے لگتا ہے

وہ آپ دونوں میں سے کس پر ہے میں نہی جانتی

لیکن ایک بات طے ہے"

وہ ان کی نظریں خود پر مرکوز کرتے اوپر دیکھتے بولی

اگر غازیان آپ کا لاڈلہ ہے تو ہالہ نور کی جان ہے اب اس میں"

تھینکیو آپ کا آپ کی وجہ سے وہ میرے پاس ہے"

اور یہی چیز آپ کو میرے نزدیک معتبر بناتے آپ کے تمام میری روح کو چھلنی کر دینے والے الفاظوں کو بھی پس پشت ڈال دیتی ہے

Posted on Kitab Nagri

وہ ان کے ہاتھ چومتے آنکھوں سے لگاتے نمی لیے مسکرائی تھی

ملیحہ صرف اس کی پشت دیکھتی رہ گئ جو انہیں سکتے میں چھوڑے کمرے میں چلی گئ تھی

کہاں ہو تم اس ٹائم۔۔"

وہ فون کان سے لگائے تھی جب اس کی تیز آواز سنی تھی

میں تمہارا شہر دیکھ رہی ہوں تم تو لے کر نہی آئے میں نے سوچا خود ہی آوٹنگ کر لوں"

وہ ایلویٹر سے سیکنڈ فلور پر جاتے بولی تھی

آئزہ تمہیں راستوں کا نہی پتہ۔۔"

کچھ خیال کرو مما کا فون ابھی مجھے آیا ہے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

تم یہاں میری زمیداری ہو فلحال سو کیر فل میں جواب دے ہوں تمہارا "

میں نہی ہوں تمہاری زمیداری تم نے مجھے کبھی دوست سے آگے سمجھا ہی نہی۔۔ "

وہ عجیب لہجہ اپنا گی تھی"

اگلے لمحے وہ فون کان سے ہٹاتے اپنی جلد بازی پر گہرا سانس بھرتے پھر سے کان سے لگا گئ تھی

لیو غازیان میں آجاوں گی یار بے بی گرل نہی ہوں"

وہ اب مسکرانے کی سعی کر گئ تھی

کیا بول رہی ہو اچھا میں یہاں شاپنگ مال میں آیا ہوں بتاو کہاں ہو پک کرتا ہوں تمہیں پھر وہاں سے اچھا سا لنچ کروادوں گا

ڈن۔۔ "

وہ پلان سیٹ کر گیا

Posted on Kitab Nagri

نہی میں آلریڈی فوڈ کارٹ کی جانب جا رہی ہوں کچھ شوپنگ کرنی تھی تمہارے شہر سے"

وہ فون میں بزی تھی جب سامنے سے آتے شخص سے بری طرح ٹکرائی اپنی ہیلز سے توازن کھوتے وہ گرتی کے وہ بازو سے تھام چکا تھا

فون اس کا دور جا گرا تھا

آئم سو سوری۔۔"وہ خجل ہوتے پیچھے ہوئی تھی

اس کی فائلز کے پیپرز سمیٹنے کو وہ نیچے جھکی تھی

جب وہ بھی اسی ٹائم جھکا اور دونوں کا سر بری طرح ٹکرایا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اف میرا سر توڑ دیا میں کر رہی تھی نہ"

وہ گھور گئی تھی اور پیپرز تیزی سے سمیٹتے سامنے دیکھتے فائل سائیڈ پر کرتے بولی تھی

میں نے سنا ہے سر ٹکرا جائے تو دوبارہ پھر ٹکرانا چاہیے"

وہ دانت پیستے اپنا سر اس کے سر سے زور سے ٹکرا گئی تھی گویا بدلہ لیا تھا

Posted on Kitab Nagri

اس وائٹ جینز پر گرے شرٹ والے شخص سے جو شدید بیزار سا لگا تھا

ازہان جو یہاں میٹنگ کے لیے آیا تھا اس لڑکی کی حرکت سے اپنا غصہ ضبط کرتے خاموشی سے اٹھ گیا تھا

جب اس کی واچ سے سٹولر کا کنارا الجھ گیا تھا وہ ابرو اچکا گیا یہ کیا تھا

یہ سین میں کسی اور کے ساتھ چاہتی تھی"

وہ نا چاہتے بھی مسکراہٹ روکے نکالنے لگی تھی

جب وہ اس کے آرام سے نکالنے پر کھینچتے نکالتا کے وہ بول اٹھی

میرا سٹولر پھاڑنا ہے "

برینڈڈ ہے معمولی نہی ہے "

وہ اس کا ہاتھ ہٹائے خود نکالنے لگی تھی

آجکل کے بچوں میں بلکل مینرز ہی نہی رہے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

تھینکیو بھی کہہ دیتے ہیں"

وہ اس کو دور جاتے دیکھ بولی تھی

ویل یہ تھینکیو آپ کو مجھے کہنا چاہیے تھا کیونکہ آپ فون میں بزی تھیں سیکینڈلی میں بچہ نہی ہوں۔۔ "

وہ پلٹتے چباتے بولا تھا

اف ایک تو آجکل کی ینگ جنریشن خود کو بائیس سال کی عمر میں ہی بہت بڑا سمجھتی ہے"

وہ اس کی فائلز میں سے گرے یونیورسٹی کے ایڈمٹ کارڈ پر انفارمیشن دیکھتے اس کو تمسخر اڑاتے لہجے میں بولتے کارڈ تھماتے گزر گئی تھی

وہ صرف کارڈ ہی نہی اس کی پشت بھی دیکھتا رہ گیا تھا

سر جھٹکتے ایلویٹر کی جانب بڑھا تھا

Posted on Kitab Nagri

اس کو کال کرتے وہ پاگل تھا جو اس کا فون نہی رسیو کر رہی تھی

آج تم مجھ سے نہی بچو گی گھڑی پر نظر ڈالی جہاں پانچ بج گئے تھے

اس کی ڈاکٹر کے ساتھ اپوئینٹمینٹ تھی جو احان اسے یاد کروانا چاہ رہا تھا

وہ چابیاں تھامتے آفس سے باہر نکلا

وہ ابھی روم سے باہر ہی نکلی تھی

کے اپنی جان جاتی محسوس ہوئی تھی

سامنے کھڑے شخص کو لاونج میں دیکھتے حیران ہونے کے ساتھ بے تحاشہ اپنے کمرے پر نظر ڈالتے پریشان بھی تھی

یہ یہاں تو پھر۔۔"

Posted on Kitab Nagri

اسے چند لمحے پہلے فون سے سنی بات پر اپنی خوشی مانند لگتی محسوس ہوئی اگر وہ یہاں تھا تو پھر۔۔؟

ریحہ کہاں ہے مما۔۔ "

مجھے روم میں نظر نہی آئی مجھے آفس میں یاد آیا تھا آج ڈاکٹر کے ساتھ اپوینٹمینٹ تھی

فون اس کا روم میں ہے تو وہ کہاں گئی ہے"

وہ سانیہ سے استفار کرنے لگا تھا

کیا مطلب وہ روم میں نہی ہے وہ وہی تو تھی صبح سے میں اس سے وہی مل کے آئی تھی

سانیہ نے حیرت کم کرتے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مما ریحہ روم میں نہی ہے "

نیچے تو نہی گئی منع بھی کیا ہے اسے میں نے پھر بھی اگر یہ نیچے ہوئی نہ تو اس کی خیر نہی آج۔۔"

وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتے تھکاوٹ کے باوجود اس کے لیے پریشان تھا

Posted on Kitab Nagri

احان وہ نیچے نہی گئ میں کچھ ٹائم پہلے نیچے سے آئ ہوں۔۔"

وہ جاتا کے پھر سے اس کے قدم روک چکی تھیں

روم میں چیک کرو

واشروم میں نہ ہو۔۔"

سانیہ کی بات پر وہ دوبارہ روم میں گیا تھا

ریحہ اندر ہو یا کہی چھپی ہو تو سامنے آجاو۔۔"

مجھے پریشان نہی کرو

وہ روم میں داخل ہوتے بالکنی اور واشروم کا دروازہ نوک کرتے سخت آواز اپناتے بولا تا کہ وہ اگر مزاق کر رہی تھی تو باہر آجائے

پر آواز ندارد تھی

احان نے اب پریشانی سے نیچے دیکھنے کے بعد ٹیرس چیک کیا وہ اسے نظر نہی آئ

Posted on Kitab Nagri

پانچ منٹ تک جب وہ اسے پورے گھر میں نہی ملی تو وہ اب پریشان سا تھا

مماریحہ نہی ہے آپ لوگوں کو اتنا اندازہ نہی ہے گھر رہتے کے وہ کہاں گئ ہے"

جبکہ دانین روم پر نظر ڈالتے سن سی تھی

اسے فکر لاحق تھی

دانین تم سے کچھ کہہ کر گئ ہے وہ تم اوپر ہی تھی نہ "

تمہیں کچھ پتہ ہے"

سانیہ کے کہنے کی دیر تھی احان نے پلٹتے اس کے تاثرات نوٹ کرتے اس کے سر پر سوار تھا

اس کے ہاتھ میں بجھتا فون دیکھتے وہ فون کھینچ گیا تھا

اٹھاو اسے کس کا فون ہے"وہ تیز لہجے میں اس کی حرکات نوٹ کرتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

ک۔۔کسی کا نہی ہے آپ کو کیا ہے اپنے کام سے کام رکھیں۔۔"

وہ فون بند کر چکی تھی

ریحہ کہاں ہے "

وہ یک دم فون اس کے ہاتھ سے لیتے دور پھینک چکا تھا کے دانین کو جان جاتی محسوس ہوئ تھی

مجھے کیا پتہ ک۔۔کسی کے ساتھ چلی گئ ہو گی بغیر بتائے مجھ سے کیوں پوچھ رہے ہو"

وہ نارمل ہوتے بولی تھی

احان کے تھپڑ سے اسے منہ میں خون کا زائقہ محسوس ہوا تھا

احان۔۔"

سانیہ نے سختی سے تنبیہ کی تھی

Posted on Kitab Nagri

آپ درمیان میں نہی بولیں گی آج

وہ انہیں دور رہنے کا اشارہ کر گیا تھا

میں پوچھ رہا ہوں ریحہ کہاں ہے "

دانین ساکت سی تھی جب وہ اسے پیچھے دھکیلتے اس کے روم کی جانب گیا

ریحہ کہاں ہو۔۔"

ریحہ کہاں ہے تم جانتی ہو بتاو مجھے کہاں ہے میری بیوی

اگر اسے کچھ ہوا دانین حیدر تو تمہارا وہ حشر کروں گا ساری زندگی یاد رکھو گی"

اس پر دھاڑتے اس کی نظر اچانک بر سلیٹ پر پڑی جو بیڈ کے پاس گرا پڑا تھا

وہ یہی تھی مطلب تمہارے روم میں۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ برسلیٹ اٹھاتے سامنے کر گیا تھا

آخری بار پوچھ رہا ہوں ریحہ کہاں ہے "

وہ اس کا گلا پکڑ چکا تھا

کھانستے وہ برے حال میں تھی

احان کیا کر رہے ہو۔۔"؟

سانیہ سکندر کو لے آئیں تھیں کیونکہ احان ان کے قابو میں تو کبھی بھی اپنے غصے میں نہی آسکتا تھا

اس کے ہاتھ دانین کی گردن سے ہٹائے تھے جو آپا کھو رہا تھا

ریحہ کہاں ہے "

دانین میں تمہیں زندہ نہی چھوڑوں گا۔۔"

Posted on Kitab Nagri

اس تک جاتا جب سکندر نے اسے درمیان میں تھام لیا تھا

پاگل ہو گئے ہو شرم حیا بیچ دی ہے جانتے بھی ہو بھابھی ہے تمہاری کیا طریقہ ہے یہ"

سکندر نے دور رہتے بامشکل اپنا ہاتھ روکا تھا

وہ خوفزدہ سی بے حال کھانستے اس کی جنونیت دیکھ رہی تھی

تو تم نہی بتاو گی۔۔"وہ بپھرے لہجے میں سب کو نظر انداز کرتے بولا تھا

م۔۔مجھے نہی پتہ۔۔"وہ ڈھٹی رہی تھی

احان یہی ہو گی آجائے گی "

کیا کر رہے ہو تم۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

سانیہ اپنا سر تھا گئ تھیں

آنہی جائے گی یہ بتائے گی" وہ روم سے تن فن کرتے نکلا تھا

کے وہ اٹکا سانس بحال کر گئ تھی

جب اگلے لمحے ہی جان جاتی محسوس ہوئ

اب بھی بتاو گی یا نہی" وہ گن ری لوڈ کرتے سامنے تان چکا تھا

سانیہ جو دانین کے جھوٹی باتوں میں اس کے آنسو صاف کیے ساتھ لگائیں تھیں

احان کے عمل پر خوفزدہ تھیں آخر اس گھر میں ہو کیا رہا تھا انہیں تو احان کی عقل پر شبہ ہو رہا تھا

میں چلانے سے گریز نہی کروں گا بول دو شرافت سے "

وہ دھاڑتے فائر کر چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

جو دیوار میں ہول کرتے گزر گئ

وہ خوفزدہ سی اٹھ گئ تھی

بتاتی ہوں۔۔"پلیز نیچے کرو وہ تیزی سے خوفزدہ بولی تھی

سانیہ کی گرفت اس پر سے چھوٹی تھی

بولو۔۔۔"وہ دوبارہ گن ری لوڈ کرنے لگا تھا

وہ کبرڈ کی جانب اشارہ کر گئ تھی

دیکھ لیے اس کے کارنامے "

اگر اسے کچھ بھی ہوا میں اسے زندہ نہی چھوڑوں گا

وہ کبرڈ کی جانب جاتے اسے دھکہ دے گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

چابی۔۔ "

وہ دھاڑا تھا

فوری اسے ڈرا سے اسے تھماتے دور ہوئی تھی

تیزی سے کبرڈ کا ڈور کھولا سامنے وہ بے ہوش سمٹی سی نیچے گرتی کے وہ اسے تھام گیا تھا

ریحہ میری جان آنکھیں کھولو۔۔"

مما پانی لائیں۔۔ "

وہ اس کے بے ہوش وجود کو بازوں میں بھرتے باہر لاونج میں لاتے چیخا تھا

اس کے ہونٹوں سے ٹیپ ہٹاتے وہ خونخوار نظروں سے اسے دیکھ گیا تھا

نکل جاو دانین میری نظروں کے سامنے سے اس سے پہلے میں تمہارا حشر بگاڑ دوں"

Posted on Kitab Nagri

سانیہ کی بات پر تمسخر اڑاتے لہجے میں بولی تھی

میں ہرگز نہی جاوں گی یہ مری کیوں نہی

پچھلے آدھے گھنٹے سے بند ہونے کے بعد بھی

نائمہ نے روتی نظریں اپنی بیٹی سے اس کی جانب اٹھائیں تھیں جو جانے کونسی دشمنی لے رہی تھی

اسے کبرڈ میں بند کیے تھی وہ واقعی انہیں پاگل لگی تھی اس لمحے

میں ہوسپیٹل لے کر جا رہا ہوں آکر تمہاری تبعیت درست کروں گا مینٹل سک عورت۔۔"

فرار ہونے کی کوشش بھی نہ کرنا۔۔"

ازہان سے پہلے تمہارا حساب کتاب میں کروں گا اب۔۔۔"

اس پر نظر ڈالتے وہ اپنا غصہ بامشکل ضبط کیے تھا ورنہ اس کی جان لینے میں وہ دیر نہ لگاتا

Posted on Kitab Nagri

احان نے اسے بازوں میں بھرے فلحال ہوسپیٹل کا رخ کیا اس کی ہرٹ بیٹ کافی سلو تھی وہ ڈپریشن کی وجہ سے ہوش میں نہی آرہی تھی

روڈ پر باقاعدہ اس تیز گاڑی کا ایکسیڈینٹ ہوتے وہ اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھ گئ تھی

لوگوں کے ہجوم کو چیرتے وہ وہاں تک گئ

جہاں وہ شخص خون میں لت پت بے آسرا اسٹیرنگ پر سر رکھے پڑا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پتہ نہی کون ہے یہ شخص۔۔"

مجھے لگتا ہے زندہ نہی ہے"

اس کے زخمی وجود کو دیکھتے وہ گاڑی کے پچھلے دروازے کو کھولتے بول رہے تھے

Posted on Kitab Nagri

اگر آپ لوگ یہ چہ مگوئیاں کرنے کی جگہ ہوسپیٹل لے جائیں اور ایمبولینس کو فون کر دیں تو زیادہ بہتر ہو گا"

وہ تیز لہجے میں بولی تھی

میڈم تمہارا رشتے دار ہے نکال رہے ہیں نہ

پولیس کیس بھی ہو سکتا ہے کیا پتہ ہے نشہ کیا ہو

جو اتنی تیز گاڑی چلا رہا تھا

وہ سوچ کے رہ گئ تھی کیونکہ گاڑی کی رفتار تو اس نے بھی دیکھی تھی

ہٹیں پیچھے آپ اس کو نکالنے میں ہیلپ تو کر سکتے ہیں نہ۔۔"

فون ہو گا یہی کہیں چیک کریں اس کی فیملی کو انفارم کریں

وہ مزید نزدیک جاتے گاڑی کی اندرونی جگہ چیک کرنے لگی

وہ اس کو نکال چکے تھے

اس کے ہوسپیٹل لے جانے کو ایمبولنس میں کوئ ساتھ جانے کو تیار نہ تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ دیکھتی رہ گئی جب اس کو سیدھا کیا تھا ابھی ٹھیک پندرہ منٹ پہلے وہ اس شخص سے ٹکراو کے دوران ملی تھی

زیادہ سٹریس لینے کی وجہ سے بے ہوش ہیں اور وائز شی از فائن کچھ دیر دیر تک ہوش آجائے گا

اس کے پراپر چیک اپ کے بعد وہ پر سکون ہوتے اس کے پاس آیا جو بیڈ پر آنکھیں موندے سو جھی آنکھوں سے پڑی تھی

اس کا ڈرپ لگا ہاتھ اپنے ہونٹوں سے لگاتے وہ اس کے نزدیک بیٹھتے گھمبیر معاملہ سوچنے لگا تھا آخر ایسا کیا ہوا تھا

گاڑی کا نمبر میں نے سینڈ کر دیا ہے"

میں نمبر دہراتی ہوں

وہ جو دروازے کے پار تھی نمبر پر غور کرتے سراسمگی کی کیفیت میں اندر بڑھی تھی

Posted on Kitab Nagri

اسے تورٹا تھا اس کی گاڑی کا نمبر

آپ نے سہی کہا تھا کچھ لوگوں کی اکڑ نکالنے کے لیے انہیں زندگی کے کسی مقام پر سبق دینا ضروری ہوتا ہے"

اس کا قہقہ اسے زہر لگا

وہ زہر خند لہجے میں بول رہی تھی

ریحہ کو اپنی جان جاتی محسوس ہوئ

یہاں آنے کی غلطی تو تم کر چکی ہو جیٹھانی صاحبہ اپنے بچے کی جان پیاری ہے تو خاموشی سے بیٹھی رہو

وہ بے حس و ساکت تھی جبکہ وہ اس کا منہ ٹیپ سے بند کر چکی تھی

آنسو تواتر اس کی آنکھوں سے بہتے جا رہے تھے

اس شخص کو میں نقصان ہرگز نہی پہنچانا چاہتی تھی ڈیر جیٹھانی صاحبہ کیونکہ میری اس سے کوئ دشمنی نہی لیکن اس کی بیوی وہ معمولی سی لڑکی اس کو تکلیف میں دیکھتے مجھے بہت سکون ملے گا

جیسے اس گھر میں میری کوئ ویلیو نہی

Posted on Kitab Nagri

ریحہ تو سب کچھ ہے نہ مجھے اپنا بچہ کھوئے ابھی چند دن نہی ہوئے لیکن اس گھر میں کسی کو بھی یاد نہی میں کس ازیت سے گزر رہی ہوں

لیکن ریحہ پیچھے نہ جائے ریحہ کی ڈائیٹ کا خیال رکھا جائے کیونکہ اریحہ میڈم تو دنیا سے انوکھی ماں بننے جا رہی ہیں نہ

وہ ساری بھڑاس نکالتے بول رہی تھی

تم کچھ نہی کر سکو گی تمہاری آنکھوں کے سامنے اریحہ تمہیں وہی تکلیف دوں گی جو میں محسوس کرتی ہوں اب تک تو اس کی گاڑی کی بریکس فیل کی وجہ سے وہ کہی جا ٹکرایا ہو گا"

وہ گھڑی پر نظریں ڈالتے تمسخر اڑاتے لہجے میں بولی تھی

اٹھو تم ہوش میں رہتے یہ سب دیکھو گی تمہیں کچھ نہی ہو سکتا

بند ہوتی آنکھوں سے اس نے بس اسے خود پر جھکے اپنے چہرا تھپتھپاتے محسوس کرنے کے بعد گھٹن زدہ ماحول محسوس کیا تھا

وہ بے ہوشی میں بے چین ہونے لگی

Posted on Kitab Nagri

ت۔۔ تم حان کو کچھ نہی۔۔"

حان۔۔"

چھوڑو مجھے وہ اپنا ہاتھ لاشعوری میں اس سے چھڑوانے لگی تھی

ریحہ۔۔"

وہ اس کی بے چینی نیند میں محسوس کرتے اس کے نزدیک ہوتے نرمی سے بولا

حان۔۔ "

حان وہ آپ کو مجھ سے چھین لے گی۔۔"

وہ بری ہے

وہ بند آنکھوں سے ابھی بھی تیزی سے بڑبڑا رہی تھی

میں پاس ہوں ریحہ۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے سلوٹ زدہ ماتھے پر لب رکھ گیا تھا

اس کا لمس اپنے چہرے پر پاتے وہ آنکھیں کھولتے اس کا خود پر جھکا چہرا دونوں ہاتھوں سے چھونے لگی تھی

میں ہی ہوں حان کی جان۔۔"

اس کے ہاتھ تھامتے وہ بولا تھا کے وہ خواب کی سی کیفیت سے جاگتے ارد گرد کا جائزہ لیتے لمحوں میں خوفزدہ سی ہوتے اٹھتے اس کے سینے سے لگتے رونے لگی تھی

ایزی ریحہ۔۔"

وہ اس کے اس طرح اٹھ جانے پر بوکھلاتے پریشان ہی ہو گیا تھا کے ڈرپ کی لگی سوئی سے اسے تکلیف بھی محسوس ہوئی تھی

میں ایزی رہوں آپ سوچ سکتے ہیں"

میں اس کی حرکت پر اسے ہرگز نہی چھوڑوں گی

وہ مزید آپے سے باہر ہوتے اس کی گرفت سے نکل رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

کول یار ایزی رہو تم میری جان پر ترس کیوں نہی کھاتی ہو جب میں نے منع کیا تھا روم سے باہر نہی آو گی پھر

سوچ سکتی ہو چند لمحوں میں کیا حالت کر دیتی ہو تم میری"

وہ نا چاہتے ہوئے بھی لہجے میں سختی لے آیا تھا

وہ آپ کا ایکسیڈینٹ احان میری جان لے رہی تھی وہ۔۔"

وہ آپ کو نقصان پہنچاتے میری سانسیں چھیننا چاہ رہی تھی

آپ کہہ رہے ہیں میں ایزی رہوں "

وہ مزید ہائیپر ہوتی جا رہی تھی جب وہ اس کے لفظوں پر اٹکا تھا

تم اس کے ہر معاملے سے دور رہو گی میں خود ہینڈل کر لوں گا"

وہ اس کے پاس سے اٹھتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

ہوسپیٹل آتے وہ مزید پریشانی کا شکار تھی

ہم ٹریٹمینٹ اسی صورت میں دے سکتے ہیں ہوسپیٹل کا عملہ زمیدار نہی ہے پہلے پولیس کو انفارم کریں آپ

سینیر ڈاکٹر سے اسے ایسی توقع نہی تھی اسے جو باقی کسی ڈاکٹر کو بھی قریب نہی بھٹکنے دے رہے تھے

آپ کا دماغ درست ہے ایک شخص کی زندگی خطرے میں ہے آپ کو اپنی پڑی ہے"

وہ سٹریچر پر پڑے اس شخص کو دیکھنے لگی سفید چادر تیزی سے خون سے رنگتی جا رہی تھی

بحرحال آپ انہیں فوری ٹریٹمنٹ دیں رہی بات پولیس کی میں ہینڈل کر لوں گی"

پلیز انسانیت کے لیے"

وہ تیز آواز میں بولی تھی

اس کا سیل فون تھامے بلینک سکرین کے علاوہ کچھ نظر نہی آیا تھا

Posted on Kitab Nagri

شٹ۔۔"

اپنا سیل فون لیتے اس نے فوری سے کال کی تھی

کیا تم آسکتے ہو فلحال۔۔۔"

ہمم میں تمہیں سمجھاتی ہوں

فلحال ہوسپٹل آو۔۔"

مما ٹھیک ہے وہ اب پریشان نہی ہوں نائمہ چچی سے میری بات کروائیں فلحال"

وہ مسلسل اس کو اضطراب کی کیفیت میں ٹہلتے بات کرتے دیکھ رہی تھی

کال کرتے وہ مسلسل اب ازہان کا نمبر ٹرائے کر رہا تھا جو اوف جا رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

ریحہ مجھے بتاو گی اس نے ایسا کیا کہا تھا

وہ فون تھامتے اس کے قریب آیا تھا

مجھے نہی بتانا۔۔"وہ بازو آنکھوں پر رکھے پڑی رہی تھی

ریحہ ناراض ہونے کا ٹائم نہی ہے ازہان کے پاس میری گاڑی تھی یار پلیز مجھے بتاو گی

وہ بازو آنکھوں سے فوری ہٹا گئ

ازہان۔۔۔"وہ آپ کی گاڑی میں تھا وہ اب تک دانین کی دھمکی سمجھی تھی

وہ پریشانی سے اٹھ بیٹھی تھی

ہاں صبح میری گاڑی سٹارٹ نہی ہو رہی تھی جلدی کی صورت میں میں دوسری گاڑی میں گیا تھا

ازہان سے بول کے جو بھی مسلہ ہے وہ کلیئر کروالے بعد میں"

Posted on Kitab Nagri

وہ آپ کی گاڑی کا نمبر کسی کو سینڈ کر رہی تھی"

آئی سوئیر میرے بھائی کو اگر کچھ ہوا مجھ سے یہ عورت نہی بچنے والی۔۔۔"

وہ تپش زدہ سا فون لیتے نکلتا کے وہ اس کا بازو تھام گئ

میں بھی آپ کے ساتھ چلتی ہوں۔۔"

وہ ڈرپ کی سوئ نکالتی کے وہ روک گیا تھا

چچی تمہارے پاس آ رہی ہیں ڈرپ ختم ہو گی تو تم گھر آ و گی"

ٹیک کیئر یور سلیف"

لہجے میں تنبیہ تھی وہ اس کے سر کو چومتے

ہاتھ چھڑواتے چلا گیا اور وہ بس دعا کرنے لگی

Posted on Kitab Nagri

میں نے نمبر سہی سینڈ کیا تھا

وہ سہی سلامت میرے سامنے ہے۔۔"وہ فون پر بڑھکتے بولی تھی

اگر گاڑی کا ایکسیڈینٹ ہوا ہے تو پھر وہ کیسے سہی سلامت ہے"

وہ تیزی سے سیڑھیوں سے اترتی پورچ میں کھڑی گاڑی چیک کرنے جاتی کے سامنے موجود شخص کو دیکھتے اس کے حواس جانے لگے تھے

جو خونخوار نظروں سے شکن زدہ کپڑوں سے اس کے روبرو تھا

اس کا وسنبھلنے کا موقع دیے بغیر اس کا فون کھنچتے دو قدم پیچھے جاتے وہ سپیکر پر ڈال چکا تھا

یہ سب تمہاری وجہ سے ہی پوسیبل ہوا ہے

تم اب پیچھے نہی ہٹ سکتی

Posted on Kitab Nagri

تمہاری وجہ سے آج وہ شخص زندگی اور موت کی کشمکش میں ہے

میرے بھائی کا بدلہ پورا بہت ہواوں میں اڑ رہا تھا نہ وہ وکیل۔۔"

احان نے تاسف سے آواز پہچانی وہ کیسے بھول سکتا تھا

جاو نہی لے رہا کیس جو کرنا ہے کرو۔۔"

اسے اپنے الفاظ یاد آنے لگے تھے

وہ چند سانحوں پہلے اس کے توڑے فون کی ٹوٹی سکرین والا فون اس کے سامنے کر گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا کہا تھا تم نے اسے کیسے جانتی ہو تم انہیں

تم میرے گھر میں رہ کر میرے ہی دشمنوں سے ہی رابطے میں تھی

وہ دو قدم پیچھے ہونے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

ہاں تھی رابطے میں تم اور تمہاری بیوی ہے کیا چیز ہاں کیا چیز جو اس کے پیچھے پاگل ہو سب اور تم بیوی کے معاملے میں اتنالو سٹینڈر ہے تمہارے ساتھ وہ بلکل سوٹ ایبل نہی لگتی

وہ تمسخر اڑاتے لہجے میں زہر اگل رہی تھی

شٹ اپ بکواس بند رکھو اپنی سٹینڈر تم مجھے نہ بتاو کیونکہ اس کے مقابلے میں تم جیسی کبھی پوری بھی نہی اتر سکتی سمجھ گئ میری بات اب اس کا زکر اپنی زبان سے نہی کرنا

جو سوال پوچھا ہے اس کا جواب دو کیسے جانتی ہو تم انہیں"

وہ بڑھکتے لہجے میں خود اس کا حشر بگاڑنے سے باز کر رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہاری گاڑی پر حملہ کروایا تھا نہ شادی سے پہلے بی جان بات کر رہی تھیں

پھر میں نے ان کو پچھلے دنوں تمہارے پیچھے دیکھا تھا وہ تمہیں فولو کرتے تھے میری ملاقات سرسری ہوئ تھی جب اس نے تمہاری ٹائمنگ اور ہر ڈیٹیل مجھ سے جاننی چاہی لیکن میں نے انکار کر دیا

کیونکہ مجھے خوف سا آیا تھا

لیکن جب میں نے اپنا بچہ کھویا تب مجھے اندازہ ہوا تمہاری اس بیوی کو بھی سبق سکھانا چاہیے

Posted on Kitab Nagri

میں نے تمہاری کیز کی ڈپلیکیٹ کیز بنوائیں

اور تمہاری گاڑی کا نمبر سینڈ کر دیا لیکن افسوس تم بچ گئے اور وہ تمہاری بیوی کتنی پکی ہے وہ عورت آدھا گھنٹہ بند رہی پھر بھی کوئی اثر نہ ہوا ہیٹ آف ٹو بوتھ آف یو۔۔"

وہ اپنا سارا زہر اگلتے اسے ہی نہی پیچھے کھڑی سانیہ کو بھی ششدر کر چکی تھی

تم نے میری گاڑی کے ساتھ۔۔"وہ کچھ بولتے اس کا انجام سوچتا اس کے فون پر رنگ ہوئی تھی

یس ازہان کا بھائی ہوں میں

ازہان۔۔"

وہ ٹھیک ہے "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دانین کے ہاتھ پیر سن ہوئے تھے

ازہان نہی ازہان کیسے "

کس چیز کا بدلہ لے رہی تھی تم مجھ سے "

Posted on Kitab Nagri

وہ فون رکھتے چلایا تھا کے سانیہ نیچے اتریں

احان کیا ہو گیا ہے

ازہان کا ایکسیڈینٹ ہو گیا مما مجھے مروانا چاہتی تھی یہ لیکن میری گاڑی کی وجہ سے وہ اس حادثے کا شکار ہو گیا مما۔۔"

وہ نمی چھپا رہا تھا

میرا بچہ ازہان احان وہ ٹھیک ہے وہ تو پہلے ہی بے سکون تھا" سانیہ نے اس کو جھنجوڑا تھا

مما سنبھالیں پلیز کچھ نہی ہو گا اسے چلیں ہوسپٹل۔۔"

وہ پیچھے ساکت تھی

وہ جب بھی اسے تکلیف پہنچانے کی کوشش کرتی بدلے میں اسکا نقصان ہی کیوں ہوتا تھا

ان دونوں کے درمیان دوریاں پیدا کرنے کی کوشش میں وہ انہیں مزید قریب لے آئ تھی

اس کی پریگنینسی سے حسد محسوس کیا وہ اپنا بچہ کھو گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

اور اب اس کے شوہر کو نقصان پہنچاتے وہ اسے پہنچا بیٹھی تھی لیکن اب پچھتانے کے علاوہ کچھ بھی نہ تھا

وہ وہی سیڑھیوں پر ساکت سی بیٹھی تھی

نہی ایسا نہی ہو سکتا

وہ اکیلے لاونج میں بیٹھی اپنے بال نوچ چکی تھی

ہوسپٹل ریسیپشن سے پتہ کرتے اس کا سامنا جس شخص سے ہوا تھا وہ سوچ بھی نہی سکتا تھا

"کیسا ہے میرا بیٹا۔۔

آنٹی اندر ہے وہ آئرہ کو سمجھ نہی آئی وہ کیا کہے

اس کے سر پر کافی چوٹ لگی تھی

بایاں بازو بھی ڈیفکیٹڈ تھا باقی انٹرنل انجیریز کے بارے میں وہ کچھ بتا نہی رہے"

Posted on Kitab Nagri

تھینکیو۔۔"

وہ غازیان سے بولا تھا جو پولیس کیس ہینڈل کر چکا تھا وہ آئرہ کے بلانے پر وہاں تھا

فار واٹ ایک احسان تم نے کیا تھا بقول تمہارے"

ڈونٹ وری وہ ریکور کر جائے گا۔۔"

انکل کو سنبھالو۔۔"

وہ سکندر کو وہاں دیکھتے اس کا کندھے تھپتھپاتے بولا تھا

آئرہ نے مڑ کر شیشے سے نالیوں میں جکڑے اس شخص کے چہرے پر اذیت رقم دیکھتے قدم بڑھائے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ گھر آتے کافی لیٹ ہو گئے تھے

Posted on Kitab Nagri

تم کیسے جانتی تھی۔۔"

یہ سوال تو میرا ہونا چاہیے تھا"

وہ گاڑی لوکڈ کرتے اس کے ہمقدم ہوتے بات پلٹ گئی

تم کیسے جانتے ہو"

وہ لاونج میں قدم رکھتے اس کی جانب دیکھتے بولی تھی

بس ایسے ہی ٹکراو ہو جاتا ہے ایک شہر میں رہتے"

خیر رات کافی ہو گئی ہے تم ریسٹ کرو"

آئرہ روم کی جانب چلی گئی تھی

وہ اپنے روم کی جانب بڑھا

دروازا کھولتے وہ دبیز قدموں سے داخل ہوا کے وہ حیران ہوا وہ کراون سے ٹیک لگائے بیٹھی سیدھی ہو گئی تھی

Posted on Kitab Nagri

تم ابھی تک جاگ رہی تھی" بارہ بجنے والے تھے

کیا مجھے اچھی بیوی کا مظاہرہ نہی کرنا چاہیے تھا

وہ شیشے سے دیکھتے شرٹ کے کف لنکس کھولتے مسکرانے لگا

مطلب تم میرا ویٹ کر رہی تھی

اورنج رنگ کے ڈھیلے کرتے میں ملبوس وہ بال کیچر میں جکڑے اس لمحے اس کے دل میں اتر گئ تھی

مجھے لگا تھا ڈنر پر آپ کو کمپنی دینی چاہیے"

وہ بیڈ سے اترتے بولی جب وہ کبرڈ سے کپڑے لیتے سرعت سے پلٹا تھا

تم نے ڈنر نہی کیا ابھی تک"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے سر پر سوار تھا

آپ فریش ہو جائیں میں کھانا گرم کرتی ہوں۔۔"

وہ اس کی نظروں میں جھانکتے بیڈ سے شفون کا اورنج دوپٹہ لیتے اپنے کندھے پر پھیلاتے اس کی پہنچ سے دور چلی گئی تھی

غازیان سر جھٹکتے واشروم کی جانب چلا گیا

کھانا گرم کرتے ڈائینگ پر لگاتے وہ پچھلے پانچ منٹ سے اس کے ویٹ میں تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مما نے ڈنر کیا تھا "

ہمم۔۔"وہ اس کو فریش سامہرون ٹی شرٹ اور سفید ٹراوزر میں دیکھتے بولی

آئرہ سے بھی پوچھ لیتی۔۔۔"وہ چیئر کھسکھاتے بیٹھ گیا

Posted on Kitab Nagri

وہ آپ کے ساتھ تھی۔۔"

نارمل لہجہ رکھتے وہ اس کی پلیٹ میں چاول ڈالنے لگی۔۔"

اس کے تاثرات نوٹ کر رہا تھا

بس کرو یار۔۔"وہ اسے لاشعوری میں تہہ لگاتے دیکھ ٹوک گیا

سوری۔۔"وہ ہوش میں آتے چمچ پیچھے کرتی سامنے والی کرسی پر جاتی جب وہ اس کی کلائی تھام چکا تھا

یہاں بیٹھو۔۔ "

وہ اپنے ساتھ اس کی چئیر کھسکھاتے اشارہ کرتے دوسرا چمچ اپنی پلیٹ میں رکھ چکا تھا

وہ ہتھیلیاں مسلتے اس کے برابر میں بیٹھتے اپنی دلی کیفیت کو نظر انداز کرنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

میں کھلاوں۔۔"

وہ اپنا بھرا چمچ اس کی جانب بڑھا گیا تھا

نہی کیا کرو ایسے پلیز۔۔"وہ اس کا ہاتھ نیچے کرتے چہرا موڑ چکی تھی

اف میرے سامنے چہرا کر کے رویا کرو۔۔"

تا کہ میں بھی تم سے رونا سیکھوں۔۔"

اس کا چہرا اپنی جانب کر گیا تھا

رات کے اس پہر وہ سرخ ضبط کی آنکھوں سے اس کا چہرا غور کرنے لگی تھی بیرڈ ویسی ہی بڑھی تھی جبکہ بالوں کا وہ اب نارمل کٹ لے چکا تھا

ایسے نہی دیکھو نورے جان۔۔ "

وہ چہرا نیچے کیے اب نم آنکھوں سے مسکرا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

اب تم مجھ سے چھپ کر مسکرا رہی ہو۔۔"

نوٹ فیئر۔۔"

وہ اس کا ہاتھ تھامتے اپنے ہاتھ میں لے گیا تھا

اس دنیا میں مجھ جیسے کتنے ہی کیسس ہوں گے پر مجھے تم کیوں ملے"

وہ اس کا ہاتھ اپنی آنکھوں سے لگا گئ تھی

اس کی بات یاد کرتے وہ گارڈن میں ٹہلتے سگریٹ سلگا چکا تھا وہ ابھی بھی اضطرابی کیفیت میں تھی

وہ کروٹ لیے کھانے کے برتن سمیٹنے کے بعد اس کے انتظار میں تھی

روم کا دروازہ بند ہوتے وہ دل تھام گئ تھی

جب وہ اس کے برابر میں آ کر لیٹا تھا

وہ آنکھیں بند کرتے اس کی موجودگی محسوس کرنے لگی

Posted on Kitab Nagri

u r perfect the way u r

ur imperfactions are what make u perfect to luv.."

don't forget that...

اس کی سرگوشیاں اس کی اضطرابی کیفیت کو کم کر دیتی تھی

اپنے گردن پر رینگتی اس کی انگلیوں سے وہ آنکھیں کھولتے ملگجے اندھیرے میں اضافی چیز اپنی گردن میں محسوس کرنے لگی

وہ پینڈٹ اس کی گردن میں ڈالے اس کے احساس اب محسوس کرنے لگی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوسری شادی کا رائٹ دیا تھا تم نے مجھے۔۔"

وہ اسے حصار میں لیتے اس کی پشت اپنے سینے سے لگاتے گردن میں چہرا چھپائے بولا تھا

وہ سانسیں روکے سننے لگی

آفرا بھی ہے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

اس کا رخ اپنی جانب کرتے اس کے سادے نقوش لیمپ کی روشنی میں نہارنے لگا تھا

یہ دوسری شادی کے لیے رشوت تھی"

وہ پینڈٹ انگلیوں سے چھوتے نروٹھے لہجے میں بولی

نہی اس کے لیے نیا لوں گا" وہ مسکراہٹ ضبط کرنے لگا

سگریٹ پی کے آئے ہیں" وہ دانستہ بات بدل گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم میری دسترس میں سانسیں لے رہی ہو "

ہاور رومینٹک۔۔" وہ گہرا سانس بھرتے بول رہا تھا

شٹ اپ۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

سگریٹ پی کے آئے ہیں۔۔"وہ اس کی شرٹ سینے سے مٹھی میں تھامتے ڈھٹی رہی تھی

کیونکہ تم مجبور کرتی ہو مجھے "

وہ اس کا تیز لہجہ محسوس کرنے کے بعد اپنے بال اس کی مٹھی میں کنچھے سے محسوس کرنے لگی تھی

مجھے آج تک سمجھ نہی آئی سگریٹ کیوں پی جاتی ہے غصے میں سگریٹ خوشی میں سگریٹ غمی میں سگریٹ۔۔ "

مجھے بھی زائقہ اب چھکنا ہے آخر ہوتی کیسی ہے

وہ اس کے ہلتے ہونٹوں کے پاس جھکتے تھوڑی پر لب رکھ چکا تھا وہ اس کے عمل پر زہریلی خوشبو محسوس کیے بس خاموش ہو گئ تھی

نور تم مجھ پر یقین کرتی ہو۔۔"وہ اس کی آنکھوں پر سایہ فگن پلکیں چھونے لگا تھا

یہ بہت خوبصورت ہے"

وہ باریک چین میں لٹکتے سفید نگوں سے مزین انگلش کے ایلفابیٹ جی کو اپنے گردن میں دیکھتے بات بدل گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

میں کچھ پوچھ رہا ہوں۔۔"

اپنی کمر پر اس کی گرفت سے اندازہ ہوا وہ غصے والے زون میں جا رہا ہے"

وہ بند آنکھوں سے اس کے سینے پر لب رکھ چکی تھی"

وہ پر سکون ہوتے اس کے سلوٹ زدہ ماتھے کی شکنیں مٹاتے بھینچے لب کے کناروں پر اپنے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سی سمائل والے ایکسپریشن بنانے لگی

کیوں کرتی ہو مجھے ہرٹ پھر۔۔"

اس کو اپنے تکیے پر ڈالتے وہ اس پر جھک آیا تھا اس کی سگریٹ سے ملی جلی سانسیں وہ قریب سے محسوس کرنے لگی تھی

میں آج مما کے پاس بیٹھی تھی

تمہاری مما کے پاس میں نے ان سے دوستی کرنے کی کوشش کی تھی"

Posted on Kitab Nagri

اب مجھ سے ناراض نہی ہونا

وہ بات بدل گئ تھی

میری ناراضگی کی بہت فکر ہے نہ جیسے"

میری بات صرف تمہیں اگنور کرنا اچھا لگتا ہے باقی سب سے سیٹ ہو جاو گی "

وہ کہنی کے بل ہوتے اسے اپنے پہلو میں دیکھنے لگا تھا

میری سانسوں میں تمہاری خوشبو بس چکی ہے مزید کیا چاہتے ہو"

وہ رخ اس کی جانب کیے اپنی جلد بازی پر چہرا فوری اس کے سینے میں چھپا گئ تھی

www.kitabnagri.com

اس کے وجود کی نرمی اپنے سینے پر محسوس کرتے اس کی سانسوں کی تیز حدت اپنی شرٹ کے باوجود محسوس کرنے لگا تھا

وہ لرزتے وجود سے اس میں چھپنے لگی تھی

جو اس کے بالوں سے کلپ نکالے اس کی کنپٹی چومتے اس کی تھوڑی پر لب رکھ گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ گہرے سانسیں بھرتے رخ موڑ گئ تھی

مجھے لگتا ہے رات کافی ہو گئ ہے "

وہ آنکھیں بند کرتے سونے کی کوشش میں اس سے کروٹ لے گئ تھی

فلحال اس لمحے مجھے محسوس کرو"

اس کی بوجھل آواز سے جھجک محسوس کرتی کے وہ دونوں پر کمفرٹر ڈالتے لیمپ بھی اوف کر گیا

ساری رات ہوسپیٹل کے کوریڈور میں گزاری تھی

وہ ابھی تک ہوش میں نہی آیا تھا

احان کو اس لمحے اپنی زندگی جاتی محسوس ہوئ تھی

Posted on Kitab Nagri

صبح فجر کی نماز کے ادا کرتے وہ کتنی دعائیں مانگتے اس کی زندگی کی دعا کر گیا تھا قریبی مسجد سے نماز ادا کیے وہ ہوسپیٹل واپس آیا

اس لمحے اپنی ماں اور باپ کو سنبھالنا قدرے مشکل تھا جو بار ہا اس کے ہوش میں آنے کے خواہاں تھے

فون کی بجتی رنگ سے وہ رسیو کرتے کان سے لگا گیا تھا

اسی لمحے سامنے سے آتی لڑکی پر نظر پڑتے وہ آتش فشاں ہوا تھا

مجھے وہ لوگ حراست میں چاہیے جو یہ کاروائی کر چکے ہیں

ہولڈ اون۔۔"

وہ اجڑے سے حال میں تھی

مم۔۔مجھے ملنے دیں پلیز۔۔"

وہ روتے بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

بہتری اسی میں ہے فلحال میری نظروں کے سامنے سے دور ہو جاو تمہیں اس کی زندگی میں ہرگز نہی آنے دینے والا دوبارہ

اس کے ہوش میں آنے تک تم سکون مار لو زرا۔۔"

چلی جاو یہاں سے دانین۔۔"

تم میرے بیٹے کی زندگی کی ہی دشمن بن گئ۔۔"

شرم حیا بھی نہی آئ تمہیں۔۔"

وہ اسے دیکھتے اپنا بی پی ہائ ہوتا محسوس کر رہیں تھیں رات سے اپنے بیٹے کے لیے روتی آنکھیں اب سوجھ سی گئ تھیں

دانین لب بھینچے اپنے آنسوں کو ضبط کیے ملگجے سے حلیے میں منتظر سی تھی

مما چلیں اپنی تبعیت نہی خراب کریں آپ

اس کو ایسے ہرگز نہی چھوڑنے والا بے فکر رہیں اس کے لیے دعا کریں

Posted on Kitab Nagri

احان سنبھالتے انہیں دانین سے دور لے جانے لگا تھا جو خالی خالی نظروں سے دھندلاتا منظر دیکھنے لگی تھی

کس کو صبح صبح تکلیف پڑ گئی ہے"

اس کی بھاری آواز سے

سائیڈ ٹیبل سے فون پر نمبر دیکھتے مندھی آنکھیں کھول گئی تھی اس کو خونخوار نظروں سے دیکھا جو اس کے باپ کو تکلیف ڈال چکا تھا

اس کی گرفت میں کسمساتے وہ ہلتی کے وہ گرفت مضبوط کرتے اس کی گردن میں مزید چہرا چھپاتے اس کی کمر پر مضبوطی کرتے اپنی ٹانگ بھی اس پر رکھ گیا تھا

بابا کالنگ لکھا مسلسل جگمگا رہا تھا اتنی صبح ان کا فون دیکھتے وہ پریشان ہونے لگی

خود کو اس پوزیشن میں دیکھتے خود سے بھی چھپنے لگی تھی وہ

Posted on Kitab Nagri

غاز سائیڈ پر ہوں۔۔ "

دانت پیستے اس کو پیچھے کرتے وہ ہلکان سی تھی جو اپنا پورا وزن اس کے نازک وجود پر ڈالے اس کی سانسیں رات سے بھی زیادہ برے طریقے سے روکے تھا

غازیان۔۔"

اس کے ہاتھ اس کی بازوں میں قید سے ہو گئے کے بجتا فون اب بند ہو گیا تھا وہ سانس کینچھتے پر سکون ہونے لگی تھی

غازیان آپ نے واک پہ نہی جانا"

اس کے گھنے بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیرتے وہ اسے جگانے کی ناکام سی کوشش کرنے لگی تھی

اس کے عمل سے پر سکون کرتا ہاتھ رکتے دیکھ وہ اس کا ہاتھ اپنے بالوں میں پھر سے رکھ چکا تھا

مطلب آپ جاگ رہے تھے۔۔"

وہ لب بھینچتے اس کی چند لمحوں پہلی کی جانے والی حرکت پر بال مٹھی میں اب کھینچ چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

نہی سونے کی پریکٹس کررہاہوں "

اب جاگاہوں

چلومارننگ کس دو مجھے۔۔ "

اس پر جھکے وہ فرمائشیں کرتے دیکھ اس کے بکھرے بال اس کی نیند سے بھری آنکھوں کے سرخ عارض دیکھتے وہ بری طرح سٹپٹانے لگی تھی

ہٹ جائیں پیچھے اب سکون سے۔۔"

اس کو پیچھے دھکیلتے وہ اٹھتی کے وہ بول اٹھا تھا

چلو تمہارے لیے ایک فیور۔۔"

منظور ہے "

اس کی آنکھوں میں اُمڈتی شرارت وہ نہی دیکھ پائی

Posted on Kitab Nagri

مجھے نہی چاہیے کوئی بھی فیور"

کائینڈلی آپ اب پیچھے ہو جائیں" وہ اپنا چہرا کمفرٹر میں چھپانے لگی تھی

لیکن میں اپنی مارننگ کو گڈ بنانے کے لیے پھر بھی فیور دوں گا ڈئیر وائف"

اس کے چہرے سے کمفرٹر کھینچتے اس کے چہرے پر جھک چکا تھا

پھر اس کی فیور لیتے وہ پچھتائی تھی جو اس کے چہرے پر اپنی شدت بھری جسارت کیے اسے سرخ کر چکا تھا

\---------------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گاڑی کی خاموشی میں صرف اسے وہ پچھلے بیس منٹ سے ڈرائیو کرتے دیکھ رہی تھی

ہمیں کوئی گاڑی مسلسل فولو کر رہی ہے" وہ خاموشی توڑتے مضطرب سی بولی

Posted on Kitab Nagri

گارڈ ہیں میرے۔۔ "

مختصر جواب دیتے سگریٹ سلگاتا کے "

وہ اس کا ہاتھ ڈیش بورڈ تک جانے سے پہلے ایک لمحہ ضائع کیے بغیر سگریٹ کا ڈبہ تھامے شیشہ نیچے کیے ساری باہر پھینک چکی تھی

غازیان اس کی ہمت پر عش عش کر اٹھا

ہم کہاں جا رہے ہیں۔۔؟

وہ فلحال خاموش رہا

میں پوچھ رہی ہوں ہم کہاں جا رہے ہیں "جواب ندارد تھا

وہ اس کی کسی بات کا جواب نہ ملتے تھک ہار کر سیٹ سے ٹیک لگا گئ

Posted on Kitab Nagri

اچانک آنکھیں کھولتے وہ کھڑکی کے پار منظر دیکھنے لگی راستوں کی شناخت ہونے لگی تھی وہ ازیت میں جاتے غور کرنے لگی

م۔۔میں نہی جاوں گی"

وہ ٹوٹتی آواز میں نفی کرنے لگی تھی وہ حقیقت کا عملی جامہ ہر چیز کو جلد ہی عطا کر رہا تھا

گاڑی جھٹکے سے پارکنگ میں رکی۔۔۔"وہ میڈیکل کالج کی عمارت وحشت ناک نظروں سے دیکھنے لگی

کم آوٹ نور۔۔ "

وہ سخت لہجہ اپنا گیا تھا

وہ نفی کیے سیٹ سے چپک چکی تھی

میں بانہوں میں اٹھائے لے جاوں گا مگر پھر تم سب کو کلاسس میں کیا جواز دو گی"

اس کے ہاتھ کو جھٹکے سے کھینچتے وہ باہر نکالتے گاڑی لوک کر گیا

Posted on Kitab Nagri

نوغازیان مم۔۔مجھے سب جانتے ہیں میں کیا جواز دوں گی اپنی ابسینٹ کا۔۔"

وہ اس کی شرٹ میں چہرا چھپاتے رونے لگی تھی

نور۔۔"

ہالہ۔۔"وہ نرمی برتنا نہی چاہتا تھا ورنہ وہ یہ سٹیپ بھی نہی لینے والی تھی

تم اپنی مرضی نہی چلاسکتے۔۔"وہ پینک ہوتی جارہی تھی

پارکنگ میں قدرے سائیڈ پر تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری جان تمہاری زندگی کے فیصلوں پر مرضی چلانے کے سارے اختیار تم پر رکھنے والے شرعی حق میں محفوظ ہیں

وہ اس کے آنسو صاف کرنے لگا جہاں لوگوں کی نظریں ان پر مرکوز نہ ہونے کے برابر تھیں

Posted on Kitab Nagri

سیکنڈ ائیر کے لاسٹ کچھ منتھ چل رہے ہیں تمہیں سلیبس کوور کرنے میں زیادہ محنت کی ضرورت ہو گی۔۔"

وہ اس کے بر عکس مطمئین سا گاڑی سے ٹیک لگائے بولا تھا وہ حیرت زدہ سی تھی اس کی انفرمیشن رکھنے پر آنسوؤں کی روانگی میں اپنے نوکیلے ناخنوں سے اس کی گردن نوچ دینا چاہتی تھی پر وہ کہاں ایسا کچھ کر سکتی تھی

نور لوگ کچھ نہی دیتے۔۔ "

موواون تو کرنا ہے نہ یوں قید رہ کر زندگی نہی گزاری جاتی۔۔ "

وہ سمجھانے والے انداز میں بولا لیکن ابھی اتنی جلدی یہ باتیں اس کے پلے نہی پڑھنے والی تھیں

رونا بند کرو میں ہمیشہ تمہارے پیچھے ہوں مگر اپنا ڈیفینڈ تمہیں خود کرنا ہے اب ہر معاملے میں ہمارے حال اور فیوچر دونوں میں۔۔"

وہ اس کی کلائی تھامتے قدم لینے لگا جبکہ وہ سٹل ہی تھی

میرا ہارش ری ایکشن ہو گا اب "

وہ سختی کر گیا تھا وہ چہرا جھکائے من بھر کے قدم اس کے ہاتھ میں قید اپنے ہاتھ پر دیکھتے بھرنے لگی

Posted on Kitab Nagri

ایکچولی ہماری شادی فیملی نے اچانک طے کر دی

اسی لیے ہالہ نور کالج سکپ کر گئ تھی

لیکن میں نے تو کچھ اور سنا تھا"

پرنسپل کی بات پر وہ اپنی نظرین جھکائے مٹھی میں دوپٹہ بھینچ گئ تھی وہ ایک نظر اسے دیکھنے لگا

یہ آپ کا کنسرن نہی ہے"

پرنسپل خاموش ہو گیا تھا

وہ ایسے ڈیل کر رہا تھا جیسے وہ اس کا باپ ہو

خیر اس کی پوسٹ کی وجہ سے پروٹوکول تو اسے بھی مل رہا تھا

اس درمیان اگر مائیگریشن کا سین بنے تو ہو سکتی ہے"

Posted on Kitab Nagri

وہ اونر سے پوچھنے لگا جبکہ وہ مائیگریشن پر اٹکی تھی

ہو سکتی ہے دوسرے میڈیکل کالج میں اگر یہ والا ائیر کلیر کریں گی اور اس کالج کی سی جی پی اے کے مطابق۔۔"

اوکے تھینکس سر یہ بریلینٹ سٹوڈنٹ ہے کوور اپ کرلی گی"

وہ مسکراتے بولا جبکہ وہ لب بھینچے بس ہو نہ ہاں کے جواب کے علاوہ زبان سیے تھی

گاڑی میں معمول کے مطابق اب بھی خاموشی تھی

اس کا لیکچر سکیجول اور باقی چیزیں لیتے وہ گاڑی تک آئے۔۔"

ہوش آگئ ہے انہیں

Posted on Kitab Nagri

ڈاکٹر کی بات سے وہ اطمینان میں ہوئے پچھلی پوری رات کوریڈور میں بے چین ٹہلتے گزر ہی تھی

ہم کب مل سکتے ہیں۔۔"

احان نے ڈاکٹر سے پوچھا

فلحال داوئیوں کے زیر اثر انڈر ابزرویشن ہیں "

کوئ مسلہ تو نہی۔۔"وہ اس لمحے ان کے کیبن میں بیٹھا تھا

سر کی پچھلی سائیڈ متاثر ہوئ ہے

ہوش آنے پر پراپر چیک اپ ہو گا اس کے علاوہ ان کی بازو کندھے سے فریکچر ہوئ ہے

وہ شکر ادا کر گیا

Posted on Kitab Nagri

اپنی ماں کو خبر دینے کے بعد وہ ان دونوں کو زبردستی گھر بھیج گیا ویسے بھی دوائیوں کا اثر شام تک زائل ہوتے اس کا وجود ہوش میں آنا تھا خود وہ وہی ہوسپٹل میں تھا

وہ بینچ پر سر ہاتھوں میں گرائے بیٹھا تھا جب اپنے کندھے پر لمس محسوس کیے چہرا موڑ گیا

ریحہ۔۔"وہ اسے دیکھتے خاصا حیران ہوا

رات سے کچھ نہی کھایا نہ۔۔"وہ اس کی حیرت کم کرتے بولی

تم کیوں آئی ہو۔۔ "

کس کے ساتھ آئی ہو۔۔"اس کا حجاب میں لپٹا چہرہ دیکھتے وہ بے چینی سے پوچھنے لگا

بابا کے ساتھ آئی ہوں۔۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

سامنے وہاج کو دیکھا جو ان کے قریب بڑھ رہے تھے وہ اس سے مل کر تسلی دینے کے بعد ازہان کو دیکھنے چلے گئے تھے

تمہیں نہی آنا چاہیے تھا مما کے ساتھ رہتی۔۔" وہ اب اس کی جانب متوجہ تھا

ان کے پاس مما ہیں

آپ کو بھی تو ضرورت تھی۔۔ "

اس کے رات والے شکن زدہ کپڑے دیکھتے ہاتھ بڑھائے بکھرے بال پیشانی سے ہٹانے لگی تھی جو بینچ پر بکھرا سا بیٹھا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ میری تکلیف خود پر لیے ہے"

اگر میری گاڑی اس کے پاس نہ ہوتی تو۔۔ "

وہ اس کی آنکھوں میں چمکتی نمی دیکھ رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

حان خود کو بلیم نہی کریں۔۔"

وہ چوٹ اس کی قسمت میں تھی اور آپ نے ابھی تو بتایا ہے شام تک اسے ہوش آجائے گی پھر ہم سب اس کا خیال رکھ کر اسے ٹھیک کرلیں گے

وہ اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ کی گرفت میں تھام گئ تھی

آپ نے کل سے کچھ نہی کھایا نہ۔۔ "

یار اریحہ کی جان کا تو خیال کیا کریں پھر۔۔ "

وہ اس کی جانب رخ موڑتے گھورنے لگا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم نے کچھ نہی کھایا۔۔ "

وہ نفی کرنے لگی تھی ڈرپ لگی تھی مجھے وہ یاد دلانے لگی تھی

یہاں میری ضرورت تھی

اسکے ہاتھ کی پشت پر وہ اس کی ڈرپ لگی ابھری نس پر انگوٹھا پھیرنے لگا

Posted on Kitab Nagri

مجھ سے پہلے آپ کی فیملی کو آپ کی ضرورت ہے ہمیشہ اس بات کو یاد رکھیں"

اس کے مضبوط لہجے سے وہ سکون سا محسوس کرنے لگا

مجھے میرے شوہر سے ملنے دو ورنہ۔۔"

ابھی ایک فرد سے زیادہ اندر کوئی نہی جا سکتا۔۔"نرس کی تیز آواز سے وہ آئی سی یو کی جانب متوجہ ہوئے تھے جہاں دانین چیخ چلا رہی تھی

تم یہاں کیا کر رہی ہو۔۔"احان اسے پھر سے سامنے دیکھے خود پر کڑھا ضبط کیے تھا

تم مجھے نہی روک سکتے سمجھ آئی۔۔ "

وہ دونوں کو دیکھتے وارن کر گئی تھی جبکہ ریحہ اس لڑکی کی ہمت کو داد دے رہی تھی جو اتنا سب کر کے بھی مقابلے پر اتری تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

وہ فون نکالے کال ملانے لگا

دومنٹ میں مجھے اس آدمی سے ملی عورت کا اریسٹ وارنٹ چاہیے کل رات سے آپ کی ٹیم نے کوئی ایکشن نہی لیا وہ دندناتی پھر رہی ہے"

جبکہ اس کے فون کے سارے کال ریکارڈز آپ کے پاس موجود ہیں "

وہ ایریے کے ایس ایچ او سے بات کرتے اس کو سامنے دیکھتے پھر ایک بار بڑھک چکا تھا

ریحہ اس کا کندھا تھام گئی تھی

میں تمہاری بیوی کو چھوڑوں گی نہی اگر تم نے میرے شوہر سے نہ ملنے دیا۔۔۔ "

تم یہ سب کر کے مجھے روک نہی سکتے

وہ بپھری ہوئی سی چلائی تھی

اوریئلی۔۔

اس کے ماتھے پر اب بے شمار بل آئے

اگلے لمحے وہ اپنے پیچھے کھڑی ریحہ کو جھٹکے سے اس کے سامنے کھڑا کر چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

یہ تمہارے سامنے ہے ہاتھ لگا کر دکھاو اسے۔"

ریحہ ششدر سی جھٹکے سے سنبھلی تھی

حان۔۔"

اس کی دبی سی آواز نکلی تھی

جب وہ اس کے ساتھ کھڑے ہوتے اس کا ہاتھ مضبوطی سے تھامتے بولا تھا

وہ سامنے کھڑی اس لڑکی کو دیکھنے لگی یک لخت نفرت غصہ اور بے بسی سی محسوس کرنے لگی تھی

یہ ساری میری بے بسی دیکھ کر خوش ہو رہی ہو نہ تو خوش تم بھی نہی رہو گی اریحہ دیکھ لینا۔۔"

اس کا دل کانپ گیا تھا

دانین بد دعادے کر کیا ثابت کر رہی ہو کے ہم تمہارے ساتھ غلط کر رہے ہیں جبکہ حقیقت سے تم بخوبی واقف ہو اپنی حالت کی وجہ سے سیرینڈر کر گئ میں اس دن تمہارا کیا جانا تھا نقصان تو میرا تھا نہ

Posted on Kitab Nagri

تم نے میرے شوہر کو جان سے مارنے کا منصوبہ بنایا دانین تم اندازہ لگا سکتی ہو اپنی غلطیوں کا لیکن تم ابھی بھی صرف دوسروں کو بلیم کر رہی ہو"

میں تمہیں کچھ نہی کہوں گی دانین نہ کوئی برالفظ کیونکہ تم خود اپنے ساتھ خاصہ برا کر چکی ہو میرا شوہر میرے پاس ہے خدا کی قسم اگر احان کو ایک خراش بھی تمہاری وجہ سے آتی تو تمہارے ہاتھ کاٹ ڈالتی لیکن اب تمہیں کچھ کہنے کا جواز ہی نہی ہے

باقی تمہارا معاملہ ازہان کے ساتھ ہے اب وہ ہی فیصلہ کرے گا اسے کیا کرنا ہے"

وہ پل کے لیے اس کی پتھرائی آنکھوں کو دیکھتے خاموش ہوئی تھی

جبکہ احان خاموش سا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے ایک آخری دفعہ ملنے دو بس اپنے شوہر سے کہہ دو۔۔"

وہ آنسو خود میں اتارتے بولی تھی

کبھی نہی ملنے دوں گا۔۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ کوئی جواب دیتی کے احان کا تیز لہجا اور چھبتی نظروں کا سامنا ہوا

ریحہ اس لمحے اس کا ہاتھ تھامتے اس کا چہرہ دیکھنے لگی تھی

پر وہ سختی سے نفی کرنے لگا تھا

اپنی بکس اور نوٹس وغیرہ آدھے گھنٹے تک کلیکٹ کرو میں لاونج میں ویٹ کروں گا۔۔"

زبیر کے گھر گاڑی روکتے وہ اسے ٹائم پہلے ہی باور کرا رہا تھا

ایک کان سے سنتے وہ دوسرے سے نکال چکی تھی

گاڑی سے نکلتے وہ اس سے پہلے اندر پہنچ گئی غازیان اس کی پشت دیکھتا رہ گیا

بابا کہاں ہیں۔" وہ لاونج میں پکارتے داخل ہوئی تھی جب وہ اپنے روم سے نکلتے مسکرا اٹھے

Posted on Kitab Nagri

ہالہ کیسی ہے میری جان۔۔ "

وہ ان کے سینے سے لگی آنسو پی رہی تھی غازیان باپ بیٹی کا ملاپ دیکھتے صوفے پر بیٹھ چکا تھا

غازیان بھی آیا ہے" وہ اس کے سر کو چومتے بولے

جی اگر آپ کی نظر بیٹی سے داماد پر پڑ جائے تو۔۔"

وہ تیز آواز میں بولا زبیر کی نظر لاونج میں بیٹھے شخص پر پڑتے مسکراہٹ میں بدلی

اس سے حال احوال پوچھنے کے بعد وہ ملازم سے چائے کا بولنے لگے تھے

چلو نور مجھے جانا ہے آفس۔۔"

چند لمحوں بعد وہ اس سے بولا جو اپنے باپ کے ساتھ مصروف اسے بلکل بھلائے تھی وہ کوفت میں مبتلا ہوا تھا

اب

Posted on Kitab Nagri

تو جائیں روکا ہے میں نے۔۔"وہ پھر سے باتوں میں مصروف ہو گئ تھی

نور چلو آئ ایم گیٹنگ لیٹ پھر آجائیں گے ہم۔۔"غازیان دانت پیس گیا تھا

مجھے بابا کے ساتھ رہنا ہے ابھی۔۔ "

وہ باور کراتے بولی تھی

غازیان شام میں واپس آجائے گی وہ رکنے دو اتنے دنوں بعد آئی ہے۔۔"

زبیر کو مداخلت کرنی پڑی تھی خود وہ اٹھتے روم میں چلی گئ

نئ انرولمینٹ کروائ ہے کالج میں"

اس کے جانے کے بعد وہ دوبارہ مخاطب ہوئے تھے

Posted on Kitab Nagri

نہی پرانی انرولمینٹ پر اس کی سیکنڈ ائیر سے ہی سٹارٹ لیا ہے

وہ خود کو پرسکون کرنے لگا تھا

وہ اسی لیے ہائیپر ہے فلحال تم سے شادی پر بھی یونہی ہارش رویہ اپنائے تھی اچانک کالج جوائینگ پر بھی ایسے ہی دے گی

تمہیں تحمل کا کس کس معاملے میں کہوں۔۔"

وہ شرمندہ سے ہوئے

میری زمیداری ہے آپ خود کو نہی تھکائیں۔۔"

وہ نرمی سے بولتے مطمعین کر گیا

شام تک خود تمہارے گھر ڈراپ کر دوں گا بیٹا۔۔"

آج چائے پینے سے انکار نہی کرنا۔۔"

وہ چائے سرو کرتے ملازم کو دیکھ اس سے بولے تھے وہ محض سر ہلا گیا

Posted on Kitab Nagri

اور اب اسے داماد والا پروٹوکول دے رہے تھے

گیارہ بجے کے قریب وہ گھر داخل ہوا اس لمحے بھی اسے نور پر شدید غصہ تھا جو اس کی بات نہ مانتے وہی رکی تھی

تم کہیں جا رہی ہو"

لاونج میں آئرہ کو بیگ پیک کرتے دیکھنے لگا

وہ وہی صوفے پر نیم دراز ہو گیا خالی روم میں جانے کا اس کا بلکل دل نہی کیا تھا

ہاں صبح واپسی ہے میری۔۔" وہ اس کو تھکا سا دیکھتے بولنے لگی

اتنی جلدی غازیان کف لنکس موڑتے اٹھ بیٹھا تھا اب

Posted on Kitab Nagri

جلدی نہی ہے یہ یہاں سے واپس جا کر مجھے آفس جوائن کرنا جو ڈیڈ سے میں نے پرامس کیا ہے"

بس کرو ماں باپ کی جان چھوڑ دو اب۔۔

اگلی زندگی کے بارے میں سوچو اب۔۔"

جیسے کے" آئرہ کے ماتھے پر بل آئے تھے

کہو تو میں تمہارے لیے لڑکا نہی انقل ڈھونڈ کر بچارے کی قسمت پھوڑوں"

نوازش ہے آپ کی لیکن انقل اگر تمہارے جیسا ہو تو منظور ہے مجھے"

وہ لب دبا گئ تھی

وہ غور کرنے لگا تھا

Posted on Kitab Nagri

میری زندگی میں ایک جھنجھٹ کافی ہے دوسرا نہی چاہیے "

اشارہ نور کی جانب تھا

لیکن میں نے تمہیں نہی تمہارے جیسا کہا ہے" وہ لفظ چباتے بولی

پوائینٹ۔۔"اس کی تصیح پر وہ بڑبڑایا تھا

نور کاری ایڈمیشن کروا کر اچھا کیا تم نے"

وہ کیچر میں جھکڑے بال رول کر کے رف جوڑے میں باندھتے سامنے صوفے پر بیٹھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کوفی بنا کے دے سکتی ہو۔۔"وہ فلحال اس پاگل لڑکی کو بلکل ڈسکس نہی کرنا چاہ رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

عجیب ہے ویسے میں تمہاری مہمان ہوں بجائے مجھے اپنے ہاتھوں سے بنا کر کھلانے کا شرف عطا کرنے کے مجھ سے کام کروا رہے ہو"

وہ اٹھتی کے پیچھے سے آتی آواز سے دونوں بیک وقت چونکے

آئرہ آپ رہنے دیں میں بناتی ہوں۔۔"

غازیان منہ کھولے اسے دیکھ رہا تھا جو الہ دین کے چراغ سے حاضر ہوتے اب جن کی طرح کیچن میں غائب تھی

ایسے منہ کیوں کھولے ہو" آئرہ نے ٹوکنا مناسب سمجھا

یہ کس کے ساتھ آئی۔۔"وہ کیچن کی ونڈو سے جھانکتی دھندلی سی شبیہ پر نظریں گاڑے بولا

ڈونٹ سے تم لوگوں کا پھر سے جھگڑا تھا اور تم ٹیپیکل مردوں کی طرح اسے اس کے باپ کے گھر چھوڑ آئے"

آئرہ نے مسکراہٹ کا گلا گھونٹا جبکہ غازیان کو اس کے باپ کی بات یاد آنے لگی وہ شام میں اسے چھوڑ جائیں گے دل پر سکون سا ہونے لگا تھا مگر فلحال نور کا دماغ ٹھکانے لگانا تھا

Posted on Kitab Nagri

مما سے ملے تھے نور کے بابا۔۔" وہ یاد آنے پر پوچھنے لگا

ہم ملی تھیں مانی مگر وہ زیادہ دیر رکے نہی۔۔" وہ اس کو بتانے لگی جب وہ کوفی کے کپ ٹرے میں رکھے سامنے تھی

سیاہ شورٹ شرٹ اور کیپری پر وہ آتشی دوپٹہ اوڑھے تھی

غازیان نے پہلو بدلا

تھینکیو نور۔۔"

وہ آئرہ کو کوفی دینے کے بعد اس کی جانب متوجہ ہوئ تھی

مجھے نیند آرہی ہے کوفی کا ارادہ ترک کر دیا۔۔"

وہ تنفر سے اٹھتے روم میں چلا گیا

وہ لب بھینچے اس کا ناراض ہونا دیکھتی رہی آئرہ کے سامنے اسے سبکی سی محسوس ہوئ تھی

Posted on Kitab Nagri

لگتا ہے موسم آج ابر آلود ہے "

وہ کپ لیتے زو معنی جملہ ادا کیے کمرے میں گم ہو گئ جبکہ نور مسکرا بھی نہی سکی تھی

وہ شام میں اپنے باپ کے ساتھ واپس تو آ گئ تھی پھر غصہ کرنے کا جواز کپ لیے وہ روم میں جانے لگی بجر حال فیس تو اسے کرنا ہی تھا

روم میں داخل ہوئ وہ واشروم میں تھا

آدھے گھنٹے سے وہ شاور لے رہا تھا یا کیا کر رہا تھا ٹرے سمیت کپ سائیڈ ٹیبل پر اب پٹخا تھا

اسی لمحے وہ واشروم سے بھیگے وجود سے باہر نکلتے اسے نظر انداز کیے وارڈروب سے ٹی شرٹ لینے لگا

بال سنوارتے وہ گلاس وال پر پردے برابر کرتے اے سی اون کر گیا

میری انسلٹ کی آپ نے۔۔ "

وہ اس کو بستر پر دراز ہوتے دیکھ بولی

Posted on Kitab Nagri

غازیان ابرو اچکائے فون پر آتی اپنے محکمے کی کال پر بزی رہا

آپ سائیبر کرائم میں رپورٹ کریں

باقی اس کے باپ کو حراست میں لیا ہوا ہے ڈونٹ وری وہ خود سامنے آجائے گا"

لیکن اس کے لیے آپ کو سائیبر کرائم میں رپورٹ درج کرانی پڑے گی تاکہ اس کے خلاف باقاعدہ رپورٹ ہو

آوزیں مدھم ہو گئی وہ روم سے باہر چلا گیا تھا

وہ غصہ ضبط کرتے اپنے نوٹس اور میڈیکل کی موٹی بکس بیڈ پر پھیلا گئی تاکہ اسے یقین آجائے

روم میں واپس آتے داد دینے والی نظروں سے دیکھتے وہ اس کا فون چارجنگ سے اتارے اپنا سیل فون لگانے لگا

وہ خاموشی سے اس کی کاروائیاں دیکھنے لگی

آپ کوفی لینا چاہتے تھے لیکن مجھ سے نہی لی جانتے ہیں آئرہ کے سامنے کتنی سبکی محسوس ہوئی مجھے "

وہ دکھتے دل میں آئی بات دہرا گئی تھی

Posted on Kitab Nagri

رئیلی جو تم نے دن میں کیا تھا مجھے اگنور کر کے" وہ چباتے بولا

اس بات پر ناراض ہیں میں اگر اس ٹائم وہاں نہ رکتی تو کچھ غلط بول دیتی اسی لیے ہم میں سپیس دیے لیا تھا میں نے۔۔"

وہ صفائی دینے لگی تھی

لیکن تم نے میری اہمیت بتادی تھی وہاں سے نہ آکر۔۔"

وہ مر رسے اسے دیکھنے لگا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

غاز آپ کی اہمیت اور بابا کی اہمیت میں بہت فرق ہے۔۔"

یہ سب جلدی تھا میری پوزیشن سمجھیں پلیز اس کالج کو دیکھتے کیا میرا یہ ریایکشین نہی بنتا تھا ایک لڑکی جسے دن دہاڑے وہاں سے اٹھوایا گیا ہو وہاں پر دوبارہ یوں اچانک۔۔"

غاز آئی کانٹ آپ سمجھ کیوں نہی رہے مجھے

وہ پھر سے اس ازیت کو محسوس کرنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

"ہالہ۔۔"

وہ نرم پڑتے اس کی جانب قدم بڑھا گیا تھا

یہ سچ ہے میں یہ کڑوا باب تمہاری زندگی سے نہی نکال سکتا لیکن پرانی یادوں کا عکس دھندلایا جا سکتا ہے "

"وش میرے پاس ایک گیجیٹ ہوتا

بٹن دباتے جس سے سب کچھ بلایا جا سکتا ہے۔۔"

وہ اس کے کندھے پر خودی سر ٹکا گئی تھی

مجھے اپنا گیجیٹ سمجھ لو جس کے نزدیک آ کر تم سب کچھ بھول جایا کرو "

وہ اس کی کمر کے گرد حصار قائم کیے مسکراتے بولا

Posted on Kitab Nagri

مماکو روکنے کے لیے ان کا اور آپ کے بابا کا پیچ اپ کروادیں

وہ سیدھی ہوتے بولی تھی غازیان کے ماتھے پر تیوری چڑھی

یہ ممکن نہی ہے نور۔۔ "

کیوں ممکن نہی آپ ان کے بیٹے ہیں کوشش تو کریں؟ وہ زور دیتے بولی

موم اور ڈیڈ کی ڈیئوارس ہوئی ہے"

کیا؟؟؟؟ وہ انکشاف پر ساکت ہوتے اس سے پرے ہوئی تھی

آنٹی خدا کے لیے اپنی طرح میرا گھر خراب نہی کریں۔۔ "اسے خود کے لفظوں سے زرا شرمندگی ہونے لگی

لیکن کیوں ہوئی تھی۔۔"وہ اس کے بگڑتے تاثرات سوچتے بھی پوچھ بیٹھی تھی

Posted on Kitab Nagri

دونوں کو لگا ہم ساتھ کمفرٹیبل نہی ہیں تو لے لی ہو گی" وہ بے تاثر لہجے میں بولا

تم سیریس ہو۔۔"اس کے اتنے آرام سے جواب دینے پر اس کا حیران ہونا بنتا تھا

کیا اب ہماری بات ہو سکتی ہے۔۔"وہ اب سختی سے بولا تھا

کل کو تم میرے ساتھ کمفرٹیبل نہی ہو گے تو مجھے کیا طلاق دے دو گے"

وہ صدمے میں ہی تو گئ تھی

یو آر ایمپوسیبل۔۔"وہ بستر پر گرتے تکیہ چہرے پر رکھ گیا تھا

کہاں جا رہی ہو۔"

دبے قدموں کی چاپ سے وہ اچھنبے سے اسے بستر سے نکلتا دیکھنے لگا

Posted on Kitab Nagri

آ رہی ہوں۔۔ "

وہ پلٹتے بولی

لائیٹ اوف کر جانا

سوئچ اوف کرتے وہ دروازے کے پار غائب ہو گئ تھی غازیان سر جھٹکتے سائیڈ لیمپ اون کر گیا

وہ دبے قدموں سے لاونج کا اندھیرا چیرتے کیچن سے دودھ کا گلاس بھرتے ملیحہ جس روم میں ٹھہری تھی وہاں بڑھی

تم اس وقت۔۔ "

آئرہ کراون سے ٹیک لگائے دروزا کھلنے سے کوئ بک لے کر بیٹھی سیدھی ہو گئ

دو منٹ میری ساس کے ساتھ مل سکتے ہیں تنہائ میں۔۔ "

وہ ان کے کروٹ لیے وجود کو ہلتے دیکھ اونچا بولتے انہیں سنا گئ

Posted on Kitab Nagri

محبتیں خاصی پروان چڑھ گئ ہیں "

وہ قریب سے گزرتے اس کی گردن میں دکھتے جی کے الفابیٹ پینڈٹ پر نظر ڈالتے اسے سر تاپاوں سرخ کر گئ تھی اس کے جاتے گہرا سانس کھینچتے وہ شرٹ کے گلے میں کر گئ

خاصا فلمی گفٹ ہے کچھ اور نہی ملا تھا" وہ بڑبڑا کے بیڈ کے جانب بڑھی

میں جانتی ہوں آپ جاگ رہی ہیں۔۔"

یہ میں آپ کے لیے لائ ہوں۔۔"وہ گلاس لیے ان کے سر پر سوار تھی

آپ صبح نہی جا رہی ہیں آپ کو یہی رہنا ہو گا آپ کی فیملی اب ہم ہیں۔۔"

وہ سید ھامد ے پر آئ فارمیلٹی پورا کرتا گلاس پرے رکھتے بیڈ پر چڑھی آخر فرض تو پورا کرنا تھا نہ

اچھا لیکن میں تمہیں اپنی فیملی نہی مانتی۔۔"وہ شیٹ کو مٹھی میں لیے ضبط کیے رہ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

نہ ماننے سے سچ ہرگز نہی بدلے گا "

میں آپ کے بیٹے سے گہرا تعلق رکھتی ہوں۔۔"

ملیحہ لب بھینچ گئ تھی جواب ہی نہی بن پڑا

آپ کی اور حمدان انکل کی ڈیئوارس کیوں س ہوئ جوانی میں آپ قدرے خوبصورت رہ چکی ہوں گی مجھے یقین ہے پھر بھی۔۔"

وہ ان کے سراپے پر نظریں ڈالتے بولی

آدھی رات میری زات پر تبصرے کرنے آئ ہو۔۔"

وہ اپنا پارا ہائ ہوتا محسوس کرنے لگی تھیں

وجہ جاننے آئ ہوں کیوں ڈیئوارس دی تا کہ میں آپ کے بیٹے سے فیوچر میں احتیاط برتوں آخر ہے تو وہ بھی حمدان انکل کا بیٹا نہ "

Posted on Kitab Nagri

وہ مزے سے بولی وہ اس کے اعتماد پر عش عش کر اٹھیں جبکہ یہ اعتماد تو اس کی وجود کا حصہ بنتے ہی اس میں خود بخود آ گیا تھا جو پہلے خوف تھا وہ زائل سا ہو گیا تھا جیسے وہ اس سے اب دور نہی کر سکتی

اس کے باپ نے کیا کہانی سنائ اپنی بہو رانی کو۔۔"وہ تمسخر اڑاتے لہجے میں بولیں

آنٹی وہ اچھے ہیں کچھ نہی بتایا انہوں نے مجھے "اب وہ صدمے میں ہوئ تھی

مرد اچھے ہی ہوتے ہیں بری تو عورت ہی ہے "

وہ تلخ ہو گئیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مے بی آپ بھی غلط ہوں۔۔"وہ بیڈ سے اترتی کے ان کی شروع ہوئ بات سے دوبارہ بیٹھ گئ

فیملی کی پرائیورٹی میں میں بھی تھی لیکن اس شخص نے صرف اپنی چلائ وہ اسلام آباد نہی رہنا چاہتا تھا اگر اس کی فیملی ایمپورٹنٹ تھی

Posted on Kitab Nagri

جن لمحات میں غازیان اس دنیا میں آیا تھا وہ وقت صرف میں جانتی ہوں جب مجھے اس شخص کی شدید ضرورت تھی لیکن اسے تو اپنے فیوچر پلینز کرنے تھے نہ یہاں لاہور میں سیٹل ہونا تھا اس کی جوب اس کے لیے مجھ سے زیادہ اہم تھی

وہ تلخی سے ماضی کے دریچے کھولنے لگی تھیں

تو آپ نے بھی تو غازیان کو ان سے دور کر دیا"

کبھی ملنے نہی دیا زیادتی آپ نے بھی کی

وہ ان کی غلطی بتانے لگی

وہ میرا بیٹا تھا جسے تم اس کے باپ کے ساتھ ملکر مجھ سے بدگمان کر رہی ہو۔۔'وہ ابھی بھی اپنی بات پر اٹکی تھیں

آپ ایک چیز کیوں نہی سمجھتی ماں اور بیوی کا درجہ الگ ہے میں کیوں دور کروں گی آپ سے"

وہ خود کو نارمل کرنے لگی

Posted on Kitab Nagri

جب خود ماں بنو گی نہ میری ہر تکلیف کا اندازہ ہو گا کیسے تمہیں اپنا کر اس نے مجھے اپنے ہی خاندان میں تمہارا تزکرہ کرنے سے پہلے کتنا جھوٹ بولنے پر مجبور کیا ہے"

وہ اپنی طرف اس کا حال دل جانے بغیر حقیقت پسند بن رہی تھیں

کیا آپ کو میں کبھی پسند نہی آوں گی"وہ اندر کچھ ٹوٹتا محسوس کر رہی تھی

نہی۔۔"

اسی لیے میں چاہتی ہوں تم اور میں ایک دوسرے کی نظروں سے دور ہی رہیں میں جہاں رہ رہی ہوں خوش ہوں کم از کم اپنی پسند کی بہو نہ لانے پر

چاہ کے بھی لہجے کی کڑواہٹ نہی کم کر پا رہی تھیں

وہ گرتے پڑتے بستر سے اٹھی تھی مزید ہمت نہی تھی وہ توڑ جو دیتی تھیں

دروازہ بند کرتے روم کے ملگجھے اندھیرے میں وہ بیڈ پر اس کی کروٹ لی سائیڈ کے نزدیک پہنچتے اس کی بیڈ پر دراز بازو کے حصار میں سما گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

دبی دبی سسکیوں سے وہ کچی نیند میں جاتا بامشکل اپنی آنکھیں کھولتے اپنی گردن گیلی محسوس کیے ہڑبڑانے لگا

نور۔۔"

اس کی نرم نیند سی بھری اپنے نام کی پکار پر وہ مزید تیزی سے رونے لگی تھی

ہالہ تم میرے قریب ہو" اس کے بالوں میں لب رکھتے پوچھنے لگا

اس کی گردن میں چہرا چھپائے وہ رندھی آواز میں بولنے لگی تھی

۔م۔۔میں تمہاری مم۔۔ مما کے پاس نہی جاوں گی ہرگز نہی جاوں گی۔۔"

وہ گہرا سانس کھینچتے اس کو اندھیرے میں پھر سے روتے محسوس کرنے لگا

رحم کھالو ان آنکھوں پر۔۔ "

اس کی کمر کے گرد حصار باندھے اس کی نم آنکھوں پر لب رکھ گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

م۔۔میں نہی جاوں گی وہ مجھے کبھی نہی اپنانا چاہتیں۔۔ "

وہ اس کی گردن سے چہرا نکالے سرخ آنکھوں سے ازیت میں مبتلا کرنے لگی تھی

میں تم سے ان سے زیادہ گہرا تعلق ہونے کے باوجود تمہیں کیوں نہی بری لگتی

وہ اس کا چہرا دیکھتے لفظ سمجھنے لگا تھا

پر میرا وجود ان کے نزدیک سوائے گند۔۔ "

اس کے لزرتے لبوں کو نرمی سے چھو گیا کے گہری خاموشی میں اب آہستہ آہستہ اس کی سکون آور قربت میں لفظ ختم ہوتے محسوس کرنے لگی تھی

آپ نے رات میں اسے بہت ہرٹ کیا ہے"

Posted on Kitab Nagri

وہ لاونج میں نماز کے بعد تسبعی کر رہی تھیں جب وہ صبح کے نیم اندھیرے میں جوگنگ کے بعد ان کے نزدیک ٹریک سوٹ میں بیٹھا ان سے استفار کرنے لگا

جارہی ہوں میں آج۔۔"

ملیحہ نے اس کی وجہہ پیشانی پر بل دیکھتے کہا

بات جانے کی نہی ہے بہو ہے وہ آپ کی میں ہر بار اسے سمجھاتا ہوں مما لیکن اس بار نہی آپ ہر بار اس کی ہمت آپ سے نزدیکی کی خود توڑتی ہیں

مجھے گھن چکر نہی بنائیں دونوں میں۔۔"

وہ اپنی تیز ہوتی آواز نیچی ہی رکھ رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شاباش بہت اچھے غازیان۔۔"وہ طنزیہ بولیں تھیں

Posted on Kitab Nagri

آپ کو کیا لگتا ہے اس کے پیچھے کوئی نہی ہے لاوارث خاندان سے ہے وہ آپ کی اطلاع کے لیے کوئی جاہل ان پڑھ نہی ویل ایجوکیٹیڈ باپ ہے اس کا

اس کی غلطی نہی تھی میں نے اپنایا ہے اسے لہذا اسے بار بار اس کی زات کا عیب نہی دکھائیں یاد رکھیں یہ آپ اسے نہی اپنے بیٹے کو ڈی گریڈ کرتی ہیں"

ان کے گھٹنوں کے قریب جاتے وہ تسبعی والا ہاتھ تھامتے لبوں سے لگاتے آنکھوں کو لگا گیا تھا

وہ لاونج میں پڑی چیزوں کو دیکھنے لگی

غازیان بغور اگنور کرنا دیکھ رہا تھا

کل کو میری اولاد سے بھی ایسی نفرت محسوس کیجیے گا۔۔"

ملیحہ کا چہرا ضبط سے سرخ پڑا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ فائل پر جھکتے پوائینٹ ہائی لائیٹ کرتے کریڈل اٹھا گیا تھا

میرے آفس میں آئیں

جی سر سیکٹری نوک کیے اندر آئی اس بدلے شوخ شخص کو دیکھنے لگی جو سنجیدہ سا تھا

زندگی کے سانحوں نے چند مہینوں میں اسے بدل کر رکھ دیا تھا

آج کی میٹنگ کا سکیجول۔۔"وہ فائیل پر جھکے پوچھنے لگا

آج کا نہی سر لیکن پرسوں آپ کی ہوٹل مینجمینٹ کی ٹیم سے میٹنگ ہے"

وہ فون سے سیکجویل دیکھتے بولی تھی

بابا سے بات ہوئی تھی اس بارے میں۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ کرسی کی پشت سے ٹیک لگاتے بولا

نہی سر سکندر سر پرسوں اونر سے ملے تھے

لیکن کوئ فائینل بات نہی ہوئ تھی

اوکے میں خود بات کرتا ہوں۔۔"

ابھی وہ آفس میں ہیں۔۔" وہ واچ پر ٹائم دیکھتے اٹھا سر میں شدید درد کی لہریں اٹھ رہی تھیں

اس حادثے کے بعد اس کے سر میں درد سا رہتا تھا

وہ نوک کرتے ان کے آفس میں داخل ہوا

سکندر اور وہاج نے ایک نظر اس پر ڈالی اس کو دیکھتے دونوں مسکرائے تھے

جو اپنے کام میں سنجیدہ سا ہو گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

یہ ڈیل آپ کرنا چاہتے ہیں آپ اس ہوٹل کے اونر سے"

ہمم۔۔"

اونر سے میری ملاقات ہو گئی ہے وہ بیچنا چاہتا ہے دو پارٹنرز اور ہیں ایک سیکسٹی پرسنٹ خرید چکا ہے جبکہ دوسرے ٹوئینٹی پرسنٹ انوئیسٹ کرنا چاہتا ہے جبکہ میں چاہتا ہوں وہ باقی کا فورٹی پرسنٹ سارا ہمیں مل جائے"

تمہیں کوئی اعتراض۔۔

سکندر نے اس کے سنجیدہ چہرے کی جانب فائل پر جھکے ہی اسے اپنے سامنے بیٹھے دیکھا

ٹھیک ہے پھر ٹریول ایجینسی سے میری بات ہو گئی ہے تمہاری آج شام کی فلائیٹ ہے"

وہ اسے انفارم کرنے لگے

یہ تمہارا پہلا ایکسپیرینس ہے ہوپ سو یو ول یوز یور ٹیکنکس ان پروفیشنل لائف۔۔"

وہ سنجیدہ سا ٹرانسپیرینٹ گلاسس آنکھوں پر لگائے گلاس ڈور دھکیلے باہر نکل گیا

Posted on Kitab Nagri

گزشتہ سات ماہ اس کی نظروں کے سامنے تھے جس نے اسے بدل کر رکھ دیا تھا

بڑی مما یہ بہت پیارے ہیں۔۔"

وہ پر مسرت لہجے میں بولتے چھوٹے چھوٹے کپڑے ہاتھ سے چھوتے اپنے لب رکھتے بولنے لگی

تمہیں اچھے لگے۔۔"

وہ اس کے بھاری وجود کو دیکھتے بولیں جس کی ڈیلیوری کے آخری دن تھے

یہ سب احان اور ازہان کے بچپن کے کپڑے ہیں میں نے سارے سنبھال کر رکھے تھے میں چاہتی ہوں اب یہ ان کی اولاد پہنے۔۔"

وہ اپنی حسرت ان کپڑوں کو دیکھتے بیان کر رہی تھیں

اور آپ کی خواہش میری خواہش۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ ہاتھ تھامتے مسکراتے سر ہلا گئ تھی

حالانکہ احان نے اور اس نے ڈھیروں شاپنگ کی تھی لیکن یہ سانیہ کی خواہش تھی وہ کیسے ٹال سکتی تھی

سانیہ نے اس لمحے اس گھر میں آنے والی خوشیوں کی دائمی دعا مانگی جو لمبے عرصے کے بعد ان کے گھر میں دستک دے رہی تھیں

میں یہ سارے کپڑے وارڈروب میں سیٹ کرتی ہوں۔۔"

وہ ڈھیر سارے چھوٹے اپنے بستر پر تہ شدہ کپڑے دیکھتے چہکی

آرام سے اریحہ میری جان سنبھل کے۔۔"

وہ خوشی میں تیزی سے بیڈ اترتی کے سانیہ ٹوک گئیں تھیں

سوری بڑی مما۔۔"

وہ لب دانتوں تلے دبا گئ وہ ایسی بے وقوفی کر جاتی تھی احان یہاں ہوتا تو اس کی کلاس پکی تھی

Posted on Kitab Nagri

آپ پریشان ہیں۔۔"

میں اب آرام سے قدم رکھوں گی

مگر جواب نہ دینے پر وہ سمجھ گئی وہ کس کو سوچ رہی ہیں

وہ ان کا ہاتھ تھامتے قریب ان کو خاموش دیکھتے بیڈ سے نیچے ٹانگیں لٹکائے بیٹھ گئی تھی

ازہان کے بارے میں سوچ رہی ہیں۔۔"

وہ نم آنکھیں جھکا گئی تھیں

اریحہ انہیں ساتھ لگا گئی تھی

اریحہ اس لڑکی نے میرے بیٹے کی زندگی تباہ کر دی۔۔"

سات ماہ گزر گئے پھر بھی اس کا اثر ہماری زندگی میں ہے

میرے بیٹے کی جان لینا چاہی اس نے"

Posted on Kitab Nagri

اریحہ فلحال چپ رہی تھی

"میں بھی کیا باتیں لے کر بیٹھ گئ ہوں تمہیں پریشان کر رہی ہوں۔۔"

وہ نفی کر گئ تھی

"مائیں بیٹیوں سے دل کی بات کرتے انہیں پریشان نہی کرتی۔۔"

"سب سہی ہو جائے گا۔۔"

"بس آپ زیادہ ٹینشن نہی لیا کریں۔۔"

"کیونکہ آپ پریشان ہوتی ہیں تو گھر سارا پریشان ہوتا ہے۔۔"

وہ نرم لہجے میں سمجھاتے بعد میں بات کرنے کا فیصلہ چھوڑ چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ چائے کا کپ تھامے اس کے روم میں آئیں جہاں وہ لیپ ٹوپ پر بزی تھا

یہ کیوں یوز کر رہے ہو" وہ سختی سے بولیں تھیں

مما پروجیکٹ ہے میرا پہلے ہی سمیسٹر فریز تھا مزید ضائع نہی کرنا چاہتا میں۔۔"

وہ چائے کا کپ ان کے ہاتھ سے تھام گیا تھا

ابھی ڈاکٹر نے تمہیں منع کیا ہے نہ زیادہ لیپ ٹوپ اور فون یوز کرنے سے "

وہ اس کا چہرا چھوتے محبت سے بولیں تھیں

پریشان نہی ہوا کریں۔۔"

میں ٹھیک ہوں اب" وہ نظریں ان کی جانب اٹھاتے نرمی سے بولا

Posted on Kitab Nagri

خود کو کیوں سزا دیتے ہو "اس کا تھکا چہرا دیکھتے بولیں جو خود کو یونیورسٹی کے بعد کام میں اسقدر مصروف رکھتا کے انہیں اس پر غصہ آنے لگتا تھا

احان تمہاری وجہ سے چپ ہے تمہارے ٹھیک ہونے تک یہ معاملہ تھا مزید نہی۔۔"

وہ ان گزشتہ ماہ کی ازیت سوچتے کرب ناک ماحول سوچ رہی تھیں جہاں ان کا بیٹا پورے تین ماہ بستر پر لگا رہا

اور اللہ کی قائم کردہ حدود کو تجاوز کرنے والا شخص زندگی میں کبھی سکون میں نہی رہتا خواہ وہ زندگی کے کوئی بھی معاملات ہوں

کیا کر رہے ہو۔۔"اب اسے کبرڈ میں منہ دیے کپڑوں سے الجھتے دیکھ وہ اس کے قریب آئیں۔۔"

جبکہ وہ ہنوز ہینگ تین چار شرٹس بیڈ پر پھینکنے میں مصروف تھا

اف خدا تمہارے بابا باز نہی آئے تمہیں بھیج رہے ہیں"

میں نے کہا بھی تھا احان کو بھیج دیں۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ کچھ سمجھتے بولیں

بھائی کیسے جاسکتے ہیں ان کا سٹرڈے اور سنڈے اوف ہوتا ہے بس اور ویسے بھی ابھی ری کو بھائی کی ضرورت ہے ابھی"

وہ بیگ میں کپڑے ٹھونسنے لگا

ازہان میری جان تمہاری طبعیت نہی ٹھیک ابھی میں تمہیں سفر نہی کرنے دوں گی"

پتہ نہی تمہارے باپ کو ہوٹل خریدنے کا کیا جنون چڑا ہے اس عمر میں بندہ سکون سے نماز روزہ کرے"

وہ کڑھتے بولیں

اف مجھے پتہ ہوتا اس حادثے کے بعد بابا سے بھی زیادہ مجھ سے مسز سکندر کی محبت بڑھ جائے گی تو کب سے یہ نیک کام کرلیتا۔۔"

وہ شرارت آمیز لہجے میں بولا

Posted on Kitab Nagri

فضول نہی بولا کرو۔۔ "

تم اندازہ نہی لگا سکتے ماں کی محبت کا کبھی بھی۔۔

میں تو اسے بھی اپنا گئ تھی لیکن اس نے کوئ کثر نہی چھوڑی جانے اسے کیا تکلیف تھی۔۔"

وہ لب بھینچ گیا تھا

میں نہی تمہیں جانے دے رہی بس اپنی نظروں سے دور۔۔"

وہ رندھی آواز میں بولی تھیں

مما یار۔۔"وہ انہیں اپنے ساتھ لگا گیا تھا

مجھے فریش ماحول لینا ہے ویسے بھی ایم بی اے کے بعد ایکسپیرینس گین کرنے کو انٹرن شپ لازم ہوتی ہے تو کیا ہوا مسز سکندر کا شوہر کروا رہا ہے تو"

وہ ان کا موڈ بحال کرنے کو بولا تھا

نوٹ فئیر

میرے حصے کا بھی سارا پیار اس کمینے کو کر رہی ہیں۔۔"

Posted on Kitab Nagri

پیچھے سے قائم شدہ حصار پر وہ دونوں مڑے تھے جہاں وہ سیاہ شکن زدہ شرٹ میں خفگی سے دونوں کی جانب دیکھ رہا تھا

اب آپ تھوڑی جلن فیل کریں تا کہ آپ کو اندازہ ہو بچپن سے میرے دکھوں کا۔۔"

وہ احان کو دیکھتے ماں کے ساتھ مزید لگتے جتاتے بولا تھا جو آفس سے آنے کے بعد ماں سے ملنے کو ڈھونڈتے یہاں ہی سیدھا ازہان کے روم میں آ گیا تھا

میں تم دونوں سے برابر کی محبت کرتی ہوں یاد رکھو اس بات کو۔۔"

ہر ایک کی اہمیت اپنی جگہ۔۔"

وہ دونوں کو دیکھتے نظر اتار گئیں تھیں

وہ روم میں داخل ہوا وہ نیند میں تھی

کھانے کی ٹرے لیے وہ اس کی طرف بڑھا

Posted on Kitab Nagri

اس کو آئے دو گھنٹے ہو گئے تھے لیکن اس کی نیند اف

احان نے اسے اٹھانا مناسب نہی سمجھا تھا وہ آدھی سے زیادہ رات کروٹ پر کروٹ لے کر گزارتی اس کی تکلیف اسے خود میں محسوس ہوتی

ریحہ۔۔"

ٹرے سائیڈ پر کیے وہ اس کے لمبے الجھے بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیرنے لگا

یہ اس کے لمس کی پہچان تھی کے وہ آنکھیں وا کرتے اس کو دیکھتے مسکرا گئ

دو گھنٹوں سے واپس آیا ہوں اور تم سو رہی ہو اتنی نیند کہاں سے آتی ہے یار"

وہ اسے سہارا دیتے اٹھاتے بولا

پتہ نہی چلتا میں اتنا کیسے سو جاتی ہوں۔ "

آپ اٹھا دیتے مجھے"

وہ اس کے بال خود سمیٹنے لگا تھا وہ مسکرا اٹھی

Posted on Kitab Nagri

نہی تم رات میں سہی سے سو نہی پاتی ہو۔۔"اب اس کے آگے ہتھیلی پھیلائ تھی

آپ کو پتہ چل جاتا ہے"

وہ ہاتھ تھامتے حیرت سے پوچھنے لگی

کیونکہ جب تم بار بار کروٹ لیتی ہو تو میں بھی جاگ جاتا ہوں۔۔"

اس کو باتھ روم تک لے جاتے وہ چھوڑ چکا تھا اور اس کا ویٹ کرنے لگا

وہ گیلے چہرے سے چند لمحوں بعد باہر آئ

جب وہ باہر اس کا ویٹ کر رہا تھا وہ مسکرائے بنا نہی رہ سکی وہ اس کی ہر چھوٹی سی چیز میں بھی کیئر کرتا تھا

Posted on Kitab Nagri

میری گڈ بکس میں شامل ہو گئے آپ۔۔" وہ کھکھلاتے بولی

نوازش۔۔"

احان اس کی بات پر گھور کے رہ گیا

مرد اچھے بھی ہوتے ہیں پھر عورت کیسے انہیں ازیت دے سکتی ہے۔"

وہ اس کو دیکھتے پوچھنے لگی تھی

ہزاروں کیس ایسے بھی ہوتے ہیں ہر جگہ مرد برا نہی ہوتا

وہ نوالہ بناتے اس کے ہونٹوں کے قریب لے گیا

لیکن مجھے وہ مرد بھی جاہل لگتے ہیں جو عورت کو آرام سے کہہ دیتے ہیں تم گھر رہ کر آخر کیا کرتی ہو فارغ ہی ہوتی ہو

ایسا کیوں ایک سیکنڈ میں وہ اس کی زات کو بے مول کر دیتا ہے

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کا ہاتھ تھامتے پوچھنے لگی

اب ہر ایک کا ظرف مجھ جیسا تھوڑی ہے جو اپنی فارغ اور سوتی ہوئی بیوی کے نخرے برداشت کرتے اسے کھانا بھی اپنے ہاتھ سے کھلائے"

وہ اس کے آگے نوالہ کرتے سنجیدہ سا بولا

کیونکہ ہر ایک کی قسمت بھی آپ کے جیسی نہی جسے اریحہ ملے"

وہ نوالہ لیتے اس کی انگلی پر باقاعدہ کاٹتے یاد دلا چکی تھی

جانتا ہوں ایک عدد نمونی میری زندگی میں ہے پھر یاد دلانا ضروری ہے۔۔ "

وہ دانت کے واضع نشان اپنی انگلی پر گڑھے دیکھ ہاتھ پیچھے کرتے بولا

اوبے بی کے بابا تو غصہ ہو گئے۔۔"

وہ اس کی گال کھینچتے مونچوں تلے گلابی لب اور چہرا دیکھے گئ

Posted on Kitab Nagri

وہ اکثر مبہوت زدہ سی ہو جاتی تھی

اس کے ساتھ کوئی مزاق نہی ہے"

وہ اپنی گال رگڑتے تیکھے لہجے میں ہوش دلاتے بولا

ہاہاہا یہ کیوٹ ہیں۔۔"

وہ اس کی بھوری شیو زدہ گال اب مسکراہٹ دبائے دیکھنے لگی

آئی وانٹ۔۔ "

وہ اس کے قریب جاتے گال کے قریب ہونٹ لے جاتے رکی اجان لب دبائے تھا

آئی وانٹ ٹو ڈو دس اگین۔۔"

اب وہ ہنستے زیادہ زور سے کھینچتے اس کی گال سرخ کر چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

" اریحہ۔۔۔

وہ شدید کوفت زدہ سا پیچھے ہوا

" شوہر ہوں تمہارا کبھی اپنی مما یا میری مما کو ایسی بدتمیزیاں اپنے شوہروں کے ساتھ کرتے دیکھا ہے۔۔

وہ چڑھتے تپ گیا تھا اس کی یہ حرکت اسے شدید ناگوار گزرتی تھی جبکہ وہ اسے مزید چڑاتی تھی کہیں بھی کبھی بھی

" ہاں تو مجھے بھی اریحہ کی جان پر پیار آرہا ہے اب ان کو میرے جیسے پیار تھوڑی آتا ہے۔۔

" میں تمہاری حالت کا لحاظ کر رہا ہوں یہ بال کھینچنا اور ایسی حرکتیں انو کھا ہی تمہارا پیار۔۔

وہ اسے قریب بڑھتے دیکھ وارن کرنے لگا

" آہ میرا پنک چیکس والا بے بی۔۔

وہ قریب ہوتے پھر مزید زور سے کھینچ چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

ابھی بتاتا ہوں۔۔"

اس کے دونوں ہاتھ تھامتے اپنی نرم گرفت میں لیتا کے بری طرح چلائی تھی

آہ احان پین۔۔" وہ چہرے کے زاویے موڑنے لگی

ریحہ۔۔" وہ اس کی گرفت میں بری طرح پیٹ پر ہاتھ رکھے مچلنے لگی

آئی ایم سوری میری غلطی۔۔۔"

اس کے ساتھ چیک اپ کے سیشنز کی ڈاکٹر کی پریکوشنز اس کے زہن میں آنے لگی

نوحان میں درد سے مر جاوں گی۔۔ "

وہ ایک آنکھ کھولے اس کے تاثرات سے مزے لینے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

تم گہرے سانس لو کچھ نہی ہو گا۔۔

مما کہاں ہیں آپ

شٹ میں گاڑی نکالتا ہوں۔۔

وہ بوکھلاتے اٹھتا مزید ہائپر ہوتا کے وہ بازو تھام گئ تھی

ہاہاہا او مائے گوڈ

وہ دانت نکالنے لگی تھی

بدھو بنایا بڑا مزا آیا۔۔"

وہ خونخوار نظروں سے اسکا بھاری سراپہ دیکھنے لگا

احان آپ کو ایک مزے کی بات بتاوں۔۔"

Posted on Kitab Nagri

مجھے نہی سننی یاد رکھنا اگلی دفعہ اصل میں بھی درد سے تڑپی نہ تو میں نہی آنے والا۔۔"

وہ ٹرے سائیڈ پر کرنے لگا

غلط میں ہزار بار بھی ایسا کروں گی تو بھی احان سارے کام چھوڑتے میرے پاس آجائے گا۔۔"

وہ تفاخر سے بولی

ہنہہ خام خیالی۔۔"وہ مسکراہٹ دبائے بولا

نہی یقین محبت۔۔"وہ اس کے لہجے کی مضبوطی سمیت اپنے ہاتھ پر مضبوطی سے پلٹا وہ مسکراتے چہرے سے اس کو دیکھ رہی تھی

اچھا اب ایک مزے کی بات تو سنیں۔۔ "

بیٹھیں تو سہی وہ اس کا موڑا کف کھینچتے کہنی سے کلائی تک لاتے اٹھ بیٹھی

Posted on Kitab Nagri

مجھے تمہاری کوئی فضول بات نہی سننی۔۔ "

صبح کا کیس ریڈ کرنا ہے مجھے "

وہ ہاتھ چھڑاتے دور ہو گیا تھا پیچھے وہ کئی لمحے زندگی سے بھرپور مسکراہٹ لیے کھکھلاتی رہی

بندہ ایک میسج کر سکتا ہے

میں سو جاوں پھر

میں ڈنر پرویٹ نہی کر رہی خود ہی اکیلے کرنا

مجھے بلکل بھی نیند میں ڈسٹرب نہی کرنا

پہلے سارا دن کالج میں میڈیکل کی ٹف کلاسسز میں سر کھپاو پھر ایک المینیز ڈ شوہر کا ویٹ کرو۔۔"

وہ سارے دو گھنٹے پہلے بھیجے ٹیکس پڑھتے چابی انگینیشن میں لگا چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

ابھی جو اسے نیوز دینی تھی اسپر اسکاری ایکشن بھی دیکھنا تھا

وہ گاڑی پورٹیکو میں لوک کیے راہداری سے اندر قدم بڑھاتا کے اس کو لاونج میں جلتی ساری لائیٹوں سمیت صوفے پر بک چہرے پر گرائے سردی کی یخ بستہ رات میں آڑھی ترچھی سوئے دیکھا

شٹ۔۔!

ہاتھ میں تھامی چابیاں وہی ٹیبل پر چھوڑتے اس کے چہرے سے بک ہٹائی تھی

وہ گہری نیند میں تھی اس کی موجودگی کا احساس بھی نہ کر سکی

اس کے وجود کو نرمی سے بازوں میں بھرتے اپنے روم کی طرف قدم بڑھائے تھے

بستر پر ڈالتے بلینکیٹ درست کیے وہ اپنی جیکٹ اتارے شوز اتارنے لگا

شرٹ کے کف لنکس موڑے واشروم سے نکلتے وہ خود کیچن کی جانب چلا گیا تھا

فریج کھولنی چاہی جو نہ کھلنے پر لوکڈ کا پتہ دے رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ نفی کیے سلیب چیک کرنے لگا

ساری کیبنیٹ چیک کرنے کے بعد نا محسوس انداز میں کمرے میں دوبارہ قدم بڑھاتے کبرڈ کھولنی چاہی وہ بھی لوک تھی

جبکہ اس پر چسپاں چٹ سیاہ نظروں سے ٹکرائی

میں نوکر نہی ہوں نہ ہی گرل فرینڈ ہوں

ریمیمبر دس مسز غازیان ہوں۔۔"

جسے ایک ریٹرن ٹیکس نہی آپ سینڈ کر سکتے"

sleep with ur empty stomach in formal dress

اوتو بدلہ لو گی مجھ سے"

وہ ترچھی نظر بیڈ پر لیٹے وجود پر ڈالے اس کے ساتھ نیم دراز ہوا

Posted on Kitab Nagri

وہ نیند میں بے خبر سی تھی

اس کی پشت چند پل دیکھتا رہا

نیند میں کچھ رینگتا محسوس کیے

نامحسوس طریقے سے وہ ہلتے رخ اس کی طرف موڑ گئ

تم بھی نہی سو سکتی پھر۔۔"

اس کے چہرے کے پرسکون نقش دیکھتے وہ سرگوشی کیے اس کی کھنچی چین کا ہک کھولے پرے رکھ گیا

وہ کسمساتے پرسکون نقوشوں میں بل لے آئ

سوری نورے جان"

اس کو بازوں میں بھرے وہ واشروم کا دروازہ کھولے اپنے قدموں پر کھڑا کیے وہ کمر کے گرد حصار کھینچے شاور کھول گیا

یخ بستہ زمین اور ٹھنڈا پانی اسے حواسوں میں لایا وہ ہراساں سی اس کو اور واشروم کو دیکھ کر چلاتی کے وہ اس کے چیخنے کے لیے کھلتے نیم وا لب ہتھیلی تلے دبا گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ تیزی سے شاور کے نیچے کھڑی سردی کی رات کے اس پہر بھیگتی اس کی شرٹ کا سہارا لیے خونخوار نظروں سے اپنے پاگل شوہر کو چندیائی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی

میں ہاتھ ہٹا رہا ہوں چیخنا نہیں "

وہ اس کے کانوں میں مسکراتے بول اسے زہر لگا تھا

تمہیں پتہ ہے تم کتنے بد تمیز ہو۔۔"

وہ سرخ نظروں سے ہاتھ ہٹتے ہی سب سے پہلے چیخی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ سزا تھی کبرڈ لوکڈ کرنے کی کھانے تک ٹھیک تھا

وہ اس کے بھیگتے بال پونی سے آزاد کرنے لگا جبکہ اسکی کمر کے گرد سخت مضبوطی کی وجہ سے چھڑانے کی مزاحمت ترک کیے وہ بجتے دانتوں سے لب پیوست کیے رہ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

ایسا کوئی کرتا ہے۔۔"

شاور سے نکلتے ٹھنڈے پانی کی جگہ نیم گرم پانی اسے اب سکون دینے لگا

وہ اپنے ساتھ مکمل اسے بھگا چکا تھا

اگر تم نہ بھیگتی تم نے کبرڈ نہی کھولنی تھی

اس کی گردن سے چپکے بال ہٹاتے وہ اپنی شیو زدہ گال اس کے نم چہرے سے رگڑنے لگا نور کسمسانے لگی تھی

لیومی"

مجھے کچھ بھی نہی کرنا"

اس کے برابر ہوتے وہ اس کا چہرا نوچتی کے وہ اونچا ہوتے اس کی پہنچ سے دور ہوا اس کی کچی نیند سے جاگنے اور پانی کے قطروں سے گیلا چہرا اس کے دل کو مزید استحاق دیتے اس کو سرخ کرنے کو منتظر تھا

ویری فنی بیوی تم اس وقت میرے رحم و کرم پر ہو۔۔"

چھوٹی ہو مجھ سے کافی ہائیٹ میں"

Posted on Kitab Nagri

وہ قہقہ لگاتے مزید اونچا ہو گیا تھا

نور تیزی سے اپنی بے بسی پر رونے لگی تھی اسے شدید غصہ آرہا تھا وہ الٹا اسے سزا دے گیا تھا

اچھا سنو تو یار۔۔ "

وہ شاور بند کرتے اس کو خود میں بھینچتا کے وہ اپنے زہریلے ناخنوں سے اس کی گردن کو نوچ چکی تھی

مجھے رتی برابر تم پر یقین نہی ہے"

وہ ہمیشہ والا جملہ باور کراتے رندھے لہجے میں بولتے واشروم سے نکلتی اس سے پہلے وہ جھٹکے سے اسے کھینچتے واشروم کی دیوار سے لگاتے دائیں بائیں ہاتھ ٹکا گیا تھا

وہ مسلسل ناک منہ رگڑتے اس کی بھیگی سکن شرٹ کے اوپری دو کھلے بٹن سے جھانکتے سینے پر نظریں گاڑے اس کا چہرا اور گردن نوچ دینا چاہتی تھی

نوچ دو تمہارا ہی ہوں۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ اپنا چہرا اس کے قریب لے جاتے

مبہم سے لہجے میں بولے اس کی بھیگی سلوٹ زدہ پیشانی چوم گیا

اس کی سانسیں اپنے چہرے پر نہ محسوس کیے وہ بند آنکھیں لوکڈ ہوتے دروازے سے کھول گئ

جہاں وہ نہی تھا پر دروازہ لوکڈ تھا

غازیان دروازہ کھولو۔۔"وہ بری طرح دروازہ پیٹتے اس کی چلاکی پر چیخی تھی

تمہیں مجھ پر یقین نہی رہو اندر۔۔"

وہ باہر سے ہانکا تھا

تم بلکل بھی اچھے نہی ہو آدھی رات کوئی سردی میں اسے بے رحم سلوک کرتا ہے"

بدلے میں یقین نہی ملتا۔۔"

Posted on Kitab Nagri

صبح اگر میں مر گئ تو آپ کو پھانسی کے تختے تک ضرور پہنچاوں گی"

وہ کانپتے وجود سے بولی

ضرور مگر اس کے لیے تمہارا زندہ ہونا ضروری ہے لہذا مجھے اب بتاو کبرڈ کی چابی کہاں ہے۔۔"

وہ دروزے کے ساتھ لگے اپنی بچکانہ حرکتوں پر بمشکل مسکراہٹ روکے تھا

میں نہی بتا رہی۔"وہ ہارتے لہجے میں بھیگی سی سردی سے ٹھٹھرتے بھی ضد میں تھی

فائن رہو پھر۔۔"

وہ اس کی آوازیں اب نہی محسوس کر رہی تھی

وہ پیر پٹخ گئ تھی خاموشی کا دورانیہ محض پانچ منٹ کا تھا

میٹرس کے نیچے ہے"

اس کی جھنجھلائ آواز پر اس کی شیو زدہ گال پر مسکراہٹ کی چھاپ آئ تھی

Posted on Kitab Nagri

اپنے کپڑے چینج کرنے کے بعد وہ دروازہ کھول گیا

نور زندہ ہو۔۔"وہ واشروم میں جھانکتا کے وہ اس پر جھپٹ چکی تھی

اوئے ظالم۔۔ "

اس کی گردن نوچتے وہ خونخوار بلی بنی تھی

میں تمہیں مار ڈالوں گی آج۔۔"

وہ بامشکل اس کے نوکیلے ناخنوں سے بچتے پیچھے زمین پر گرتا کے بامشکل قدم گیلے پھسلتے فرش پر جمائے تھے

میں اور بھیگی سی تم اف سردی کی رات سوچو نور"

وہ سر تا پاؤں دیکھتے اسے سلگا گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

تمہیں فلحال ضرورت ہے" وہ اس کی جانب خطرناک تیور لیے بڑھتی کے وہ بول اٹھا

چینج کی۔۔"

وہ مسکراہٹ دبائے روم سے نکل گیا

نور ضبط کیے دھواں اٹھتا وجود کبرڈ کے قریب لائی تھی

سفید نرم سی موٹی فل سلیو والی شرٹ اور ٹروازر پہنے بھی وہ بستر میں سکون محسوس نہی کر رہی تھی

کمفرٹر لپیٹے وہ بستر میں دبک سی گئی تھی

وہ روم میں کوفی کے ساتھ بڑھا

کوفی۔۔" وہ اپنے کپ سے گھونٹ بھرتے اس کا کپ اسے تھما گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

نہی چاہیے مجھے" وہ نیند خراب ہونے پر آنسو ضبط کیے چیخی

وہ شرٹ کے بازوں میں ہاتھ چھپائے سردی سے کانپتے اسے مسلسل اپنی جانب متوجہ کررہی تھی

فائن نہ لو۔۔"

وہ مزے سے سپ لینے لگا نور اس کی بے مروتی کی انتہا دیکھنے لگی جو دونوں کپوں سے ایک ایک سپ مزے سے کراون سے ٹیک لگائے لے رہا تھا

تم۔۔" وہ بولنے کے لیے لب کھولتی کے وہ جملہ اچک گیا

ہم تم اک کمرے میں بند ہوں اور۔۔" وہ آنکھ مارتے بولا

میری نیند خراب کرتے واہیات گانے سوجھ رہے ہیں۔۔"

وہ چند پل دیکھنے کے بعد مزید بولنے کی ہمت نہ کرتے تکیے میں چہرا چھپائے رونے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

ہالہ۔۔"غازیان بوکھلا گیا تھا اب

یہ لڑکی اس کا مزاق تک برداشت نہی کر پاتی تھی

اس کی ہچکیوں میں آتی آواز سے کپ سائیڈ پر رکھتے اوندھے منہ پڑے وجود کو سیدھے کیے اس کا ہاتھ زبردستی آنکھوں سے ہٹاتے اس کی سرخ آنکھیں دیکھنے لگا

آئی ایم سوری یار۔۔"

میں مزاق کر رہا تھا۔۔"

وہ اس کی روتے وجود کو سیدھا کیے بولا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو تم ایسے ہی کرتے ہو مم۔۔مجھے سردی میں بھگا دیا

آدھی رات میری نیند خراب کی۔۔"

خود کوفی بھی مزے سے پی رہے ہو"

وہ اس کے ہاتھ ہٹائے پیچھے ہونے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

Newton's third law

Every action has equal and opposite reaction."

یاد ہے تمہیں تم کبرڈ لوک کر گئ

فریج لوک کر گئ میرا بدلہ برداشت نہی بیوی کو ویٹ کرنا چاہیے نہ"

وہ ہسنے کا رزق بلکل نہی لینا چاہ رہا تھا جو اس کے حصار سے نکلتی جا رہی تھی

نہی تم برے ہو۔۔ "

مجھے بابا کے گھر کے جانا ہے رائٹ ناو" وہ اس کی بات پر مزید بڑ ھکتے بولی

Posted on Kitab Nagri

سردی کی رات میں سرتاج کو چھوڑتے بابا کے پاس کون جاتا ہے"

اور میرے پاس تو ہے بھی ایک ہی بیوی

وہ اس کی کان کی لو چومنے لگا تھا

کیا مطلب کتنی چاہیے تھیں"

وہ فوری بستر پر سیدھی ہو گئ تھی

ایسی باتیں بہت جلدی سن جاتی ہیں۔۔"

وہ اس کے لمس سے ڈھیلی پڑھنے لگی

میں صرف خاص لوگوں کے لیے کوفی بناتا ہوں اٹھ جاو اب۔"

اس کے نم بال پرے ہٹائے وہ محبت سے چور لہجے میں اسے اٹھاتے اپنے حصار میں لیتے بولا

Posted on Kitab Nagri

ہیٹر نہ ہونے کی وجہ سے وہ مزید سردی محسوس کیے گرمائش حاصل کرنے کے لیے سارے شکوے ہٹائے گھونٹ اس کے حصار میں بھرنے لگی تھی

تم نے میری گردن پر بہت ظلم کیا"

وہ جلن محسوس کیے اس کے تراشیدہ خاصے لمبے ناخن اپنے ہاتھ میں تھامتے دیکھنے لگا

آپ اس سے بھی براڈیزرو کرتے تھے

وہ کپ سائیڈ پر رکھتے غصہ عود آنے پر اس کی گرفت میں کسمسانے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سردی لگ رہی ہے "

اس کی سرخ ناک دیکھتے وہ بات بدل گیا

وہ اس کے نزدیک ہوتے اپنے ٹھنڈے پڑتے ہاتھ اس کے چہرے اور گردن پر لگاتے اپنی سردی کا احساس دلانے لگی تھی

وہ اس کے ہاتھ تھامے لب دبائے دیکھنے لگا

Posted on Kitab Nagri

نو میں اب پکا ہوسٹل شفٹ ہو رہی ہوں "

وہ نظروں کے مفہوم سمجھے سرخ سی بلینکٹ میں چھپ گئ تھی

--

نئے شہر کی آب ہوا اس کے وجود سے ٹکراتے مزید سردی کا احساس دلا گئ تھی

ہوٹل روم میں بھی اسے اس لمحے سردی سی محسوس ہونے لگی تھی کچھ لمحے پہلے چلائے گئے ہیٹر سے اب روم ٹمپریچر بیلینس ہونے لگا تھا

گلاس وال سے چند پل وہ نیچے دکھتے منظر دیکھنے لگا بلاشبہ اسلام آباد ایک خوبصورت شہر تھا

اونر سے ملاقات اسکی شام میں تھی جہاں ڈیل سائین کرنے کے ساتھ نیکسٹ کام پر پرزینٹیشن بھی تھی

سانیہ کو اپنے پہنچنے کی اطلاع کرنے کے بعد فلحال ریسٹ کرنے کا ارادہ تھا

Posted on Kitab Nagri

نرم بستر پر گرتے ہی بغیر روم سروس لیے وہ بغیر فریش ہوئے ہی نیند کی وادیوں میں کھو گیا

اچھا ابھی کیا کر رہی ہو۔۔"

پڑھنے کی کوشش۔۔"

وہ لیپ ٹوپ اور بک کھولے بیٹھی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا تمہیں فلو ہوا ہے یا محبت کی سرخیاں ہیں"

وہ رات کی اس کی حرکت پر کڑھ گئی بک بند کرتے اب بلکل لیپ ٹوپ کی جانب سکائپ پر چلتی کال پر متوجہ ہو گئی تھی

Posted on Kitab Nagri

کہاں کھو گئی ہو

آئرہ اس کے ایکسپریشن دیکھتے ہستے بولی تھی

یہ سات ماہ پہلے والی نور کی جگہ اس کی محبتوں کی سنگت میں رہنے والی خاصی بدلی ہالہ نور اس کے سامنے تھی

وہ اس لمحے بھی بلیو شرٹ اور سفید ٹروازر میں کندھے تک آتے سیاہ بالوں میں گرے شال میں لپٹی بلکل سادہ سی گلے میں سنگل سی چین پہنے تھی جس کا ڈیزائن نہ دکھنے کے بعد بھی وہ اچھے سے جانتی تھی جو اس کی شرٹ کے بند گلے میں چھپا سا تھا

یار میری بیوی کی جان چھوڑ بھی دیا کرو کبھی۔۔"

تمہیں کوئی کام وام نہی آفس میں"

اس لمحے وہ سردی میں بھی پسینے سے بھیگی شرٹ میں تھا لیپ ٹوپ کے آگے کب آیا وہ اندازہ نہی لگا سکی تھی کیونکہ پچھلے ایک گھنٹے سے اس بندے کی ایکسر سائیز نہی ختم ہو رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کام ہے نہ پر ابھی فری تھی "

اور ویسے یہ سارا ٹائم تمہارے پاس ہی ہوتی ہے" آئرہ نے اس کی بات پر آنکھیں سکیڑتے کہا

Posted on Kitab Nagri

خاک۔۔۔"

کالج کے بعد بکس کے ساتھ ہوتی ہے"

پھر بھی رزلٹ اچھا نہی آتا"

نور اس کے اس طنز کو بخوبی سمجھ گئ تھی پر وہ بلکل شرمندہ نہی ہوئ تھی

ویسے یہ والی بدلی سی بیوٹیفل نور کو کڈنیپ کرنے کا دل کر رہا ہے"

وہ شرارت آمیز لہجے میں بولی وہ جو اس کے قریب سے اٹھے اب کبرڈ کی جانب گیا تھا اس کے چہرے کے نکھرتے رنگ دیکھتے پرسکون ہو گیا بلاشبہ اس لڑکی کو زندگی کی جانب لانے میں وہ کافی حد تک کامیاب رہا تھا

وہ مسکراتے اس کی نظریں سامنے نہ ہونے کے باوجود خود پر مرکوز پاتے سرخی چھپانے کی کوشش میں مزید چہرہ جھکا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

مجھے نہ بری بری وائبز آرہی ہیں۔۔"

آپ نہ مجھے بس تسبعی پکڑا دیں۔۔"

میں اللہ کو یاد کرلوں

وہ اپنی کیفیت پر دل تھامتے اسے تیار ہوتے دیکھ گھبرائے سے لہجے میں بولی تھی

تسبعی۔۔"

احان نے مسکراہٹ دبائے قدم اس کی جانب بیڈ کی طرف بڑھائے تھے

خود کو بس پرسکون رکھا کرو کچھ نہی سوچا کرو"

اس کے ٹھنڈے پڑتے ہاتھ تھامتے ڈھیلی ٹائی کی نوٹ کے ساتھ ہی وہ اس کے پاس تھا

احان مجھے ڈر لگ رہا ہے آپ آج نہی جائیں۔۔"

وہ اپنی طبعیت میں خاصہ بوجھل پن محسوس کررہی تھی

Posted on Kitab Nagri

آو تمہیں مما کے پاس چھوڑ دوں۔۔"

اس کا ہاتھ تھامتے وہ بستر سے اٹھاتے بولا

آپ ایک دن کی چھٹی نہی کر سکتے میرے لیے"

وہ بھرائے لہجے میں بولی تھی

میں جلدی آجاوں گا نہ۔۔ "

پریشان کیوں ہو رہی ہو سب اچھا ہو گا ویسے بھی تمہاری ڈیٹ منتھ کے لاسٹ میں ہے ابھی خود کو ریلیکس رکھو "

وہ قدرے نرمی سے پریشانی زائل کرنے لگا

آپ کو ہونہ تو پتہ چلے" ہر بار کی طرح نون سٹاپ زبان چل ہی گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

ریحہ تم کتنا فضول بولتی ہو"

احان سوچتے ہی جھر جھری لے گیا تھا

ایک منٹ۔۔"وہ شیشے کے قریب سے گزرتی بری طرح چلائی تھی

کیا ہو گیا ہے"احان نے گھبراتے اسے کندھے سے تھامے ہی پوچھا

میں تب سے آپ کے سامنے ایسی تھی۔۔"

وہ روہانسے ہوتے اپنے بھرے سراپے پر کھلی سی پرپل گلابی پرنٹڈ شرٹ ٹراوزر پر شال کندھے پر جھولتی ملگجھی سی چٹیا میں نکلے بال دیکھنے لگی تھی

ابھی تم خود کو ڈل محسوس کر رہی تھی اور اب دیکھو۔۔"

وہ اس کے سنجیدہ معاملات میں بھی بدلتے تیوروں پر اچھا خاصہ حیران ہو جاتا تھا

Posted on Kitab Nagri

میں خاصی بری لگ رہی ہوں نہ۔۔"وہ تشویش زدہ سی بھوری آنکھیں سکیڑ گئ تھی

نہی تو کس نے کہا میری جان تو بہت کیوٹ لگ رہی ہے"

اللہ اپنے بندے کو اس جھوٹ پر معاف کرنا وہ اس کے برابر جاتے دل میں بولے بہلانے والا انداز اپنا گیا ورنہ کوئ بھرم نہی تھا وہ رونے بیٹھ جاتی

جھوٹ بول رہے ہیں میں جانتی ہوں میں اچھی نہی لگ رہی "

بلکہ موٹی آنٹی لگ رہی ہوں اوپر سے یہ نوز پن۔۔"

اس کا زور اسی پر نکلنا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں تمہارا حلیہ ابھی پانچ منٹ میں درست کر دیتا ہوں

پر اس سے دشمنی نہی نکالا کرو یار۔۔ "

وہ اس کی ناک پر لب رکھتے اس کے بالوں سے چٹیا کے بل نکالنے لگا

Posted on Kitab Nagri

بیٹھو یہاں۔۔" وہ ڈریسر کی چیئر کھسکھائے بٹھا گیا تھا

آپ لیٹ۔۔" وہ بولتی کے وہ چپ کرا گیا تھا

آج مجھے یقین ہو گیا یہ اصلی ہیں"

اس کے الجھے بال درست کرتے وہ مسکراتے جھکتے بالوں پر لب رکھ گیا تھا

وہ شیشے سے گھور کے رہ گئ تھی

حان

ایسے نہی بناتے ہیں۔۔ "

میرے بال کھینچ رہے ہیں آپ۔۔ "

وہ الجھے بالوں میں زور سے کنگھا پھرنے سے سر پر ہاتھ رکھ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

ایک منٹ تم چپ رہو گی "

وہ ضبط کیے رہ گئ جو اس کے بالوں کو اس کے پیچھے کھڑے جانے اب کیسے مڑوڑے دے رہا تھا

احان میں ٹھیک لگ رہی ہوں رہنے دیں آپ لیٹ ہو رہے ہیں۔۔ "

ریحہ نے ہار مان لی لیکن احان کے بال بناتے ہاتھ نہی رک رہے تھے وہ جانتی تھی ضد کا مارا شخص نیا اپنی جانب سے ایجاد کردہ چٹیا کا ڈیزائن تو بنا کے چھوڑے گا

ڈن۔۔"پونی کہاں ہے" وہ اس کے ہاتھ میں تھما گئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھو اب" وہ اس کے کندھے پر رکھ گیا

اس کو آپ چٹیا کہتے ہیں"

ریحہ صدمے سے دیکھنے لگی جو الٹ پلٹ کیے اس کے بال مزید الجھا گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

رہنے دیں آپ مجھے ایسے ہی۔۔ "

اتنے زیادہ میرے بال اتار دیے ہیں۔۔ "

وہ خفگی بھری نظروں سے کنگھے کو بالوں سے بھرا دیکھنے لگی تھی

آہستہ آہستہ سیکھ جاوں گا"

آج اسی سے گزارا کرو

پریکٹس میکس آمین پرفیکٹ کل اچھی بناوں گا نہ "وہ محبت سماتے بولا

شکریہ احسان پر مجھے آپ کی پریکٹس کے چکروں میں گنجی نہی ہونا۔۔"

وہ آخری بل دیتے اس کے ڈراک کلون کی مہک محسوس کرتے بولی جسے وہ اس پر بھی سپرے کر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

پارکنگ میں کھڑی گاڑی پر نظریں ڈالے وہ ہوٹل کی سمت کا ایڈریس دیکھے خود پر تنقیدی نگاہ فرنٹ مرر سے ڈالنے لگا

بالوں کو ہاتھوں سے درست کرتے وہ اس وقت آفس کے فارمل حلیے میں تھا

سیاہ تھری پیس میں وائیٹ شرٹ تراشیدہ شیو وہ اپنی عمر سے زیادہ سنجیدہ اور سوبر لگ رہا تھا

بابا میں پہنچ گیا ہوں

نہی آج پتہ چلا ہے ہماری دوسری پارٹنر ایک لڑکی ہے"

وہ صبح ملی ڈیٹیل دیکھنے لگا تھا

ایلیویٹر سے کانفرنس روم کا فاصلہ ایک منٹ کا تھا

میں اسے اِگری کرنے کی کوشش پوری کروں گا

او کے بعد میں بات ہوتی ہے۔۔ "

وہ فون سائیلنٹ پر لگا گیا

Posted on Kitab Nagri

گلاس ڈور دھکیلے وہ اندر بڑھا جہاں اندھیرے میں پروجیکٹر پر سلائیڈز اون تھی مطلب وہ لیٹ تھا

سب نے ایک نظر ڈور کی جانب ڈالی محض ایک سیکنڈ میں نظروں کا تبادلہ ہوا تھا اگلے پل وہ سر ہلائے خالی نشست کی جانب بڑھا

اس دوران وہ کسی سے بات نہی کر سکتا تھا

وہ آنکھیں سکیڑے اسے دیکھے گئ

ہلکی روشنی میں بھی وہ اسے پہچان گئ تھی

اس کے ماتھے پر واضع سٹیچز کے نشان دیکھتے وہ اپنی یو ایس بی کلچ سے نکالنے لگی تھی

نیکسٹ اس نے پریزینٹیشن دینی تھی

وہ اپنے پوائینٹس مائینڈ میں کلک کرتے سوچنے لگی

Posted on Kitab Nagri

خاموشی میں ہیلز کی آواز سمیت اپنی چیئر کے نزدیک سے گزرتی اس کی ایلیگینٹ پرفیوم کی مہک اسے اپنے قریب سے گزرتی وہ محسوس ہوئ تھی

جبکہ وہ سنجیدہ سی پروفیشنل انداز میں پروجیکٹر سے یو ایس بی اٹیچ کرنے لگی

چند سیکینڈ بعد وہ پروفٹ ایبل اور لوس ایبل چارٹ سائیڈ پر شو ہوتے غور کرنے لگا

آہیو آکوئسچین۔۔ "

وہ بات بیچ میں کاٹ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پس وہ اس کی جانب نظریں کر گئ تھی

لوس اور پروفٹ ایکول ہونا چاہیے پھر لوس خالی ڈیل کرنے والے کو کیوں ہو"

ویسے تو پریزینٹیشن کا رول ہوتا ہے درمیان میں انٹرپٹ نہی کرتے کوسچننگ سیکشن ہمیشہ آخر میں ہوتا ہے"

لیکن آپ شائد نئے ہیں

Posted on Kitab Nagri

اسی لیے مسٹر آپ بہت کونشئیس ہوگئے ابھی سے لاس اور پروفٹ کے معاملے میں"

اینڈ تک دیکھ تولیں میں کلیئر کروں گی"

وہ سنجیدہ ساٹکا جواب دے گئ تھی

وہ لب بھینچ گیا تھوڑی عزت افزائ تو ہوئ تھی جسے وہ اپنی پرزینٹیشن میں بہتر طریقے سے سمجھا گئ تھی

وہ اپنی پریزینٹیشن مکمل کرتے تھنکیو کی سلائیڈ اون کرتے سامنے آئ

اینی کوئسچین۔۔"وہ اونچی بولتے اسے ضرور متوجہ کر گئ تھی

جبکہ وہ لب بھینچے رہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ دکھتے سر سمیت شدید فلو میں اس وقت مبتلا ہو گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

اس کی حرکت سے غازیان پر شدید غصہ آنے لگا تھا بے ساختہ اسے آئرہ کی چند ماہ پہلے کہی بات بھی یاد آئی وہ ریٹرن ریوینج لیتا ہے اور وہ ہر بار ایسا ہی کرتا تھا

آپ کے لیے ناشتہ بنادوں۔۔"

بشرا کی آواز سے وہ لاونج کے کاوچ پر نیم دراز سرخ آنکھیں کھول گئ

ہم بنادیں بوائل ایگ بھی لوں گی میں ساتھ۔۔ "

وہ اسے بتاتے اٹھتی کے بشرا کی بات سے پلٹی

آپ کے ساتھ اچھا ٹائم گزرا۔۔ "

میں آپ کو یاد رہوں گی نہ

اس کے بیگ گراونڈ کی چھان بین کر کے غازیان نے اسے ہائیر کر لیا تھا ہالہ کی سٹڈی سٹارٹ ہونے کے بعد سے فل ڈے ٹائم وہ وہی رہتی کیچن سے لیکر گھر کے کام بھی اس کی زمیداری میں تھے

Posted on Kitab Nagri

لیکن میں کہا جارہی ہوں بشرا میں یہی ہوں پھر بھلانے کی بات کا سوال ہی نہی۔۔ "

وہ گھڑی پر نظر ڈالنے لگی آٹھ بجے کالج جانا تھا وہ روم میں تیاری کے لیے اٹھتے بولی

لیکن غازیان صاحب تو میرے حساب کتاب کی بات کر رہے تھے۔۔"وہ اپنی حیرت کم کرتے بولی

تو وہ ویسے بھی ہر ماہ کرتے ہی ہیں نہ "

اس کا مطلب یہ تو نہی کے ہم کہی جا رہے ہیں۔۔ "

آپ ناشتہ بنائیں میرا جینا مرنا اسی گھر میں لکھا ہے اب "

وہ ڈائینگ ٹیبل پر پڑے ٹشو باکس سے تین چار ٹشو لیتے مزاق میں بات اڑاتے روم کی جانب چل دی

لیکن یہ تشویش روم میں جاتے ڈریسر پر پڑی چابیوں کے نیچے خاکی انویلیپ سے مزید بڑھ گئ تھی

روم میں چاپ سے وہ جان گئ وہ ہے

Posted on Kitab Nagri

ہر بات مجھے کیوں آخر میں پتہ چلتی ہے"

وہ اسے واشروم میں جاتے دیکھ آواز میں سختی لائے پوچھنے لگی

بتانے والا تھا رات میں تم سو گئ اور میں بھول گیا تھا۔۔"

وہ کبرڈ سے کپڑے لیتے شاور لینے چلا گیا تھا

وہ بھی خاموشی سے اپنی تیاری کرنے لگی تھی

غازیان اسے لیمن کلر کی کھدر کی پرنٹیڈ شرٹ پر سفید لونگ کوٹ میں دیکھنے لگا

وہ سنجیدہ سی بکس سمیٹتے اوور آل ہینگر سے نکالنے میں مصروف تھی

نور۔۔ "

میری جیکٹ تو دینا۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ ڈریسر کے سامنے بال بناتے دوران اسے مخاطب کرنے کو بولا

وہ خاموشی سے اس کی براون جیکٹ پکڑا گئ تھی

تمہیں فلو ہو گیا میں بھول گیا تھا بہت نازک ہے میری بیوی۔۔"

اس کی سرخ پڑتی ناک دیکھتے وہ بات بڑھاتے جیکٹ اسے تھما گیا تھا

یہ پہلی دفعہ تھا وہ اس سے کوئ فرمائش کر رہا تھا وہ اس کے نزدیک جاتے پہنا گئ تھی

تمہیں کچھ دنوں کے لیے ریلیف مل جائے گا مجھ سے "

ویسے بھی تم ہوسٹل شفٹ ہونا چاہتی تھی

وہ مسکرانے کی سعی کرتے اس کے ہر آرائش سے عاری نقش دیکھنے لگا

میری خواہشات کا احترام کرنے کا شکریہ۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ ہاتھ جھٹکتے پیچھے ہوتے اپنے الجھے بال برش کرنے لگی تھی

غصہ کس بات کا ہے نور میری جوب کا حصہ ہے تم بھی اس کے لیے تیار رہا کرو۔۔"

وہ اس کو بولتے اس کا چہرہ اپنی جانب کر گیا

حیرت اس بات کی ہے

میرے گھر کی ملازمہ کو بھی پتہ ہوتا ہے پر نور کو کچھ نہی پتہ ہوتا ہے "

وہ سفید ڈائیل والی رسٹ واچ پہنتے زہر خند ہوئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو غصہ اس بات کا ہے پہلے ملازمہ کو بتایا"

وہ چڑ گئ تھی اس کے اتنے پر سکون ہونے سے بحر حال نور اپنے دل کی کیفیت غازیان کے حوالے سے اس پر ظاہر نہی کر سکتی تھی

رئیلی یو مس می بیوی۔۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

اعتراف کرلو آج۔۔۔ "

وہ شوز پہنے لگا تھا اب وہ دانت پیس گئ تھی

کہاں ہوئ ٹرانسفر۔۔"وہ مدعے کی جانب آئ تھی

او میرے جانے کے دکھ میں پورا لیٹر نہی پڑھا۔۔

وہ مزاق میں بات ٹال گیا

نور خاموشی سے ہینڈ واش کیے ڈائینگ پر چلی گئ تھی

ناشتہ بے دلی سے کرتے وہ گھر کو دیکھ رہی تھی

ہالہ کچھ دن کی بات ہے بس۔۔ "

کاش کے تم ایک سبجیکٹ میں فیل نہ ہوتی تو ہم ساتھ جاتے۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

میری جوائینگ ضروری ہے نہ

تمہارا تھرڈ ائیر سٹارٹ ہے اور مائگریشن پروسس کے لیے تمہیں وہ سبجیکٹ بھی کلیئر کرنا ہو گا ویسے تم نے مجھے خاصا شرمندہ کیا تھا فیل ہو کر۔۔ "

وہ آخری بات پر مسکراہٹ روکے اسے سمجھاتے بولا تھا

میں لاسٹ مہینوں میں کیسے اتنے سارے سلیبیس کی تیاری کر سکتی تھی بتاو تم آئین سٹائن کی اولاد نہی تھی میں۔۔"

وہ شرمندہ ہونے کی بجائے غصہ ہو گئ تھی

میں تمہارا رونا بہت مس کروں گا نور اس خوشی میں آج نو ڈائیٹنگ۔۔"

وہ اس کا چیز سنڈوچ اپنی پلیٹ میں رکھتے بولا وہ ضبط کیے تھی

اس شخص کو اس سے جدائی پر بلکل فرق نہی پڑ رہا تھا وہ سوچ کے رہ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

یہ گھر۔۔؟

سرگوشی میں نکلی آواز وہ آنسو پی رہی تھی

ہنی چلو کچھ یادیں بنائیں اس گھر میں خوبصورت سی"

اس کے مقابل چیئر لائے وہ اس کو دیکھنے لگا تھا

وہ جانتا تھا اس گھر کو لیکر خاصی اٹیچ ہو گئ ہے

جبکہ وہ شادی سے لیکر اب تک اپنا گزرا ہر لمحہ کسی فلم کی طرح سوچ رہی تھی

اگر کبھی ہم میں کوئ مسلہ آپ کی مما جیسا ہو تو آپ کیا کریں گے"

وہ دل کی حالت دبائے اس کو چڑانے والے سوال کرنے لگی

پتہ ہے میرا کیا دل چاہ رہا ہے تمہیں چھت سے نیچے پھینک دوں۔۔"

غازیان نے چیئر مزید قریب کرتے آمنے سامنے کرلی تھی

Posted on Kitab Nagri

یہ میرا جواب نہی ہے"

بتائیں کیا کریں گے "وہ بضد تھی

اول تو میں حمدان نیازی نہی ہوں

اور اگر کبھی مزید اگلے آنے والے سالوں میں ایسا ہوا تو۔۔"

نور کا سانس رک گیا وہ اس کے نزدیک ہوتے اس کے لونگ اون کے کوٹ کے بٹن کھولنے لگا تھا

کالج جانا ہے مجھے وہ سرعت سے اٹھتی بٹن بند کرتی کے اس کو مضبوطی سے تھام گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سنو اب پہلے۔۔ "

میں حمدان نیازی کی طرح اپنے بچے ان کی پاگل ماں کے پاس ہرگز نہی رہنے دوں گا لہذا مجھ سے جدا ہوتے وقت سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا

وہ سانس روک گئی جو اس کے قریب ہوتے اپنی بے حسی میں کہی بات سے بھی اسے سرخ کر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

پیپرز پر اپر سائن کرنے کے بعد وہ کانفرنس ایریا خالی ہونے لگا

وہ پیپرز سمیٹتی لڑکی کو دیکھتے قائل کرنے کے طریقے سوچ رہا تھا جب وہ اچانک خود پر مرکوز نظریں پاتے سامنے دیکھتے شخص کو دیکھتے بولنے لگی

آپ کو ٹھیک دیکھ کر خوشی محسوس ہوئی"

کیا آپ مجھ سے مخاطب ہیں"

بلیو جینز پر سفید اور بلیو چیک شرٹ اور اپنی اچھی خاصی ہائیٹ کے باوجود وہ ہائی ہیلز میں خاصی پروفیشنل لگی تھی

غالباً آپ ہی یہاں موجود ہیں" وہ خالی ایریا کو دیکھتے اسے جتا گئی تھی

Posted on Kitab Nagri

اوہم اب پارٹنرز بھی توہیں" وہ حوالہ دینے لگا تھا

کیا ہم اس بارے میں کچھ بات کر سکتے ہیں" وہ مدعے کی جانب آیا ویسے بھی کل واپس جانا چاہتا تھا

وہ کچھ سوچتے بولا تھا

جی۔۔" وہ ہنوز کھڑی رہی تھی

میں لفظوں کی ہیر پھیر کا قائل نہی ہوں

اپنا ٹوئینٹی پرسنٹ شئیر مجھے بیچ دیں دس گنا زیادہ پرافٹ کے عوض۔۔"

وہ سیدھی بات کر گیا

جی۔۔" وہ حیرت لیے دیکھنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

میں نے آپ کی حالت پوچھی تھی پھیلنے کو نہی کہا تھا۔۔"

وہ چڑ گئ تھی

کیا ہم بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں۔۔"

وہ سید ھا مدعے کی جانب آیا تھا اسے آسان لگا تھا لڑکی سے ڈیل کرنا

دیکھیں مس۔۔ "

بات یہ ہے "

مس نہی آئزہ فیاض نام ہے میرا۔۔"وہ چباتے بولی تھی

اوکے آئزہ آپ تحمل سے میری بات سنیں آپ ہوٹل کا کیا کریں گی

دیکھیں وہ ہوٹل لاہور میں ہے اور آپ اسلام آباد کی رہائشی"وہ قائل کرنے لگا

Posted on Kitab Nagri

پاگل ہیں آپ۔۔ "

میں ہر گز آپ کی آفر قبول نہی کرتی اور ویسے بھی وہ اونر اسلام آباد کا ہے پھر آپ نے کیوں یہاں آنے کی زحمت کی"

اواب سمجھ آئی۔۔"

وہ آنکھیں سکیڑتے قریب چیئر کھسکھائے مقابل آئی کے ازہان اس کے عجیب تاثرات دیکھنے لگا

کل سے اس لیے تم مجھ پر نظریں گاڑے میری پریزنٹیشن میں بھی خلل ڈال رہے تھے

وہ ساری کڑیاں ملانے لگی

استغفار میں نے کب نظریں گاڑی۔۔"ازہان نے حیرت لیے پوچھا

سب پتہ ہے مجھے اسی لیے مجھے پریزینٹیشن میں انٹرپٹ کر رہے تھے بحر حال میں ہر گز اپنے شیئرز نہی دوں گی۔۔"

اتنا آسان بھی نہی تھا ازہان نے جائزہ لیتے سوچا تھا

Posted on Kitab Nagri

ایک منٹ۔۔"

وہ پلٹی تھی

تم تیئس کے ابھی ہوئے نہی ہو رائیٹ"

ازہان نے حیرت لیے اپنی عمر کا اندازہ لگاتے اسے دیکھا لیکن وہ شائد اپنی ٹکر اس سے بھول گیا تھا

اور جہاں تک مجھے لگتا ہے مسٹر ابھی تمہارا ایم بی اے کمپلیٹ نئ ہوا ہو گا غالبا کیونکہ تمہاری عمر کے حساب سے فائینل سمیسٹر کے دوران تمہارا ایکسڈینٹ ہو گیا تھا

یہ ضرور تمہارے باپ کی کمپنی ہے جس نے تمہیں بغیر گریجوئیشن کے ہائر کر لیا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور مجھے اپنی ڈگری کمپلیٹ کیے ماشاءاللہ سے تین سال ہو گئے ہیں سمجھے بچے تو آئندہ ایسی آفر مجھے نہی کرنا"

اب سکون سے گھر جاو"

جبکہ وہ تو وہی حیرت زدہ سا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ خاموشی سے اسے تیار ہوتے دیکھنے لگی تھی گھر کا سارا سامان وہ اپنے فلیٹ میں آج صبح شفٹ کروا چکا تھا ضروری کپڑوں کے علاوہ اس کا سامان بھی اسی فلیٹ میں سیٹ کروا چکا تھا

گلاس وال کی جانب گہری ہوتی شام کو دیکھتے خالی گھر اور اپنا بیڈ روم اس لمحے اس کی جان نکالنے کو کافی تھا

نور۔۔"

وہ خیالات سے نکلتے اس جانب متوجہ ہوئی

وہ اس کے آگے ہتھیلی پھیلا گیا وہ نا سمجھی کے عالم میں بلیو شرٹ اور گرے پینٹ میں اسے ہلکی شیو میں نفاست سے سیٹ کیے بالوں میں دیکھنے لگی

جو پر شوق نظروں سے ہاتھ پھیلائے اس کے وجود میں بے چینی پھیلائے تھا

غازیان نہی جاو نور مر جائے گی پلیز غازیان میری جان میرا دل نہی لگے گا"

زبردستی اس کا ہاتھ تھامے اپنے مقابل کرتے وہ باریک روتی آواز نکالے اس کی نقل اتارتے بولا

Posted on Kitab Nagri

اسے مہرون رنگ میں بالوں کو کیچر میں جکڑے اس کی سیاہ موٹی آنکھوں پر مڑی سیاہ خمدار پلکوں کو بھیگا سا محسوس کرتے وہ اسے اپنی باتوں میں الجھانے لگا تھا

میں اس گھر کو چھوڑنے پر بس دکھی ہوں سمجھے آپ۔۔"

وہ جکڑا ہاتھ چھڑانے کی کوشش میں اس کی باتوں پر اسے باور کراتے بولی

انٹرسٹنگ کورا اچھا کر لیتی ہو"

غازیان لب دبائے مسکراہٹ روکنے لگا تھا

اس کا ہاتھ دوبارہ تھامتے وہ ڈریسر کے قریب لایا تھا اس کے سنجیدہ تاثرات پر وہ فلو اور اپنی انجان تکلیف دے کیفیت سے سرخ ہوتی آنکھیں جھکا گئی تھی

وہ اس کے قریب ہونے لگا کے نور کو اس کی ہمیشہ سے سکون دیتی خوشبو قریب محسوس ہونے لگی جس کی وہ عادی سی ہو گئی تھی

Posted on Kitab Nagri

نورے جان۔۔ "

وہ دل تھام گئ تھی اس کے لبوں کی نرم سی سرگوشی کان کی لو تک سرخ کر گئ

اس سال فیل نہی ہونا پلیز۔۔" وہ قہقہ لگاتے دل کی بدلتی کیفیت ایک منٹ میں زائل کر گیا

پچھلی بار تو ایک میں تھی نہ اس بار سارے سبجیکٹس میں ہوں گی۔۔"

اس کے سینے پر زور دیتے وہ نظروں سے دور ہوتے زہر خند ہوئ تھی

پیچھے اس کا قہقہ گونجا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ریحہ کچھ کھا تو لو۔۔"

وہ اس کے نزدیک فریش جوس اور ڈیفرینٹ کٹے فروٹس کی پلیٹ لے کر آئیں تھیں سانیہ اس کا ہر لحاظ سے بہت خیال رکھتی

Posted on Kitab Nagri

بڑی مما میرا دل نہی چاہ رہا ہے پلیز مجھے وامٹ آ رہی ہے۔۔ "

وہ صبح سے آج پھر وامٹنگ کرتے نڈھال سی تھی

مجھے سمجھ نہی آ رہی اتنی الٹیاں کیوں آ رہی ہیں تمہیں "سانیہ اس کی حالت پر گھبرائی سی تھیں

بحر حال ایسے خالی پیٹ بلکل ٹھیک نہی ہے اگر وامٹ آ بھی رہی ہے پھر بھی کھاو۔۔ "

یک دم وہ درد محسوس کیے کراہی تھی

وہ اس کے چہرے کا اچانک سے متغیر ہوتا رنگ دیکھنے لگیں

ریحہ ہم ابھی ہوسپٹل چلتے ہیں میں تمہارے بابا کو گاڑی نکالنے کا بولتی ہوں "

وہ اسے سہارا دیے بیڈ کراون کے ساتھ ٹیک لگائے بٹھاتے گھبرائی سی بولیں

مما مم۔۔ مجھے لگ رہا ہے میں مر جاوں گی

Posted on Kitab Nagri

مما مجھے شدید درد ہو رہی ہے آپ پلیز احان کو کال کریں

کہا بھی تھا نہ جائیں۔۔"

وہ بے سکون سی ہوتے اپنی کیفیت انہیں سمجھا نہی پا رہی تھی وہ اسے اچانک سے شدید تکلیف میں مبتلا ہوتے دیکھ تیزی سے گھبراتے باہر گئیں تھیں

درد سے دہرے ہوتے اس کی نظر دانستہ سائیڈ ٹیبل پر پڑے اپنے فون پر پڑی

بامشکل کھسکتے فون تک پہنچتے وہ کانپتے ہاتھوں اور جان نکلتی حالت میں دھندلی پڑتی سکرین پر نمبر ڈائل کرنے لگی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فون تو اٹھائیں۔۔ "

سانیہ کے ابھی تک نہ واپس آنے پر وہ دروازے کی جانب دیکھتے بستر پر پڑی اب بری طرح اپنی تکلیف پر رونا شروع ہو گئ تھی

یک لخت رسیو ہوتے ائیر پیس سے اس کی ہمیشہ والی شوخ آواز گونجی

Posted on Kitab Nagri

حان کی جان کا دل نہی لگ رہا۔۔ "

حان۔۔ "

اسکی درد میں ڈوبی اپنی پکار پر وہ ٹھٹھکتے چونکتے پھر کچھ سمجھتے سر جھٹکتے بولتا کے اس کی رندھی آواز اس کے ہوش سہی میں اڑا گئ تھی

حان مم۔۔ مجھے سنیں مجھے لگتا ہے مجھے سانس نہی۔۔ "

وہ با قاعدہ اب اس کی روتی آواز میں لفظ سمجھتے پریشان ہوا

ریحہ تم ٹھیک ہو۔۔ "

مما پتہ نہی کہاں چلی گئیں مجھے چھوڑتے وہ ابھی تک نہی آئ میں آج درد سے مر جاوں گی ورنہ۔۔ "

وہ بہتی آنکھوں سے شیٹ کو ایک ہاتھ کی مٹھی میں لے چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

ریحہ مما کہاں ہے تم کہاں ہو میری جان میں

میں بس پانچ منٹ میں آیا۔۔"

وہ پھولتی سانسوں سے اس کی رونے کی آواز محسوس کیے اپنی چیزیں وہی چھوڑے چابیاں لیتے تیزی سے چیئر سے اٹھا

ریحہ میری جان اٹھنے کی ہمت کرے میرا بچہ۔۔"

وہ درد سے دہری ہوتے حواسوں سے بیگانی ہوتے ان کے ہاتھ سے نکلتی جارہی تھی

نائمہ اور سانیہ کی آواز فون سے محسوس کیے ان کی موجودگی سے وہ گاڑی کے قریب پہنچے تھوڑا پر سکون ہوتے چلتے فون کی کال کاٹتے تیزی سے ڈرائیونگ سیٹ پر آیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے فیرول اچھی دی "

Posted on Kitab Nagri

تمہارے بابا نے "

ڈنر نور کے بابا طرف تھا جہاں حمدان نیازی بھی مدعو تھے وہ خاصے غمزدہ سے تھے پر وہ اس بات پر قائل تھے یہ اس کی جوب کا حصہ تھا ویسے بھی وہ میر سبطین کی وجہ سے بھی چاہتے تھے اس کی ٹرانسفر جلد ہی یہاں سے ہو جائے

اس لمحے وہ گیراج میں کھڑی اس کو گاڑی سے ٹیک لگائے گارڈن میں لگے درختوں سے ٹکراتی ہلکی روشنی میں دیکھ رہی تھی

تمہیں فرق پڑ رہا ہے کوئی۔۔"

وہ دھیمی سرگوشی میں مبہم لہجے میں اچانک سے پوچھنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہی خوشی ہو رہی ہے۔۔"

وہ آنسو خود میں اتارنے لگی

میں جب ویک اینڈ پر آوں گا میرے لیے ڈشش بنانا۔۔"

Posted on Kitab Nagri

آنسو ضبط کے باوجود بہنے لگے جسے وہ مہارت سے چھپاتی مضبوط بنی بولتے اسے مسکرانے پر مجبور کر گئ

میں ان میں آئل اور نمک زیادہ کرتے تمہارا سارا ڈائیٹ پلین خراب کر دوں گی"

ٹھیک ہے پھر روڈ پر وہ موٹے پیٹ نکلے پولیس والے دیکھتی ہو ویسا ہو جاوں گا میں "

مسکراتی نظروں کا تبادلہ ہوتے اچانک سے وہ موقع دیے بغیر خود میں بھینچ گیا

پیچھے سے ڈھیر ساری شاپنگ کرنا۔۔"

میرے لیے بھی کرنا اوکے "وہ اس کے بالوں میں انگلیاں الجھائے ان کی خوشبو خود میں اتارنے لگا

خود کے ساتھ لے کر گئے تھے کبھی خود کبھی مجھے کروائی تھی میں کیوں کروں۔۔ "

وہ رندھی آواز میں بولی

تمہارے کالج کے ڈیوزز کون کلیئر کرتا ہے بتانا ذرا مجھے "

Posted on Kitab Nagri

وہ اپنی آنکھیں موندتے تھوڑی اس کے سر پر ٹکا گیا

تم احسان نہی کرتے فرض ہے تمہارا"

وہ اس کے سینے سے لگی گہرے سانس لیتے اس کی شرٹ سے اٹھتی خوشبو سانسوں میں اتارنے لگی

اوکے کیا چاہیے مجھے بتا دو "

بے ساختہ اپنے دل سے لگی اس لڑکی کے لیے آواز برامد ہوئی تھی وہ کہہ دے بس تم۔۔ "

کچھ نہی۔۔"اس لمحے اس کا دل بری طرح ٹوٹا تھا

یقین دے دو گی مجھے "چند لمحے پہلے والی دل کی کیفیت کو دباتے بولا

کبھی نہی تم مجھ سے بدلہ لیتے ہو مجھے سردی میں شاور کے نیچے کھڑا کیا اور تمہاری فیوچر کی پلیننگز کے بعد تو کبھی بھی نہی دوں گی۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ کل دن کی ڈائینگ پر کی باتیں یاد کرتے سختی سے بولی

وہ نہ بھی کہتا پھر بھی تم سے یہی امید تھی مجھے"

وہ گرفت ڈھیلی کرنے لگا پر نور کی گرفت سخت پائ تھی

چھوڑ دو ورنہ ابھی ٹائم نہی ہے جو تم میرے جزبات ابھار رہی ہو"

اس کی بوجھل آواز سے وہ چہرا اس کے سینے سے نکالے گھورنے لگی تھی جو فاصلہ پائے اب گاڑی کا فرنٹ ڈور کھولے سیٹ پر جھکے ڈیش بورڈ کھولنے لگا

یہ پکڑو۔۔"چند لمحوں بعد وہ چھوٹا بوکس اس کے حوالے کر گیا

کیا ہے یہ۔۔"وہ حیرانی سے دیکھنے لگی تھی

اوپن اٹ۔۔"وہ کھولنے لگی

Posted on Kitab Nagri

اندر چابیاں پیپرز اور کارڈ تھا

یہ کیا ہے۔۔؟ وہ چابیاں کریڈٹ کارڈ اور پیپرز نا سمجھی سے دیکھنے لگی تھی

یہ میرا کریڈٹ کارڈ تم سسر جی سے اپنی ضرورت کی کسی چیز کے پیسے نہی لو گی۔۔"

باپ ہے وہ میرا تمیز سے پکاریں۔۔"وہ انگلی دکھاتے وارن کر گئ

مس ہالہ نور سسر جی کو سسر نہی کہوں تو کیا چیف منیسٹر جی کہوں۔۔"وہ تپ گیا تھا

آپ ایک روڈ پلس عجیب انسان ہیں۔۔"

وہ اس شخص کے بدلتے چہروں سے دھنگ ہی تو ہوتی تھی

Posted on Kitab Nagri

یہ پیپرز اور چابیاں وہ سٹام پیپرز دیکھتے عجیب ہونے لگی

یہ پیپرز میں نے ایک گھر خریدا ہے اس کے ہیں "

اور یہ چابیاں میرے فلیٹ کی جہاں ہم رکے تھے اگر تم وہاں رہنا چاہو تو۔۔"

وہ حتمی انداز میں بات ختم کرتے بولا

آپ کہاں جارہے میں یہ سب کیا کروں گی۔۔"وہ اس کی حرکتوں اور چیزوں پر ششدر تھی

نہی چاہیے مجھے یہ سب۔۔"وہ یک دم ہزیانی انداز میں بولتے دور پھینک چکی تھی

نور کیا حرکت تھی یہ۔۔"وہ اس کا کندھا دبوچ گیا تھا

نہی چاہیے مجھے تمہارے احسان مجھے کیوں دے رہے ہو یہ سب رکھو اپنے پاس۔۔ "

وہ گہرا سانس کھینچ کے رہ گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

پاگل لڑکی بیوی کو نہ دوں تو رشتے داروں کو دوں جا کر کیا۔۔"وہ دانت پیس گیا تھا

تمہاری ٹرانسفر میں کس کا ہاتھ ہے۔۔ "

وہ خوفزدہ سی بولی۔۔"

کسی کا نہی ہے جس ایریا میں ہوئی ہے وہاں کا اے سی ریٹائیرڈ ہو گیا تھا اور میری ٹرانسفر کا مسلہ تو کب سے چل رہا تھا سیٹ خالی تھی بس اسی لیے وہاں ہو گئی

بجرحال وہ مطمئین نہی ہو رہی تھی

Now say good bye...!!

وہ اس کے مقابل ہوتے اس کا دھیان اپنی جانب متوجہ کرنے لگا

Posted on Kitab Nagri

Good bye

وہ اس کی آنکھوں میں اپنی ساکن سیاہ آنکھوں سے جھانکتے بے خیالی میں نیچے بکھری چیزیں دیکھتے بولی تھی

واوایمپریسیو یااللہ مجھے ہمت دے "

وہ اسے کھینچتے قریب کرتے گڈبائے کے مطلب اچھے سے سمجھانے لگا تھا کے وہ سرخ سی ہوتے اس کی قربت میں ہر فکر فلحال کے لیے بھلا گئ تھی

سرد قطرہ قطرہ پگھلتی رات ہوسپیٹل کے کوریڈور میں بے چینی سے ٹہلتے گزری چند لمحوں پہلے ازان کی آواز سے وہ مسجد نماز ادا کرنے چلا گیا

فجر کی نماز ادا کیے وہ دعا مانگتے اس کی زندگی اور نئ آنے والی زندگی کی خیریت کی دعا مانگتے چہرے پر ہاتھ پھیر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ رات سے تکلیف میں مبتلا تھی

اس لمحے عورت زندگی اور موت سے لڑتی ہے یہ بات اس کی جان نکالنے کو کافی تھی

ہوسپیٹل کی راہ کرتے مختلف وسوسے زہن میں ابر سے رہے تھے کاش وہ اس کے ساتھ ہوتا

وہ ہمت کیے رخ کر گیا

احان کتنی کالز کی تمہیں۔۔"

سانیہ کی اپنے پیچھے آواز سے وہ رخ موڑ گیا تھا

مما پتہ نہی چلا۔۔"وہ سکوت پاتے ہوسپیٹل رومز کا جائزہ لینے لگا

پتہ رکھنا تھا پچھلے آدھے گھنٹے سے کوئی مسلسل اپنے باپ کا انتظار کر رہا ہے"

اور بابا جانے کہاں غائب ہیں"

Posted on Kitab Nagri

وہ اچانک بول گئیں

مما اندازہ نہی۔۔"

ایک منٹ ک۔ کیا کہا آپ نے" وہ بری طرح چونکا تھا

وہی جو تم سمجھ گئے ہو۔۔" وہ مسکراتے اس کی پیشانی چوم گئیں تھیں

یا اللہ مما آپ سچ۔۔" وہ خود پر ضبط کرتے انہیں زور سے گلے لگاتے اپنی کیفیت پر دل تھام گیا تھا

مبارک ہو میری جان" وہ مسکراتے اس کی خوشی پر اس کا کندھا تھپک گئیں

آپ کو بھی۔۔" وہ نمی خود میں اتارتے مسکرانے لگا تھا

Posted on Kitab Nagri

بیٹے سے تو مل لو پھر خوشی کا اظہار بھی کر لینا "

بیٹا۔۔وہ زیر لب دہرا گیا

نائمہ اس کے سامنے کمبل میں لپٹا نازک سا وجود سامنے لائی تھیں

وہ شکن زدہ کپڑوں میں تھا لمحوں میں اپنی ساری تھکاوٹ وہ منظر دیکھتے زائل ہوتی لگی

اس کی جانب نائمہ نے مسکراتے قدم بڑھائے تھے

کانپتے ہاتھوں سے وہ اس کو گود میں لے گیا اس کا چہرا دیکھتے بے یقین سا اس کے نقش نرمی سے چھونے لگا

اس کی ننھی سی انگلی کھولتے اپنے ہاتھ میں تھام گیا تھا

اس لمحے آنسو کا قطرہ اس ننھے وجود کے چہرے پر گرتے وہ کسمساتے مسکرا گیا

احان کی مسکراہٹ کچھ سوچتے گہری ہوئی

میں اسے پہلے دیکھوں گی۔۔"اس کی سرگوشی قریب ہوئی تھی

Posted on Kitab Nagri

میری جان یہ اعزاز بھی آپ کی پاگل مما کی جگہ بابا کو حاصل ہوا ہے"

وہ اس کے گلابی گال پر جھکتے لب رکھ گیا کے خاموشی میں اس نے اچانک رونا شروع کر دیا تھا

آہ میرے شہزادے بس ماں کو پاگل کہنا برداشت نہی ہوا۔۔"

وہ جھلانے لگا مگر اس کی باریک روتی آواز مزید تیز ہو گئ تھی

احان مجھے دو اسے بھوک لگی ہے۔۔"

سانیہ کے حوالے کیے وہ اسے تو بھول ہی گیا تھا جب وہ بے چینی سے دریافت کرنے لگا

مما ریحہ کیسی ہے؟ وہ اس کی جانب دیکھتے بولیں

ریحہ ابھی کچھ دیر میں روم میں شفٹ ہو گی"

Posted on Kitab Nagri

سکندر اور وہاج اس لمحے ہوسپیٹل آ گئے تھے

ازان اس کے کان میں وہ خود دینے کے بعد

پوری وارڈ میں مٹھائی بانٹتے اپنی خوشی کا اظہار کیے وہ اب اس سے ملنے کو منتظر تھا جو اسے اس خوشی سے آشنا کرا گئ تھی

چند لمحوں بعد ڈاکٹر کی اجازت سے وہ اس کے روم میں داخل ہوئے

وہ داوئیوں کے زیر اثر ابھی بے ہوش تھی

جب اپنی پیشانی پر شدت بھرا لمس محسوس کیے وہ اسے محسوس کرنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حان۔۔ "

حان کی جان۔۔"

اپنے لمس کی آشنائ پر اس کی سرگوشی میں ڈھلتی آواز سے وہ دوبارہ بولتے جھکا

وہ اس کی پیشانی پر مسکراتے پھر سے لب رکھے پیچھے آتی چاپ اور آوازوں سے اس کے بیڈ سے پیچھے ہوا تھا

Posted on Kitab Nagri

ریحہ۔۔ "

نائمہ کی پکار سے وہ مندھی آنکھیں کھولنے لگی تھی

مما میرا۔۔"

لاشعوری سی کیفیت میں بے ساختہ اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھتے پوچھنے کی سعی میں تھی

بیٹا ہے "

سانیہ اس کے قریب لائی تھیں احان کے کہنے سے اس نے کبھی بھی پہلے چیک اپ ہی نہی کروایا تھا بیٹا ہے یا بیٹی بحرحال ریحہ کی تکرار بیٹے پر ہوتی تھی

اور اس کا جواب پتہ نہی تم عورتیں خود عورت ہو کر بھی پہلی اولاد بیٹا ہی کیوں چاہتی ہو

Posted on Kitab Nagri

اور ریحہ کا جواب میں کوئی فرق کرنے والی ماں نہی ہوں پر اب تو میں نے نام بے بی بوائے کا ڈیسائیڈ کر لیا ہے اب بے بی کی چینجینگ نہی ہو سکتی

وہ خیالات سی نکلی جب نائمہ اس کی گود میں تھماتی کے وہ سمٹی سی تھی

مما میں کیسے پکڑوں "

وہ نم آنکھیں لیے دھندلی پڑتی نظروں سے منظر نظروں میں اتار رہی تھی

ایسے میری جان میں بتاتی ہوں پکڑو اسے "

تمہیں ہی سنبھالنا ہے وہ اس کے سر کے نیچے ہاتھ رکھواتے اسے سمجھانے لگی

وہ چھوٹے سے ہاتھ کا انگوٹھا منہ میں لیے تھا

مما یہ کتنا پیارا ہے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ نم آنکھوں سے گلابی رنگت لیے چہرے کو دیکھنے لگی تھی اس کے بال بھورے سے تھے بے ساختہ اس کا باپ یاد آیا تھا وہ سامنے دیکھنے لگی جو وہاج سے مسکراتے باتوں میں مصروف تھا۔۔

مما آپ پاس رہیں۔۔" وہ اس کو چھونے سے بھی ڈر رہی تھی جب نائمہ نے اس کی حرکت پر تکیہ اس کے پیچھے درست کیے مسکرانے پر اکتفا کیا تھا

اس پرسکون لمحے کے لیے کتنی تکلیف سہی تھی وہ گہرا سانس کھینچتے اس کی سرخ و سفید چھوٹی سی پیشانی چہرا اور ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے نرمی سے چومنے لگی تھی

میری جان تو آج سہی سے سمجھدار سی ہو گئی ہے "

ریحہ نے ماں بننے کی ترقی کرلی ہے

بی جان کی آواز سے وہ ثانیہ کے سہارے کراون سے ٹیک لگاتے گود میں تھامے اپنے وجود کے حصے کو دیکھتے نم آنکھوں سے اسے قریب محسوس کیے مسکرا گئی تھی

اسے ڈیلیوری کے دوران ہی پتہ چل گیا تھا پھر بھی ایک خدشہ سا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

وہ سرخ سی اس کو ڈھونڈنے لگی جو سامنے دیوار سے ٹیک لگائے مسکراتی نظریں اس کی ہر حرکت پر گاڑے اس کی جانب فلائینگ کس اچھال چکا تھا

وہ سٹپٹاتی نظریں موڑ گئ

اس کا نام کیا رکھنا ہے "سانیہ نے اسے گود میں لیتے پیار کرتے پوچھا

اس کا نام ریحہ رکھے گی "اس کی موجودگی اپنے ساتھ محسوس کیے وہ مزید چہرا جھکا گئ تھی وہ جانتا تھا وہی اس کا نام رکھنا چاہتی ہے اور وہ یہ اختیار بھی اسے دینا چاہتا تھا جس نے اتنی تکلیف اسے دنیا میں لانے کے لیے اٹھاے تھی

ریحہ کیا نام رکھنا ہے "

بی جان نے مسکراتے پوچھا

وہ اس کی جانب رخ کر گئ تھی جو مسکراتے سر ہلا گیا

Posted on Kitab Nagri

ارحان۔۔"وہ کچھ توقف کے بعد بولی

ارحان بہت پیارا نام ہے۔۔"احان سے ملتا جلتا ابھی وہ بول ہی رہے تھے ازہان کی ویڈیو کال آنے لگی تھی

مجھ سے زیادہ اب آپ جونیر احان کو پیار کریں گی"

وہ سانیہ کی گود میں موجود بچے کو دیکھتے اپنی تکلیف دبائے خفگی بھرے لہجے میں بول گیا

یہ تو ہے۔۔"سانیہ اسے چوم گئ تھی جو نیند میں بار بار وقفے وقفے سے پیار کی برسات ہونے پر ہڑبڑا سا جاتا

وہ سب اس جانب متوجہ تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یو کمپلیٹیڈ می۔۔ "

وہ اس کا ہاتھ تھامتے سرگوشی میں بول گیا اس لمحے سب کی موجودگی میں وہ سرخ چہرا جھکا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

آج نہی آپ کو آفس جانا۔۔"وہ یاد آتے خفا چہرا موڑ گئ تھی

آج تو ابھی میرا بیٹا آیا ہے۔۔ "

وہ اس کا ڈرپ لگا سوجھا ہاتھ تھامتے اس کی پشت پر اپنے لب رکھ گیا تھا

احان۔۔"وہ سب کی موجودگی میں گڑبڑاتے ہاتھ کھینچ گئ

حان کی جان سے سہی سے تھینکس بھی نہی کر سکتا۔۔ "

چلو ادھار رہا۔۔"

وہ سب کی موجودگی کی وجہ سے مزید سرخ سی ہوتے اس سے نظریں چرانے لگی تھی

ارحان کیوں نام رکھا تم نے کبھی مجھے بتایا بھی نہی۔۔"وہ کچھ سوچتے پوچھنے لگا۔۔

Posted on Kitab Nagri

میں نے خاصا سوچا تھا یہ نام لیکن آپ کو اس لیے نہی بتایا اگر بیٹی ہوتی تو اسی لیے میں نے اپنے دل میں چھپائے رکھا

وہ ہم دونوں کے ناموں کا مکسچر ہے ار میرے نام کی شروعات اور حان آپ پر ختم۔۔ "

نور۔۔"وہ ناشتے کی ٹیبل پر اسے بلا گئے

جی بابا۔۔"

بیٹے اتنی آنکھیں کیوں سرخ ہوئی ہیں۔۔"

رات کو ٹھیک سے سوئی نہی

وہ اس کی ناشتے کی پلیٹ ویسے ہی پڑی دیکھ رہے تھے

بابا ئی بس یونہی۔۔"

Posted on Kitab Nagri

اب وہ کیا بتاتی جگہ بدلنے کی وجہ سے اسے اپنے اتنے سال گزارے گھر میں بھی نیند نہی آئ تھی وہ اپنی کیفیت پر مضطرب تھی

اچھا غازیان کی کوئ خیر خیریت کی کال نہی آئ۔۔"

وہ بات ختم کرتے بولے۔۔

وہ لیٹ پہنچے ہوں گے۔۔"اسی لیے شائد نہی کی

میں لیٹ ہو رہی ہوں۔'

وہ کچھ سوچتے پلٹی تھی

ہمم کہو۔"وہ اس کے بولنے سے پہلے مسکراتے بولے

میں پروپر ڈرائیونگ سیکھنا چاہتی ہوں تو۔۔"

تاکہ ٹائمنگ کا مسلہ آپ کو بھی نہ ہو"وہ کچھ توقف کے بعد بولی

Posted on Kitab Nagri

تواس کی اجازت تم غازیان سے لو۔۔"وہ کچھ سوچتے بولے

وہ تو چاہتے تھے میں ہی نہی سیکھ رہی تھی"وہ افسردہ ہو گئ وہ بلکل اس پر ڈپینڈ کرنے لگی تھی لیکن وہ شائد ایسا نہی چاہتا تھا اسے لیے اسے اس کے حال پر چھوڑ گیا

نور پردے نہی ہٹاو۔۔"وہ تیز آنکھوں میں چھبتی روشنی سے بولا

نور۔۔"وہ کسمساتے کروٹ لیتے اسے ڈھونڈتا کے کمرے میں خود کو بستر پر تنہا پایا

رات تین بجے کے قریب وہ پہنچا تھا اور بے خبری کی نیند میں ایسا سویا کے اب آٹھ بجے آنکھ لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

شٹ اسے کال بھی نہی کر سکا وہ فلحال گھر الاٹ ہونے تک اپنے انڈر ٹرینگ والے نارمل سرونٹ کوارٹرز میں ہی ٹھہرا تھا

خود کا عادی بنا دیا ہے "

فون ٹٹولتے ٹائم دیکھا جو نو بج گئے تھے

وال کلاک غلط ٹائم شو کر رہی تھی

وہ کالج ہو گی لیکچر میں۔۔ "

فون بعد کرنے کا فیصلہ کیے وہ جوائینگ کی تیاری کرنے لگا۔۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ سب کیا ہے۔۔ "

ابھی ڈسٹرکٹ آفیسرز سے ملتے وہ سیدھا اپنے آفس میں آیا تھا جہاں پھولوں کے مختلف بکے دیکھتے وہ پیچھے کھڑے اپنے انڈر محکمے کے تین چار لوگوں سے پوچھنے لگا

Posted on Kitab Nagri

سر ویلکم آپ کا۔۔"کانسٹیبل چہکتے قریب آیا تھا

اور ان کو کس دوکان سے صبح صبح چونا لگا گے لے کر آئے ہو"

وہ گڑبڑا گیا تھا

نہی سر یہ تو لوگوں کو پیار ہے آپ سے "وہ اس کی چئیر کھسکھاتے بولا

اچھا ایک دن میں مجھ سے پیار بھی ہو گیا۔۔"

ملنا چاہوں گا ایسے لوگوں سے جو پھولوں کی دوکان میرے آفس کو بنا گئے"

وہ تیکھے لہجے میں بولتے ٹیبل سے پھولوں کی پیتاں ہٹاتے فائلز دیکھنے لگا

وہ سر۔۔"وہ گڑبڑایا یہ سب تو وہ دھمکا کر لے آئے تھے

Posted on Kitab Nagri

سب پتہ ہے مجھے یہ سب ویسٹ ہونے سے پہلے دے کر آو کام آجائیں گے کسی کے جنازے میں۔۔"وہ بے اعتنائی برتتے بولا

استغفار سر۔۔"وہ تو اس کو دیکھتے حیرت زدہ سا تھا

سر دراصل لوگ آپ کی آمد سے خوش ہیں لوگوں کو آپ اچھے لگے ہیں اور ہمیں بھی۔۔"

وہ بتیسی نمایاں کرتے بولا

لیکن میں بلکل اچھا نہی ہوں تم مجھے خامخاں کا مکھن نہ لگاو"

وہ فائیل سے سرسری نظر اٹھاتے بولا

آئیندہ ایسی کوئی حرکت نہی چاہیے مجھے اپنے آفس میں "

وہ اس کو ایمپریس کرتا اپنا سامنہ لے کر رہ گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ مسلسل آدھے گھنٹے سے کپڑوں کی سلیکشن میں مصروف تھی لیکن دماغ کے اکورڈنگ کچھ مل ہی نہی رہا تھا

مما بھی نہ یہ تارے موتیوں والے کپڑے سلیکٹ کرنا واقعی ایک مشکل کام ہے بانسبت کوئی بھی رنگ کی ٹی شرٹ لو اور کوئی بھی جینز لیکن یہاں تو ٹراوز کی میچنگ علیحدہ دوپٹے کا رولہ وکھرا"

بلیک اور وائیٹ۔۔"

ہمم نہی کچھ اور۔۔"وہ جھنجھلاتے میچنگ میں کنفیوز تھی

بلیک کے ساتھ ریڈ کا کمبینیشن اچھا لگتا ہے۔۔"

نہی بلیک اور گرے بھی ڈیسینٹ ہی لگتا

وہ ریکس میں لگے ہینگرز پر شرٹس دیکھ رہی تھی اپنے پیچھے سی آتی آواز پر لاشعوری میں بولی تھی

Posted on Kitab Nagri

یو شوڈ چیک دس اچھا میچ ہے" وہ ایک شرٹ نکالتے سامنے آتے تھما گیا تھا وہ ایک دم اس کی موجودگی سے حیرت زدہ سی تھی

تم ایسا کیسے کر سکتے ہو"

مطلب حد ہو گئ ہے اب تو۔۔" وہ کچھ سوچتے غصے سے بولتے روبرو ہو گئ تھی

کیا مطلب ہے اس کا میں سمجھا نہی "

وہ حیران ہو گیا تھا صاف رنگت کی حامل لڑکی کو مہرون چیک شرٹ اور بلیو جینز میں بالوں کو اونچا سا رفلی جوڑے میں باندھے بے ساختہ وہ جھرجھری لے گیا اسے اتنی سردی میں بغیر سوئیٹر اور جرسی کے دیکھتے جب کے خود وہ گرے ہائی نیک اور بلیک جینز پر بلیک ہی جیکٹ پر مفرل بھی لپیٹے تھا

تم مجھے مسلسل سٹوک کر رہے ہو" اس کی چھبتی آواز سے وہ ہوش میں آیا

Posted on Kitab Nagri

غالباً مس آئرہ یہ شاپنگ مال ہے جہاں ہر بندے کو شاپنگ کا حق حاصل ہے"

وہ دوبدو جواب دے گیا تھا

گرلز کاونٹر پر۔۔"وہ طنزیہ بولی

کیوں میری ماں بہن نہی ہے جن کے لیے میں نہی کر سکتا۔۔"

وہ اب شدید اس کی بات پر حیران ہوا تھا مطلب اس کا دماغ کہاں پہنچ رہا تھا

ٹھیک ہے کرو لیکن میں نے مشورہ نہی مانگا۔۔"

I have my own dressing style

وہ ہینگر سمیت اس کی تھمائ شرٹ ریک میں لٹکا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

میں نے تو سجیشن دیا تھا لیکن آپ تو جانے کیا سمجھ گئیں

وہ بے نیازی سے کہتے اب زرا دور جاتے اپنے شرٹس دیکھنے لگا

نہی ایک منٹ سمجھنے سے کیا مراد ہے تمہاری" سیلز بوائے اچانک متوجہ ہو گیا تھا اس کی تیز آواز سے

میم اپنی پرابلم۔۔ "

یس یہ لڑکا مجھے مسلسل کانفرنس روم سے لیکر سٹوک۔۔ "

نتھنگ آپ کام کریں میں دیکھ لوں گا یہ تھوڑی اپ سیٹ ہیں"

آپ دھیان نہی دیں شاپنگ نہی کرائ تو ایسے ری ایکٹ کر رہی ہیں۔۔ "

وہ ششدر سی کچھ بولتی کے اس کی بازو کھینچتے قدرے پرے کپڑوں کی بھرمار لیے ریک کے قریب لے گیا تھا

واٹ کیا تھا یہ اب مجھے یقین ہو گیا تمہارا آفر دینا اور یہ۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے ہونٹوں پر ہاتھ جما گیا تھا

چپ ایک دم چپ۔۔ "

وہ آنکھیں دکھا گیا

جانتی ہیں ابھی سکیورٹی مجھے باہر نکال دیتی میں آپ کو کہاں سٹاک کر رہا ہوں

یہاں سے جاتے گھر والوں کے لیے کچھ شاپنگ کرنا چاہتا تھا

آج صبح مجھے میرے بھتیجے کی خوشخبری ملی ہے

میں صرف اپنے نیو بورن بھتیجے کی کچھ شاپنگ کرنے آیا تھا بے بی ریکس ڈھونڈتے مجھے آپ نظر آئی ڈیٹس اٹ آئرہ۔۔"

اب آپ کچھ بولیں گی نہی گلٹ فیل کر رہی ہیں۔۔"

وہ آنکھیں پھیلاتے اس کے ہاتھ کے جانب اشارہ کر گئی جو اس کے منہ پر جمائے تھا

او سوری۔۔"وہ فوری ہٹاتے خجل سا ہو گیا

Posted on Kitab Nagri

ہٹو پیچھے کل جیسے ڈاریکٹ تم نے ڈیلینگ کی بات کی تھی نہ وہ بے مروتی دیکھتے میں کچھ بھی سوچ سکتی تھی

وہ لب دبا گیا تھا جب وہ پلٹی تھی

اور ویسے بھی اس مال میں بے بیز کاونٹر تھرڈ فلور پر ہے۔۔ "

اوکے تھینکیو۔۔"وہ سر ہلا گیا

ایکسکیوز می۔۔"وہ جھجکتے دوبارہ مخاطب کر گیا تھا

ہیلپ کر دیں گی۔۔"

وہ گہرا سانس کھینچ گئی تھی دل تو چاہ رہا تھا کہہ دے کس خوشی میں بحرحال وہ سر ہلا گئی

پنک۔۔"

نو بے بی بوائے ہے بلیو اچھا لگتا ہے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

ازہان نے تیسرا اس کا سلیکٹ کردو ڈریس بھی رد کیا تھا

خاصا تجربہ ہے آپ کو۔۔"اس کی بات پر تاریک سا سایہ لہرایا تھا وہ تکلیف دبانے لگا آج اس کا بچہ ارحان سے کچھ ماہ بڑا ہوتا اس کی مسلسل چلتی زبان سے وہ بس سر ہلا رہا تھا

وہ چھوٹا بچہ ہے اور یہ عجیب ہی کونسیپٹ ہے جبکہ کتنے کیوٹ ہوتے ہیں نہ چھوٹے بچے ان پر ہر رنگ بلکہ گلابی سے تو ہوتے ہیں گلابی کتنا زیادہ پیارا لگتا ہے

وہ مسکراتے بولی تھی

ایکچولی مجھے آپ سے ایک بات بھی پوچھنی تھی۔۔"

لیکن میری طرف سے انکار ہے اسی لیے میں کسی کی مدد نہی کرتی ہٹو پیچھے"

اس کی ایکسرے کرتی نظروں سے الجھتی وہ اب پرے ہوئ تھی

Posted on Kitab Nagri

آپ غلط رنگ کیوں دیتی ہیں سن تو لیں۔۔"ازہان نے قدم موڑتے اس کے سامنے جاتے رکا

کیونکہ مجھے تمہاری ڈیل منظور نہی ہے۔۔"

اف۔۔ازہان سر پر ہاتھ مار گیا

مجھے ڈیل کی بات نہی کرنی۔۔"

تو پھر۔۔؟وہ حیرانی کم کر گئ تھی

یار آپ۔۔ "

یونیورسٹی کی زبان نہ اپنے بوائے فرینڈز تک ہی محدود رکھو میرے ساتھ نہی بڑی ہوں سسٹر آپی کہہ سکتے ہو"

وہ انگلی سے وارن کر گئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اف آپ کتنا بولتی ہیں بہن جی میری بات تو سن لیں" وہ تپ گیا تھا

بہن جی مطلب میں تمہیں کہاں سے بہن جی لگتی ہوں۔۔" وہ صدمے میں اپنا حلیہ چھوٹے ریکس کے نصب شیشے میں دیکھنے لگی

خود ہی تو کہا تھا ابھی۔۔" وہ مٹھی بھینچ گیا

میں نے آپی یا سسٹر کا کہا ہے بہن جی نہیں"

میں صرف یہ کہہ رہا تھا میرے ایکسیڈینٹ والے

دن آپ نے میری مدد کی میری جان پر قرض ہے آپ کا۔۔"

مجھے پتہ چلا تھا ایک لڑکی نے مجھے ہوسپیٹل تک پہنچایا تھا کل جب آپ نے مجھ سے کہا آپ کو ٹھیک دیکھ کر خوشی ہوئی مجھے ایک شبیہ سی دماغ پر لہراتی محسوس ہوئی تھی

وہ درمیان میں اچک گئی

Posted on Kitab Nagri

ایک زمیدار شہری کا ثبوت تھا وہ بس۔۔ "

جو کئی لوگوں کی جگہ آپ نے ادا کیا لیکن صرف ایک چیز جب میں اس لمحے میں گیا تھا میں نے سوچا تھا میں بغیر اپنی زندگی میں مجھ سے سرزرد ہونے والے گناہوں کی معافی مانگے بغیر اس دنیا سے رخصت ہو جاوں گا "

لیکن آپ کی وجہ سے اس ٹائم یہاں موجود ہوں۔۔ "

سو تھینکیو مس آئرہ فیاض میں نہی جانتا تھا وہ لڑکی آپ ہیں آپ سے ملکر مجھے آپ کا شکریہ کرنے کا موقع ملا ہے "

کیا آپ کی آکسیجین کے پیسے میں اللہ کو پے کر رہی ہوں۔۔" وہ سنجید گی سی بولی

جی۔۔ "

کیا کیا مطلب۔۔" وہ تاسف زدہ ہوا

Posted on Kitab Nagri

میرا مطلب ہے اللہ سے شکریہ ادا کریں آپ کو سانسیں دینے والے وہ ہیں "

وہ اس کو دیکھتے سنجیدگی سے بولی

وسیلہ تو آپ تھیں نہ ویسے بھی کسی نہ کہا تھا بچوں میں مینرز نہی ہیں وہ سمجھتے کچھ یاد آتے لبوں پر مچلتی مسکراہٹ دباتے بولا

وہ اس کی لاہور میں شاپنگ مال کی ملاقات کا حوالہ دینے پر تیزی سی بولی

آپ کی شاپنگ ہو گئ تو میں چلتی ہوں۔۔ "

رکیں ساتھ میں چلتے ہیں کیا آپ کچھ ٹام انتظار کر سکتی ہیں۔۔"

لیکن میں کیوں۔۔؟ وہ دانت پیستی بولتی کے تیزی سے نظروں سے اوجھل ہو گیا تھا

وہ چند لمحوں بعد کاونٹر کی جانب پے کرتے شاپنگ بیگ تھامتے اس کے ساتھ آیا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ مال سے اکھٹے نکلے تھے

ملکر اچھا لگا۔۔"ازہان کی بات پر وہ دوبدو بولی

ویل ازہان آپ سے بھی یہ ایک اچھی ملاقات تھی۔۔ "

ازہان نے مسکرانے پر اکتفا کیا تھا

وہ باہر نکلتے پارکنگ میں اب سردی محسوس کررہی تھی جلد سے جلد وہ گاڑی تک پہنچتی کے اس کی آواز سے دوبارہ پلٹی تھی

آئرہ۔۔"

جی۔۔"وہ کندھے ہاتھوں سے مسلتے پلٹی

یہ آپ کے لیے ہو سکے تو اس کا استعمال آپ ابھی کر سکتی ہیں ضرورت ہے اس کی ابھی۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ ایک شاپنگ بیگ اس کی جانب بڑھا گیا تھا

میں کیوں رکھوں۔۔"وہ خشمگیں نظروں سے اب گھورنے لگی تھی

یو ریئلی نیڈ دس سمجھ لیں میری دو بار مدد کا فیور ہے"

مزید میں کچھ نہی کہوں گا۔۔"

ٹیکسی۔۔"

وہ تب تک ٹیکسی لے چکا تھا

وہ بیگ تھامے تھی جب اپنے سامنے گاڑی رکتی محسوس ہوئ۔۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیٹھو۔ "

وہ منہ کھولے تھی

Posted on Kitab Nagri

میں نے کہا بیٹھو۔۔"اب اس کی آواز مزید تیز تھی

بیک سیٹ پر بیٹھے اسے دیکھتے لب ہلائے تھے

میری گاڑی کھڑی تھی۔۔ "

وہ اس کی موجودگی کا یقین کر رہی تھی فرنٹ سیٹ پر فارمل ڈریس میں اس کا گارڈ تھا جبکہ خود وہ بیک سیٹ پر تھا

کیا کر رہی تھی اس شخص کے ساتھ۔۔ "

وہ شاپنگ بیگ مٹھی میں بھینچ گئی

یہ سوال میرا ہونا چاہیے کب سے ہو تم یہاں۔۔"

وہ چہرا اس کی جانب موڑ گئی تھی

کل پوسٹنگ ہوئی میری یہاں۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

واٹ۔۔؟وہ چلائی تھی

آہستہ۔۔"گارڈ فرنٹ مرر سے انہیں دیکھنے لگا

سوری۔"وہ انگلی ہونٹوں پر رکھ گئی

اس شخص کے ساتھ کیا کر رہی تھی۔۔"وہ اپنا سوال دوبارہ دہرانے لگا

ڈیڈ نے ہوٹلز میں شیئرز لیے ہیں پارٹنر ہے۔۔"

اب تم بتاؤ گھر کیوں نہی آئے مانی کو پتہ چلا تو یہاں ہو۔۔"

وہ ایک ساتھ سوال کر گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

پہلی بات کا جواب دو پاٹنر تھا تو شاپنگ مال میں کیا کر رہی تھی۔۔ "

ڈونٹ سے تم بھی مجھے سٹوک کر رہے تھے"

وہ مسکراتے بولی

شٹ اپ اس کے ساتھ آئیندہ نہ دیکھوں میں تمہیں۔۔ "

وہ سخت لہجے میں بولا

ایسا کیا ہے غازی۔۔؟ہی از آنائیس مین۔۔ "

وہ چند ملاقاتوں میں لگائے گئے اندازے کے مطابق بول گی تھی

ایک لڑکی سے چھپ کے نکاح کیے ہوئے ہے۔۔ "

وہ احان کی فلیٹ کی ملاقات یاد کرتے بولا

Posted on Kitab Nagri

نکاح ہی کیا تھا کوئی جرم تو نہی "

غازیان گھور گیا تھا

او آئی سی اسی لیے جھوٹ بولا اپنے بچے کی شاپنگ مجھ سے کروا رہا تھا"

وہ بڑبڑائی تھی

تم گھر کیوں نہی آئے اور نور۔۔"

وہ کافی شوپ پر تھے جب وہ اس سے پوچھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آئرہ میں ابھی سیٹل ہو جاوں ایک تو دن تک سول لائن میں گھر الاٹ ہو جائے گا مجھے۔۔"

پھر مما کو وہی شفٹ کر رہا ہوں ابھی یہاں سیٹل ڈاون ہونے میں ٹائم لگے گا تم سے بھی ملاقات اسی لیے کی تمہیں اس کے ساتھ دیکھ کر۔۔ "

فلحال مما کو نہی پتہ چلے میں اسلام آباد ہوں۔۔"

ان سب میں اچانک کوفی اس کے کپڑوں پر چھلکی تھی

Posted on Kitab Nagri

میں صاف کر کے آیا۔۔" وہ مزید سوال پوچھتی کے اس کو اٹھتے دیکھ خاموشی سے سپ بھرنے لگی

وہ کالز لوگز چیک کرتے مایوس ہونے لگی

نور ایک کال کر لو

وہ مجھے بتا نہی سکتا میں پہنچ گیا ہوں۔۔"

وہ دلیلیں دینے لگی

نور تم بھی تو بیوی ہو

آہ ایگو بھی کوئی چیز ہے "

پر اس کے آگے۔۔ "

وہ ناخن چھباتے سوچنے لگی

Posted on Kitab Nagri

وہ بلنک ہوتے فون کی جانب متوجہ ہو گئ تھی وہ مسکراتے اس کا فون اٹھا گئ تھی

ہیلو سوئیٹ ہارٹ کیسی ہو۔۔ "

وہ فون کان سے ہٹائے سمجھنے لگی

کون یہ غازیان کا نمبر۔۔"وہ نمبر غور کرنے لگی

یس غازیان کا ہی نمبر ہے ایسے ری ایکٹ کیوں کر رہی ہو

Posted on Kitab Nagri

وہ فون دیکھنے لگی تھی جو وہ کوئی بات کہے سنے بغیر بند کر چکی تھی

کیا ہوا میرے فون کے ساتھ کیا کر رہی ہو"

غازیان واپس جب آیا تو آئرہ کے ہاتھ میں اپنا فون دیکھتے دریافت کرنے لگا تھا

پتہ نہی نور نے کال کی تمہیں یہ نور کا ہی نمبر ہے نہ۔۔"

وہ کپ سائیڈ پر کرتے حیرت زدہ سی بند سکرین کی جانب دیکھتے پوچھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نور کی کال تھی شٹ آج کے بزی سیکجویل میں اس سے بات کرنا ہی بھول گیا۔۔"

وہ کالز لاگز میں اس کی کال ہی دیکھتے افسردہ سا ہوا تھا

چلو تمہیں ڈراپ کر دوں۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ شام میں سکون سے کال کرنے کا سوچتے اپنی کیز ٹیبل سے اٹھانے لگا

لیکن آئرہ کو فکر کھانے لگی شائد نور کو اس کا فون اٹھانا نا گوار گزرا تھا پر وہ خاموشی سے وہ شاپنگ بیگ تھامتے مضطرب سی اٹھ گئ

نور کیا ہوا یہاں کیوں ایسے بیٹھی ہو۔۔"

وہ اچانک سے چکراتے سر سے بیٹھی سن سی تھی زبیر اس کا زرد پڑتا چہرا دیکھنے لگے تھے باہر شام کے سائے گہرے ہو رہے تھے اندر لاونج میں اس کا دل سورج کی طرح ڈوب رہا تھا

کچھ نہی بابا۔۔"وہ فون کی تاریک سکرین دیکھتے آنسو پینے لگی تھی

آج میں کچھ پوچھوں تم سے سہی جواب دینا۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ اپنی ماں کی کمی اس لمحے شدت سے محسوس کر رہی تھی

جی بابا۔۔"وہ صوفے سے زرا سا کھسکتے ان کے کندھے پر سر رکھتے اپنے جلتے دل کو سکون پانے کو آنکھیں موند گئ تھی

غازیان کی ماں کا رویہ کیسا ہوتا ہے تمہارے ساتھ۔۔"

کبھی تمہیں ان کا زکر کرتے نہی سنا نہ کبھی فون پر تمہارا حال چال پوچھا

نہ کبھی بھی تم نے ان کے رویے کے بارے میں بتایا"

غازیان کے ساتھ تم خوش ہو اس کا اندازہ میں اس کے تم سے دور ہونے پر دیکھ رہا ہوں۔۔"

لیکن اس کی ماں کا رویہ کیسا ہے تمہارے ساتھ

وہ دھیرے دھیرے سوال کرنے لگے تھے

بابا سب اچھے ہیں پر میں اچھی نہی ہوں۔۔"وہ ازیت محسوس کیے یک دم ہی بول گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

کس نے کہاہے حالہ نور بہت اچھی ہے میری بیٹی دنیا کی سب سے اچھی بیٹی ہے "

خود کے بارے میں آئیندہ نہی ایسا کہنا بابا کی آنکھوں کے نور۔۔"

وہ آنسو ضبط کرتے اس کو اپنے کندھے پر سر رکھے دیکھنے لگے تھے

بابا کیونکہ میں آپکی بیٹی ہوں اس لیے آپ کو اچھی لگتی ہوں لیکن غازیان کی مما حقیقی دنیا میں رہنے والی انسان ہیں۔۔"

وہ پلک جھپکتی تو آنسو کناروں پر ٹھہرتے

کیا غازیان کی مما۔۔"وہ چونکے تھے

ک۔۔کچھ نہی۔۔"وہ ان کے کندھے سے سر ہٹائے سیدھی ہو گئ تھی

غازیان کی مما کیا نور کیا آپ کی شادی کر کے میں نے واقعی ہی بیٹی کو پرایا کر دیا کے وہ مجھ سے اپنے دل کی باتیں چھپانے لگے۔۔"وہ صدمے میں ہوئے وہ اس کی دل کی باتیں ہی نہی جان پائے تھے

Posted on Kitab Nagri

نہی بابا ہرگز نہی نور لوز یو مور۔۔"وہ ان کا نحیف ہاتھ تھامتے نفی کرنے لگی تھی

بابا میں نے تو نہی کہا تھا میرے ساتھ یہ سب ہو پر میرے ساتھ ہی کیوں ہوا۔۔"ان کے ہاتھوں پر سر ٹکا گئ تھی دانستہ کتنے عرصے بعد یہ بات دہراتے وہ ان کا دل پھر سے پرانے زخموں سے آشنا کرا گئ تھی

اب مجھے اگلی زندگی میں بھی کیوں سکون نہی مل رہا

بابا اس کی ماں کو میں کبھی اچھی نہی لگتی ان کے نزدیک میرا وجود بے معنی ہے۔۔"

وہ تیزی سے رونے لگی تھی زبیر مٹھی بھینچ گئے تھے

نور تمہارے ساتھ جو شخص موجود ہے نہ اس کے ہوتے مجھے فکر نہی ہوتی

وہ شخص مجھے قائل کر گیا تھا تم سے شادی کو وہ شخص تمہارے دشمنوں کو سزا خود دلا گیا بدلے میں اس کی جوب خطرے میں آئ وہ ایک ماہ حراست میں رہا۔۔"

Posted on Kitab Nagri

میر سبطین ابھی بھی اس کے پیچھے پڑا ہے اس مردود شخص کی خاموشی سے حمدان کو ہی نہی مجھے بھی خوف آتا ہے اس کی ٹرانسفر میں تو اس کا ہاتھ تب ہی تھا لیکن اس کے بعد اپنے اس اکلوتے شطان صفت بیٹے کو کھونے کے بعد وہ ایک زخمی شیر بنا ہے جو کبھی بھی کہی سے وار کے لیے تیار بیٹھا ہے

لیکن غازیان ایک مضبوط شخصیت کا حامل ہے جس کے ہاتھ میں نے اپنی بیٹی کا ہاتھ دیا اور میں بس اس لیے پر سکون ہو جاتا ہوں کے ہالہ نور میرے بعد ایک مضبوط سائیباں کے حوالے ہے "

اسے ساتھ لگائے نرمی سے بتانے لگے تھے اس کی الجھن کو وہ یہی سمجھ رہے تھے وہ اس سے دور ہونے سے الجھی سی پریشان اور افسردہ ہے

میں مائیگریشن کی بات پرنسپل سے کرتا ہوں۔۔ "

سپلی والے سبجیکٹ کی تیاری کر کے پیپر یہاں دے دینا

سفارش کی بنا پر وہ لیٹر اشو کر دیں گے تاکہ اسلام آباد کے کسی بھی میڈیکل کالج میں تم انرول ہو جاو۔۔ "

وہ اس کے دل کی کیفیت کے مطابق بولے

اسلام آباد۔۔ "وہ اپنے باپ کے منہ سے بھی تصدیق ہونے پر اب ضبط کرنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

آپ جانتے تھے غازیان کی ٹرانسفر اسلام آباد ہوئی ہے "

وہ چند لمحے پہلے اپنی کی جانے والی کال پر آئرہ کے فون اٹھانے کی وجہ سے جو اپنا سکون برباد ہوتا محسوس کر رہی تھی اس تصدیق پر صدمے سے بولی

ہاں کیوں اس نے بتایا تو تھا۔۔"وہ اس کا حیران ہونا اتنا محسوس نہی کر پائے تھے

میں سونا چاہتی ہوں بابا بہت زیادہ سونا چاہتی ہوں۔۔"وہ صوفے سے اٹھتی عجیب لہجے میں بولی یہاں رہتی تو ضبط کھو دیتی فلحال وہ بہت سارا رونا بھی چاہتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نور ڈنر۔۔"وہ بغیر سنے ہی روم کی جانب چل دی تھی

روم لوکڈ کرتے وہ بستر پر گری تھی

Posted on Kitab Nagri

تواتر آنسو بہنے لگے تھے

غازیان میں ک۔کیسے بتاوں میں اس کو کھونے سے ڈرتی ہوں میں اکثر اپنی باتوں میں عجیب ہو جاتی ہوں وہ اپنی مما سے میرے لیے لڑ جاتا ہے بہت سی باتوں میں وہ اچھا ہے لیکن مجھے اپنی زات سے ہی نہی واقف کراتا"

وہ تکیے میں چہرا چھپائے اپنا ضبط آزمارہی تھی دل چاہ رہا تھا اس سے پوچھے

اگر مجھے محبت دیتے ہو میرا خیال بھی رکھتے ہو تو مجھ سے ہی کیوں اپنی باتیں چھپاتے ہو۔"

سمجھالیں اپنی اس بیٹی کو اپنی کرتوت درست رکھے ورنہ اس بار میں اسے علی سے بول کے گھر سے نکلوادوں گی "

اپنی بہو کی چیخ پکار پر وہ نفی کرتے روتی ہوئی اپنی بیٹی کو دیکھنے لگی تھی

مما میں نے کچھ نہی کیا مما مجھے نہی پتہ وہ کیوں آیا یہاں میں کیوں اسے بلاوں گی"

Posted on Kitab Nagri

مجھے نہی پتہ تھا وہ گھر آیا ہے"

وہ روتے بولی تھی

دانین کی ماں نے افسوس بھری نظر اپنی بیٹی پر ڈالی تھی جو سرخ آنکھوں سے اپنا جرم نہ ہونے کے باوجود مجرم بنی سامنے کھڑی تھی

اپنے حسن کے جلوے اور ادائیں نہ دکھاو تو مرد خامخاں کسی عورت کے پیچھے پاگل نہی ہوتے"

اور وہ تمہارے بچھائے جھانسے میں آئے ایسے ہی نہی آتے تمہاری خوبصورتی کے قصیدے پڑھتے تمہارے پیچھے پاگل ہوا پڑا

انعم دانین کی بھابھی زہر خند لہجے میں تمسخر بھری نظر اس کی سادگی میں بھی گرے رنگ پر بلیو شال شانوں پر پھیلائے خوبصورت نقوش والے چہرے پر نظر ڈالے بولی جو سادہ بھی کسی کو بھی گھائل کرنے کا ہنر رکھتی تھی

افسوس ایسے حسن کا جس سے اپنے شوہر کو تو لبھا نہ سکی وہ طنزیہ مسکراتی نظریں ڈالے سوچ گئ

وہ ناواقف تھی اس کی ازہان کی علیحدگی کی وجواہات سے اس کے سامنے تو یہ اور ہی دانین تھی اگر وہ اس کے ماضی سے واقف ہوتی تو مزید زندگی حرام کر دیتی

Posted on Kitab Nagri

غلطی نہ ہونے کے باوجود بھی وہ اس لمحے مجرم بنی کھڑی تھی

سمجھالیں اپنی بیٹی کو ساسو ماں اسے میں ہر گز اپنے بھائی پر ڈورے ڈالنے نہی دوں گی اس جیسی لڑکی کو تو کم از کم نہی"

جو اپنا گھر نہی بسا سکی

اس لمحے اسے لگا تھا پوری چھت اس پر آن گری ہے

جبکہ وہ اس کی سنے بغیر اس کے کمرے سے تنفر بھری نظر ڈالے نکلتی چلی گئ

کیا یہ میرا گھر ہے مما جہاں میں محفوظ نہی۔۔"وہ بستر پر بیٹھتے تکلیف زدہ سی بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دانین میں اس گھر میں سکون چاہتی ہوں کیوں تم اس کے بھائی کے سامنے گئ جب وہ آیا تھا تم کمرے میں نہی رہ سکتی تھی سمجھایا بھی تھا تمہیں کم از کم تم اپنی حسیت سمجھ جاو خدا را وہ تمہارے بھائی کے آگے بول گئ تو کیا عزت رہ جائے گی میری"

Posted on Kitab Nagri

تمہاری پہلی غلطیاں اسے ذہن نشین ہے کبھی تمہارا یقین نہی کرے گا کرے بھی کیوں تم نے کونسا ہماری عزت کا پاس رکھا تھا

وہ اس کے اجڑے حال کو دیکھتے بولی

میری غلطیاں تھیں میں اکیلی قصوار نہی تھی وہ بھی برابر کا شریک تھا پھر مجرم میں ہی کیوں وہ کیوں بری الزمان ہے۔۔۔"

وہ بال مٹھیوں میں لیتے بری طرح چلائی تھی

آہستہ دانین آہستہ انعم کو ابھی یہ راز نہی پتا خدارا اپنے ماضی کے کارنامے نہ دہرایا کرو جو عزت تم ہماری خاک میں ملا چکی تھی

جانتی ہو وہ بری الزمان کیوں ہے کیونکہ وہ مرد تھا لوگ مردوں کے گناہ نہانے کے بعد بھول جاتے ہیں لیکن عورت کی کوتاہیاں اس کی قبر تک ساتھ جاتی ہیں۔۔"

اس لمحے وہ شرمندگی کے درجے میں چلی گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

پھر بھی تم اس کے بھائی کی وجہ سے عزت سے رخصت ہو گئی تھی میں تو شکر ادا کرتے نہی تھکتی تھی دانین لیکن کیوں برباد کیا تم نے سب "

وہ تلخی سے اسے حقیت دکھانے لگی تھی

مما اب میں نے کچھ نہی کیا قسم کھا رہی ہوں میں کیچن میں کام ہی کر رہی تھی مجھے نہی پتہ وہ کب میرے پیچھے آیا اور مجھ سے بے ہودہ گفتگو کرنے لگا اور اچانک بھابھی آ گئی تھیں باخدا میرے دل میں کوئی ایسا خیال بھی نہی تھا"

وہ مٹھیاں بھینچتے یقین نہ کرنے پر دل چاہ رہا تھا خود کو کچھ کر جائے اس لمحے احساس ہوا تھا بے بنیاد الزام کتنا تکلیف دیتا ہے

آئی کانٹ بلیو مما یہ میرا گھر ہے آپ کو مجھ پر یقین نہی میں کیوں ایسی حرکت کروں گی۔۔"وہ تلخی سے دیکھتے بولی تھی

دانین لڑکی کی جب شادی ہو جائے نہ تو مائیکہ اس کے لیے پرایا ہی ہو جاتا ہے بھابیاں نہی برداشت کرتی دانین تم کیوں نہ سمجھ سکی کیوں اپنا گھر برباد کیا۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ مجھے لے جائے گا مما میں ابھی تو اس کے۔۔ "

ایک موہوم سی امید کے تحت وہ خواب کی سی کیفیت میں بولی تھی

بھول ہے تمہاری دانین تم نے جو حرکت کی نہ وہ نا قابل معافی تھی تمہاری ماں نے تمہیں رخصت کرتے نصحیت کی تھی عورت گھر بنانے والی ہو تو جھونپڑی میں بھی بنا لیتی ہے لیکن نہ بنانے والی ہو تو اپنے محل میں بھی اپنی خود غرضیوں سے آگ لگا لیتی ہے"

وہ اسے زندگی کا پس منظر سمجھانے لگی تھی

مما کیا میری غلطی اتنی تھی کے معافی کی کوئی راہ نہی نکلتی۔۔"

وہ ان کی گود میں سر رکھ گئ تھی آنسو تواتر آنکھوں کے کناروں کو گیلے کرنے لگے

گزشتہ سات ماہ کی زندگی کی تلخیاں دماغ پر ابھرنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

تم نے فرار کی راہ چھوڑی ہی نہی۔۔" وہ اس کے بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیرنے لگی تھی وہ تو اس کی ماں تھی نہ جو اپنی بیٹی کی تکلیف ہر دن کے ساتھ دیکھ رہی تھی انعم کو اس کا وجود یہاں ہرگز برداشت نہی تھا وہ تو بس اس کی تزلیل کے بہانے ڈھونڈتی اسے نکالنے کے درپہ تھی

دانین میں ازہان کو کبھی نہی بلاؤں گی خدارا مجھے میرے گھر والوں اور میرے شوہر کی نظر میں مجرم ثابت نہ کریں کے میں اپنی نظریں ان کے سامنے اٹھا ہی نہ سکوں

بے گناہ ہوتے بھی الزام لگنا کتنا ازیت ناک ہوتا ہے وہ گہرا سانس بھرتے کسی کے الفاظ اس کے دماغ میں گونجنے لگے تھے

مکافات عمل۔۔" وہ دکھتی آنکھیں بند کر گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فریش ہوتے وہ اس لمحے بستر پر نیم دراز تھا

سیل فون سے ہینڈ فری اٹیچ کیے وہ اسے مسلسل کالز کرنے لگا

Posted on Kitab Nagri

وہ جو پچھلے دو گھنٹوں سے سوجھی آنکھوں کا حشر کر چکی تھی بیڈ پر پڑا اپنا فون بجتا دیکھتے بے حس و ساکت پڑی رہی تھی

"ایک تو میری بیوی ناراض بہت ہوتی ہے

اس کے ہاتھ تیزی سے کی پیڈ پر چلنے لگے تھے

"آئی مس یو بیڈلی کم از کم فون تو اٹھا لو۔۔

"میں تمہارے بابا کو کال کرنے لگا ہوں وہ خود تم سے میری بات کروائیں گے۔۔

وہ اسی پوزیشن میں لیٹے فون قریب کیے سارے ٹیکس پڑھنے لگی

مزید نظر اندازی نہی ہو سکی تھی

شائد رقابت اور محبت دونوں کا احساس دل میں جاگ رہا تھا

وہ تکیے پر پڑی خشک ویران آنکھوں سے فون کان سے لگا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ رسیو کال دیکھتے اس کی الجھتی بے ہنگم سانسیں کئ لمحے محسوس کرنے لگا

فون کیوں نہی رسیو کر رہی تھی

اس کی سانسیں اس کی گھمبیر آواز سے مزید بھاری ہونے لگی تھیں

ویڈیو کال کر رہا ہوں میں فریش سی میرے سامنے آو۔۔"اس کی طویل خاموشی پر وہ خود ہی بولا تھا

ایسے ہی کہیں جو کہنا ہے۔۔"وہ دکھتا سر تھامتے بولی تھی

وہ سنے بغیر ویڈیو کال کرنے لگا تھا

نور بال باندھتے آنسو صاف کیے اٹھ بیٹھی تھی کراون سے ٹیک لگاتی کے اس کی کال چند لمحوں بعد سکرین پر ابھرنے لگی

اٹینڈ کیے اس کو سفید ٹی شرٹ میں بستر میں نیم دراز کراون سے ٹیک لگائے دیکھا تھا

Posted on Kitab Nagri

اتنا نہ یاد آیا کرو سو نہ سکے ہم

صبح سرخ آنکھوں کا سبب پوچھتے ہیں لوگ

وہ شوخ لہجے میں پہلا جملہ ادا کر گیا تھا وہ ازیت ناک نظریں اٹھاتے اس کو پر سکون دیکھتے تلخی سے مسکرائ

ان کا بکھرا حلیہ سرخ رت جگے کی چغلی کھاتی آنکھیں واللہ ہم سے عشق ہونے کا پتہ دے رہی ہیں"

اسے چپ دیکھتے وہ دوبار گھمبیر لہجے میں بولا

وہ اپنی اضطرابی حالت کی نسبت اسے پر سکون سا دیکھنے لگی اس کی مسکراہٹ زہر سے بری لگتے وہ چیختے بولی

جھوٹ بس کر جاو جھوٹ بولنا خدا کے لیے اپنے ساتھ ساتھ مجھے دھوکہ نہی دو۔۔"

وہ مزاق کی رمق ہٹائے ششدر سا ہوا

کونسا جھوٹ بولا میں نے تمہارے ساتھ۔۔ "

غازیان صدمے میں جاتے بولا جب اس نے تلخی سے بولتے اس کا دماغ خراب کر دیا تھا

Posted on Kitab Nagri

جن چیزوں کے ساتھ دلی وابستگیاں ہونے لگے وہ ہمیں ازیت کیوں دیتی ہیں "

I admit my all faults...!

لیکن تم تو مجھے اس قابل بھی نہی سمجھتے کے مجھے کوئ پوچھے کے میرے شوہر کی ٹرانسفر کہاں ہوئ ہے تو میں بتا سکوں۔۔ "

وہ آخر میں زہر خند ہوتے بولی

لیٹر تمہارے ہاتھ میں تھا۔۔"وہ کچھ کچھ سمجھتے نرمی سے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

واولیٹر میرے ہاتھ میں تھا پلینگنز ایک ماہ سے چل رہی تھیں سب کو تمہارے متعلق سب پتہ ہوتا ہے لیکن نور کو ساتھ رہتے نہی پتہ چلا کتنی بے وقوف ہوں نہ میں یا تم مجھے پھر بناتے ہو"

آخری الفاظ خاصے تیز لہجے میں بولتے اس کا پارا خاصا ہائ کر گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

سٹوپ اٹ نور صرف تمہاری آواز اونچی برداشت کرتا ہوں میں۔۔"وہ یک دم ٹیک چھوڑے غصے سے سیدھا ہوا تھا

"نہ کرو مزید چھوڑ دو مجھے۔۔۔

وہ خود کو بستر پر ڈھیلا چھوڑتے دلی کیفیت دبائے بے خوفی سے بولی

جسٹ شٹ اپ آئیندہ اگر یہ بکواس کی نہ خود تمہاری جان لے لوں گا۔"اس کی دھاڑ پر سہمتی فون بند کرتی کے وہ بول اٹھا

"خبر دار جو کال کاٹی سنو مجھے آج بس۔۔

وہ تھکی سی سانس ہوا کے سپرد کرتے بولا

پہلی بار جب مری میں تم سے ملا نہ تو وہ محض اٹریکشن تھی جو کسی بھی خوبصورت کم عمر لڑکی کو دیکھ کر بعض اوقات میچور انسان کو بھی ہو جاتی ہے

Posted on Kitab Nagri

لیکن پھر تم مجھے اس معاملے کے دوران ملی نور

میں تمہارے باپ کو انصاف کے مشورے دینے والا یہ نہی جانتا تھا وہ میری کسی لمحے کی گرفت میں کی جانے والی فرضی محبت ہوگی

جس کے ملنے کا مجھے کبھی یقین بھی نہی تھا جس کے غلط نام سے میں واقف تھا

سماب میری فرضی محبت۔۔"وہ تلخی سے مسکرایا تھا

لیکن تم سے نکاح دل سے کیا تھا کیا اللہ کے جوڑے گئے رشتے میں کوئی ملاوٹ ہو سکتی ہے بتاو مجھے"

میں تمہیں کیوں بے وقوف بناوں گا کیا خود تم نے نوٹس لیا تھا میں نے بتایا تھا تمہارے بابا کے گھر کھانے کے دوران بھی لیکن تم کبھی مجھے اپنی زندگی میں اہمیت ہی نہی دیتی

تمہیں میرا کبھی خیال آیا کے میں تمہیں کس طرح دیکھنا چاہتا ہوں ہمیشہ روتی رہنا نور کوئی ایک ایسی بات کرتی ہو جو میرا دل ہمیشہ دکھا دیتی ہے جس کے بعد نا چاہتے ہوئے بھی مجھے اپنے فیصلے پر افسوس ہوتا ہے اور میں وہ بات بول جاتا ہوں جو تمہیں تکلیف سے دوچار کر جاتی ہے

وہ سن ہوگئ تھی جب وہ دوبارہ بولنا شروع ہوا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

نور غور کیا ہے کبھی تم نے پتہ ہے آج میں ایک سچ کا اعتراف کروں گا۔۔ "

وہ لب تر کرنے لگی تھی سرد رات میں بھی وہ پیشانی پر پسینے کے قطرے نمودار ہوتے دل میں اس کے اعتراف کو لے کر برے سے وسوسے جاگنے لگے

تھی تو عورت ہی نہ۔۔

شادی کی پہلی رات جب تم سب توڑ پھوڑ کر کے مجھے یہ جتا گئ تھی آج تم بھی اپنی ہوس پوری کر لو تب مجھے پہلی بار احساس ہوا تھا آہ یہ میں ہینڈل نہی کر سکتا یہ مشکل لگا تھا مجھے مجھے ایک لمحے میں لگا تھا یہ سب جزباتی فیصلہ تھا میں خود کے ساتھ نا انصافی کر گیا ہوں"

اس کی باتیں اس کا دل چیرنے لگی تھی لیکن آج نور کی باری تھی سننے کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں۔۔" وہ بولتی کے وہ اچک گیا

سنو مجھے آج ہر گز کال کاٹنے کی یا میری باتوں کو نظر انداز کرنے کی غلطی نہ کرنا

وہ سرخ نظروں سے بول گیا

میں تم سے کئ دن بے نیاز رہا نور اور جانتی ہو تم مجھے پھر سے اپنے جزبات میں کیے گئے فیصلے پر شدید غصہ آنے لگا تھا۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کی خود کو ازیت دیتی باتوں کو کانوں میں انڈھیلنے لگی

لیکن جب تم خود کو نقصان پہنچا گئ اور ڈاکٹر کی بات تم کئ بار یہ کام کر چکی ہو باخدا وہ دن وہ لمحہ ملامت کا تھا میرے لیے نور کے میں کیسے اپنے فیصلے سے پیچھے ہٹ سکتا ہوں۔۔"

تم نے کتنی بار میری ہمت توڑی کیا تم اندازہ کر سکتی ہو"

لیکن اپنے دل سے پوچھو کیا تم کبھی خود میری طرف خود سے پلٹی ہو ہمیشہ میں ہی کیوں نور۔۔"

چند پل خاموشی کی نظر ہوئے تھے

تمہیں پتہ ہے آج بھی تم ایک بات ایسی کر دیتی ہو جو میرے ضبط کو آزما دیتی ہے جیسے کے ڈائینگ ٹیبل پر تم مجھے کبھی نہی سمجھتی

انفیکٹ تم صرف خود کو سمجھتی ہو تمہیں لگتا ہے دنیا میں صرف تم مظلوم ہو نور دوسرے کا حال دل بھی جان لیا کرو۔۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

but u don't know this reality how much i luv u Noor ghaziyan

وہ نظریں سامنے کیے خشک ساکت ویران چہرے سے دیکھنے لگی

Posted on Kitab Nagri

ہمیں خوش خود رہنا ہوتا ہے میں کیسے تمہیں خوش رکھوں جب تک تم خوشی کے چھوٹے چھوٹے زرائع خود سے نہی ڈھونڈوں گی میں کیا کیا کوئی بھی کچھ نہی کر سکتا

میں محبت دے سکتا ہوں اس محبت کو محسوس کیے خوش رہتے مجھے محبت دینا کیا تمہارا فرض نہی ہے۔۔"

خاموشی نہی آج جواب چاہیے مجھے تم سے

وہ سکرین کی جانب دیکھنے لگا جو چہرا جھکائے تھی

ناویورٹرن بتاو مجھے کیا چیز ڈسٹرب کر رہی ہے "

دور سے تو صرف دیکھنے پر ہی اکتفا کر سکتا ہوں چلو چہرا اوپر کرو تا کہ تمہارے آنسو انجوائے کروں۔۔ "

وہ اپنی دلی کیفیت دبائے بات مزاح کی جانب لے گیا

مجھے بات نہی کرنی۔۔"وہ نم آواز محسوس کر رہا تھا

پھر میں کس سے بات کروں کس سے محبت کروں۔۔"وہ ناچاہتے ہوئے نھی نرم لہجہ اپنا گیا تھا اب

نور۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ ششدر سا بے بس ہو گیا سامنے سکرین پر نظر آتا منظر یہ تھا وہ چہرا دونوں ہاتھوں میں چھپائے اب ہچکیاں بھر رہی تھی

نور ہوا کیا ہے یار۔۔؟اس لڑکی نے اس کی تو کیا سنی تھی بلکہ ہمیشہ وہ اپنی سرخ آنکھوں سے اسے ہی جھکانے میں کامیاب ٹھہرتی تھی

تم پریشان کر رہی ہو مجھے۔۔" وہ مضطرب سا بولا

اگلے لمحے ہینڈ فری سے اس کی دل دہلانے والی باتیں کانوں سے ٹکرائیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کسی کو نہی پتہ میں اندر سے کس تکلیف سے گزر رہی ہوں کیسے دیکھاوں تمہیں اپنی زات کا خلام۔۔ میں دو دن ہنس لوں نہ تو تین دن روتی ہوں مم۔۔ مجھے خوش نہی رہنا کیونکہ اس سے زیادہ میں رو جاتی ہوں

مم۔۔ مجھے۔۔"اس کی ہچکیاں تیز ہوتے اس کے دل کو مزید اضطرابی کیفیت سے دوچار کر رہی تھیں

غازم مم۔۔ مجھے یوں لگتا ہے میں صدیوں سے بیمار ہوں اور یہ بیماری ایسی ہے جو کبھی صحت یابی میں نہی بدل سکتی آئی نو آئی ہرٹ یو آلوٹ۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

پرم۔۔میں کیا کروں۔"

وہ بے لب بھینچے سنتے بولا

آئرہ نے میرا فون رسیو کیا یہ چیز سر پر سوار کی ہے نہ شک کر رہی ہو مجھ پر۔۔"

وہ سرخ انگارہ بنی رونے سے سوجھی آنکھیں اٹھا گئ تھی

غازیان کو اس کی وحشت ناک آنکھوں سے خوف آنے لگا

تم وضاحت مانگنے کے سارے حق رکھتی ہو میری جان خود کو ازیت دینے کی بجائے خدارا کبھی تو اپنا حق استعمال کر لیا کرو۔۔"

وہ اسی کے خاموشی سے رونے پر خود ہی وضاحت دینے لگا

میں صرف اسے راستے میں ملا تھا اور اس کی ضد پر کوفی شوپ پر کوفی پینے چلے گئے وہاں میری شرٹ پر کوفی گر گئ تھی میں وہ صاف کرنے گیا اسی دوران تمہاری کال میرے فون پر بلنک ہوتے دیکھ وہ رسیو کر گئ تھی

اس نے گاڑی میں معذرت کرتے شرمندگی سے یہ بات غازیان کو بتا دی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

میں صرف نور کا ہوں لیکن نور کبھی حق تو جتائے مجھ پر"

وہ سر تھام گیا تھا وجہ پوچھے بغیر وہ خود کو تب سے ازیت دے رہی تھی

میں شک نہی کر رہی۔۔"وہ روتے نفی کرنے لگی تھی

م۔مجھے بس ڈر لگتا ہے اپنی زات کے عیب سے

بلیو می م۔۔میری طبعیت نہی ٹھیک مجھے اچھا نہی فیل ہو رہا غاز۔۔

آئی پرامس مجھے تمہاری کوئی چیز نہی چاہیے کوئی کارڈز کوئی پیپرز اور کچھ بھی نہی ب۔۔بس۔۔ "

رونے کے شغل میں مصروف وہ اچانک بول گئی

مجھے تم چاہیے ہو بس"طویل خاموشی اور سرد رات کے سناٹے میں وہ بس وقفے وقفے سے رو رہی تھی

مجھے نہی رہنا یہاں پاس آنا ہے تمہارے بہت پاس۔۔ "

وہ ایک جملے میں بولتے اسے ساکت کر گئی تھی وہ کئی لمحے سکرین پر اسے اب روتے دیکھتا رہا تھا جو یہ گردان کیے تھی بے ساختہ لب مسکرائے تھے

Posted on Kitab Nagri

ابھی کیسے آوں تمہارے پاس بائے روڈ کتنا ٹائم لگے گا۔۔"وہ نرمی سے بولا

"ا۔۔اتنے پیسے کیا کروگے

"ابھی ابھی لاہور کی فلائیٹ لو مجھے نہی تم سے دور رہنا

وہ سامنے سکرین پر دیکھتے رونے سے بھاری ہوتی آواز میں شدت لائے بولی تھی فون اس کے چہرے کے بے تحاشہ قریب ہونے کی وجہ سے اس کا سفیدی لیے سرخ چہرا مسلسل رونے سے سوجھا سا تھا

وہ لب دبا گیا" تھا آخر اسے ایک دن کی دوری پر احساس تو ہوا

"رائٹ ناو۔۔

۔۔"وہ اس کی سنے بغیر دکھتی آنکھوں کو دونوں ہاتھوں سے مسلتے اس کی شیو میں چھپی مسکراہٹ کو دیکھنے لگی تھی

"ابھی تو فلائیٹ نہی ملنی سوئیٹ ہارٹ۔۔

Posted on Kitab Nagri

وہ گھمبیر لمحوں میں بھی اپنی مسکراہٹ نہی روک پا رہا تھا آئرہ نے دانستہ اپنی حرکت میں آج اس لڑکی کو احساس دلا دیا تھا آخر وہ اپنے زون سے تو نکلی تھی

"پتہ تھا مجھے بہت برے ہیں آپ۔۔"

وہ سوجھی سرخ آنکھیں دکھنے کے باوجود اپنے دل کو پر سکون محسوس کر رہی تھی

جب تم آپ کہتی ہو نہ میں بات بھول جاتا ہوں۔۔"وہ قہقہ لگا گیا تھا

عزت راس نہی۔۔"وہ سکون رگوں میں محسوس

کیے چہرا موڑے بولی

"ہائے یہ آپ اور تم کا کونسیپٹ کل فرصت سے سمجھیں گے آپ سے

"نور۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کی بوجھل آواز محسوس کیے اس سے نظریں چرائے تکیے پر گرتے اس کے سکرین پر ابھرتے چہرے کو نہ دیکھتے فون کان کے قریب لے گئ تھی

یہ میری اب تک کی تمہارے ساتھ خوبصورت کنورزیشن تھی کل جب مجھے پک کرنے آو تو مجھے میری بیوی چاہیے"

گڈنائٹ میری آنکھوں پر رحم کھالینا۔۔"وہ لب دانتوں تلے دبائے منتشر دھڑکنوں سے کال کاٹ گئ تھی

میرے دل کو تم اچھے لگتے ہو"

اس کی واٹس ایپ پر سیٹ پکچر پر لب رکھتے مسکراتے آنکھیں موند گئ اس سے اس بار اپنی عجیب دلی کیفیت سے ملنے کی سرشاری پر ہی ایک پرسکون نیند نے جلد ہی آغوش میں لے لیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آئرہ کہاں ہو بیٹے۔۔"

آئرہ کی ماں کمرے میں داخل ہوتے خالی کمرہ دیکھتے اسے پکار گئیں

Posted on Kitab Nagri

مجھے سمجھ نہی آتی اس کے باپ کو اس کی شادی کی بجائے بزنس کا برڈن سر پر ڈالنے کی کیا ضرورت تھی

وہ اس کا لیپ ٹوپ اور بکھرے کاغزات بیڈ سے اٹھانے لگی تھی

یہ کمرا مجھے کہی سے ایک لڑکی کا کمرہ نہی لگتا ہے وہ تھیم دیکھتے کڑھتے بولیں

چھبیسویں سال میں لگ گئ ہے یہ لڑکی مگر مجال ہے کوئ سلیقہ سیکھا ہو جانوروں سے پیار کروالو

آفس کی آئے دن چینجنگ کروالو۔۔"

پر گھرداری میں زیرو۔۔"

وہ چیزیں سمیٹتے بڑبڑا گئیں واشروم میں پانی گرتی آواز کو دیکھتے اندازہ لگا گئ کے وہ شاور لے رہی ہے

چیزیں سمیٹتے اچانک نظر صوفے پر ہینگ کپڑوں کے نیچے سفید شاپنگ بیگ پر پڑی

یہ کیا ہے؟ شاپنگ تو بول رہی تھی میں کچھ بھی نہی کر کے آئ"

www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

وہ کھولتی کے کلک کی آواز سے اس جانب وہ رخ موڑے دیکھنے لگیں

میرے روم میں گھنٹے سے کھڑی میری برائیاں کر رہی ہیں۔"

وہ باتھ روب میں باہر آتے پیچھے سے حصار قائم کر گئی تھی

یہ کس نے دیا۔۔"وہ شاپنگ بیگ کھولتے مہرون سندھی گرم شال دیکھتے ستائشی نظروں سے دیکھنے لگی

اس کی آپ کو ضرورت ہے"

کمینا شخص یہ دیا تھا اس نے مجھے۔۔"وہ مڑ کر سے نظر ڈالتے بال ڈرائے کیے بولی اس نے تو زحمت بھی نہ کی تھی دیکھنے کی

مطلب دیا ہے کون ہے وہ جس نے یہ نیک فریضہ انجام دیا جو آج تک ماں نہ کر سکی۔۔"

وہ اس کی جانب دیکھتے خشمگیں نظروں سے پوچھنے لگی

Posted on Kitab Nagri

کم اون مما بزنس پاٹنر ہے میرا زیادہ اہمیت نہ دیں۔۔"

وہ پلٹتے شرٹ لیتے بولی

بزنس پاٹنر مطلب کوئی نیک سلجھا اچھا شخص ہی ہے آئرہ ملوادو مجھے اس سے کیا پتہ میرا داماد ہی بن جائے" آئرہ کے ہاتھ تھمے تھے

ہوگئی ٹیپیکل ماں کی طرح شروع نظر آنے لگا اس میں فیوچر داماد۔۔"

وہ ہستے انہیں آگ لگا گئی تھی

تم اور تمہارا باپ دونوں ہی مجھے سیریس کبھی نہ لینا"

میں تو ترس گئی ہوں تمہیں دلہن کے روپ میں ڈھنگ کے کپڑوں میں سجی سنوری دیکھنے کو

پہلی بات مما وہ کم از کم مجھ سے تین سال چھوٹا ہے نمبر دو شادی شدہ"

Posted on Kitab Nagri

وہ ان کی ایموشنل بلیک میلنگ نظر انداز کیے ہستے ہنگر سے ٹی شرٹ کی جگہ ان کا سلیکٹ کردہ کرتا فلحال بغیر چوں چرا کیے لیتے بولی

تو وہ نہی تو کوئی اور سہی کم از کم تم سنجیدگی تو دکھاو اس معاملے میں

تمہاری مانی کی وجہ سے پہلے ہی غازیان کے لیے عرصہ بٹھائے رکھنے پر خاصا افسوس ہے مجھے"

وہ ان کے قریب ہوتے ان کا ہاتھ تھامتے ان کی پریشانی دیکھتے نرمی سے بولی تھی

مما غازیان کا زکر کہاں آگیا وہ اپنی زندگی میں خوش ہے جو ہوتا ہے بہتری کے لیے ہوتا ہے میں نے اپنا اس معاملے پر فیصلہ اللہ پر چھوڑا ہے

اور مجھے اللہ پر یقین بھی ہے کیونکہ وہ بہتر سے بہترین عطا کرنے والا ہے

وہ نرمی سے سمجھاتے ہر بار کی طرح قائل کیے روم میں بنے چینجینگ روم میں غائب ہوئی تھی

ہنہہ اللہ بھی کہتا ہے امید رکھنے کے ساتھ انسان ہاتھ پاوں بھی ہلائے

وہ کڑھتے ہر بار کی طرح یہی بولی تھیں

Posted on Kitab Nagri

آفس سے نکلتے وہ اس کے ہمقدم ہوئی تھی

کیا کہہ رہا تھا مسٹر امان کا بیٹا میرے بارے میں۔۔"

وہ تیکھے لہجے میں ازہان سے استفار کرنے لگی تھی وہ ابھی آج کی فائینل پیپرز پر سائن کیے ڈیل فائینل کر گئے تھے اور امان ان کا تیسرا پاٹنر تھا وہ خود آج نہی تھا پر اس کا بیٹا تھا

ازہان نے سیدھا یہاں سے لاہور کی فلائیٹ لیتے واپس جانا تھا جلدی سے ہوٹل جا کر اپنا سامان لے کر ائیر پورٹ تک جانا چاہتا تھا جبکہ وہ اس کا باقاعدہ راستہ روکے تھی

وہ آئرہ کو دیکھتے مسکراہٹ ضبط کر گیا تھا جو ابھی بھی دوپٹے سے الجھ رہی تھی

اگر اسے بتا دیتا وہ لڑکا اس کو پہلے دن دیکھنے کے بعد آج اس کے حلیے پر اس سے کیا تبصرہ کر گیا ہے تو وہ اس لڑکے کا سر ضرور پھاڑ دیتی اس کے مطابق یہ لڑکی صاف گوئی کے ساتھ اسے لڑاکی بھی لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

چھوڑیں مس آئرہ۔۔"وہ بامشکل گلاسس آنکھوں پر لگاتے لب دبا گیا تھا

کیوں وہ میری برائی تم سے کر رہا تھا اب تو مجھے یقین ہو گیا ہے"

وہ خفگی سے دبا سا غرائی تھی

مس آئرہ آج آپ نے یہ ڈریسنگ کس کے کہنے پر کی تھی"

وہ اس کو پیچ شرٹ اور سفید ٹراوزر پر پیچ ہی دوپٹے میں لپ بام سے ڈھکے گلابی رنگت لیے لب اور ہلکے ڈائی سنہری سی ہائی لائیٹنگ والے کندھے پر سیدھے بکھرے بالوں میں دیکھ رہا تھا

کیوں تمہیں کیا مسلہ ہے او تو تم مجھے اس کے ساتھ تاڑتے کمنٹ پاس کر رہے تھے

وہ سمجھ آنے پر غصے سے اور سردی سے سرخ سی ناک اور گال لیے بولی تھی

وہ مسلسل میٹنگ میں اس کو دبا دبا امان کے بیٹے کے ساتھ ہستا محسوس کر رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

آپ کیا سوچتی ہیں مس آئرہ میں ایسا بلکل نہی سوچتا وہ تو بس۔۔"

یہ لڑکی وہ سوچتے بس خاموش ہو گیا تھا

کیا وہ تو بس۔۔"وہ مزید بولتی کے وہ زرا سا قریب ہوا تھا

میرے بارے میں غلط اندازے نہی لگائیں مانا کے کسی زمانے میں فلرٹی تھا بٹ ناو آئی ایم آ میچور پرسن بٹ آئی وش"

وہ اس کے چہرے سے ایک انچ کے فاصلے پر ہوتے بولا وہ سانس روکے پرے ہوتی کے وہ کلائی تھام گیا تھا

کاش کے آپ تب مجھے ملتی کیونکہ آپ جیسی لڑکی ہرگز میری نظر میں فلرٹ کے لیے نہی ہے بائے داوے دوپٹہ سوٹ کیا ہے آپ پر"

وہ مدھم سا مسکراتے اس کی بولتی بند کیے اپنی باتوں کا جھانسہ دیے جا چکا تھا جب کے وہ خونخوار نظروں سے اس کی ڈارک پرفیوم کی مہک کو محسوس کیے فضا میں گہرا سانس بھرتے پارکنگ کی جانب بڑی جبکہ امان کے بیٹے کی بات تو وہی فضا میں خارج کی سرد سانس میں ہی غائب سی ہو گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ پلین کی سیٹ پر آنکھیں موندے خامخاں مسکرا رہا تھا

کچھ ٹائم بعد فلائیٹ ٹیک اوف کرنی تھی

سیل پر بجتی ٹیون سے وہ فون کی جانب متوجہ ہوتے متغیر رنگ لیے نوٹس پڑھنے لگا

تو دانین حیدر تھک گئیں ہیں۔۔"

وہ سکرین پر ابھرتا نوٹس دیکھتے تلخ یادیں خود میں اتارنے لگا تھا

اسلام آباد سے آج اسکی واپسی تھی

جلد تمہیں آزادی ملے گی مجھے تو لگا مزید پلیننگز کرو گی تم۔۔"

وہ سیٹ سے ٹیک لگائے ٹیکس اسے سینڈ کرتے غصے میں موڈ برباد ہوتے فون بند کر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

پوچھ سکتا ہوں تم نے جھوٹ کیوں بولا یہ ایکسیڈینٹ پری پلین تھا ازہان۔۔"

احان نے کونسٹیبل کے جانے کے بعد قدرے تیز لہجے میں ہوسپٹل کے بستر پر موندی آنکھوں سے اسے لاپروا پڑے دیکھتے کہا

میں جانتا ہوں جاگ رہے ہو تم۔۔"وہ اس کے مسلسل بند آنکھوں کو دیکھتے اس کا کندھا جھنجوڑ گیا تھا

بیوی ہے وہ میری۔۔"وہ بند آنکھوں سے ہی بولا تھا

بیوی۔۔"احان نے طنزیہ دہرایا تھا

دیکھتا ہوں کون اسے میری سزا سے بچاتا ہے"

احان وہ اس کا معاملہ ہے پلیز آپ اسے حل کرنے دیں۔۔"

Posted on Kitab Nagri

اریحہ اس کو شدید غصے میں جاتا دیکھ نرمی سے سمجھاتے بولی تھی

تم بھی اریحہ وہ دوبارہ یہی حرکت کرے گی میں اپنی فیملی کا مزید نقصان برداشت نہی کر سکتا اس بار سزا ضرور ملے گی تاکہ اگلی دفعہ سوچ کر غلطی کرے وہ"

وہ مٹھیاں بھینچتے اس لمحے ضبط کر رہا تھا

مختصر یہ ہے بھائی میں اسے جیل میں نہی دیکھنا چاہتا"

آپ یہ کیس واپس لیں"

ازہان کے ہوش میں آتے دیے گئے بیان پر احان خاصہ غصے میں تھا

میں اس سے ملنا چاہتا ہوں اب وہ آئی تو کوئی نہی روکے گا اسے"

یہ میرا حتمی فیصلہ ہے"

وہ بولتے اسے تکلیف سے دوچار کر گیا تھا

اور دانین اس بات پر ابھی بھی خوش فہمی میں مبتلا تھی کے ازہان نے اسکے خلاف کیس نہی ہونے دیا

Posted on Kitab Nagri

اس کے لیے فریش پھولوں کا بکے لیے وہ اسکے سامنے تھی

وہ جو باتیں کرتی نہی تھکتی تھی طویل خاموشی میں اسے ہوسپٹل کے بستر پر پڑے دیکھتے وحشت زدہ سی ہونے لگی

زندگی میں یہ مقام بھی آنا تھا دانین کو خود پر افسوس ہونے لگا

کیا کوئ بات نہی رہ گئ ہمارے درمیان کرنے کو"

وہ اس کے قریب کھسکتے ہاتھ تھامتی کے وہ اپنی پلاسٹر والی بازو پرے کر گیا تھا

وہ اس کی آنکھوں میں غصہ ابھرتا دیکھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بات کرنے کے لیے کسی موضوع کی ضرورت میاں بیوی میں نہی ہوتی لیکن تم نے کوئ موضوع گفتگو کے قابل چھوڑا ہی نہی"

Posted on Kitab Nagri

نہی ازہان ایسے نہی کہو میں قسم کھا رہی ہوں تمہارے ساتھ یہ سب نہی کرنا چاہتی تھی۔۔"وہ سرخ ہوتی آنکھیں اٹھا گئ تھی

تم نے مجھے مارنا چاہا ہوتا تو دکھ نہ ہوتا تم نے تو میرے بھائ کو مارنا چاہا دانین حیدر۔۔"

تمہیں اندازہ بھی ہے"

سیدھا قتل کا کیس بن رہا ہے تم پر۔۔"

وہ نفی کیے نم آنکھوں سے اس کی پٹی چھونا چاہتی تھی جب وہ اس کے ہاتھ کو بری طرح جھٹک گیا تھا

معافی کی گنجائش ہے کوئ"

مم۔۔مجھے لے کر کہیں دور چلے جاو پلیز جہاں سکون ہو۔۔"

ہم دونوں ہوں گے بس سمجھ رہے ہو نہ ازہان

تمہاری فیملی تم سے ملنے نہی دیتی مجھے

وہ اس لمحے اسے بلکل پاگل سی لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

اور میری ماں اور میرے باپ کا کیا قصور ہے دانین جنھیں اس عمر میں چھوڑ جاوں میں"

اس کو دور جھٹکتے باور کرایا تھا

کبھی اپنی زات کے علاوہ کسی دوسرے کا بھی سوچ لیا کرو دانین کے تم کتنی خود غرض ہو

سوچنا ضرور لیکن سوچو گی کیسے تم کبھی بھی خودی کے زون سے نکل کر خود کو بدل ہی نہی سکتی"

آج مجھے نفرت ہو رہی ہے تم سے تمہاری اس خوبصورت شکل کے پیچھے چھپے حسد اور نفرت سے "

دور میرے قریب بھی نہی آنا۔۔"اس کو قریب آتے دیکھ وہ سخت تیز لہجے میں دھاڑا

تو تم نے سوچ لیا ہے کے اب تم مجھے طلاق دو گے۔۔"

وہ گہرا سانس بھرتے اس ملاقات میں حتمی فیصلہ چاہتی تھی

وہ سر اٹھا گیا تھا

بھول ہے تمہاری یہ سزا ہے تمہاری جو ایسے ہی رہے گی کسی خوش فہمی میں ہر گز نہی رہنا کے تمہیں بچا کے اپنے

قریب ہونے کا کوئی راستہ فراہم کیا ہے"

وہ استہزایہ بولا

Posted on Kitab Nagri

ازہان یو لو می آئی نو یو لو می تم مجھے چھوڑ نہی سکتے "وہ یک دم چیخی تھی

میں تمہیں چھوڑ کہاں رہا ہوں باندھ گیا ہوں مجھ سے دور ہو کر بھی میرے قریب"

وہ حیرت زدہ سی دیکھنے لگی تھی اس کے لفظ اسے روح پرواز ہونے کے مترادف لگ رہے تھے

اب نہ تم سارے پلینز بناؤ بیٹھ کر فرصت میں خود کو بیوہ کرنے کے"

آئیندہ ہوسپیٹل یا گھر میں مجھے کبھی اپنی شکل نہ دکھانا ورنہ دانین میں بھول جاوں گا سب کچھ اور تمہاری طرف نکلتے سارے حساب بے باک کر دوں گا

اور تلخی سے خود کی زات پر مسکراتے تھے دامن وہاں سے تھکے قدموں سے لوٹ آئی تھی جو اسے سزا نہ دیتے بھی سزا دے گیا تھا

دوسری جانب ٹیکس پڑھتے دانین کا رنگ بھی متغیر ہوا تھا

Posted on Kitab Nagri

یو لومی ازہان محبت میں تم مجھے اتنی بری سزا نہی دے سکتے۔۔ "

وہ چند لمحے پہلے سوچ رہی تھی اس سے ایک بار تو ملے گی مگر یہاں تو جو از ہی ختم ہو تا نظر آیا

۔

تم نے کس سے پوچھ کر میری زندگی کا فیصلہ کیا ہے۔۔"

وہ بپھری سی اس کے سامنے تھی

اسے اندازہ نہی تھا اس کا بھائی ہی اس کے ساتھ ایسا کر سکتا ہے

جبکہ انعم پر سکون سی اس کو دیکھتے لاپرواسی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ طے ہے دانین میں نے سوچ سمجھ کر فیصلہ کیا ہے تم اس سے اب خلع لے رہی ہو"

وہ بے نیاز سا اس کی جانب دیکھتے بولا تھا

Posted on Kitab Nagri

کیوں طے ہے میں نہی چاہتی یہ سب سمجھے تم اپنی بیوی کو سنبھالو تم سمجھ آئی جو تمہیں الٹ پٹیاں پڑھاتے ہم سے اس طرح منتشر کر رہی ہے"

وہ بیڈ پر بیٹھی نیل فوئیلر سے مصروف بظاہر بے نیاز تھی جبکہ دھیان کی سوچوں کا سارا مرکز اس پر محور تھا

اپنی زبان قابو میں رکھو دانین

مما اسے سمجھالیں آپ بہتر ہو گا کیونکہ میں یہ فیصلہ بہت سوچ سمجھ کر کر چکا ہوں"وہ سختی سے خود پر ضبط کیے بولا تھا

اچھا تو تم بتا دو اس کے بعد مجھے خلع لیتے تمہاری بیوی کی باتیں سننے کو صدا یہاں پڑے رہنا ہے"

وہ آنسوں پر بند باندھے تلخی سے اس کی جانب دیکھتے بولی اپنے شوہر کے سامنے وہ اچھی بیوی کا مظاہرہ کیے زبان تک نہی ہلاتی تھی

Posted on Kitab Nagri

علی بہن سہی کہہ رہی ہے جب ازہان نے اسے اس رشتے سے خلاصی نہی دی تو ہم کون ہوتے ہیں شیطان کا کام کرنے والے کیا کرو گے اسے طلاق دلا وا کر پہاڑ جیسی زندگی اس کے آگے پڑی ہے"

وہ اب خود نرم لہجے میں بگڑتی بات سنبھالتے بولیں تھیں

نہی بلکل نہی مما

خلع لیتے جلد ہی اس کی شادی میرے ساتھ ایک ایمپلوئے ہے میرا دوست بھی ہے اچھے لوگ ہیں اس کی بیوی کی ڈیتھ ہو گئی ہے رشتہ دیکھ رہے ہیں وہ لوگ مجھے مناسب لگا ہے آپ کو ملکر بھی اچھا لگے گا۔۔"

جبکہ دانین صدمے میں جاتے چیخی تھی

تم ہوتے کون ہو۔۔"

بہتر ہو گا میرے ساتھ اونچی نہ بولو تو ویسے بھی وہ شخص تمہاری زندگی برباد کرتے موواون کر گیا ہے اپنی زندگی میں

نہی یقین تو یہ تصویر دیکھتے فیصلہ کر لو۔۔"

Posted on Kitab Nagri

یہ اسلام آباد کے شاپنگ مال کی ہے

میں جب اپنی کمپنی کی طرف سے وہاں گیا تھا وہاں میں نے ان لوگوں کو ساتھ دیکھا تھا

غور کر لو تم بھی تمہارے لیے ہی لی تھی"

وہ فون کی گیلری کھولتے اس کے سامنے کر گیا تھا جہاں وہ اسلام آباد کے شاپنگ مال میں بے بیز کاونٹر پر کھڑے خاصے قریب تھے

وہ تصویر زوم کرنے لگی تھی جان تو جیسے جاتی جا رہی تھی تو کیا وہ خود کے پاس موجود اپنی قسمت کا لکھا موجود ہونے کے باوجود دوسروں کی چیزوں سے حسرت محسوس کرتے ناشکری کرتے خالی ہاتھ رہ جائے گی

کیا اتنی سزا کافی نہی تھی کے پچھلے سات ماہ سے وہ اپنے خاندان میں ہی کتنے طنز و نشتر کا شکار ہو گئ تھی

جب سب اس سے پوچھتے یہ اپنے گھر کی بجائے یہاں کیوں ہے اس کی زات ایک سوالیہ نشان ہی بنی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اپنے روم میں ہوتی چاپ سے کچی نیند سے جاگ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

کیسا ہے میرا شہزادہ۔۔ "

وہ سفید نرم سے اون کے کپڑوں میں سفید ہی کمبل میں لپٹے ننھے گلابی وجود کی چھوٹی سی پیشانی پر لب رکھ گیا تھا

کے وہ دھیما سا نیند میں کسمسایا

اب وہ اس کو ہوسپیٹل روم کے بے بی کوٹ سے نکالے گود میں بھرتے اس کے چہرے پر جھکتے جا بجا پیار جتا رہا تھا

وہ دو قدم کے فاصلے پر بیڈ پر نیم دراز مسلسل اس کے پیار بھرے مظاہرے دیکھ رہی تھی

جب کے ریحہ کو وہ باپ بیٹا بلکل فراموش کیے تھے

اچانک اس کے رونے سے وہ پریشان ہوتا اسے جھلاتے بولا

بس بابا کی جان۔۔" پر اب وہ چپ نہی ہو رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مما کہاں ہیں میرے بیٹے کی"

وہ اس کے رونے پر اسی پوزشن میں جھلاتے اس کی ماں کا یاد آتے بولا پر وہ چپ ہونے کا نام نہی لے رہا تھا

ریحہ۔۔" وہ یک دم پلٹ گیا کے وہ اس پر پہلے ہی گہری نظریں ڈالے ہوئے تھی

Posted on Kitab Nagri

تم یہاں تھی بول کیوں نہی رہی تھی" وہ آنکھیں سکیڑے بولا

کیا مطلب میں یہاں تھی۔۔ "

اتنی نظر اندازی کے آپ کو پتہ ہی نہی اس ہوسپیٹل روم میں آپ کے بیٹے کے علاوہ اس کی ماں بھی ہے "

وہ دبے سے خفگی بھرے لہجے میں ہنوز لیٹے ہی بولی تھی

نہی یار میرے بیٹے کی مما تو یاد تھی مجھے" وہ اس کے نزدیک قدم بھرتے نرم مسکراہٹ لیے بولا تھا حالانکہ روم میں داخل ہوتے اس کی نظر سیدھی اپنے بیٹے پر ہی تھی

ہوسپیٹل سے ڈسچارج اس نے کل ہونا تھا زبردستی ابھی اپنی ماں اور اس کی ماں کو گھر بھیجا تھا ورنہ وہ دونوں تو وہاں رکنے کو بضد تھیں لیکن فلحال وہ یہ ٹائم اسے دینا چاہتا تھا

یہ روتا کیوں ہے میرے پاس جب بھی پکڑوں۔۔۔" وہ اس کو تھماتے بولا جو اب اپنی ماں کی نرم سی سکون بھری گود میں مزے سے چپ سا ہو گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

کیونکہ اسے اپنے بابا جانی کے مسلسل پیار بھرے مظاہروں سے کوفت ہوتی ہے" وہ سنجیدگی سے بولتے اسے حیران کرگئ

مطلب اسے اب میں پیار بھی نہی کرسکتا۔۔"

وہ اس کے سر سے سفید ٹوپی نکالتے اس کے بھورے بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیر رہا تھا جو ابھی اس کے سر پر فلحال قائم تھے

کرسکتے ہیں لیکن سوفٹ طریقے سے" وہ اس کی جانب چہرا موڑتے قدرے سمجھاتے بولی

اچھا تمہیں تو بڑا اندازہ ہے۔۔"وہ پرسوچ ہوا

چلو پھر پریکٹس کرواو۔۔"وہ لب دبائے بیڈ پر اب اس کے عین سامنے تھا جبکہ ریحہ بھوری سی آنکھیں سکیڑ سی گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

کیسے ایسے۔۔"وہ اس کا ارحان کے کمبل پر دھرا ہاتھ ہٹائے اپنی گرفت میں لیتے ہاتھ کی پشت پر لب رکھ گیا کے وہ ہڑبڑا گئ

یا ایسے۔۔"

اس کی ہتھیلی کی سیدھی سائیڈ پر بھی لب رکھتے بولا وہ ابھی پہلے لمس پر سنبھلی نہی تھی

یا پھر ایسے۔۔"

وہ اب کے اس کے دونوں گالوں پر باری باری لب رکھتے اسے ششدر کرتے مدھم سی مسکراہٹ بھرے لہجے میں بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کنٹرول احان۔۔"

وہ مزید کوئ حرکت کرتا وہ خجل سی سرخ ہوتے ہاتھ اس کے ہونٹوں پر رکھے روک گئ تھی

یار سیکھ رہا ہوں محبت کے مظاہرے کرنا۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کی اپنے ہونٹوں پر دھری ہتھیلی چومتے سنجیدہ سا آنکھوں میں چمکتی شرارت لیے تھا

آپ میری حالت سے مزا نہ لیں دور رہیں ورنہ۔۔" وہ اب ہاتھ سے دور رہنے کا اشارہ کیے روہانسی ہو گئ تھی

ریحہ ڈر رہی ہے مجھ سے۔۔ "

وہ مزید قریب ہوا تھا کے بھوری شیو میں چھپی مسکراہٹ اس کے گلابی لبوں پر اب واضع چھاپ چھوڑ رہی تھی

جان۔۔" وہ بے بس ہو گئ تھی اس شخص کے کبھی کبھی اپنائے گئے شدید محبت بھرے رویوں سے وہ واقعی ہو جاتی تھی جیسے کے وہ آج اس کی حالت سے مزا لے رہا تھا

جی جان کی جان۔۔" وہ اب کے اس کی گلابی سی ناک پر لب رکھتے اس کی بے بسی پر قہقہ لگا گیا تھا

شرم کر لیں آپ کا بیٹا دیکھ رہا ہے۔۔ "

وہ اس کو بیڈ پر اپنے برابر میں ڈالتے تھپکتے اب اس سے دو دو ہاتھ کرنے کو سیدھی سی ہوئ تھی

Posted on Kitab Nagri

دیکھنے دو اسے کیونکہ آج انصاف ہو گا"

تم مجھے کتنا تنگ کر چکی ہو پچھلے نو ماہ کے عرصے میں اب میری باری۔۔"

وہ اس کے چہرے پر آئے بال کانوں کے پیچھے اڑسے مدھم سے لہجے میں بولا

بدلہ لیں گے مجھ سے۔۔"وہ اس کے خود کو ستاتے ہاتھ تھام گئ تھی

میرے محبت بھرے مظاہرے بدلے ہیں تمہارے لیے "

اس کے ہاتھوں میں مقید اپنے ہاتھوں کو دیکھتے وہ الٹا سوال کرتے لہجے میں محبت کی نرمی لیے بولا

نہی۔۔"

وہ جھکی نظریں اس کے ہاتھ پر موجود اپنے سانولے سے ہاتھوں کو دیکھتے نفی کر گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

میں چاہ کے بھی ریحہ سے بدلہ نہی لے سکتا۔"

وہ اپنے ہاتھ اس کی نرم گرفت سے نکالتے اپنی بلیو جینز کی پوکٹ میں ڈال گیا کے وہ اسے دیکھتی رہی جب وہ سرخ چھوٹی سی ڈبی نکال گیا

کیا میرے بیٹے کی مما مجھے اتنا پریشیس گفٹ دینے پر یہ ایکسیپٹ کرے گی۔۔"

وہ سوئے بچے پر نظر ڈالتے وہ بوکس کھولے اس کے سامنے کھڑا ہاتھ پھیلائے تھا

وہ لب دانتوں تلے دباتی نم مسکراتی آنکھیں جھکائے تھی

میں جانتا ہوں میرا گفٹ آپ کے گفٹ کے آگے کوئی شان نہی رکھتا مگر پہن کے دیکھیں یقین مانیں آپ کے ہاتھ میں جاتے اس کی قیمت بڑھ جائے گی"

اس کے رسپونس نہ دینے پر وہ بوکس پیچھے کرتا کے وہ اس کا ہاتھ تھام گئی تھی

قبول ہے میرے بیٹے کے بابا جانی کا گفٹ۔" وہ رندھی سی آواز میں بولی

Posted on Kitab Nagri

اف ایک بھی آنسو باہر نہ آئے ورنہ میں نے نہی پہنانی۔ "

وہ سامنے بیٹھے آنکھوں میں چمکتے آنسو دیکھتے بولا وہ اس کے سینے پر مکہ مارتے قریب جاتے اپنا سر ٹکا گئ تھی

ہاتھ دینے کو کہا تھا پھیلنے کو نہی"

احان مسکراتے اپنے سینے پر ٹکی اس لڑکی کے سر پر لب رکھ گیا

میرا بندہ میری مرضی ایسے ہی پہنانی ہے تو پہنائیں ورنہ جائیں۔۔"وہ ہنوز اسی پوزیشن میں بولتے ہاتھ آگے کر گئ تھی

وہ اس کا ہاتھ دیکھے بوکس سے گولڈ کی رنگ نکالے اس کی رنگ فنگر کی زینت بنا گیا

ہمم اچھی چوائس ہے۔۔ "

چند پل اسے دیکھتی رہی تھی

حان کیا آپ رنگ پہنانے کے بعد کے تقاضے نہی جانتے"

Posted on Kitab Nagri

وہ اب سیدھے ہوتے اپنا ہاتھ اس کے ہونٹوں کے قریب لیتے آنکھوں سے اشاہ کر گئ تھی

اب بیٹا نہی دیکھ رہا۔۔" وہ ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھامتے لب رکھتے سر کو نفی والی جنبش دیتے بولا

نہی بے فکر رہیں وہ تو سویا ہے۔۔" وہ اس کی حاضر جوابی پر فوراً ہستے بولی

ہاں تم کرو تو مرضی میں خود سے کروں تو بے شرمی"

ریحہ کی مسکراہٹ اس کی بات پر گہری ہوئ کے اچانک وہ اس کی گال کھینچ گئ تھی

اس کے ساتھ مزاق نہی۔۔" وہ وارن کرتے گال رگڑتے اسے ہسنے پر مجبور کر گیا تھا

فون تھامتے وہ دھڑکتے دل سے اس کا نمبر ڈائل کر گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ گہری نیند میں بجتے فون سے ہڑبڑاتے رسیو کر گیا کل سے وہ ہوسپیٹل میں ارحان کو سرسری سا دیکھنے کے بعد اسلام آباد سے واپسی پر صرف ریسٹ پر تھا

طویل خاموشی تھی وہ رسیو کر گیا تھا مگر بولا کچھ نہی تھا

بولنا نہی ہے تو کال کیوں کی" دانین کا نمبر مسلق آنکھوں سے دیکھتے خاصا شوک میں تھا

او جاننے کے لیے"

اس کی طنز بھری آواز گونجی تھی

بے فکر رہو ایک دو دن میں آزادی کا پروانہ مل جائے گا مجھ سے"

ازہان نے تلخی سے کہا تھا

ایک آخری دفعہ مل لو۔۔" لہجے میں بے بسی ہی بے بسی تھی

بس ایک دفعہ پلیز۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ کھٹراک سے فون کر گیا تھا

وہ دل تھامتی رہ گئ تھی لیکن اگلے لمحے اس کا ٹیکس بلنک تھا

اگلے آدھے گھنٹے میں۔۔۔"وہ چپل اڑیسے فون بستر پر پٹختے واشروم کی سمت روانہ ہوا

جبکہ وہ وجود میں خوشی محسوس کیے شال لینے لگی تھی

پچھلے آدھے گھنٹے سے اس کے ٹیکس کیے ایڈریس والی کوفی شوپ پر تھی پر وہ آنے کا نام ہی نہی لے رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آہ کسی دور میں وہ اسے ایسے ستاتی تھی۔۔"

تلخ سی مسکراہٹ بنجر ہونٹوں پر نمودار ہوتے وہ مینیو کارڈ پلٹتے خود کو مصروف ظاہر کرنے لگی تھی

اچانک وہ عجیب سی ہوتی حالت اور چاپ سے پیچھے مڑ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

کے وہ سامنے تھا سات ماہ کا عرصہ اس کی نظروں کے سامنے گزرنے لگا کتنا بدل گیا تھا وہ سنجیدہ سا اس کی رنگت احان کی نسبت زیادہ صاف نہی تھی پر اٹریکٹو ضرور تھا کیا اس کی خوبیاں اس سے جدائی پر نظر آرہی تھی یا احساس ندامت تھا

احان اپنی ماں پر تھا جبکہ ازہان کی رنگت اپنے باپ پر متناسب سی تھی

فیروزی شرٹ اور سفید جینز پر سیاہ فل سلیو والی جرسی میں فریش سا تھا اس کی بڑھی سی شیو اسے مزید سوبر اور سنجیدہ بنا رہی تھی

وہ بے نیاز سا اس کے سامنے آیا تھا

کیسے ہو۔۔" وہ تھوک نگلتے اپنی شخصیت بے معنی سی محسوس کیے متناسب لفظ تراشتے بولی تھی

تمہارے پلیننگیز کے انتظار میں ابھی تک فلحال زندہ ہوں" وہ کہنیاں میز پر ٹکاتے اس کی شال میں لپٹی سادگی لی شکل کو دیکھتے حیرت کم کیے تلخی سے بول گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

ایک کوفی۔۔"وہ ویٹر کی جانب صرف اپنے لیے ایک کوفی کا آڈر دیتے اشارہ کر گیا کے وہ شرمندہ سی ہو گئ تھی

میں ایسا نہی چاہتی تھی ازہان۔۔ "

میں نے وہ خلع کا نوٹس نہی بھیجا

واو یہاں تو ملاقاتیں عروج پر ہیں ہمیں تو منہ لگانا آپ گوارہ نہی کرتی اور یہاں تو۔۔"

انعم کا بھائ عین اس کے سامنے جانے کہاں سے براجمان تھا کے وہ خوف سے زرد پڑتی ازہان کے بگڑے تاثر دیکھے اسے دیکھ گئ تھی جو اس کے وجود پر نظریں گاڑے تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کون ہے یہ۔۔؟

وہ اس کی جانب دیکھتے سخت تیور لیے بولا

کیونکہ وہ اس کے رشتے داروں کو اچھے سے جانتا تھا جبکہ اس شخص کو وہ پہلی دفعہ دیکھ رہا تھا

ازہان میں وہ یہ علی کا۔۔"وہ اس کی بات اچک گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

ارے اتنا پریشان کیوں ہو رہی ہو تعارف کراتے مطلب تمہیں بھی اس نے جھانسا دیا ہے۔۔ "

افسوس!

وہ اس پر نظریں ڈالتے اس کو دیکھ گیا تھا جو نفی کرنے لگی تھی کیا بے بسی تھی

چلو تم گھر تمہارے بھائی کو تمہارے کرتوت بتاؤں میں۔۔ "

وہ زبردستی اس کا ہاتھ تھام گیا تھا

کے ازہان سارا ڈرامہ دیکھتے اس کو دیکھنے لگا

جس کی آنکھوں میں آج عجیب بے بسی رقم تھی

وہ مٹھیاں بھینچ گیا تھا

وہ اس کو دیکھتے اس کی کسی حرکات پر عمل پیرا نہ ہوتے دیکھ زبردستی اسکا ہاتھ تھامتے قدم بھرتا کے وہ اب سامنے تھا

چھوڑ ہاتھ۔۔۔۔۔ سرد آواز سے سامنے دیکھا

Posted on Kitab Nagri

ازہان کی آواز سے دانین کے وجود میں خوشی سی پھوٹی تھی

کیوں تمہیں کیوں آگ لگ رہی ہے بھئی" وہ ان کے مابین قائم رشتے سے انجان ہی تھا

ہنوز اسی پوزیشن میں ویسے ہی کھڑا رہا تھا

مجھے کیوں آگ لگ رہی ہے" وہ لفظ چباتے سیدھا ہوا تھا

کے اگلے لمحے جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا ناک پر پڑنے والے مکے سے وہ دو قدم پیچھے ہوا تھا۔۔

ہمت کیسے ہوئی تیری اسے ٹچ کرنے کی بول"

ازہان نے بازو کو جھٹکا دیتے پیچھے اس کی کمر پر لے جا کر مڑوڑی تھی۔۔۔

چھوڑ مجھے کمینے پھر بتاتا ہوں تجھے جس کے لیے مجھے مار رہا ہے نہ تجھے بھی دھوکہ دے گی میرے ساتھ بھی تو یہ اپنے ہی گھر میں چھپ چھپ کر ملاقاتوں میں تعلقات قائم کر۔۔"

ابھی وہ اپنا فقرہ کمپلیٹ کرتا کے ازہان نے ایک زور دار تھپڑ مارا تھا

Posted on Kitab Nagri

بکواس نہی سمجھا تیری جان ایک سیکنڈ میں لے لوں گا کمینے پھر دونوں میں بری طرح ہاتھا پائی شروع ہو چکی تھی۔۔۔

دانین تو اس شخص کی بات پر شرم میں گڑھ چکی تھی۔۔۔۔

ازہان سائیڈ پر ہو وہ چیخی جب پیچھے سے اس کا وہاں موجود کوئی دوست اس پر شیشے کا واص پھینکنے والا تھا۔۔۔۔

پر بروقت دانین کی آواز سے پلٹا اور نیچے جھک گیا تھا۔۔

کیا ہو رہا ہے یہ ہوٹل انتظامیہ نے پولیس کو فون کیا تھا جو وہاں پہنچ چکی تھی۔۔

میری بیوی کو تنگ کرنے کی کوشش کی ہے اس نے لے کر جائیں"

ازہان نے اپنی ناک سے خون جرسی کی بازو سے صاف کرتے کہا اور اس کو دیکھا جو اب زمین پر کراہتے بیوی پر بری طرح ٹھٹھکا تھا

اوکے ہم دیکھتے ہیں آپ لوگ جائیں لوگوں نے بھی سارا کچھ بتایا جس سے وہ اسے چھوڑ کر اس کی طرف بڑھے۔۔۔

ازہان آئی ایم سوری میری وجہ سے "جو ہوٹل سے باہر جا رہا تھا دانین کی آواز سے رکا

Posted on Kitab Nagri

لیکن جلد ہی طنزیہ نظریں ڈالتے اپنے قدم تیزی سے پارکنگ ایریا کی طرف بڑھائے اور گاڑی ان لوک کی۔۔۔

ازہان سنو تو پلیز میری بات سنو چوٹ آئی ہے تمہیں وہ شخص بکواس کر رہا تھا۔۔"

میرا کوئی تعلق۔۔"وہ روتے ونڈو پر جھکی صفائیاں دینے لگی تھی

بیٹھو۔۔"

دانین جلدی سے اس کے پیچھے لپکی تھی جو انسنی کیے گاڑی اس کے سامنے روکتے سرد لہجے میں بولا تھا

وہ شال سنبھالتے ڈرتے فوری فرنٹ ڈور کھولے بیٹھ گئی تھی

آہستہ پلیز۔۔"وہ خوفزدہ سی تیز ڈرائیونگ پر لاشعوری میں اس کے کندھے تک لے جاتا ہاتھ مٹھی کی صورت میں واپس لیتے بولی تھی

نہی کہوں گی مجھے معاف کرو

Posted on Kitab Nagri

بس تھوڑی سی جگہ دے دو مجھے۔۔"

ازہان آئی پرومس کسی کونے میں رہ لوں گی۔۔ "

وہ انسنی کیے تھا

ازہان آئی نو تم مووا اون کر گئے ہو لڑکی اچھی ہے پیاری ہے مجھ سے بھی کئی زیادہ اور تمہارے سٹیٹس کی بھی لگتی ہے"

وہ سٹیرنگ پر گرفت مضبوط کر گیا وہ پھر سے اسے کیسے الزام دے رہی تھی

میں تم دونوں کی پرسنل میں انٹرفیر بھی نہی کروں گی"

یہ مشکل تھا اپنا شوہر خود سے کسی اور کے ساتھ بانٹنا پر دانین حیدر بس اس کے نزدیک جگہ چاہتی تھی وہ جھک گئی تھی اس ازیت سے جو وہاں کبھی نہی ختم ہونی تھی

اترو۔۔"وہ چلایا تھا

ازہان۔۔"وہ تواتر آنسوؤں میں بے بس سی ہو گئی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ خود فرنٹ ڈور کھولے جھٹکے سے اسے باہر کھینچ چکا تھا

وہ حیرانی لیے کسی ہوسپیٹل کے انٹرنس میں خود کو دیکھنے لگی تھی

دانین حیرت زدہ سی اس کی کاروائیاں دیکھنے لگی تھی

وہ اس کا ہاتھ تھامتے اپنے ساتھ تقریبا کھینچتے لفٹ کی جانب آیا

ازہان ک۔۔ کہاں جا رہے۔۔" وہ خوفزدہ ہوئ تھی

بے فکر رہو تمہاری طرح میں بے حس نہی ہوں۔۔ "

وہ اس کی سلگتی باتوں سے سہمتی جا رہی تھی

ایلویٹر سے نکلتے وہ اسے ایک روم کے سامنے لایا تھا وہ بامشکل سانس نارمل کرتے خاموش سی اب اس کی اگلی کاروائیاں دیکھ رہی تھی

دیکھ رہی ہو یہ۔۔" وہ گلاس ونڈو سے اندر کا منظر دکھا گیا

دانین ششدر سی دیکھنے لگی جہاں ریحہ کے گرد اس کی ماں اور سانیہ مسکراتے بیٹھی ایک بچے کو تھامی تھیں

Posted on Kitab Nagri

یہ میرا گھر ہے۔۔" وہ اس کی جانب پلٹ گیا

جن لوگوں کو تم نے تکلیف پہنچائی دانین

وہ جو لڑکی ہے نہ وہ ماں بننے والی تھی جس سے تم نے جانے اپنی کس محرومیت کا بدلہ لینا چاہا تھا لیکن دیکھو تمہارے سامنے سہی ہے وہ افسوس تو ہو رہا ہو گا تمہیں

وہ اس کو خوش دیکھتے آنکھیں میچ گئی تھی

اور میرا بھائی سوچا ہے تم نے اگر اسے کچھ ہو جاتا تو میں کیا جواز دیتا

دانین حیدر مجھے ان لمحوں سے وحشت ہوتی ہے جن میں میرا وجود تمہارے نزدیک تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مانا کے ہم سے غلطی ہوئی تھی ہم سدھار سکتے تھے لیکن تم نے کیا کیا تھا

میرا ساتھ دینے کی بجائے ہمیشہ مجھے بے سکونی دی

جانتی ہو میری ماما کا میرے ایکسیڈینٹ کے وقت کیا حال تھا

Posted on Kitab Nagri

سمجھ سکتی ہو تم ایک ماں کی فیلنگس۔۔"

کیا وہ تمہیں کبھی معاف کریں گے

نہی دانین میں کر بھی دوں نہ وہ نہی کریں گے""

وہ روتے نفی کرنے لگی تھی

ازہان تم نے کبھی مجھے اپنا احساس دلایا تھا

مجھے بھی تو تمہاری ضرورت تھی ازہان لیکن تم نے وہ احساس کبھی مجھے دیا ہی نہی

تم تو معافی تک کا حق نہی دے رہے مجھے۔۔"

ازہان اس گھر میں مر جاوں گی اس شخص کی غلیظ نظروں اور اپنی بھابھی کے روز کے لگائے الزامات سے۔۔"

پلیز۔۔"وہ ہاتھ تھام گئی تھی اس کے

توکیا میں نے تمہیں کہا تھا تم نفرت کرو سب سے کرنی بھی تھی تو مجھ سے کرتی نہ کیا کبھی تم نے بیوی کا فرض نبھایا تھا

بتاو مجھے دانین۔۔"

Posted on Kitab Nagri

میں۔۔"وہ گھٹنوں کے بل جھکی تھی

میں سب سے معافی۔۔ "

یہ کیا کر رہی ہے یہاں۔۔"سانیہ کی تیز آواز سے وہ دونوں متوجہ ہوئے تھے

وہ آنسو صاف کیے سرخ چہرا لیے پلٹی تھی

کے تیز آواز سے ریحہ اور نائمہ بھی دروازے کے پار متوجہ ہوئے تھے

تم اسے طلاق دے کر فارغ کرو مجھے یہ دوبارہ تمہاری زندگی میں یا اپنے گھر میں نہی چاہیے"وہ اس کو دیکھتے خاصے تیز لہجے میں بولی

آنٹی لاکھ اختلافات سہی میں لاکھ بری سہی مگر آپ ایک عورت ہو کر یہ ظلم نہ کریں مجھ پر پلیز۔۔"

مجھے آپ کے بیٹا کا نام چاہیے بس تھوڑی سی جگہ دے بس میں کچھ نہی مانگوں گی

Posted on Kitab Nagri

پلیز۔۔ "

اچھاوہ شوہر جس کی جان لینے میں تم نے کسر نہ چھوڑی وہ شوہر جس کی بازو ساری زندگی کے لیے تمہاری وجہ سے ڈیفیکٹڈ ہو گئ

جانتی ہو اس حادثے کے بعد وہ اپنی بازو سیدھی نہی کر سکتا اس کے سر میں درد رہتی ہے

تم کہتی ہو معاف کر دیں آسان ہے تمہارے لیے "

مما آپ خود کو ہائیپر نہی کریں پلیز۔۔"

وہ ان خو سنبھالتا اس پر سرسری نظر ڈال گیا تھا

تم اسے ہماری زندگی میں واپس نہی لاوگے سنا تم نے" وہ نم آنکھوں سے اس کو تنبیہ کر گئ تھیں

اچھا فلحال طبعیت نہی خراب کریں چلیں آپ۔۔" وہ سہارا دیے روم میں لے گیا اور وہی تھی اکیلی

Posted on Kitab Nagri

انتظار ایک مشکل چیز ہے۔۔"وہ سیل فون پر ٹائم دیکھے سوچ گئ دس منٹ بھی محال تھے

آپ رکیں یہی۔۔"

وہ اس کے پرسنل خاصے اعتماد والے گارڈ کے ساتھ ہی تھی جو وہ اس کو کالج ڈراپ کے لیے زبیر کے ڈرائیور کی جگہ اس کو ہائیر کیے تھا

پانچ بجنے میں دس منٹ باقی تھے جب وہ ائیر پورٹ پر پہنچے اس کے ویٹ میں تھی

ٹھیک دس منٹ بعد اس کی فلائیٹ لینڈ کر رہی تھی

وہ بلیو پر پنک دھاگے کے کام والی نفیس سی فراک پر ہم رنگ دوپٹہ گلے میں لیے جبکہ سردی کی وجہ سے سکن موٹی شال کندھے سے لاتے بازوں کے دونوں سروں پر پھیلائے سیدھے کھلے بالوں میں تھی گلے میں اس کی دی چین کے علاوہ چہرا ہر آرائش سے عاری اس سے ملنے کی چمک لیے ہی خاصا پر سکون اور محبت کی رنگت لیے گلابی سا تھا

Posted on Kitab Nagri

اناونس مینٹ سے اس کی جان ہتھیلی میں آنے لگی تھی

کیا احساسات تھے وہ سمجھنے سے قاصر تھی بحر حال یہ احساس خوشکن تھا وہ اپنے اندر آئی تبدیلی محسوس کیے سرشار تھی

کیا تم ہمارے ولیمے میں آئی ہو۔۔" وہ مسکراہٹ روکنے کو نچلا لب دبائے سامنے اسے بے چین دیکھے ٹیکس کر گیا

وہ پلٹی پر وہ نہی تھا "

اچھی کوشش تھی۔۔" اس کا ٹیکس دوبارہ بلنک ہوا تھا وہ یک لخت تھمی تھی مطلب وہ اس کی حرکات پر نظر رکھے تھا

کہاں ہو۔۔؟ بے چینی سے اپنی جگہ پر کھڑے ہی چاروں اطراف میں گھومتے دھڑکن جیسے تھم سی گئی تھی شال کا ایک سرا کندھے سے بھی اب ڈھلک سا گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

تم مجھے مسلسل پچھلی تین راتوں اور ڈھائی دن سے تنگ کر رہے ہو۔۔ "

وہ ارد گرد سب رسیو کرنے والے لوگوں کو دیکھتے رندھی سی آواز میں بڑبڑائے دوبارہ ٹیکس کر گئی تھی وہ کل آنے کی بجائے بھی آج آیا تھا اور اب اس کے صبر کا پیمانہ لبریز کر رہا تھا

اور جو تم مجھے اتنے عرصے سے کر رہی ہو اس کا حساب کون دے گا" وہ مسکراتے ہجوم میں رخ موڑ گیا

دے لو ازیت۔۔"وہ فون پٹختی کے اگلا ٹیکس سکرین پر پہلے سے نمودار تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

look behind sweet heart.."

وہ بورڈنگ ایریا میں کھڑی انتظار میں تھی

جب دور سے اس کی شبیہ اب واضع ہونے لگی

وہ گہرا سانس بھرتے اس کو گزرتے سیکنڈز میں نزدیک ہوتے دیکھنے لگی کے عکس اب بلکل صاف سا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ قدم بھر کے فاصلے پر بلکل عین سامنے تھا نور کی پلکیں لمحے بھر کو جھکتے یقین کرنے کو اٹھی تھیں

وہ اس کے بلکل قریب تھا کے وہ اس کو ہاتھ بڑھاتے چھو سکتی تھی

گرے شرٹ پر سیاہ بلیزر اور سیاہ ہی جینز میں وہ اس کے روبرو لبوں پر گہری مسکراہٹ لیے کوٹ بازو پر ڈالے فولڈڈ کف میں اپنی مخصوص خوشبو میں بسا ساجان لینے کے در پر تھا

کیا تم مجھے نظر لگانے والی ہو۔۔ "

وہ اس کے قریب زرا سا ہوتے جھکا کے وہ بے یقین سی ہاتھ بڑھاتے اس کا چہرا چھونا چاہتی تھی

ڈونٹ سے تم ساری رات اکسائیٹمنٹ میں جاگتی رہی ہو"

اس کی گلابی پڑتی عجیب سے تاثر والی سوجھی آنکھیں خاصی دلچپسی سے دیکھے جملہ ادا کرتے اس کا ہاتھ تھامتا کے وہ جہاں کئ لوگ ایک دوسرے کو رسیو کرتے مل رہے تھے وہ اس کے سینے سے لگتے ششدر کر گئ تھی

وہ ہمیشہ ہی اس کے الٹا ہی چلتی تھی

Posted on Kitab Nagri

ہالہ۔۔"غازیان اس کی اور اپنی الجھتی سانسیں محسوس کیے محض یہ کہہ پایا تھا

یہ پبلک پلیس ہے۔۔"وہ اس کو ہنوز اسی پوزیشن میں دیکھے دھیمی سرگوشی کر گیا تھا

سب کا دھیان اس جانب ان دونوں پر ہوا تھا وہ بے خبر سی تھی جبکہ اس کی پوکیٹ میں مسلسل بلنک ہوتا فون ان دونوں کو ہی متوجہ نہی کر رہا تھا

غازی فون رسیو کرو۔۔"

حمدان نے خود سے بے بسی سے کہا

میں موقع دے رہا ہوں

اس شہر میں بہت سے لوگ حادثات میں مارے جاتے ہیں

کچھ لوگ تو بم بلاسٹ میں جس میں وجود کا نام و نشان نہی رہتا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

جبکہ کچھ لوگ ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بن جاتے ہیں "

کتنی دیر بعد وہ منظر پر سنبھلتے آیا تھا اس عرصہ میں وہ اپنی سیٹ تک کھو گیا تھا

میر سبطین کی آنکھوں کی تپش اور جملوں کی بازگشت سے وہ سنسا اٹھے تھے

وہ نمبر ڈائل کرتے اس کے گارڈ کا نمبر ڈائل کر گئے

اٹھالو۔۔ "

وہ گاڑی کا فرنٹ ڈور بند کرتے نکلتا کے بلنک فون کی جانب نظریں کر گیا

ہیلو سر۔۔ "

غازی کہاں ہے "وہ پہلے سوال ہی یہ کر گئے تھے

سر تو ابھی ائیر پورٹ سے سے نہی نکلے "

Posted on Kitab Nagri

وہ سامنے مین ڈور کی جانب دیکھ گیا

تم مجھے پاگل کر رہی ہو۔۔"

بلیو می آج کی رات خاصی یادگار ہو گی "

وہ اس کو پانچ منٹ سے مسلسل اسی پوزیشن میں دیکھے کانوں میں خمار زدہ سی سرگوشیاں کرنے لگا

آ۔۔ آئی ایم سوری

وہ ہاتھ ڈھیلے چھوڑے مسکراتے لبوں سے خجل سی سرخ ہوتے فوری پرے ہو گئ تھی

جبکہ ارد گرد کے لوگ یہ منظر دلچسپی سے دیکھتے اسے خاصا شرمندہ کر گئے تھے جو اسے ناگوار گزرا تھا

کیا کوئی خاص مسلہ ہے بیوی ہے میری"

وہ قریب گزرتے لوگوں میں سے جو اس ینگ کپل پر خاصی توجہ دے رہے تھے قدرے اونچی آواز میں بولتے اس کی جانب پھر سے گھوم گیا تھا جو ان کی وجہ سے اس سے دور ہوتے اسے بدمزہ کر گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

کے اب ان کی محبت پر کسے جانے والے جملوں پر وہ چہرا نہی اٹھا پا رہی تھی

ہاں تم اور میں اور تمہارے آپ کا کونسیپٹ کہاں تھے ہم" وہ ہمقدم ہوتے بولا

ائیرپورٹ کی حدود سے نکلتے وہ گھن سے تھے

سر غازیان سر سامنے ہیں۔۔ "

ہالہ میم کے ساتھ

وہ فوری ان کے آتے فون پر دوسری جانب بولا

میں تمہیں اپنا کوٹ بلکل نہی دینے والا۔۔"وہ ائیرپورٹ کی حدود سے نکلتے ٹھنڈ سے بازو مسلنے لگی تھی

پتہ ہے مجھے خاصے المینرڈ شخص ہو۔۔"وہ طنز کرتے اس کی بازو پر دھرا کوٹ دیکھتے گھوم گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

کیا چاہتی ہو مجھ سے "

وہ سامنے آتے اب الٹے قدم لینے لگی تھی جب وہ اس کو دیکھنے لگا اس کے قد کے برابر آنے کو وہ ہیلز میں بھی بامشکل اس کے سینے تک آرہی تھی ہیلز سے پاوں مڑتے وہ گرتی کے وہ کلائی تھام گیا تھا

انسان کو نہ وہ چیزیں اختیار کرنی چاہیے جو انہیں کمفرٹ زون میں رکھیں۔ "

وہ سلور سٹیپ والی خاصی اونچی ہیلز سے چھلکتے پاوں دیکھتے ناگوار لہجہ اپنا گیا

تم نے تھام لینا تھا مجھے پتہ تھا۔۔" وہ لاپرواہی سے کلائی اس کی مضبوط گرفت میں دیکھے کندھے اچکاتے اسے شوک پر شوک دے رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا بچے کی جان لو گی اب "

وہ گھورتے ہنوز اس کا ہاتھ تھامے اس کے برابر نہ چلتے ہنوز اسی پوزیشن میں الٹے قدم لیتے اس کو نظروں سے ایک سیکنڈ کو بھی اوجھل تک نہی ہونے دینا چاہ رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

تم نے کہا تھا تمہیں تمہاری بیوی چاہیے۔۔"

وہ گاڑی کے نزدیک تھے جب وہ اس کے لیے بیک سیٹ کا دروازہ کھول گئ تھی

اف مجھے لگا تھا تم چھت پر کھڑی میرے انتظار میں بس آنسو بہاو گی "

مگر یہاں تو سین ہی اور ہے" وہ مدھم سا مسکراتے اسے پہلی دفعہ زہر لگتے ہوئے بھی حسین لگا تھا

گاڑی میں بیٹھ گیا ہے وہ سٹوپڈ۔ "

ڈرائیور کی بتائ گئ ساری اس کی اپنی بیوی کے ساتھ اختیار کردہ حرکتوں پر وہ کھولتے غصے سے اس اچھے بھلے میچور تیس سال کے مرد کا بچپنا ائیرپورٹ جیسی پبلک پلیس پر اختیار کرنے پر پیچ و تاب کھا رہے تھے یہاں ان کی جان ہلکان تھی اور وہ جان بوجھ کر فون تک نہی رسیو کر رہا تھا

گاڑی کہی نہی روکنا سیدھا ان کو گھر ڈراپ کرنا۔۔ "

جی سر" ڈرائیورنگ سیٹ پر بیٹھا وہ فون بند کر گیا

چلیں سر۔۔" وہ دونوں کو سیٹ پر بیٹھے پوچھنے لگا وہ شال سے الجھتی سیٹ سے سر ٹکا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

جیسے ہی ان کی گاڑی ائیرپورٹ کی پارکنگ کی حدود سے نکلی سڑک پر رکی گاڑی ان کے پیچھے تھی

تم نے ویلکم کو پھول تک نہ لیے مجھے لگا تھا ان سب کے بعد مجھ پر پھولوں کی برسات بھی ہوگی "

وہ جو آنکھوں موندے اس کی موجودگی کو محسوس کیے اس کے پہلو میں تھی آنکھیں کھولتے دانت پیس گئ تھی

کچھ تقاضے آپ کے بھی تھے مسٹر نیازی" اس کی سیاہ آنکھوں میں آنکھیں گاڑنا مشکل سا تھا

میرے تقاضے تم آج رات مجھ سے فرصت میں استفار کرنا۔۔ "

وہ اس کی جانب جھکتے مدھم سرگوشی لیے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابھی سے ڈر گئ۔۔"

وہ سیٹ پر ناخن گاڑتی کے اس کی مٹھی کو زبردستی کھولے وہ اپنی انگلیوں میں الجھاتے اس کی چلتی سانسیں مزید بے ہنگم کر گیا تھا وہ اپنے سردی سے یخ پڑتے ہاتھوں پر سلگتے لمس پر نظریں فوری کھڑکی کی جانب موڑتے تیزی سے گزرتے مناظر پر ڈالتے خود کو بے نیاز ظاہر کر گئ کچھ فاصلہ طے کرتے اسے اچانک پھولوں کی گزرتی لائن وائز کئ شاپ دکھنے لگی تھیں

Posted on Kitab Nagri

ایک منٹ کے لیے گاڑی روکیں۔۔"وہ اچانک ڈرائیور سے بولی تھی

ڈونٹ سے تم اپنی جان چھڑوانے کو مجھے ان پھولوں پر ٹرخانے والی ہو۔۔ "

وہ اس کے تعاقب میں دیکھتے اس کے وجود میں دھواں سا بھر گیا تھا

تم کسی حال میں نہی خوش۔۔"

وہ کڑھ گئ تھی اب

بھائ گاڑی روکیں"وہ اس کو ہنوز چلاتے دیکھ پھر سے بولی تھی

سوری میم حمدان سر نے منع کیا ہے گاڑی کہی بھی روکنے کو۔۔ "

وہ پریشان سا جواز دیتے سپیڈ تھوڑی نارمل کیے اسے فرنٹ مرر سے دیکھنے لگا

وہ دونوں اس جانب متوجہ ہوئے تھے

Posted on Kitab Nagri

ڈیڈ تم سے بھی رابطے میں تھے۔۔ "

ٹھیک ہے رہنے دیں اگر وہ نہی چاہتے تو۔۔"وہ فوری حامی بھرتے بول گئ

نہی اب تو مجھے پھول چاہیے تم لے کر آو گی"اس کا لہجا اچانک بضد سا لگا

غازیان آپ کے ڈیڈ کو اچھا نہی لگے گا۔۔"اسے بھی مناسب نہی لگا تھا

تم لے کر آرہی ہو یا نہی۔۔"وہ آنکھیں دکھا گئ تھی

وہ دروازا کھولے باہر نکلی شال درست کرتے روڈ کو پار کرنے کو کھڑی تھی

اچانک فون پر بلنک ہوتی کالز دیکھتے وہ جیب سے فون نکالتے صرف پل بھر کو اس سے نظریں ہٹا گیا تھا

میں مجبور ہوں۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

مجھے معاف کر دینا۔ "

وہ ششدر سا سکرین دیکھتے نظریں کھڑکی کے پار کرتا وہ پھولوں کا بکے لیتے اس کے ہاتھ میں تھامے سیل فون کی بیک سے اب پیسے لیتا منظر واضع دیکھتے ٹیکس دوبارہ پڑھتے ارگرد کا ماحول غور کرنے لگا جب سامنے سیاہ گاڑی کو دیکھ گیا تھا وہ

سر۔۔"ڈرائیور روکتا اسے

نور ابھی نہی۔۔" کے وہ ان سنی کیے دروازہ کھولتے چلایا

وہ چینج لیتے اس کی تیز آواز سے پلٹتی حیران ہوئ کے روڈ سے تیز گاڑیوں سے الجھتا بے ہنگم اپنی طرف بھاگتا دیکھ دل تھام کر رخ موڑ گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نوغازیان تم و۔۔وہی رہو۔۔"وہ بال مٹھی میں لے گئ تھی یہ شخص کیا حرکتیں کر رہا تھا

لیکن وہ اس کی اس طرح کی ٹریفک میں سن کہاں رہا تھا

Posted on Kitab Nagri

میم آپ کا چینج۔۔ "

وہ نظر انداز کیے خود سے خوفزدہ سی ہیلز میں تیز قدم لیتے اپنے رگ وپے میں وحشت محسوس کرنے لگی تھی

او بھائی اندھے ہو

وہ لاہور کی تیز رفتار وہیکلیز والی روڈ پر اس فلاور شوپ سے فاصلے پر ونڈو سے نشانہ لیتے شخص کے تعاقب میں ہی نظریں ڈالے ہی اس کے نزدیک پہنچتا کے وہ اپنی آواز نہی اس تک پہنچا پا رہا تھا جو اسے وہی ہاتھ کے اشارے سے نا سمجھی سے رہنے کو بول رہی تھی

سوری وہ نظر انداز کیے اس کے مقابل تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا حرکت تھی یہ جان نکال دیتے ہو میری "

وہ اس کی بازوں میں بری طرح چیختے مچلی سی تھی

جب وہ اس کو اسی پوزیشن میں تھامے جھٹکے سے سائیڈ بدلے اچانک رخ موڑ گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

فضا میں گونجتی آواز اسے نزدیک محسوس ہوئی تھی

وہ منہ کھولے وہاں پھیلتی آنکھوں سے دیکھتی وہ ابھی جھکتا کے جب دوسرا فائر بھی ہوا تھا

وہ سن ہو گئ تھی

ارے دیکھو گولی کسے لگی ہے "

یک لخت لوگوں کے شور سے وہ اپنی شال کو تیزی سے سرخ ہوتے دیکھ اپنا ہاتھ جو اس کے کندھے پر دھرے تھی سرخ دیکھتے سائیں سائیں کرتے کانوں سے اس کے روبرو ہوتے اس کا چہرا دیکھ گئ تھی

وہ خوفو ہراس سے ساکت سی اس پر گرفت ڈھیلی کر گئ کے وہ جو اس کا سہارا لیے تھا وہ درد سے زمین پر گرا تھا

اس کی شرٹ سے نکلتا خون روڈ پر دیکھے وہ سفید اور سرخ گلابوں والے پھول وہی اس کے ہاتھ سے چھوٹے چند پھول روڈ پر بکھر سے گئے تھے

غاز۔۔"وہ بے یقین سی روڈ پر گھٹنوں کے بل گری تھی

جو زمین پر ہلکی مندھی آنکھوں سے تھا

Posted on Kitab Nagri

تم چیٹر ہو۔۔ "

وہ سرخ ہاتھ کی ہتھیلی اس کے سینے پر رکھتے چلائی تھی کے وہ ہلکی بند ہوتی آنکھوں سے قریب ہوتے ہجوم اور شور کی پرواکیے بغیر مسکراتے لبوں سے کھسکتے اس کی گود میں سر رکھے اس کا چہرا خود پر جھکا گیا تھا اس کے بکھرے بال اس کے چہرے کو ڈھک سے گئے کے مدھم سانسوں میں وہ اس کی آواز محسوس کرنے کی کوشش کرنے لگی تھی

کہا تھا نہ آ۔۔ آج کی رات یادگار ہو گی "

ک۔۔ کیونکہ آج تم صرف م۔۔ میرے لیے رو گی

وہ اس کے لب اپنے کان کی لو سے مس ہوتے محسوس کیے اس کی ٹوٹی آواز سے پوری طرح ڈھے گئ تھی

ارد گرد اس کی مدھم دھڑکنوں کے علاوہ اسے کچھ نہی محسوس ہو رہا تھا جہاں لوگ چیختے چلاتے اسے ہٹانے کی کوشش میں ایمبولینس کو کال کرتے کے وہ گارڈ معاملہ کی واردات دیکھے اس نقاب پوش تک پہنچتا کے وہ خود کو خودی سیرینڈر کر چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

مار دو اس کی بیوی اور بیٹی دونوں کو

بچ گیا ہے وہ سالا کمیشنر۔۔"

میر سبطین غصے سے فون کے پار بولا

سر بچی کو بھی۔۔"وہ چھوٹی سی بچی کو اپنے سامنے بلکتے دیکھ تھوک نگل گیا

ہاں مجھے دھوکہ دینے میں اس کے باپ کا ہاتھ تھا میرے بیٹے کو اس شخص نے اس کے ساتھ ملکر ٹریپ کیا تھا مجھے دھوکہ دے کر اور دھوکہ دہی کا انجام میرے نزدیک موت ہی ہے"

وہ دانیال کی موت کی بھڑاس غصہ سب کچھ نکال رہا تھا

اور اگلے لمحے وہاں پولیس کا سائرن بجا تھا

اندر ہی ہے میری بیوی اور بیٹی آپ چاہیں تو دیکھ لیں انہیں کچھ نہ ہو"وہ ان کی کسٹڈی میں ہی بے بس سا بولا

Posted on Kitab Nagri

اگر ایسا نہ ہوا تم نے ہمیں گمراہ کرنے کی کوشش کی تو انجام دیکھنا۔۔" ایس ایچ او گن اس کی کنپٹی پر رکھ گیا تھا

میں قسم کھا رہا ہوں میری فیملی میر سبطین کے بندوں کے قبضوں میں ہے اسی نے مجھے ہالہ میڈم کے شوہر پر گولی چلانے پر مجبور کیا۔۔ "

میں مجبور تھا میں گولی ہرگز نہی چلانا چاہتا تھا

اس نے گاڑی میں ٹیکس بھی کر ڈالا تھا پر اس کی بیوی کی عزت اور اور بیٹی کی جان دونوں ان ظالم لوگوں کے سپرد تھی جو زمینی خدا بنے نہایت سفاک تھے

زبیر کا گارڈ اس لمحے پولیس کو ساری سچائی سے اگاہی کر گیا تھا

وہ اس جگہ تھے جو کچی آبادی میں تھی جہاں کی لوکیشن وہ پولیس کو بتاتے پولیس موبائیل میں ان کے ساتھ ہی آیا تھا

سر یہاں تو پولیس آ گئی ہے "

Posted on Kitab Nagri

وہ دوسری جانب میر سبطین کو فون پر بے چینی سے آگاہ کرنے لگے

پولیس "وہ سمجھ گیا کے وہ شخص پھر سے دھوکہ دے گیا ہے اپنا منہ کھولتے بحر حال غازیان سے بدلہ لے کر اس کی جلتی جان کو کچھ سکون تو حاصل ہو گیا تھا

نکل جاو یہاں سے پچھلے راستے غائب کر لو خود کو اور میر انام بھی اس معاملے میں آیا تو انجام اپنے پیچھے خاندانوں کا سوچ لینا"

وہ تیش زدہ سا بھڑک اٹھا وہ ویسے بھی دانیال کے مرنے کے صدمے سے اپنی بیوی کے پاگل ہونے پر ملک چھوڑنے کی تیاری میں تھا

جہاں اس کی کرسی چھوٹنے پر احتساب عدالت میں کیس کھلنے سے پہلے وہ اس ملک سے اب فرار ہی چاہتا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پولیس کے چھاپے پر وہ تین لوگ فرار تھے جبکہ ایک ان کی حراست میں آگیا تھا

جو اپنی فیملی کے ڈر سے میر سبطین کے خلاف زبان نہ کھولے مکر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

گارڈ کی بچی اور بیوی اسی گھر سے برآمد ہونے پر وہ اس کا یقین کر گئے تھے جبکہ حمدان کے سخت آرڈرز پر اس گارڈ کو مکمل طور پر حراست میں لیتے اس پر کیس فائیل کر گئے تھے

وہ سوچ کے رہ گیا تھا کے میر سبطین کی رسی اتنی ڈھیلی تھی جو برابر کے گناہوں میں شریک ہوتے بھی اپنے بیٹے کو کھونے کے باوجود بھی خود کو سدھار نہی رہا تھا

شائد اسکی رسی ڈھیلی تھی جو کمزور لوگوں کا سہارا لیتے پیسے کا جھانسا دیے انہیں بھی گناہ کرنے پر مجبور کرتا اس کا حساب تو اب جانے کب تھا لیکن دنیا میں اس کے بیٹے کی بے راہ روی کی اپنائی گئی روش اس کی بیوی کا دماغی توازن کھونا کافی حد تک اس کے کس بل نکال گیا تھا لیکن کچھ لوگ پھر بھی یہ اللہ کی جانب سے منتخب کردو سزائیں سمجھ کر بھی نہ سمجھ ہی رہتے ہیں اور وہ بھی فلحال ان میں سے ہی ایک تھا جس کی رسی اللہ نے ایک ہی دفعہ کھینچنی تھی اور پھر معافی کا موقع بھی شائد نہی رہنا تھا

بے شک اللہ بڑا حساب لینے والا ہے"

زبیر کا گارڈ اس بار خود کو اس گناہ پر وہ تب ہی سڑک پر ہی اس پر گولی چلانے کے بعد ہی سرینڈر کر گیا تھا اور اس شخص کی زندگی کی دعا کر گیا جسے اپنی فیملی کی خود غرضی کی خاطر وہ یہ ازیت دے گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

پچھلے سات گھنٹے سے وہ ہوسپٹل تھے ہوسپٹل آتے وہ اسے سیدھا ایمرجنسی آپریشن تھیٹر لے گئے تھے گولی کندھے اور کڈنی کے قریب لگنے سے اس کو وقت پر لانے کے باوجود بھی اس کا خون کافی ضائع ہو گیا تھا

فراز مجھ سے کچھ نہی چھپانا۔۔ "

حمدان نے ڈاکٹر کو آپریشن تھیٹر سے نکلتے سر جھکائے دیکھتے پوچھا وہ سینیر ڈاکٹر ان کا پرانا دوست بھی تھا

حمدان جھوٹ نہی بولوں گا کندھے والی گولی ہم نے نکال دی ہے لیکن۔۔" وہ ہمت جھٹا رہے تھے

لیکن کیا ڈاکٹر؟ آپ صاف بتائیں زبیر نے بھی قریب جاتے اب پریشانی سے استفار کیا تھا

دیکھیں جو گولی ان کی ربز کے قریب لگی ہے نہ اس سے ان کی ایک کڈنی خاصی ڈیمیج ہو گئی ہے۔۔"

وہ چپ ہو گئے تھے

Posted on Kitab Nagri

تو۔۔"حمدان نے ناسمجھی سے سوالیہ انداز میں پوچھا

توہمیں وہ کڈنی ریموو کرنی پڑی ہے"وہ آرام سے بولتے ان کا سکون برباد کر گئے تھے

کیا ریموو تمہارا مطلب ہے میرا بیٹا ساری زندگی ایک کڈنی سے "حمدان کو لگا تھا کے وہ اس گھٹن زدہ ماحول میں سانس نہی لے پائیں گے پوری زندگی اس کے سامنے ابھی پڑی تھی

جی آپ کو یہ حقیقت فلحال تسلیم کرنی ہو گی

لیکن اگر کل تک زیادہ مسلہ ہوا تو حمدان ہمیں کڈنی ڈونر فوری چاہیے "

تو آپ خود کو مینٹلی ہر سچویشن کے لیے تیار رکھیں"

کیا تیار رکھیں تم نے ایسا بولا بھی کیوں فراز کچھ نہی ہو گا میرے بیٹے کو آئ سمجھ وہ حمدان نیازی کا بیٹا ہے مضبوط اعصاب کا مالک"وہ تیز لہجے میں غصے سے بولے

Posted on Kitab Nagri

انشااللہ حمدان۔۔"وہ ان کے کندھے پر ہاتھ رکھ گئے تھے

فلحال تم یہ بات کسی کو نہی بتانا اس کی ماں یہاں کچھ ٹائم بعد ہو گی اس کو تو ہر گز نہی"

زبیر نے چونکتے حمدان کی جانب دیکھا تھا وہ خود خاصے اس کے لیے پریشان تھے

کہاں ہے میرا بیٹا"

ڈاکٹر کے جاتے وہ سامنے آتی ملیحہ کو شدید غصے میں دیکھ رہے تھے جو ابھی وہاں ہوسپٹل پہنچی تھی

ابھی آئی سی یو میں شفٹ کر رہے ہیں بہتر ہے وہ اب" وہ جھوٹی تسلی سے موہوم سی امید دے گئے

یہ سب تم لوگوں کی وجہ سے صرف تمہاری وجہ سے حمدان۔۔"

وہ اس حال میں ہے تمہاری اس بہو کی وجہ سے "

Posted on Kitab Nagri

آہستہ ملیحہ یہ ہوسپٹل ہے ارد گرد دیکھتے وہ دبے لہجے میں زبیر کو ضبط کرتے دیکھتے بولے تھے

آئرہ خاموش سی ہی تھی جو ان کے ساتھ ان کی غیر حالت کی وجہ سے پہلی فلائیٹ لیتے لاہور پہنچی تھی

کیا آہستہ میرے بیٹے کی جان مصیبت میں ہے اور میں آہستہ ہاں میں آہستہ بولوں "

وہ مزید اونچا بولتے لوگوں کو متوجہ کر گئ تھی

ملیحہ وہ ٹھیک ہے آئی سی یو میں بس انڈر ابزرویشن ہے" وہ نرمی سے اس کو شیشے کے پار دکھانے لگے جہاں وہ آکسیجن کی نالیوں میں جھکڑا حواس کھوئے ان کا سکون برباد کیے تھا

میرا بیٹا میری جان ہے تمہیں کیا اندازہ ہو گا میری تکلیف کا حمدان" وہ ان کی جانب دیکھتے آنسووں پہ بند کھو گئ تھی

میری بھی تو جان ہے اس میں ملیحہ کیا مجھے فرق نہی پڑ رہا۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

بہت پڑ رہا ہے آپ سے زیادہ ابھی تو ملا تھا وہ مجھے آپ نے مجھ سے دور ہی اتنا کر دیا کے اس میں کبھی میری محبت کا احساس نہی جاگا"

آپ کو پتہ ہے ملیحہ جب وہ اکثر آپ کی فکر میرے سامنے کرتا تھا نہ مجھے بہت ازیت ہوتی تھی اس نے کبھی مجھے ویسے ٹریٹ نہی کیا جیسے وہ آپ کو کرتا ہے پھر بھی کیوں اتنے خدشے ملیحہ "

وہ آئی سی یو کے دروازے پر دونوں ہاتھ ٹکائے ازیت سے بولے

تمہیں پتہ ہے حمدان ساری زندگی اس کی ایک ورکنگ مشین جیسی گزری ہے

وہ ہاتھ شیشے پر رکھتے اس کو چھونا چاہتی تھیں جہاں دو ڈاکٹر اس کا چیک اپ کر رہے تھے

جب تم نے ہمیں چھوڑ دیا تھا تنہا۔۔"

اور وہ دیکھ رہے ہو اسے کبھی مجھ سے شکوہ نہی کیا

تم نے مجھے اس قدر تلخ بنا دیا کے میں اس کو بھی ویسی محبت نہی دے پائی جیسی وہ ڈیزرو کرتا تھا"

ساری زندگی ایک ورکنگ وومن بنی رہی اور اس نے وہ عرصہ بورڈنگ میں گزارا ہمیشہ اپنی ماں سے دور۔۔

Posted on Kitab Nagri

اس سب کا جواز آپ دیں نہ ملیحہ سالوں پہلے آپ نے یہ حرکت کی تھی میری ماں کو میری ضرورت تھی میں بھی تو اکلوتا تھا نہ رشتوں میں توازن چاہتا تھا لیکن آپ اپنی ایگو میں اسلام آباد چھوڑنا نہی چاہتی تھیں میری جوب لاہور میں تھی کیا آپ نے کوئی کمپرومائیز کیا تھا بلکہ اختلافات بھرپا کیے تھے تو آج آپ ان دونوں کی زندگی میں یہ سب کیوں چاہ رہی ہیں

وہ توازن رکھ رہا ہے آپ میں نور میں پھر آپ کیوں قبول نہی کر رہی اسے اس کے ساتھ کیوں نہی سمجھ رہیں

بات پتہ ہے کیا ہے آپ کے لیے آپ کی ایگو ہر رشتے پر حاوی ہے "

وہ بے بس ہو گئے تھے اس عورت کو اس ٹوٹی حالت میں تھام بھی نہی سکتے تھے وہ ہر حق کا دروازہ ہی بند کر گئ تھی اعصاب پر بوجھ سا محسوس ہوا تھا

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

بیٹے آپ نور کو زرا سنبھال لیں جانے کہاں ہے اس لمحے ویسے تو یہ کام ان کا ہے پر میں نہی چاہتا غازیان کی ماں اسے کچھ سنائے۔۔"

وہ اس کنڈیشن میں نہی ہے کے ان کی سخت سنیں "

وہ راستے میں اس کی حالت کا سٹریس لیے بے ہوش ہو گئ تھی ڈاکٹر کا انکشاف جہاں انہیں خوش کر گیا تھا وہی غازیان کی حالت پر پریشان تھے وہ

Posted on Kitab Nagri

نور۔۔"وہ پکارتے صدمے سے اس کے نزدیک آئی تھی

جو اس کو وہاں ڈھونڈتے اچانک ہی نظر ہوسپٹل کی تنہا لیب کے شیشے کے پار ڈال گئی تھی وہ وہاں سب سے الگ تھلگ بیٹھی تھی اسے لیب سے زیادہ اس کو دیکھتے وحشت ہونے لگی

میری دعا نہی قبول ہو گی اللہ کہے گا مطلب پڑا تو آ گئی میرے سامنے آپ دعا کریں گی۔۔ "

وہ جو اس کے نزدیک گھٹنوں کے بل بیٹھی وہ اس کے دونوں ہاتھ سیدھے کیے جوڑ گئی تھی

کیوں ایسے بول رہی ہو تمہاری دعا قبول ہو گی وہ ٹھیک ہے نور"وہ اس کو ساتھ لگا گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ آنسو خود میں اتارنے لگی تھی

آپ کو پتہ ہے میں سچی میں جیلس ہوئی تھی آپ سے اس کو نہی بتایا پر میں ہوئی تھی

مجھے آپ بری بھی لگی تھیں

آئرہ نے نم آنکھوں سے تکلیف دبا گئی تھی وہ اس شخص سے محبت کرتی تھی جواب پوری طرح اس کا ہو چکا تھا

Posted on Kitab Nagri

پھرم۔ میں نے اسے ضد کرکے اسلام آباد سے بلالیا اپنے پاس وہ میری ضد پر یہاں آیا اور "

میری وجہ سے "

وہ میری تکلیف خود پر لیے ہے "

ڈاکٹر نے کہا جلدی ہوش ہو جائے گا تمہاری وجہ سے کچھ نہی ہوا نور "

میری ہی وجہ سے آئرہ میری وجہ سے

سنا آپ نے وہ میرے پیچھے آیا تھا

کیونکہ اسے مزہ آتا ہے مجھے تنگ کرکے آپ نے سہی کہا تھا وہ ریٹرن ریونج لیتا ہے مجھ سے دیکھو نہ کتنا برا بدلہ لے رہا ہے "

پھر کہتا ہے مجھ پر یقین ہے

خاک!!! مجھے اس پر اب کبھی بھی یقین نہی آئے گا لائر شخص۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

نور اپنی حالت کا تو سوچو یہاں سے تو اٹھو اکیلی کیوں بیٹھی ہو۔۔

وہ ہوسپٹل لیب دیکھنے لگی جہاں وہ زمین پر بیٹھی عجیب وحشت زدہ ہوئی تھی وہ اسے زبردستی باہر لائی جہاں ملیحہ کی اس پر سخت نظریں محسوس کیے اسے وہاں چھوڑتے ان کے قریب آئی

وہ سامنے جو لڑکی ہے نہ آپ کے اس کا اور آپکا دکھ ایک جیسا ہے"

کیونکہ اس لمحے آپ دونوں ایک ہی شخص کے لیے غمزدہ ہیں"

وہ کوئی بھی رسپونس نہ دیے حواسوں سے بیگانی سی تھی

میرا ضبط نہی آزماو لے جاو اسے دور"

وہ کچھ سخت سست سنانے سے خود کو تکلیف زدہ حالت میں باز رکھیں تھیں

ٹھیک ہے قائم رکھیں آج بھی اپنی نفرت کے پیمانے "

Posted on Kitab Nagri

لیکن آج اسے مزید کچھ بھی کہنے یا سخت سنانے سے پہلے یہ سوچ لیجیے گا وہ اب صرف آپ کے بیٹے کی بیوی نہی رہی "

ملیحہ اس کو دیکھتے بامشکل ضبط کیے ہی تھی

بلکہ اس کی اولاد کی ماں بننے والی ہے "

وہ چونکتے اس کی بات مکمل ہونے پر اس کی جانب سوالیہ نظروں سے دیکھ گئ تھی

جی۔" وہ سر ہلا گئ تھی

شی از ایکسپیکٹنگ۔۔ "

کچھ بھی کہنے سے پہلے اس کی کنڈیشن کا سوچ لیجیے گا مانی ورنہ اللہ کے ساتھ ساتھ آپ اپنے بیٹے کو بھی اس بار جواب دے ہوں گی "

ملیحہ نے چونکتے سرخ آنکھیں اس جانب اٹھائیں تھیں جو بکھرے بالوں میں اجڑے سے حال میں زمین سے ٹیک لگائے تھی

Posted on Kitab Nagri

ڈاکٹر نے کہا ہے سٹریس بلکل نہ لے وہ۔۔ "

اس کی جانب دیکھ گئ تھی جو اس کی سن کہاں رہی تھی

کیا میں سچ میں دادی بننے والی ہوں آئرہ۔ "

اس پریشانی میں ایک لمحہ مسکراہٹ کا آیا تھا وہ چاہ کے بھی براریکٹ نہی کر پائ تھیں شائد اصل سے سود پیارا ہوتا ہے

اس خبر پر تو خوش ہونا چاہیے نہ مجھے۔۔"

آئرہ ان کو اس کے قریب جاتا دیکھ دھیما سا نم آنکھوں سے مسکرا گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اٹھو یہاں سے۔۔"وہ اس کے قریب گئ تھیں

سنا نہی تمہیں۔"اس کے ٹس سے مس نہ ہونے پر وہ اس کو سخت آواز میں بول گئیں تھیں

Posted on Kitab Nagri

مما تو بری نہی ہوتی پیار کرتی ہیں بچوں سے "

وہ ان کی جانب نظر اٹھاتے عجیب لہجے میں بول گئ

میں یہاں سے نہی جاوں گی آپ کی بری باتوں سے بھی نہی کیونکہ وہ میرا شوہر ہے آپ مجھے اس سے دور نہی کر سکتی "

وہ چند لمحے پہلے والی سنائ گئ باتوں پر ہنوزاسی پوزیشن میں بولی تھی کے ملیحہ تکلیف سے دیکھ گئ تھی

میں کہی نہی بھیج رہی نور لیکن یہاں بیٹھی تم اچھی نہی لگ رہی اٹھ جاو شاباش۔۔ "

ویسے بھی طبعیت نہی ٹھیک نہ ایسا بیٹھنا اچھا نہی ہے

وہ اس کے نزدیک جھکتے خود بخود نرم ہو گئ تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں ٹھیک ہوں کچھ نہی ہوا کاش اس کی جگہ ہو جاتا مجھے تو آج ہوسپٹل میں ہوتی "

ایسے نہی بولتے "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کا ہاتھ تھامتے زبردستی اٹھاتے نیچے گری شال اس کے گرد لپیٹے اس کو بینچ تک لائیں تھیں وہ غور سے دیکھنے لگی جو اس کے بکھرے بال سیدھے کرتے اب چٹیا میں باندھ رہی تھیں وہ خاموشی سے ان کو دیکھنے لگی تھی

نہی اچھی بنیں میرے ساتھ آپ کو پتہ ہے وہ بھی اچھا بن کے ایسے ہی اچانک برا بن جاتا ہے۔۔ "

وہ ہاتھ جھٹک گئ تھی

ملیحہ گہرا سانس کھینچتے لفظ تراشنے لگی تھی

نور خود کو ریلیکس رکھو۔" آئرہ نے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا کے وہ ازیت سے نظریں اٹھا گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آئرہ اس کے لیے کچھ کھانے کے لیے لاو۔"

وہ ان دونوں پر نظر ڈالتی ہوسپیٹل کینٹین کی طرف گئ تھی

کیسی طبعیت ہے اب غازیان کی۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

ڈیڈ اس کے کندھے اور کڈنی کے قریب گولی لگی ہے کریٹیکل سچویشن ہی ہے "

آئی سی یو میں ہے وہ "

آئرہ اپنی ماں اور باپ کی موجودگی پر بولی تھی جو ابھی لاہور ہوسپٹل پہنچتے اسے ہوسپٹل کے مین ڈور پر کینٹین سے واپسی پر ملے تھے

بیٹے ایسے کروگی تو کیسے چلے گا آپ کے ساتھ تو دوسری جان بھی جڑی ہے" آئرہ کی ماں نے نرمی سے سمجھاتے کہا تھا جو کچھ نہی کھا رہی تھی

یہ کھاو نور۔۔"ملیحہ اپنی سخت طبعیت کے برعکس خود کو کافی پرسکون کر رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مما کی بات نہی مانے گی ان کی بیٹی "

بیٹی" وہ ان کی بات زیر لب دہراتے ان کی جانب نظریں اٹھا گئ تھی وہ شرمندہ سی ہو گئ جیسے واضع ہو رہا ہو وہ مطلب کے لیے اس سے رویہ درست رکھیں ہیں

Posted on Kitab Nagri

مجھے نہی پتہ تھا تم ماں بننے والی ہو ورنہ میں تمہیں کچھ نہ بولتی لیکن تم ایک ماں کی اپنی اولاد کی تکلیف کے بارے میں اندازہ لگا سکتی ہو اس کو لے کر میرے بھی تو ارمان تھے نہ پر وہ تم سے محبت کرتا ہے تمہیں اس حالت میں میری وجہ سے تکلیف میں دیکھے گا تو مجھ سے ناراض ہو گا اور میں اس کے آگے بے بس ہوں

اب چاہے تم مجھے خود غرض سمجھ لو یا جو بھی لیکن مجھے فلحال تمہارے ساتھ جڑی جان پیاری ہے"

وہ اس کے بال چہرے سے ہٹاتے خاصی صاف گوئ کا مظاہرہ کر گئیں تھیں

تو آپ مجھ سے کبھی محبت نہی کریں گی

صرف اپنے بچوں سے ہی کریں گی میری کوئ ویلیو کبھی نہی ہو گی "

وہ اب آنسو نہی روک پائ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کروں گی اگر تم میری بات مانو گی "

وہ چند پل بعد بولتے سینڈوچ کھولتے اس کے آگے کر گئ تھیں

مجھے مما کا پیار چاہیے بہت سارا میں تھک گئ ہوں بہت زیادہ"

Posted on Kitab Nagri

وہ ان کے کندھے پر سر رکھتے نم آنکھیں موندتے بول رہی تھی

آپ کا بیٹا بہت بدتمیز ہے بدلہ لیتا ہے مجھ سے آپ نے اس کو بلکل مینرز نہی سکھائے"

تم میرے اتنے اچھے بیٹے کی برائیاں نہی کرو شکایت لگاوں گی "

وہ سنجیدہ سی اس کی جانب سینڈوچ کھولتے کر گئ تھیں

روائتی ساس۔۔۔"وہ سیدھی ہوتے نوالہ چباتے بولی تھی

آئرہ مسکرا گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم نے ہماری جان نکال دی تھی غازیان۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کے ہوش میں آنے پر اس کے روم میں اکھٹے تھے

حمدان اس کے نزدیک بیٹھے بولے جو محض تکلیف لیے ہلکا سا مسکرایا تھا

فلحال وہ اس کی دوسری کڈنی سہی سے رسپونڈ کر گئ تھی ڈاکٹر کے مطابق ابھی ڈونر کی ضرورت نہی تھی بحرحال وہ خود کو اس کے لیے تیار رکھ گئے تھے

ڈاکٹر کتنی بار تنبیہ کر گئ تھی کے اس کے قریب ابھی رش نہ کریں مگر پاکستانی فیملیز کہاں مانتی ہیں ایسے مفید مشورے جب تک سارا خاندان ہوسپٹل اکھٹا نہ ہو جائے مریض کی عیادت کو وہ کہاں یقین کرتے ہیں مریض تندرست ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ تکلیف زدہ سا ترچھی نگاہ اپنی ماں کے ساتھ مصروف خود سے بے نیاز بنی اپنی بیوی پر ڈال گیا تھا جو ہوسپٹل روم کے صوفے پر خاصی اس سے دور بیٹھی بھی اس کی نظریں خود پر جمی محسوس کیے تھی

چکر کیا ہے۔۔" وہ ماسک ہٹائے آئرہ سے دھیما سا بولا

Posted on Kitab Nagri

یہ تم اپنی بیوی سے پوچھنا "

سرپرائز۔۔"

وہ مسکراتے لب دبا گئ تھی

مجھے ہضم نہی ہوا آئرہ ایسا کیا سرپرائز "

وہ سکون زدہ لمحے اتار گیا اس کو اپنی ماں کے ساتھ مسکراتے دیکھ

مما مجھے پتہ ہوتا میری حالت سے آپ دونوں کا پیچ اپ ہو جانا تو میں کب سے یہ کرلیتا۔۔۔"

وہ لیٹے اب ان کے ہاتھ سے گرم سوپ کے چمچ لیتے مدھم سی مسکراہٹ میں اپنی تکلیف دباتے بولا تھا

نور روم سے واک آوٹ کر گئ تھی

اس کو کیا ہوا۔۔"وہ مزید اضطراب میں مبتلا ہوا جو پچھلے دو گھنٹوں سے ہوش میں آگیا تھا پر وہ اس کو مسلسل اگنور کیے منہ تک نہی لگا رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

ایسے فضول نہی بولا کرو ماں کی جان نکالنے کی کوئی کثر باقی ہے ابھی "

وہ اس کو دیکھتے سو جھی آنکھیں اس کے چہرے پر ٹکا گئیں جو ہوسپٹل کے سوٹ میں بستر پر نالیوں میں جھکڑا پڑا ان کی جان نکالتے بھی پر سکون نہی تھا

میں ٹھیک ہوں۔۔" اپنے ایک ہاتھ سے وہ ان کا ہاتھ تھام گیا تھا ابھی تکلیف سے سانسیں زرا الجھ سی رہی تھیں

اس کو تنگ نہی کرو میری بہو نے خبر ہی ایسی دی ہے کے میری اس سے صلح ہو گئی ہے تم بھی سدھر جاو"

وہ اس کے گھنے بال محبت سے انگلیوں سے سنوارنے لگی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار میں ایک سلجھا بچہ ہوں" وہ سیدھا ہونا چاہتا تھا سائیڈ بدلنا چاہتا مگر تکلیف رگوں میں سرائیت کر رہی تھی

میری جان پھر اب ایک سلجھے سے بچے سے ڈیڈی بننے کی پریکٹس کرے "

وہ اس کے چہرے پر ہاتھ پھیرنے لگی اس کی تکلیف وہ محسوس کر رہی تھیں

Posted on Kitab Nagri

ڈیڈی بنا ہی نہ دے آپ کی وہ روتی بہو مجھے کبھی سنجیدہ تو لے وہ" وہ چڑ چڑا ہوا جو اس کے نزدیک نہی تھی

وہ لے چکی ہے" وہ تیوری چڑھا گیا تھا

وہ ماں بننے والی ہے مجھے اب اس کا ڈھیر سارا خیال رکھنا ہے "

وہ ان کے لفظ سمجھنے لگا

کیا یہ سچ ہے مما مطلب نور۔۔" وہ لب دبا گیا تھا اس کے چہرے کی رنگت دیکھنے کو دل بے تاب ہونے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس کو احساس ہے مجھے بتانا بھی گنوارہ نہی کیا"

وہ بے سکون ہونے لگا تھا اب

پتہ ہے آج کے دن یہ خوشی دے کر مجھے تمہاری اتنی ٹیشن میں تھوڑی دیر کے لیے پر سکون کر دیا

Posted on Kitab Nagri

جونئیر غازی میرا بیٹا ہو گا جسے میں ایک منٹ بھی خود سے دور نہی کروں گی "

اور اگر جونئیر نور ہوئ مما" وہ چہرا جانچنے لگا تھا

پھر بھی وہ میری بیٹی ہو گی بس یہ طے ہے" وہ اس کی بات پر گہری مسکراہٹ لے آئیں

پھر میرے ساتھ رہیں گی آپ مطلب ہمارے ساتھ۔۔" وہ مدھم سی مسکراہٹ لیے ان کا ہاتھ دوسرے ہاتھ سے تھامے چوم گیا تھا

جو میرا بیٹا کہے گا" وہ اس کی پیشانی سے بکھرے بال ہٹائے لب رکھ گئ تھیں

روم خالی کر دیں آپ صرف اگر رکنا ہے تو ایک بندہ رہے آپ میں سے اندر۔۔ "

پیشینٹ کا چیک اپ کرنا ہے" ڈاکٹر کی ٹیمز نے آتے فیملی کی طرف اشارہ کیا تھا

Posted on Kitab Nagri

ممانور کو اندر بھیج دینا "

وہ انسیتھیزیا کے زیر اثر تھا ابھی بھی ہلکی غنودگی سی وجود پر طاری ہو رہی تھی جب وہ اس کا ذکر کر گیا تھا

وہ ملیحہ کے کہنے پر ہمت کرتے اندر بڑھی تھی

جہاں وہ ڈاکٹر اس کی کندھے سے بینڈج چینج کر رہے تھے

وہ اس کے نزدیک جاتے لب دبائے ازیت دبانے لگی تھی

یہ میری نالائق سی بیوی ڈاکٹر بن رہی ہے "

وہ بند ہوتی آنکھوں سے بیڈ کے نزدیک اس کی موجودگی محسوس کیے بولا

ڈاکٹر پلٹی تھی" جہاں اسے دیکھتے وہ تسلی آمیز نظریں ڈال گئ تھی

وہ اس کے نزدیک خاموشی سے بیٹھتے اس کے بال سنوارنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

انشاللہ زخم جلدی ریکور کریں گے پیشینٹ نے خود بھی سروائیو کیا ہے "

ابھی انہیں زیادہ باتیں نہی کرنے دیں ریسٹ کریں "

ڈاکٹر کی بات پر وہ سر ہلا گئ تھی

ناراض ہو مجھ سے "وہ خاموشی محسوس کیے بند آنکھوں سے اس کی نزدیکی خود کے قریب محسوس کیے بول رہا تھا

کیا نہی ہونا چاہیے "

وہ اس کی پیشانی کو لبوں سے چھوتے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھر یہ کیا ہے "وہ دھیما سا مسکراتے اس کو خود پر جھکا محسوس کرنے لگا

میری آنکھیں کیوں نہی کھل رہی نور آئ وانٹ ٹو سی یو "وہ الجھن محسوس کرنے لگا

Posted on Kitab Nagri

دوائی کی وجہ سے غنودگی ہے"

وہ بولتے اس کی جلتی بند آنکھوں پر باری باری اپنے لب رکھ گئی تھی

افاقہ نہیں ہ۔۔ہو رہا نور۔۔ "

درد ہو رہی مم مجھے۔۔"وہ اس کی آنکھوں سے نمی نکلتی محسوس کر رہی تھی

مجھے بھی ہو رہی ہے

تمہارا درد خود میں محسوس کر رہی ہوں پچھلے کتنے گھنٹوں سے تم نے مجھے بھی ازیت دی ہے۔۔"

اس کی پیشانی سے سر ٹکائے وہ اس کی شیو چھونے لگی تھی

تم نے مجھے کچھ بتانا تھا"وہ اس کی آنکھیں کھلی نہ ہونے کے باوجود بھی سرخ ہوئی تھی

Posted on Kitab Nagri

تم جان تو گئے ہو۔۔"اس کے لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ چھا گئ تھی

م۔۔میں نور تمھیں قریب نہی کر پا رہا۔۔"وہ بازو نہ ہلاتے بے بس سا ہو رہا تھا نور محسوس کرنے لگی تھی

میں قریب ہو جاتی ہوں۔۔ "

بس مجھے سن لو آج"وہ اس کے نزدیک بغیر جنبش کیے احتیاط سے لیٹ گئ تھی

ur luv ur anger ur voice

ur soul ur sight

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور سب سے زیادہ تمھاری جان لیوا مسکراہٹ ہر چیز سے مجھے محبت ہو گئ ہے سوائے تمھاری پچھلے کتنے گھنٹوں سے اپنائ خاموشی اور غیر موجودگی کے مجھے تمھاری ہر چیز سے بے پناہ محبت ہے"

وہ پوری طرح اب غنودگی میں چلا گیا تھا نور اس کی پیشانی پر پھر سے لب رکھ چکی تھی

Posted on Kitab Nagri

وہ دور سے اسے دیکھنے لگا جو مینجمینٹ ٹیم پر بری طرح بھڑک رہی تھی

وہ قدم بھرتے قریب جانے لگا

یہ سب کیا ہے "..

آپ میری اجازت کے بغیر کیسے مینجر تبدیل کر سکتے ہیں"

ازہان اب بلکل قریب تھا

مس آئرہ میں نے چینج کیا ہے وہ"

وہ آواز سے سر اٹھا گئ تھی

ہاو کین یو ڈو دس ود آوٹ مائے پرمیشین "

میں برابر کی حصے دار ہوں "

Posted on Kitab Nagri

وہ ہر بار والا جملہ دہرا گئی تھی

میرا خیال تھا آپ اپنے پاٹنر کو خاصی اہمیت دیتی ہیں اس کی موجودگی ہی آپ کے لیے اہم ہو گی مگر نہی خاصی سنجیدہ ہیں اپنے کام کو لے کر"

وہ اپنی بات سے اسے مزید سلگا گیا تھا

آپ جائیں.."وہ قریب کھڑے ہیڈ کک سے بولی

آپ کا مسلہ کیا ہے؟

ازہان کے لب مسکرا گئے اس لڑکی کو تنگ کر کے اسے مزا آتا

میرے خیال سے آپ کا مایوں ہے پرسوں شادی نہی آنا چاہیے تھا آپ کو "

میں نے سنا ہے مایوں بیٹھنے کے بعد دلہن گھر سے نکلے تو اس کا گلو ختم ہو جاتا ہے "

وہ پتے کی بات بتانے لگا

Posted on Kitab Nagri

آپ کو میرے گلو کی فکر کرنے کی ضرورت نہی ہے"

مجھے اچھے سے پتہ ہے مجھے کیا کرنا ہے "

وہ فون نکالے ٹیکس دیکھنے لگی

کہاں ہو۔۔ "

دس منٹ تک نکل رہی ہوں.. "وہ جواب لکھتے ہی قدم بھرنے لگی

لاہور آخری چکر آپ کا سمجھوں"..

وہ فون سے فری ہوئ تو وہ پھر سے ہستے بول گیا تھا

الحمدللہ یہاں رزق لکھا ہے میرا... "وہ فون رکھتے چباتے ہوٹل کو دیکھتے بولی

Posted on Kitab Nagri

پھر شادی پر بلا رہی ہیں.." وہ پیچھے سے پھر سے ہانک گیا تھا

افکورس آپ کے بغیر شادی تھوڑی ہو گی" وہ پلٹتے دانت پیستے اسے ہسنے پر مجبور کر گئ تھی

میری دلی ہمدردی ہے اس شخص کے ساتھ"

اس کی آواز سے وہ اب نہی مڑی تھی بلکہ سامنے موجود شخص کے ہم قدم ہوتے اس سے بحث میں مصروف تھی

یہ گزشتہ گزرا ایک سال سب کی زندگی بدل گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ ٹیرس سے اسے دیکھنے لگی

وہ اب گملے میں لگے پودوں کی مٹی سے کھیل رہا تھا

اس کا سرخ وسفید چہرا اور چھوٹے چھوٹے ہاتھ مٹی سے اٹے سے تھے بے ساختہ اسے سوا سال کے اس بچے پر پیار آنے لگا تھا جو کرول کیے وہاں تک پہنچا تھا وہ مزید جھکتے اس کی ماں کو ڈھونڈنے لگی جو اسے نظر نہی آئ

Posted on Kitab Nagri

دل میں حسرت جاگی اسے گود میں بھرنے کی پر وہ پچھلی تلخ بات نہی بولی تھی وہ ابھی اس کو دیکھنے میں گم تھی کے اب وہ وہاں گارڈن میں پڑی لوہے کی سیڑھی پر چڑھنے لگا وہ اپنی عمر سے بڑے کام کرتا وہ مسکرا گئ تھی یک دم وہ سیڑھی ان بیلنس سی محسوس ہوئی وہ اسے مسلسل ہلا رہا تھا

ارحان نو بے بی چوٹ آجائے گی "..

وہ اوپر سے چلا گئ تھی لیکن وہ بچہ کہاں سنتا اس کی جان ہوا ہونے لگی

اگلے لمحے وہ اندھا دھند ٹیرس سے بھاگی تھی

مما ارحان کو دیکھا آپ نے "

ریحہ نائمہ کے روم میں جاتے بولی

تمہارے بابا کے ساتھ تھا کہاں گیا.. "وہ طے شدہ کپڑے الماری میں رکھنے لگی

Posted on Kitab Nagri

بابا کے پاس نہی ہے وہ کہہ رہے تھے وہ اسے لاونج میں چھوڑ گئے تھے"

وہ ٹوائز باسکٹ کے بکھرے ٹوائز دیکھتے اسے نہ پاتے اب ڈھونڈتے نائمہ کے روم میں آئ تھی

یہی ہو گا ریحہ گارڈن میں نہ چلا گیا ہو "..

وہ اس کی پریشانی زائل کرنے لگی

اگر گارڈن میں کپڑے گندے کیے ہوئے نہ تو مجھ سے آج نہ یہ کٹ کھائے گا"

وہ اپنے فائینل سمیسٹر سے پہلے ہی ہلکان تھی جو وہ ارحان کی دفعہ سٹاپ کر گئ تھی وہ لگاتار ہوتے پیپرز میں مصروف سی تھی اوپر سے یہ بچہ اس کی سوچ سے زیادہ شرارتی تھا

ریحہ خبردار جو تم نے اسے مارا یا ہاتھ بھی لگایا"..

نائمہ نے اس کو سختی سے وارن کیا تھا

Posted on Kitab Nagri

میں تھک گئی ہوں آپ کو پتہ ہے صبح کے کتنے کپڑے اس کے چینج کر دیے ہیں جب سے اس بچے نے کرولنگ سیکھی ہے نہ میری جان عذاب کر دی ہے"

وہ دبی خفگی بھرے لہجے میں بولتے قدم باہر بھرنے لگی تھی

بے بی ابھی آپ کو چوٹ لگ جاتی نہ"..

وہ گھٹنوں کے بل بیٹھے ایک ہاتھ سے سیڑھی تھامے جبکہ دوسرے ہاتھ سے اس کی سفید جرسی اور بلیو چھوٹی سی جینز جھاڑنے لگی تھی جبکہ وہ اس کے یک دم یوں اچانک تیز آواز سے سہارونے کی تیاری میں تھا

تم اس کے ساتھ کیا کر رہی ہو

کیا کر رہا ہے یہ تمہارے ساتھ "

گاڑی لوکڈ کیے وہ اس کے سر پر تھا اس کے ہاتھ سے ارحان کو تھامتے وہ بری طرح برسا

میں کچھ نہی بس یہ یہ سیڑھی"..

وہ اچکتے اس کو تیز آوازیں دینے لگا تھا

Posted on Kitab Nagri

اریحہ ریحہ کہاں ہو "..

حان آگئے اتنی جلدی پر غصے میں کیوں لگ رہے "..

وہ جو لاونج سے ہوتے گارڈن تک آتی کے اس کی تیز غصیلی پکار والی آوازیں اس کے کان میں گونجنے لگی تھیں

یہ آپ کے ساتھ تھا"..

حلیہ کیا بنایا ہے اس نے

مما ڈھونڈ رہی تھی آپ کو بیٹا "..

وہ اس کی گود میں ہی اس کی نرم سرخ گال سے گیلی مٹی اپنی ہتھیلی سے صاف کرتے ہاتھ بڑھا گئ تھی

جب وہ دو قدم پیچھے لے گیا تھا

تم اسے سہی سے اگر نہی سنبھال سکتی تو مجھے بتادو میں اپنے بیٹے کے لیے میڈ ارینج کر دیتا ہوں"

ریحہ اس کی بات سے دھنگ سی رہ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

جبکہ ارحان ماں کے پھیلے ہاتھوں کو دیکھے اس کے پاس آنے کو مچلنے لگا

احان "..

وہ حیرت زدہ سی اس کی بات سمجھنے لگی کے نظر پاس مجرم بنی کھڑی دانین پر ڈالی تھی وہ معاملہ سمجھنے لگی تھی

جبکہ احان اپنے بیٹے کو لیتے اس کی سنے بغیر وہاں سے چلا گیا تھا

میں بس یہ سیڑھی کے قریب تھا وہی ہٹا رہی تھی اریحہ اس کے علاوہ کچھ نہی"

خدارا مجھے معاف کر دیں اتنی سزا کافی نہی تھی میرے لیے مجھے پتہ ہے ایک بار توڑا اعتبار حاصل کرنا مشکل ہے مگر ناممکن نہی میری زات کے بکھراو کو دیکھ کر بھی کیا کوئ گنجائش نہی نکلتی آپ کے نزدیک میں اتنی بھی بری نہی کے ایک بچے کو نقصان پہنچاوں

وہ آنسو پینے لگی تھی جو نا چاہتے بھی گال پر لڑھک آئے تھے وہ مزید وضاحت نہ دیتے تیز قدم لان سے لیتے آنکھوں سے اوجھل ہو گئ تھی

کیا طریقہ تھا یہ "..

Posted on Kitab Nagri

وہ روم میں آتے اس پر بڑھکی جو ارحان کو بیڈ پر بٹھائے سوفٹ ٹوائز تھماتے بچکار رہا تھا

وہ خاموشی سے اب کبرڈ سے کپڑے لینے لگا تھا

میں آپ سے بات کر رہی ہوں"..

اسے احان کی یہ عادت سخت زہر لگتی تھی وہ ارحان کے گرد تکیے سیٹ کرتے اس کے نزدیک گئ تھی

ہٹو پیچھے.."وہ کبرڈ کے سامنے سے ہٹاتے گھور گیا

پہلی بات یہ نظروں کا گھورنا مجھ پر اثر نہی کرنے والا

دوسری بات آپ ہوتے کون ہیں میری موجودگی میں میرے بیٹے کے لیے میڈ ارینج کرنے والے"

وہ خشمگیں نظروں سے بولی

Posted on Kitab Nagri

اس کا باپ سمجھی"

اگلے لمحے وہ کبرڈ کے ساتھ لگائے بول گیا

نہی سمجھی.."وہ بھی آنکھوں میں آنکھیں گاڑے بے خوفی سے بولی

سمجھا دیتا ہوں اچھے سے شاور لے لوں زرا" وہ دانت کچکچاتے ہاتھ سے پرے ہٹاتے قدم واشروم کی سمت بھرنے لگا تھا

آپ کا مسلہ کیا ہے کیوں اتنے چڑچڑے ہو جاتے ہیں حان"

وہ اب فکر مند ہونے لگی تھی وہ دانین کے آنے بعد ان دونوں کے معاملے میں بلکہ ارحان کے معاملے میں زیادہ ٹچی ہو گیا تھا

یو بیٹر نو..."وہ ٹائی کی نوٹ کھولے صوفے پر اچھال گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

نہی وضاحت دیں۔۔" وہ بحث کے موڈ میں تھی

میرا دماغ ابھی خراب نہی کرو تمہارے ہوتے وہ اس کے پاس گیا کیسے اریحہ اگر میرے بیٹے کو ایک خراش بھی آئی میں تمہیں بھی نہی چھوڑوں گا سنا تم نے

سو گوٹ دیٹ پوائینٹ.. " وہ واشروم میں بند ہو گیا تھا

اٹینشن سیکر۔۔" وہ اس کی جانب بڑھی جو کپڑے خاصے گندے کیے تھا

مم۔۔ مما وہ ٹوٹے لفظوں میں کچھ کچھ لفظ بولنے لگا تھا

مما کی جان آپ کو مارنا بھی چاہوں نہ تو نہی مار سکتی الٹا مجھے پیار آجاتا ہے۔۔"

وہ اس کی گال چومتے اس کی شرٹ تبدیل کرنے لگی تھی جو کپڑے بدلتے ہی اس کی آدھی جان ہلکان کر دیتا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ بستر پر بیٹھی سوچوں میں گم اس کی چاپ بھی محسوس نہی کر پائی تھی

میری شرٹ دے دو "

وہ اس کو آج گم سم دیکھے اپنے آنے پر اپنے لیے فکر میں مبتلا نہ دیکھتے اس کی ضرورت کی چیزیں خود سے فراہم نہ کرتی لڑکی کی کمی سی محسوس کیے خود سے مخاطب کر گیا تھا وہ سرخ آنکھیں اٹھا گئی ازہان نے اس کی سوجھی سی آنکھیں اور سرخ سے ہونٹ دیکھے

دانین کیا تم روئی ہو۔۔ "

دانستہ کتنے عرصے بعد اس کا محبت بھرا نرم سا لہجا محسوس کرتے وہ ہچکیوں میں رونے لگی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار۔۔"اس کا دل پریشان ہونے لگا تھا

کسی نے کچھ کہا ہے ادھر دیکھو میری طرف۔۔"

وہ کندھے سے تھامے اسے بیڈ سے اٹھاتے اپنے مقابل کر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

مما نے پھر سے کچھ کہا۔۔ "

وہ روتے نفی کر گئ تھی

پھر۔۔"ری نے کچھ کہا ہے۔۔؟

وہ اس کا ملگجا سا حلیہ دیکھنے لگا پیچ رنگ میں وہ اپنی بکھری سی چٹیا سے نکلے بالوں میں دوپٹے سے لاپرواسی اپنی تمام تر رعنائیوں سے اس کی ساری توجہ اپنی جانب آج بری طرح کھینچ رہی تھی

کسی نے کچھ نہی کہا ہے۔۔ "

میں آج یہاں سر رکھ لوں بس چند لمحے پلیز روکنا نہی۔۔"وہ امید طلب نظروں سے دیکھنے لگی تھی جب وہ سر ہلاتے قریب کر گیا

مجھے نہ خودی رونا آرہا ہے بہت زیادہ "

وہ اس کے سینے سے لگتے آنسووں پر بندھ کھوتے بولنے لگی تھی ازہان لب بھینچتے اس کی ازیت محسوس کرنے لگا

Posted on Kitab Nagri

تم نے مجھے معاف کر دیا۔۔" وہ آہستہ آہستہ ہچکیاں لے رہی تھی اب

نہ کرتا تو تم میرے ساتھ نہ ہوتی "

وہ اپنا فیصلہ بدل گیا تھا وہ چاہ کے بھی اسے چھوڑ نہیں سکا وہ شرمندہ تھی اور وہ مزید اسے شرمندگی نہیں دینا چاہتا تھا اسی لیے پانچ ماہ پہلے وہ اسے اپنی زندگی میں دوبارہ شامل کرتے اپنی ماں اور احان کی باقیوں کی نسبت زیادہ مخالفت مول لے گیا تھا جو ابھی بھی اس سے اکھڑے سے تھے

پہلے پہل تو وہ اسے طنز کرتے خاصا ستاتا لیکن رفتہ رفتہ اس کا دل بدلنے لگا تھا

دانین کی ماں نے ہاتھ جوڑتے اسے طلاق دینے سے روکا تھا دانستہ وہ بھی نہیں چاہتا تھا کیونکہ اگر وہ چاہتا تو یہ کام اس کی سچائی سے واقف ہوتے ہی کر دیتا۔۔"

لیکن وہ نہیں کر سکا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں بس روم میں رہتی ہوں

میں نے سب کھو دیا عزت محبت اور یقین ازہان سب کھو دیا م۔۔ میرا دم گھٹتا ہے روم میں بند رہ کے میں روم سے نکلتی نہیں ہوں بلیو می ارحان خود پر سیڑھی گرا لیتا میں اسی لیے اس کے پاس گئی تھی بس۔۔"

Posted on Kitab Nagri

میں اب تھوڑا سا بھی اس روم سے باہر نہی نکلوں گی آئی پرامس۔۔ "

وہ مسلسل اس کے سینے سے لگی روتے بول رہی تھی

دانین بھائی یاری نے کچھ کہا۔۔" وہ اس کے بال خود بخود سہلا گیا تھا اس کے آنسو اسے تکلیف دینے لگے تھے

نہی کسی نے نہی۔۔" وہ نفی کرنے لگی تھی

میرا دل بس کرتا ہے خود کی جان لے لوں کیونکہ جب آپ غلط نہ ہو پھر سامنے والا آپ کو غلط ثابت کرے تو بے یقینی آپ کو توڑ دیتی ہے

اس سے اچھا میں م۔۔ مر جاوں۔۔ "

وہ ششدر سا اس کا چہرا روبرو کر گیا تھا

بس میری جان کسی کو صفائی دینے کی ضرورت نہی آئی ٹرسٹ یو۔۔"

وہ اس کی پیشانی پر لب رکھتے اس کی بھیگتی سرخ آنکھوں پر لب رکھ گیا تھا کے

Posted on Kitab Nagri

دروازے کے پار سانیہ کھڑی یہ منظر دیکھے گلا کھنکھار گئ تھی

وہ اس سے خجل سی ہوتے پرے ہوئ تھی

مما کیا آپ میری خاطر اسے معاف نہی کر سکتی بھائ کو تو میں سمجھانے سے رہا آپ اس سے رویہ درست کر لیں وہ گزشتہ سال نے اسے بدل دیا ہے پلیز میری خاطر۔۔ "

دیکھ رہی ہیں وہ اپنا کیا حال بنا رہی ہے میں اس بے سکونی ازیت سے گزرا ہوں میں جانتا ہوں بے اعتنائ اور بے سکونی انسان کو تباہ کر دیتی ہے

آپ اسے یہ سزا مزید نہی دیں۔۔ "وہ دور بیڈ پر ابھی بھی نم پلکوں سے لبوں کو سختی سے بھینچے سسکیاں روکے تھی

دانین پاس آو۔ "وہ اس پر نظریں ڈالے صوفے پر اپنے نزدیک بلانے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

میں اسے تب بھی محبت کرتی تھی ازہان میں نے بہو تو مانا ہی نہی ہمیشہ بیٹی مانا تھا پھر بھی اس نے مجھے ماں نہی سمجھا ایک بار آکر محبت سے کہتی تو سہی مگر یہ تو خود کو قید رکھتے سامنا نہی کرتی میں کون تھی نہ معاف کرنے والی۔۔ "

وہ نرم طبعیت کی مالک اس کی باتیں سنتے ہی پگل گئ تھیں

آئ ایم سوری آنٹی مجھے معاف کر دیں۔۔ "

وہ ان کے گھٹنے پر سر رکھتے سسک گئ تھی

یہاں نہی یہاں آو وہ اسے اٹھاتے اپنے قریب کر گئیں تھیں

اس کی تکلیف میرا دل چیر گئ تھی دانین ماں کی محبت کا اندازہ تم لگا ہی سکتی ہو

یہ سہی ہے میرے پاس ہے اور تمہارے ساتھ اگر خوش ہے تو پھر میرا کیا جواز بنتا ہے ناراضگی کا۔۔"

خوش رہو آباد رہو پر میرا یقین دوبارہ نہی ٹوٹے ورنہ شائد ایک ماں پھر تمہاری جان لے لے "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کو ساتھ لگائے بولیں تھیں

آئی پرامس آپ جان لے لیجیے گا پر بے رخی نہی اپنائیں۔۔" وہ ان کے دونوں ہاتھ آنکھوں سے لگا گئ تھی

دونوں آج مجھے اکھٹے دوپہر کے کھانے کی ٹیبل پر ملو

وہ مسکراتی نظر ڈالے روم سے چلی گئ تھیں

ریڈی ہو ہم ہنی مون پر جا رہے ہیں۔۔" وہ ہینگ کپڑے لیتے بیگ میں رکھنے لگا

کیوں۔" وہ بے تکہ سوال کر گئ تھی

کیوں جاتے ہیں۔۔" اس کی نظروں سے وہ سرخ سی پہلو بدلنے لگی تھی

شادی کے دو سال بعد

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کو دیکھتے بولی

کیا ہنی مون کا کوئی خاص ٹائم فکس ہوتا ہے

وہ شرٹ کے بٹن کھولتے اس کے قریب بڑھنے لگا تھا وہ نظریں جھکائے اسے پہلی دفعہ حسین لگی تھی

وہاں ہم کسی کی شادی اٹینڈ کرنے جا رہے ہیں اس کے بعد تین دن حسین وادیوں میں بس میں اور تم سن رہی ہو۔۔" اس کے جھکے سر پر نظریں ڈالے بولا

مجھے پرانی دانی چاہیے۔۔" اس کی تھوڑی سے چہرا اونچا کیے وہ گہری بولتی نظریں اس کے سراپے پر ڈالتے باور کرا گیا تھا وہ کیا چاہ رہا تھا

وہ لب دبائے دانی نام پر ٹھٹھکتے دل تھام گئی تھی پانچ ماہ بعد اس کے قریب رہتے ہوئے بھی وہ اسے اپنے سے فاصلوں پر رکھے ازیت میں مبتلا کیے تھا

اور آج محض ایک لفظ اس کے منہ سے ادا ہوا دانی اسے سرشار کر گیا تھا وہ سکون رگوں میں اترتا محسوس کرنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

یہ کوفی.. "وہ نظروں کازاویہ اس سے ہٹائے کپ اس کی جانب بڑھا گئ تھی وہ لب بھینچے اس کی خفگی دیکھنے لگا

کپ تھامتا اچانک اس کی کلائی بھی تھام گیا وہ جو بے دھیانی میں تھی چونکتے اس کی جانب نظریں موڑ گئ

آئی ایم سوری"..

دوپہر میں کچھ زیادہ ہو گیا تھا لیکن تم واضع طور پر یہ جانتی ہو میں ارحان کے معاملے میں کوئی کمپرومائیز نہی کر سکتا۔۔"

لیپ ٹوپ پرے ہٹائے وہ اس کی چھڑانے کی کوشش نکام بناتے قریب بٹھا گیا تھا

وہ میرا بھی بیٹا ہے" وہ صدمے میں گئ تھی

پتہ ہے مجھے تم خیال رکھو اس کا تمہارے ساتھ رہے پر اور کوئی نہی

ریحہ چاہے تو مجھے پھر تم خود غرض سمجھو۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ وارن کر رہا تھا وہ اس کا مطلب سمجھنے لگی تھی

اگر کوئی شخص اپنا برا چہرا کبھی رکھتا تھا

پھر وہ سدھر جائے تو ہمیں بار بار اس کا وہ برا چہرا تلاشنے کی وجوہات کو ڈھونڈنا نہی چاہیے جو اسے برا بنائے"

وہ مرکزی بات کا آغاز کرتے بولی

میں ہماری بات کرنا چاہتا ہوں فلحال"..

وہ اس کے نماز سٹائل میں لپٹے مہرون دوپٹے کی گرہ تک ہاتھ لے جاتے ڈھیلا کر گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حان وہ گھر کا حصہ ہے.."وہ گہرا سانس کھینچ گئی تھی

میں ازہان کی وجہ سے چپ ہوں بس.."اس کا ہاتھ اپنی گرفت میں لے گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

جب وہ جس کے ساتھ ہوا تھا وہ معاف کرتے اپنا گیا ہے تو ہم کون ہوتے ہیں "

وہ قائل کرنے لگی تھی

تمہیں بھول گیا ہے اپنے ساتھ ہوا واقعہ پر میں نہی بھولا "..

وہ ہاتھ چھوڑے پیچھے ٹیک لگاتا کوفی کے گھونٹ بھرنے لگا تھا

آپ نے اچھا نہی کیا آج بلکہ آپ اکثر بہت روڈ ہوتے ہیں یہ عادت بدلنی ہو گی کم از کم اگر آپ اسے بلاتے نہی ہیں تو انسلٹ کا حق بھی نہی آپ کو"

وہ قدرے سمجھاتے بولنے لگی تھی

اچھا تو کیا کروں اب میں.."وہ جھنجھلا گیا تھا مسلسل لیکچر سے

Posted on Kitab Nagri

اسے مزید ٹیز نہی کریں بڑی مما بھی اپنا دل صاف کر رہی ہیں اس کے ساتھ وہ واقعی ہی بدل گئ ہے تو ہمیں بھی فیملی کا حصہ ہوتے اس کا ساتھ دینا چاہیے"

وہ واضع لفظوں میں سمجھانے لگی تھی

اور کچھ رہ گیا.."وہ ہاتھ پر پوائینٹ گننے لگا تھا ریحہ دانت پیس کے رہ گئ تھی

اور میڈ ارینج کریں نہ..."وہ ضبط کیے بات یاد دلا گئ تھی وہ کپ سائیڈ ٹیبل پر رکھے اسے قریب کھینچ گیا تھا

سچی.."وہ اس کے بالوں سے آتی شیمپو کی مہک سانسوں میں اتارنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کر کے تو دکھائیں زرا.."وہ اس کی سیاہ ٹی شرٹ کا کالر مٹھی میں بھینچ گئ تھی

مجھے پیار آ رہا ہے تم پہ.."وہ مسکراہٹ روکے سنجیدہ سا بولا

Posted on Kitab Nagri

تو میں کیا کروں" .

وہ لمحے میں اس کی بات بدلنے کے انداز پر جھٹکے سے اٹھتی کے وہ ہاتھ تھامے خود پر گرا گیا تھا وہ ششدر سی اس افتاد پر بوکھلائی سی اٹھنے کی کوشش میں اس کی سخت گرفت میں الجھ کے رہ گئی تھی

زہر لگ رہے ہیں مجھے.. "وہ اس کی بھوری شیو پر چٹکی بھر گئی تھی

میرے نزدیک زہر اور شہد کا کمبینیشن اچھا ہوتا ہے

وہ کلائیاں جکڑتے تکیے پر ڈالے اس کی پیشانی کو لبوں سے چھوتے جھک آیا وہ اس کی بات سے کان کی لو تک سرخ ہو گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حان آپ کا بیٹا بڑی مما کو تنگ کر رہا ہو گا چھوڑیں مجھے "

وہ اپنی کلائیاں چھڑواتے بے حال ہونے لگی تھی

نہی کرتا وہ سو گیا تھا مما کے پاس "..

Posted on Kitab Nagri

انہوں نے اسے اپنے ساتھ سلالیا ہے تم مجھ پر توجہ دو"

وہ اس کی گال پر لب رکھتے مزید جھکتے سرخ ناک پر چمکتے نگ کو چھو گیا تھا ریحہ کی آنکھیں بند ہونے لگی

اسے میرے بغیر نیند نہی آتی رات میں انہیں تنگ نہ کرے.."اس کی بڑھتی جسارتیں اسے سمٹنے پر مجبور کرنے لگی تھی

مجھے بھی.."وہ گہری نظروں سے دیکھتے اس کی شہ رگ چوم گیا

مم۔۔مجھے.."وہ بولتی کے وہ اس کے گلابی ہلتے ہونٹوں پر انگلی جما گیا تھا

مجھے فلحال ارحان کی ماں نہی اپنی بیوی چاہیے"

کیا مل سکتی ہے "

وہ اس کی بوجھل آواز سے چہرا اس کے سینے میں چھپا گئی وہ مزید بولنے کا موقع دیے بغیر اسے کو گرفت میں لیے لیمپ اوف کر گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

زندگی حسین ہے تمہارے ساتھ "..

اس کی سرگوشیاں گزرتے لمحوں کے ساتھ بڑھتی جارہی تھیں وہ آسودگی محسوس کیے آنکھیں موندنے لگی تھی

گاڑی پورچ میں روکے وہ راہداری عبور کرنے لگا اپنے کمرے میں جانے سے پہلے وہ متناسب سے لاونج سے قدم بھرتے نیچے ملیحہ کے روم کا رخ کر گیا تھا

آپ ابھی تک ریڈی نہی ہوئی

وہ پہلے ہی لیٹ تھا"

نہی مجھے نہی جانا موسم دیکھو خاصا ٹھنڈا سا ہے

تم اور نور جا تو رہے ہو

اور ایسا کرنا حسام کو میرے پاس چھوڑ جانا"

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کی جانب دیکھتے بولیں

پر مما آپ کا جانا ضروری ہے"

غازیان سمجھ گیا کے وہ صرف ساڑھے تین ماہ کے اس کے بیٹے کی وجہ سے اپنی لاڈلی بھتیجی کی شادی تک نہی اٹینڈ کر رہی تھیں جس سے وہ خاصی اٹیچ تھیں جو شائد ان کی ساری محبتوں کا واحد مرکز اور نور سے بھی ان کے دل سے رنجش دور کرنے کا زریعہ بنا تھا

آئرہ کی رخصتی تھی آج نکاح اس کا چھ ماہ پہلے ہو چکا تھا

وہ سیڑھیاں عبور کیے روم میں آتے لیمپ کا ملگجھا اندھیرا محسوس کیے ساری لائیٹس کے سوئچ اون کر گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسے کمرے میں ڈھونڈتے بیڈ پر نظر نرم سفید بستر میں پڑے بچے پر ڈالی

وہ اپنا کمبل خود سے اتارے چھوٹے ہاتھ پیر ہلاتے اپنی ماں جیسی بڑی گول مٹول سی آنکھیں مٹکاتے کھیل رہا تھا

حسام ساڑھے تین ماہ پہلے نور اور غازیان کی زندگی میں شامل ہونے والا وجود تھا

Posted on Kitab Nagri

جو نور کی ٹف سٹڈی کی وجہ سے سارا دن ملیحہ کے پاس رہتا بلکہ ملیحہ نے اپنی بات ثابت کی تھی وہ ان کا بیٹا ہی تھا جو نئیر غازیان

وہ خالی روم میں نظر ڈالے چینجنگ روم میں ڈال گیا جہاں لائیٹ اون ہوتے اس کی موجودگی کا پتہ دے رہی تھی

تمہاری ماں کا فیشن نہی ختم ہوا گھنٹا پہلے کا بولا ہے ابھی بھی تیار نہی ہوئی۔۔"

وہ اس کی گلابی سی گال چومتے رخ وہاں کا کر گیا تھا

بغیر چاپ کیے سلائیڈنگ ڈور سے اندر جھانکا جہاں وہ لائیٹ گرینش (پستے) رنگ پر سنہری کام دار شرٹ اور کیپری میں اپنی شرٹ کی بیک پر بٹن سے الجھ رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ مسکراہٹ دبائے اس کے پیچھے جاتے اس کے ہاتھ ہٹا گیا تھا

میں کر دوں"

وہ سانس روکے ہاتھ ڈھیلے چھوڑتے اسے اپنے نزدیک محسوس کرتے سر کو ہلکی سی جنبش دے گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

ڈن۔۔"وہ اس کے کان میں سرگوشی کیے رخ اپنی جانب موڑ گیا تھا حسام کے بعد اس کا دبلا سراپہ پہلے سے بھرا اور نکھرتے میچور سا ہو گیا تھا ہلکے گرین رنگ میں وہ اپنے حسین روپ سے اس کی آنکھوں میں شوخیاں سی بھر رہی تھی

ایسے نہی دیکھیں"وہ اس کی آنکھوں پر جھنپتے اپنا ہاتھ جما گئ

ایک بات تو بتاو"وہ اس کی ہتھیلی ہٹائے پوچھنے لگا

یہ اسلام آباد کی ہوا کا اثر ہے یا میری محبت کا نکھار"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس کی بات سے اس کی کھلتی سنہری سی رنگت میں سرخی سی پھیل گئ تھی

غازسام اکیلا ہے باہر"

اینڈ یو نیڈ ٹو چینج سوہری اپ۔۔"وہ بوجھل پلکیں اٹھاتے اسے پرے دھکیل گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

غازیان نے ابرو اچکائے کلائی جھٹکے سے کھینچے مقابل کرتے دیوار سے لگاتے دائیں بائیں اپنی بازو ٹکا گیا

مجھے ریڈی ہونا ہے ابھی"

وہ بے ہنگم سانسوں سے اس کے حصار میں کسمسانے لگی تھی

میری ہیلپ کون کرے گا" وہ شریر سا اس کے کندھے سے بال پرے ہٹا گیا تھا

اگلے ہی لمحے حسام کے رونے سے اس کے لیے جائے فرار آسان ہو گیا

دیکھا وہ اکیلا روم میں ڈر گیا۔۔"

وہ تیزی سے اس کا حصار کمزور پائے پرے ہٹائے باہر نکلی

ساری لائیٹس کیوں اون کی تھیں۔" وہ چھبتی روشنیوں سے چھوٹی آنکھیں نہی کھول پا رہا تھا

لائیٹس اوف کیے وہ لیمپ دوبارہ جلاتی اسے بستر سے اٹھائے گود میں بھر گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

بس میری جان مما ابھی اپنے بیٹے کو چینج کرواتی ہے"

سام اور مما آج میچنگ میچنگ کریں گے"

وہ اسے بچکارے جھلاتے بولی تھی

سام کے ڈیڈ سے تو کبھی میچینگ نہی کی"

اس کی بات چینجنگ روم سے نکلتے اس کے چھوٹے سے کپڑے نکالتے اسے مسکرانے پر مجبور کر گئ تھی

آپ کے کپڑے پریس کیے وہی ہینگ ہیں" وہ اس کی جانب دیکھتے یاد کرا گئ تھی

وہ شاور لے کر آیا وہ حسام کو تیار کرنے کے بعد لپسٹک کو فائینل ٹچ دیے ہونٹ پریس کرتے اپنی سفید کلائی میں چوڑیاں پہنے لگی تھی

وہ اس کا عکس اپنے پیچھے محسوس کیے کانوں تک لے جاتا ہاتھ روک گئ

Posted on Kitab Nagri

میں ہیلپ کروں۔۔"اس کی مدھم جان لیوا سرگوشی پھر سے نزدیک ابھری تھی

وہ سانس کھینچتے رخ موڑے ہتھیلی اس کے سامنے پھیلاتے سرہلا گئ تھی

وہ میچنگ ائیر رنگ ہتھیلی سے لیتے اس کے دونوں کانوں میں باری باری پہناتے پرے ہٹا

کیا جان لینے کے ارادے ہیں۔۔"وہ اس کو پور پور سجھی دیکھتے دل پر ہاتھ رکھتے آنکھ دبا گیا تھا

وہ اچانک ہی اس کی بڑی سیاہ آنکھوں میں جھلملاتی نمی محسوس کرنے لگا تھا

کیا وہ بھول گیا تھا پچھلے گزشتہ کتنے ماہ تک وہ اپنی ٹف سٹڈی کی پریشانی، حسام کی ڈلیوری تک اپنی گرتی حالت اور اس کی ازیت میں مبتلا رہی تھی جب وہ یہ جان گئ تھی کے وہ ایک کڈنی لوس کر گیا ہے لیکن ڈاکٹر کی تسلی سے ایک کڈنی سے بھی زندگی سراوئیو کی جاسکتی ہے مگر نور کو تو دھڑکا لگا تھا جب تک وہ مکمل ریکور نہی کر گیا تھا

نورے جان۔۔"وہ اس کی کلائی تھامتے خود میں بھینچ گیا

Posted on Kitab Nagri

ایسے نہی کہا کرو غاز مزاق میں بھی پلیز۔۔"

وہ اس کی کمر پر دونوں ہاتھ باندھے رندھی آواز میں بولی تھی

نہی کہتا میری بزدل بیوی۔۔"

وہ اس کے بکھرے بالوں پر لب رکھتے ہلکی شیو میں مسکراہٹ چھپا گیا تھا

ابھی نہ جاو چھوڑ کے کہ دل ابھی بھرا نہی"

وہ گرفت سے نکلتی کے وہ بے سوری آواز میں گاتے اسے ہسنے پر مجبور کر گیا

ریڈی ہوں جلدی آپ کے بیٹے کی پھو پھو کی شادی ہے" وہ لفظ پھو پھو پر زور دیتے پرے ہوئ

اف یہ کمپلیکس۔۔" وہ فلائینگ کس اچھالے بلیو شرٹ کے کف لنکس بند کرنے لگا تھا

Posted on Kitab Nagri

وہ مسرور سی حسام کی پرام نکالنے لگی تھی

آخری دفعہ خود کا تنقیدی جائزہ لیا وہ بلیو ڈانئز سوٹ میں تراشیدہ بیئرڈ اور نفاست سے سیٹ بالوں میں اس کے مقابل کھڑی بلکل ہائیٹ میں خود کو چھوٹی سی محسوس کرتے اپنی ہمیشہ والی سلور ہائی ہیلز نکال گئی تھی

تم یہ نہی پہن رہی میں ہر گز تمہیں سنبھالنے نہی والا

وہ کاوچ پر بیٹھی سٹریپ بند کرتی اس کی سخت آواز گونجتے نظر انداز کیے ہنوز سٹریپ بند کرنے میں مصروف رہی تھی غازیان اس کی ہٹ دھرمی پر کڑھتا واچ پہنے لگا

اب کیوں مجھے تھاما ہے۔۔"

وہ حسام کو تھامے اس کی ہیل پر چوٹ کر گیا

میں چھوٹی لگ رہی تھی نہ"

وہ اس کی بازو میں ہاتھ ڈالے سیڑھیاں سنبھلتے قدموں سے اتر رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

نور اتنی سادہ میرے بیٹے کی مقابلے کی تو لگتی کیا کوئی گہرا رنگ نہی تھا تمہارے پاس"

وہ غازیان کی بھرپور مردانہ وجاہت کے آگے انہیں

ڈل سی لگی تھی

اس کو ہلکے گرینش رنگ میں سنہرے نیٹ کے دوپٹے کو کندھے پر ڈالے کمر پر سیدھے کھلے بالوں اور نقوش کو متناسب سے میک اپ میں دیکھے ائیر رنگز کے علاوہ جیولری سے بلکل ہی ندارد دیکھے بول گئیں تھیں

آنٹی یہ غازیان کی ہی چوائس ہے انہیں میں ایسی ہی اچھی لگ رہی تھی کیوں غاز۔۔"

وہ لاپرواسی ملبہ اس پر ڈال گئ وہ بری طرح گھور گیا تھا وہ ہلکے رنگ ہی پسند کرتی تھی جبکہ ملیحہ شائد اسے دلہن بنانا چاہتی تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

غازی کی۔۔"وہ حیران رہتے اس کو دیکھتے بولیں

اچھا خیریت سے جاو۔۔"

Posted on Kitab Nagri

ملیحہ دونوں کو دیکھتے محبت سے چور لہجے میں بول گئ

کیوں آپ نہی آرہی۔۔"نور حیران ہوئ تھی انہیں اسی گھر کے حلیے میں دیکھ

نہی میں اور حسام نہی جارہے اسے مجھے دے دو۔۔"

وہ گہری نیند میں تھا اسے غازیان سے لیتے وہ چومتے سینے سے لگا گئیں

پر یہ جا۔۔"وہ اس کی کلائ تھام گیا تھا نور نے نظریں اسکی جانب اٹھائیں جو نفی کر گیا وہ صبر کر کے رہ گئ تھی

کیا ہوا ہے اب نور۔۔"

وہ مسلسل پچھلے دس منٹ سے خاموشی سے ڈرائیونگ کے دوران اکتاتے پوچھ گیا تھا

آپکو تو جیسے پتہ ہی نہی نہ۔۔"وہ شیشے سے باہر دیکھنے لگی

Posted on Kitab Nagri

مماحسام کی وجہ سے رکی ہیں نور موسم دیکھو خاصا ٹھنڈا ہے۔۔"

اور وہ بلکل چھوٹا سا ہے ابھی

وہ ہلکی سردی سے دھندلی ہوتی ونڈ پر سے ہلکی دھند کی طرف اشارہ کر گیا تھا

میں سٹر ڈے سنڈے سام کو بس اپنے پاس رکھنا چاہتی ہوں غاز۔۔"

وہ ضبط کیے رہ گئ تھی

تو میری جان آج حسام کے ڈیڈ کے ساتھ رہ لے"

وہ اس کی جانب ہاتھ بڑھائے اپنے نزدیک کر گیا

میں نہی ماننے والی۔۔"

وہ اس کے کندھے سے سر ٹکاتے اندھیری سڑک والی ونڈ سکرین کو دیکھتے بولی

Posted on Kitab Nagri

پلیز تھوڑا سا شرمالو آئرہ۔۔ "

وہ دانت پیس گیا اپنے مقابل بیٹھی اپنی منکوحہ کو دیکھتے جو آج اس کی زندگی میں مکمل طور پر شامل ہوتے بیوی کا درجہ اختیار کرنے والی تھی

کیپ کوائیٹ۔۔ "

وہ اس کی جانب رخ کیے سیاہ سوٹ میں ملبوس اپنے شوہر کو آنکھیں دکھاتے اپنی سرخ لپسٹک سے مزین لبوں پر انگلی جماتے اشارہ کر گئی تھی

مجھے لگتا ہے ہمارے روم میں بھی مجھے ہی مزید شرمانے کا کام کرنا ہے "

احد دانت پیس گیا اسے سفید میکسی میں پہلی دفعہ اتنا سجھے دیکھ جبکہ دوسری طرف اس کی مسلسل چلتی زبان ہر چیز کا نقص اپنی ہی شادی میں نکالتی وہ فوٹو گرافر کی پچھلے گھنٹے سے جان کھائے پوز پہ پوز بنوا رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

سب کی نظریں سٹیج پر مرکوز اپنی بیوی پر پاتے وہ خود کو مسلسل کول رکھ رہا تھا

مس آئرہ کیسی ہیں۔۔ "

وہ اس کے سامنے سٹیج تک آتے بولا آئرہ بدمزہ ہوئی تھی

اسے تم نے بلایا۔۔" وہ احد کی جانب رخ موڑ گئی تھی

مس آئرہ بھول گئی آپ نے کہا تھا کہ میرے بغیر شادی نہیں ہو گی آپ کی اسی لیے فوری پہلی فلائیٹ بک کراتے میں سیدھا میرج ہال۔۔"

وہ ہاتھ سے پلین کا اشارہ بناتے اسے سلگا گیا تھا

بائے داوئے ناراضگی چھوڑیں یار۔۔" وہ یار پر زور دے گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

احد اپنے اس پاٹنر کو سمجھالو ایسی لنگوئج میرے لیے نہ استعمال کرے۔۔ "

وہ احد کی جانب رخ موڑتے تیکھے لہجے میں اپناڈھلکا مانگ ٹیکا درست کرتے بولی

مسٹر احد امان مس آئرہ کو لگتا ہے آپ کے پرانے خیالات سے ابھی آگاہی نہی ہے"

احد سٹپٹا گیا تھا

کیا مطلب تم ابھی بھی۔"وہ ہونق بنی دیکھنے لگی

مطلب احد تم ابھی بھی اپنی بیوی پر اپنے اس پاٹنر کے ساتھ ملکر کمنٹ پاس کرتے ہو۔ "

وہ خاصے تیز لہجے میں بولی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چھوڑیں پرانی باتیں بائے داوے کو نگریچولیشنز مسز احد امان۔۔"وہ سفید ریپ گفٹ اس کی جانب بڑھا گیا تھا

میٹ مائے وائف۔۔"

Posted on Kitab Nagri

دانین اس کے پیچھے حیران سی ششدر اس لڑکی کو دیکھ رہی تھی جسے ایک سال پہلے وہ فون میں ازہان کے ساتھ دیکھتے خاصی دل برداشتہ سی ہوئی تھی

کونگریچولیشنز آئرہ۔۔"

وہ اس سے ملتے بولی

بلاشبہ وہ تصویر سے زیادہ خوبصورت تھی

ازہان کی بات یاد آنے لگی

مجھ جیسا شخص کیسے اس کے قابل ہو سکتا ہے وہ خوبصورت سی لڑکی مجھے نہی کسی پرفیکٹ شخص کو ڈیزرو کرتی ہے تم سوچ بھی کیسے سکتی ہو دانین حیدر

لڑکا لڑکی میں محض یہی ایک رشتہ تو نہی بچتا ہاں میرے نزدیک اب دو اپوزیٹ جینڈر میں سگے بہن بھائی کے بعد صرف محرم کا رشتہ ہی اہم ہے کیونکہ اس کے علاوہ مزید کوئی رشتے کی گنجائش اسلام بھی نہی دیتا۔"

وہ اسے سنتے مسمرائز ہونے لگی تھی

پلیز کھانا کھا کے جانا آخر گفٹ دیا ہے۔۔" وہ احد کے نزدیک سے اٹھتا کے اس کی طنزیہ آواز گونجی تھی

Posted on Kitab Nagri

کیا احد نے میلاد رکھا ہے" وہ لب دبائے احد کو دیکھتے لقمہ دے گیا تھا

کیا یہ محترمہ آج میلاد پر آئیں ہیں"

جبکہ وہ اپنے خیالات کا اظہار اس شخص سے کرتے پچھتایا تھا جب آئزہ کو کانفرنس روم میں پہلی دفعہ کیجویل لڑکیوں والی ڈریسنگ میں دیکھتے وہ اس شخص کو بول گیا تھا

بے ساختہ اسے بھی گزرے ایک سال میں وہ اسلام آباد کا لمحہ یاد آیا جب وہ اس سے لڑتے ان کی کانفرنس روم کی دبی مسکراہٹ میں کی جانے والی باتوں پر اس پر غصہ ہوئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

غاز میں اچھی لگ رہی ہوں نہ اوور تو نہی۔۔"

وہ بولتی جا رہی تھی

اور پلیز اینٹرینس سے میرا ہاتھ نہی چھوڑنا۔۔"

کافی سلپی فلور لگ رہا مجھے لگتا ہے میں پھسل جاوں گی

Posted on Kitab Nagri

وہ اسے گاڑی پارکنگ ایریا میں لوکڈ کرتے دیکھ سامنے میرج ہال کی جلتی روشنیوں سے نظر آتے فرش پر دور سے ہی نظریں جمائے تجزیے اور مشاہدے کرتے بولتی جا رہی تھی

کس نے کہا تھا ہیلز پہنو۔" وہ اس جانب پلٹا تھا

تب کا کتنی بار ٹونٹ کر گئے ہیں۔۔" وہ اس کے مقابل چلتے دوپٹہ سنبھالتے اس کی مضبوط بازو میں اپنی بازو زبردستی الجھا گئی تھی

کہو تو اٹھا لوں۔۔" وہ اس کی جانب ہلکا سا جھک آیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نوازش۔۔"

وہ گھور کے رہ گئی

Posted on Kitab Nagri

وہ دور سے اینٹریس سے ہی انہیں دیکھتے مسکرا گئ تھی وہ دونوں ایک دوسرے میں خاصے گم کئ نظروں کا مرکز بنے تھے آئرہ جانتی تھی نور کی ضد ہیلز پر اور وہ اس کو باتیں سنانے کے باوجود بھی لوگوں کی پرواکے بغیر اس کے ساتھ آہستہ سٹیپ لیتے آرہے تھے

آج تو مجھے نظروں کا مرکز ہونا چاہیے

وہ سٹیج کے قریب پہنچتے اس کی آواز سے متوجہ ہوئے تھے

بس کیا ہے نہ یہ اپنا جادو چلادیتی ہے پھر مجھے کچھ نظر نہی آتا "

نور بلش ہوئ تھی جب وہ اس کی کمر کے گرد حصار قائم کیے آنکھ دبا گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اینی ویز چڑیل بھی خوبصورت لگ سکتی ہے" وہ اس کے سراپے پر داد دیتی نظریں ڈالتے احد سے ملنے لگا تھا

جبکہ نور سٹیج پر پڑے سرخ ڈیکوریٹڈ کاوچ پر اس کی سائیڈ پر بیٹھی اس کی تعریفیں کرنے لگی تھی

Posted on Kitab Nagri

نورمانی اور حسام کہاں ہیں۔۔ وہ اس سے ملتی بولی تھی وہ گہری سانس کھینچتے خود کو اپنے بیٹے کی غیر موجودگی پر پر سکون کرنے لگی تھی

سردی کی وجہ سے مما حسام کے ساتھ ہیں "

انہوں نے تمہارے لیے پیار اور دعائیں بھیج دی صدا خوش رہو بچہ۔۔"

غازیان اس کی مشکل حل کیے اسے مسکرانے پر مجبور کر گیا تھا

رخصتی کے بعد ان کی واپسی بارہ کے قریب ہوئ تھی

وہ اس کو گہری نظروں سے تکتے ڈریسر کے قریب بال جوڑے میں باندھتے اب ائیر رنگز نکالتے دیکھ رہا تھا

جو اس سے انجان اپنے کاموں میں مصروف اب ٹشو سے لپسٹک صاف کرتے کبرڈ تک گئ تھی

میں چینج کرنے جا رہی ہوں تب تک میرے بیٹے کو روم میں لے کر آئیں "

وہ اس کی خود کے نزدیک موجودگی سے انجان بے دھیانی میں بولتے روم میں بنے چینجنگ روم میں گم ہوتی کے اپنے کندھے پر جھولتا دوپٹہ کھنچا سا محسوس ہوتے وہ پلٹ گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

میں ہیلپ کر دوں"

اس کی آنکھوں میں جھانکتے وہ اس کے دوپٹے کا کنارا مٹھی میں تھامے شوخ سا ہوارات کے اس پہر وہ اس کے بے حد نزدیک تھا

نہی آئی کین مینج۔۔ "

وہ چباتے آنکھیں دکھائے اس کے سینے پر زور دیتے پل میں قدم پیچھے لیتے ڈور لوک کر گئی غازیان بدمزہ ہوا

اچھا سنیں ایک کام ہے آپ سے۔"

وہ چینجنگ روم کا سلائیڈنگ ڈور کھولتے مسکراتا چہرا نکالتے بولی

جی سنائیں "

وہ اس کی آواز پر شرٹ کے کف لنکس کھولتے فوری مڑا

Posted on Kitab Nagri

میرے بیٹے کو اپنی مما کے روم سے لے آئیں پلیز "

تم۔۔۔"وہ سنے بغیر مسکراہٹ ضبط کیے پھر سے لوکڈ ہو گئ تھی

سفید ڈھیلی سی شرٹ اور بلیک پرنٹڈ ٹراوزر میں وہ چند لمحوں بعد باہر آئ وہ اسے روم میں کہی نہی دکھا چہرا دھوتے وہ واشروم سے نکلتی

ہاتھوں کی سطح اسلام آباد کی سرد ہوا سے خشک محسوس کیے اب ڈریسر کے قریب جاتے لوشن نکالنے لگی وہ نرمی سے انگلیوں کی پوروں سے مساج کیے اپنی زندگی کی خوبصورتی محسوس کرتے لپسٹک کی ہلکی رمق لیے گلابی سے لب خودی مسکراہٹ میں ڈھل سے گئے تھے

اچانک سرد ہوا کا جھونکا محسوس کیے وہ پلٹی حیرت زدہ سی اس کو سفید کوفی کا کپ تھامے روم کی بالکنی کا ڈور کھولتے دیکھنے لگی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لوشن کا ڈھکن بند کرتی وہ کبرڈ سے کندھے پر سیاہ شال لیتے اس کی جانب گئ تھی

کتنی خودغرضی ہے یہ "

Posted on Kitab Nagri

وہ وہاں پڑے صوفے پر مہرون ہاف سلیوٹی شرٹ اور سفید ٹراوز میں ٹھنڈ سے بے نیاز اسے نیم دراز گھونٹ بھرتے دیکھنے لگی

اگلے لمحے وہ اس کے نزدیک بیٹھے وہ کپ اس کے ہاتھ سے لے چکی تھی غازیان گھور کے رہ گیا

بلکل بنانی نہی آتی کڑوا ٹیسٹ "

وہ گھونٹ بھرتے منہ بگاڑے اسے واپس کر گئ تھی

یہ پی کر یہاں سردی سے فوری اٹھیں اور حسام کو روم میں لے کر آئیں"

وہ وارن کرتے اس کے قریب سے اٹھتی کے وہ اس کو تھامتے قریب کر گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرا ٹائم بھی ڈیسائیڈ کرلیں ڈاکٹر کوئ اپوائنٹمینٹ مل سکتی ہے"

وہ اسے گردن سے دبوچے حصار میں لیے بولا

مطلب۔۔"وہ مسکراہٹ دبائے اس کی اپنی گردن کے گرد لپٹی بازو سے پر سکون سی ٹیک لگا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

مطلب یہ کے پچھلے کتنے ٹائم سے تم بیٹا بیٹا کر رہی ہو میں کہاں ہوں "

وہ ہنوز اسے اسی پوزیشن میں لیے آخری گھونٹ بھرتے خالی کپ اسے تھما گیا کے وہ ہونٹوں کو لگاتی شرمندگی محسوس کیے کپ نیچے رکھتے اس کے ہاتھ پہ چٹکی بھر گئ تھی

غازیان میں سٹرڈے سنڈے فری ہوتی ہوں بس میرا بیٹا مجھ سے اٹیچ نہی ہے دن میں صرف چند لمحے جب وہ بھوک سے روتا ہے صرف اس کی ضرورت پوری کرنے کو وہ میرے پاس آتا ہے"

وہ روہانسی سی شدت پسندی اختیار کر رہی تھی

یہ مسلہ تو بہت بڑا ہے۔۔"وہ لب دبائے مسکراہٹ روکنے لگا

میرا لاسٹ ائیر جلدی سے کمپلیٹ ہو ایک منٹ بھی اسے خود سے دور نہی کروں گی میں "

فلحال تو ہمیں ابھی نیکسٹ کی پلیننگ کرنی چاہیے جو ڈیڈ نے پہلے ہی بک کیا ہے وہ ان کا ہو گا "

Posted on Kitab Nagri

پھر جو ہو گا" نور کی آنکھیں پوری کھل گئ تھی وہ آگ بگولا ہوتے اس کا ہاتھ گردن سے نکالے گھٹنوں کے بل اس کی جانب پلٹی کے شال اس کے کندھوں سے اتر سی گئ

واٹ تمہارا کیا مطلب ہے میں اپنے سارے بچے ڈونیٹ کر دوں ہاں بولو۔۔"

پھر تم کہو گے اگلا میرے باپ کو دینا ہے تو میرے پاس کون رہے گا میں صرف تکلیف برداشت کرنے کو اور تم ساری پلیننگز کرنے کو"

وہ اس کی اپنی اولاد کے بارے میں خود سے کی گئ پلیننگز پر عش عش کر اٹھی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹرسٹ می بیوی تھرڈ جو ہمارے ٹوئنز بیٹا بیٹی ہوں گے وہ تم سے اور مجھ سے بس ہم دونوں سے اٹیچ ہوں گے"

وہ گہری نظروں سے اس کا سراپہ نظروں میں اتارتے اپنی دونوں بازوں میں بھینچ گیا

بھاڑ میں جاو۔۔"وہ اس کی کمر اور گردن پر ناخن مارنے لگی

Posted on Kitab Nagri

آہ ظالم بیوی

کاش کے کبھی میرے لیے بھی ایسی پوزیسونس تم میں آجائے "

اس کے کندھے پر تھوڑی ٹکاتے وہ حسرت کر گیا تھا نور بے آسرا سی اس کی گرفت میں مچلنے لگی

ابھی نہی۔۔"اس کی مزاحمت پر وہ اس کی گردن میں پڑی چین کا ہک کھولنے لگا

غازیان میرے صبر کو نہی آزماو میرے بیٹے کو روم میں لے کر آو۔۔ "

وہ اس کی بازوں میں مچلی جو اس کو اب بازوں میں بھرتے بالکنی سے روم کا رخ کرنے لگا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہش میرا بیٹا میرا بیٹا کیا رٹ لگائی ہے

اس کا یہ ہینڈسم سا باپ بھی تمہارا ہی ہے" وہ اس کو بستر پر پٹخ گیا کے نور سراسیمگی کی کیفیت میں جانے لگی تھی

غاز۔۔"وہ اس کو خود پر جھکتا محسوس کرنے لگی

Posted on Kitab Nagri

اس کی موجودگی سانسوں کے قریب محسوس کرتے اس کے بال اپنی دونوں مٹھیوں میں جھکڑ گئ تھی

اب کہو گی میرا بیٹا۔۔ "

وہ لب دبائے مسکراہٹ ضبط کیے چہرا اٹھا گیا وہ گہرے سانس بھرتے آنکھیں میچے سرخ سی ایک آنکھ کھول گئ

مجھے نیند آرہی ہے"

وہ سوال کا رخ موڑے اس کا سامنا نہ کرتے چہرا تکیے میں چھپا گئ تھی

اگلے لمحے اس کا جاندار قہقہ گونجا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری جان کو نیند آرہی ہے کیوں اب مما کو بیٹا نہی چاہیے "

وہ اس کی پل میں بدلتی ٹیون سے چہرے سے اس کا تکیہ کھینچنے لگا تھا

Posted on Kitab Nagri

تم ایک المینرڈ اور بد تمیز شخص ہو نا قابل یقین مجھے تم سے بلکل بھی محبت نہی ہے۔۔ "

وہ چہرے کا رخ موڑتے اپنی بے ترتیب سانسیں سنبھالنے لگی تھی

آہ میری ایک جسارت سرخ کر گئ سوچو نورے جان آج میں تمہیں محبت پر یقین دلانے کو کیا کیا کرنے والا ہوں "

جسٹ تھنک اباوٹ اٹ۔۔ "

وہ جو آنکھیں موندے پڑی تھی اس کی بات سے سمٹنے لگی تھی

اب بتاو محبت ہے مجھ سے۔۔ " اگلے لمحے ہی اس کا شدت بھرا لمس ماتھے پر محسوس ہوتے وہ مسکرا گئ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہی۔۔ " وہ کہنی کے بل اپنے پہلو میں پڑی لڑکی کے چہرے کے بدلتے رنگ دیکھنے لگا

وہ کھسکتے مزید قریب ہوا

یقین ہے مجھ پر "

Posted on Kitab Nagri

بلیو می زرا سا بھی نہی "

اس کی بند آنکھیں اس کا پر سکون لمس محسوس کرنے لگی تھیں

سوچ لو۔۔"اس کے لب کان کی لو کو چھونے لگے تھے

سوچ لیا"

نور مسکراہٹ روکنے کو نچلا لب دانتوں تلے دباتے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فائن سوئیٹ ہارٹ۔۔ "

وہ اس کی اگلی حرکت پر ششدر ہوئ جو بازوؤں میں بھرے پھر سے بالکنی تک لا یا

ہم یہاں کیوں آئے۔۔"

Posted on Kitab Nagri

وہ گرم روم سے اچانک نکلتے سردی اور گہری کالی رات کا سناٹار گو وپے میں محسوس کیے اس کی بازوں میں سمٹی سی تھی

جب تمہیں مجھ پر یقین اور محبت دونوں نہی تو کیا فائدہ تمہارا میری زندگی میں بے وجہ سانسیں لینے کا"

کیوں نہ تمہارے وجود سے سانسوں کو خلاصی مل جائے

وہ لفظ سمجھتی کے وہ اس کو قدموں پر کھڑا کیے ایک جھٹکا دیتے گرل پر آدھا جھکا گیا تھا

آہ نوغازیان۔۔"وہ اس کی بازو مضبوطی سے تھامے مچلنے لگی تھی

تم بیوہ ہو جاوگے اور میری چھوٹی سی جان یتیم"وہ بری طرح آدھی نیچے جھکی چلائی تھی

بیوہ یتیم۔۔"

وہ لفظوں پر ٹھٹھکتے اگلے لمحے قہقے کا گلا گھونٹ گیا تھا

تمہارا مرنا تو طے ہے میں اپنے بیٹے کے لیے پیاری سی اماں لے آوں گا "

Posted on Kitab Nagri

وہ اس کی بازو کو ایک جھٹکا دے گیا کے مزید نیچے آدھی جھکی خوفزدہ سی ہونے لگی تھی

غاز میں بدروح بن کے تمہاری دوسری بیوی اور تمہارا خون کر دوں گی" وہ روہانسی ہونے لگی تھی

ہاو رومنٹک تم کہاں دانت گاڑو گی گردن پر "

یا۔۔"

شٹ اپ۔۔" وہ گھمبیر صورتحال میں بھی سردی کے باوجود وجود سے دھواں نکلتا محسوس کرنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہاری ہٹ دھرمی سے ثابت ہو رہا ہے تمہیں اپنی جان بلکل نہی پیاری۔۔ "

تمہیں نیچے پھینک دینا چاہیے "

اس کی بات سے وہ خوفزدہ ہونے لگی یہ شخص اس کی جان نکالتے اپنا مطلب پورا کرتا

Posted on Kitab Nagri

کیا کروں میں ایسا بتاو۔۔"وہ الجھتی سانسیں لیے ہار مان گئ نیچے جھکے رہنے سے اب سر چکرانے لگا تھا

" کہو غازیان میری جان آئ ایم سوری۔۔

مجھے اپنے سر تاج سے شدید محبت اور یقین تو واجب ہے

وہ دانت پیس گئ تھی

" کہو۔۔

" آئ ایم سوری مجھے آپ پر یقین ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تھوڑا پیار سے کہو اور جان اور محبت کس نے کہنا تھا"

وہ اپنی غیر سنجیدہ حرکتوں پر ششدر رہ جاتا جو وہ اس لڑکی کے ساتھ اپناتا تھا

ایک بار مجھے اوپر کرو تمہارا خون پی جاوں گی اے سی"وہ دانت کچکچا گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

نور کیا کہا سنا نہی مجھے۔۔"وہ گرل کو دوسرے ہاتھ سے زور سے ہلانے لگا تھا

وہ میں کہہ رہی تھی آئی لو میری جان مجھے آپ پر یقین ہے "

وہ ڈرتے فوری بولی

ناو بیٹر۔۔"وہ جھٹکے سے اوپر کھنچ گیا تھا

یو۔۔"

تم بدتمیز ہو المینرڈ ہو آئی ہیٹ یو

وہ اس کے سینے پر دونوں ہاتھوں سے مارتے اس پر جھپٹ چکی تھی

دس از ٹو مچ نور۔۔ "

Posted on Kitab Nagri

وہ نہ سنبھلتے پیچھے صوفے پر گرتا اس کی کلائی کھینچے اگلے لمحے اسے بھی خود پر کھینچ گیا وہ بے آسرا اس کے شکنجے میں پڑی پھڑپھڑائی سی تھی

تم میری جان ہلکان کرتے مجھے ڈرا دیتے ہو"

ایسے کرتا ہے کوئی"

اس کی منتشر دھڑکنوں کو سنتے اس کے سینے سے کہنیوں کے بل اٹھنے لگی

ایڈوینچر سوئیٹ ہارٹ۔"اس کے بال کیچر کی زد سے آزاد کیے اپنے چہرے پر بکھرتے محسوس کرنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری جان چاہے اس ایڈوینچر میں لے لینا"

وہ روم سے آتی ہلکی روشنی میں اس کا چہرا تکنے لگی کے وہ بے خود سا اسے خود پر جھکا گیا تھا

آج یہی سو جائیں۔۔"وہ اس کے وجود میں کھونے لگا تھا

Posted on Kitab Nagri

اوں سردی لگنے لگی اور کاوچ بھی چھوٹا ہے" وہ اس کی بازوں میں سمٹنے لگی تھی

ویٹ۔۔" وہ اس کو آنکھیں کھولتے روم میں جاتا دیکھنے لگی وہ چند لمحوں بعد بلینکٹ لاتے صوفے پر ڈالے اس کو بازو کے حصار میں لے گیا

میں سن رہا ہوں بولو۔۔" وہ اس کی سانسیں اپنی گردن پر محسوس کرنے لگا

غازیان میرا ہر بار یہ بتانا ضروری ہے۔۔" وہ اس کے گرد حصار باندھتے سینے پر سر رکھ گئ تھی

ہمم۔۔" وہ کمفرٹر دونوں کے چہرے پر کرتے دونون کی مدھم سانسیں محسوس کرنے لگا

پر مجھے بار بار اظہار کرنا نہی آتا۔۔" اس کی مدھم سرگوشی پر وہ مسکرا گیا

مجھ سے بار بار نہی پوچھا کرو نور کو غازیان کے دل سے محبت ہے

Posted on Kitab Nagri

luv is only a feeling that can only be felt

not even a million word can describe luv..."

مجھے تم سے محبت ہے کیونکہ تم ججمینٹل نہی ہو تمہیں میں ویسی اچھی لگی جیسی میں تھی

i luv u bcoz u never say me to justify my past

i luv the way u luv me.."

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے تم سمیت تمہاری محبت پر یقین ہے۔۔"

وہ اپنے لب اس کے سینے پر رکھتے اس کے حصار میں سکون محسوس کیے آنکھیں موند گئ تھی

Posted on Kitab Nagri

Every one who is smiling isn't without pain some people have just gotten quite good at at keeping their strugle to themselve..

The End

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

Posted on Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com